# DIRECTORATE OF EDUCATION
## Govt. of NCT, Delhi

**SUPPORT MATERIAL**
**(2023-2024)**

**Class : XII**

# HISTORY
## (Urdu Medium)

Under the Guidance of


**Sh. Ashok Kumar**
Secretary (Education)

**Ms. Himanshu Gupta**
Director (Education)

**Dr. Rita Sharma**
Addl. DE (School & Exam.)

***Coordinators***

**Sh. Sanjay Subhas Kr.**
DDE (Exam)

**Smt. Sunita Dua**
OSD (Exam)

**Mr. Krishan Kumar**
OSD (Exam)

**Production Team**

**Anil Kumar Sharma**

Published at Delhi Bureau of Text Books , 25/2 Institutional Area, Pankha Road, New Delhi-110058 by Prabhjot Singh Secretary, Delhi Bureau of Text Books and Printed by Supreme Offset Press, New Delhi-110017

अशोक कुमार ,भा.प्र.से
सचिव ( शिक्षा )
**ASHOK KUMAR, IAS**
**Secretary (Education)**

सत्यमेव जयते

राष्ट्रीय राजधानी क्षेत्र, दिल्ली सरकार
पुराना सचिवालय, दिल्ली-110054
दूरभाष : 23890187 टेलीफैक्स: 23890119
Government of National Capital Territory of Delhi
Old Secretariat, Delhi-110054
Phone : 23890187, Telefax : 23890119
e-mail : secyedu@nic.in

D.O. NO. : DE.5/228/Exam/Message/SM/2018/1095
Dated : 24.11.2023

## Message

**"Children are like wet cement, whatever falls on them makes an impression."**
**Haim Ginott**

Embracing the essence of this quote, the Directorate of Education, GNCT of Delhi is unwavering in its commitment to its core mission of delivering high-quality education to all its students. With this objective in mind, DoE annually develops support materials meticulously tailored to suit the learning needs of students from classes IX to XII.

Every year, our expert faculty members shoulder the responsibility of consistently reviewing and updating the Support Material to synchronize it with the latest changes introduced by CBSE. This continuous effort is aimed at empowering students with innovative approaches and techniques, fostering their problem-solving skills and critical thinking abilities. I am confident that this year will be no exception, and the Support Material will greatly contribute to our students' academic success.

The support material is the result of unwavering dedication of our team of subject experts. The Support Material has been specially curated for our students, with the belief that its thoughtful and intelligent utilization will undoubtedly elevate the standards of learning and will continue to empower our students to excel in their examinations.

I wish to congratulate the entire team for their invaluable contribution in creating a highly beneficial and practical Support Material for our students.

I extend my best wishes to all our students for a promising and bright future.

24.11.23
**(Ashok Kumar)**

**HIMANSHU GUPTA, IAS**
Director, Education & Sports

No. PS/DE/2023/349
Dated: 29/11/2023

Directorate of Education
Govt. of NCT of Delhi
Room No. 12, Civil Lines
Near Vidhan Sabha,
Delhi-110054
Ph.: 011-23890172
E-mail : diredu@nic.in

सत्यमेव जयते

## MESSAGE

It brings me immense pleasure to present the support material for students of classes IX to XII, meticulously crafted by our dedicated subject experts. Directorate of Education is committed to empower educators and students alike by providing these resources free of cost for students of all government and government aided schools of Delhi.

The support material is an appreciable effort to align the content with the latest CBSE patterns. It has been carefully designed as a resource to facilitate the understanding, acquisition and practice of essential skills and competencies outlined in the curriculum.

The core of this support material lies in providing a framework for adopting an analysis-based approach to learning and problem-solving. It aims to prompt educators to reflect on their teaching methodologies and create an interactive pathway between the child and the text.

In the profound words of Dr A.P.J. Abdul Kalam, **"Educationists should build the capacities of the spirit of inquiry, creativity, entrepreneurial and moral leadership among students and become their role model."**

The journey of education is ongoing; it's the process, not just the outcome, which shapes us. This support material endeavours to be that catalyst of change for eachstudent of Directorate of Education.

Let us embark on this transformative journey together, ensuring that every student feels equipped not only with the knowledge but also, with the skills and mindset to thrive in the 21st century.

I wish you all the best for all your future endeavours.

**(HIMANSHU GUPTA)**

**Dr. RITA SHARMA**
Additional Director of Education
(School/Exam)

सत्यमेव जयते

Govt. of NCT of Delhi
Directorate of Education
Old Secretariat, Delhi-110054
Ph.: 23890185

D.O. No. DE.5/228/Exam/Message/SM/2018/1096
Dated: 24.11.2023

## MESSAGE

The persistent efforts of the Directorate in making the course material more accessible and student-friendly are evident in the conscientious preparation of the Support Material. Our team consistently adapts to the evolving educational landscape, ensuring that the Support Material for the various subjects of classes 9 to 12 align with the latest CBSE guidelines and syllabi prescribed for the annual examinations.

The Support Material encapsulates crucial subject-specific points and facts, tailored to suit the students, all presented in a lucid language. It is our firm belief that these resources will significantly augment the academic prowess of our students, empowering them to excel in their upcoming examinations.

I extend my heartfelt congratulations to the diligent officials and teachers whose dedication and expertise have played a pivotal role in crafting this invaluable content/resource.

I convey my best wishes to all our students for a future brimming with success. Remember, every page you read is a step towards an enlightened tomorrow.

Rita Sharma

**(Dr Rita Sharma)**

DIRECTORATE OF EDUCATION
Govt. of NCT, Delhi

SUPPORT MATERIAL
(2023-2024)

# HISTORY
## (Urdu Medium)

## Class : XII

NOT FOR SALE

PUBLISHED BY : DELHI BUREAU OF TEXTBOOKS

# भारत का संविधान

भाग 4क

# नागरिकों के मूल कर्तव्य

**अनुच्छेद 51क**

**मूल कर्तव्य** – भारत के प्रत्येक नागरिक का यह कर्तव्य होगा कि वह –

1. संविधान का पालन करे और उसके आदर्शों, संस्थाओं, राष्ट्र ध्वज और राष्ट्रगान का आदर करें।
2. स्वतंत्रता के लिए हमारे राष्ट्रीय आंदोलन को प्रेरित करने वाले उच्च आदर्शों को हृदय में संजोए रखे और उनका पालन करे।
3. भारत की प्रभुता, एकता और अखंडता की रक्षा करे और उसे अक्षुण्ण रखे।
4. देश की रक्षा करे।
5. भारत के सभी लोगों में समरसता और समान भ्रातृत्व की भावना का निर्माण करे।
6. हमारी सामाजिक संस्कृति की गौरवशाली परंपरा का महत्त्व समझे और उसका निर्माण करे।
7. प्राकृतिक पर्यावरण की रक्षा और उसका संवर्धन करे।
8. वैज्ञानिक दृष्टिकोण और ज्ञानार्जन की भावना का विकास करे।
9. सार्वजनिक संपत्ति को सुरक्षित रखे।
10. व्यक्तिगत एवं सामूहिक गतिविधियों के सभी क्षेत्रों में उत्कर्ष की ओर बढ़ने का सतत् प्रयास करे।
11. माता–पिता या संरक्षक द्वारा 6 से 14 वर्ष के बच्चों हेतु प्राथमिक शिक्षा प्रदान करना (86वां संशोधन)।

# CONSTITUTION OF INDIA

### Part IV A (Article 51 A)

## Fundamental Duties

**Fundamental Duties :** It shall be the duty of every citizen of India —

1. to abide by the Constitution and respect its ideals and institutions, the National Flag and the National Anthem;
2. to cherish and follow the noble ideals which inspired our national struggle for freedom;
3. to uphold and protect the sovereignty, unity and integrity of India;
4. to defend the country and render national service when called upon to do so;
5. to promote harmony and the spirit of common brotherhood amongst all the people of India transcending religious, linguistic and regional or sectional diversities; to renounce practices derogatory to the dignity of women;
6. to value and preserve the rich heritage of our composite culture;
7. to protect and improve the natural environment including forests, lakes, rivers and wild life, and to have compassion for living creatures.
8. to develop the scientific temper, humanism and the spirit of inquiry and reform;
9. to safeguard public property and to adjure violence;
10. to strive towards excellence in all spheres of individual and collective activity so that the nation constantly rises to higher levels of endeavour and achievement.
11. who is a parent or guardian to provide opportunities for education to his child or, as the case may be, ward between the age of six and fourteen years.

# भारत का संविधान

## उद्देशिका

हम, भारत के लोग, भारत को एक **(सम्पूर्ण प्रभुत्व–सम्पन्न समाजवादी पंथनिरपेक्ष लोकतंत्रात्मक गणराज्य)** बनाने के लिए, तथा उसके समस्त नागरिकों को :

सामाजिक, आर्थिक और राजनैतिक **न्याय,**

विचार, अभिव्यक्ति, विश्वास, धर्म

और उपासना की **स्वतंत्रता,**

प्रतिष्ठा और अवसर की समता

प्राप्त करने के लिए,

तथा उन **सब में,**

व्यक्ति की गरिमा और **(राष्ट्र की एकता**

**और अखंडता)** सुनिश्चित करने वाली बंधुता

बढ़ाने के लिए

हम दृढ़संकल्प होकर इस संविधान को आत्मार्पित करते हैं।

# THE CONSTITUTION OF INDIA

## PREAMBLE

WE, THE PEOPLE OF INDIA, having solemnly resolved to constitute India into a **(SOVEREIGN SOCIALIST SECULAR DEMOCRATIC REPUBLIC)** and to secure to all its citizens :

**JUSTICE,** social, economic and political,

**LIBERTY** of thought, expression, belief, faith and worship,

**EQUALITY** of status and of opportunity; and to promote among them all

**FRATERNITY** assuring the dignity of the individual and the **(unity an integrity of the Nation)**;

WE DO HEREBY GIVE TO OURSELVES THIS CONSTITUTION.

# Support Material

## History(تاریخ)

## Class—XII

## ریویو کمیٹی

## ٹیم ممبران

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ ڈاکٹر اَنج کمار رائے | (گروپ لیڈر) | ایس۔کے۔وی۔نمبر C:2 بلاک جنک پوری، دہلی<br>آئی۔ڈی۔ 1002368 |

### سبجیکٹ ایکسپرٹ

| | | |
|---|---|---|
| 2۔ محترمہ سویتا | لکچرر تاریخ | آر۔ایس۔کے۔وی۔نمبر 2 شکرپور، دہلی |
| 3۔ محترمہ پرگیا سنہا | لکچرر تاریخ | ایس،او،ای، دوارکا، سیکٹر 22، دہلی |
| 4۔ جناب سنتوش کمار مشرا | لکچرر تاریخ | جی۔بی۔ایس۔ایس۔ایس۔بار یولا، دہلی |
| 5۔ جناب جیتندر پاٹھک | لکچرر تاریخ | جی۔بی۔ایس۔ایس۔ایس۔نہرو وہار، دہلی |
| 6۔ جناب شکیل احمد | لکچرر تاریخ | ایس۔پی۔وی، زینت محل، کملا مارکیٹ، دہلی |

# فہرست مضامین

## حصہ–1


1۔ **موضوع - ایک** 1-13
اینٹیں، منکے اور ہڈیاں (ہڑپا کی تہذیب)

2۔ **موضوع - دو** 14-32
بادشاہ کسان اور شہر
ابتدائی ریاستیں اور معیشتیں (تقریباً 600 قبل مسیح سے 600 عیسوی)

3۔ **موضوع - تین** 33-45
قرابت، ذاتیں اور طبقے
ابتدائی سماج (تقریباً 600 قبل مسیح سے 600 عیسوی)

4۔ **موضوع - چار** 46-59
مفکر، عقائد اور عمارتیں
ثقافتی ترقی (تقریباً 600 قبل مسیح سے 600 عیسوی)


## حصہ–2


5۔ **موضوع - پانچ** 60-72
سیاحوں کی نظر سے
سماج کا تصور (تقریباً دسویں صدی سے سترہویں صدی تک)

6۔ **موضوع - چھ** 73-85
بھکتی — صوفی روایات
مذہبی عقائد میں تبدیلی اور عقیدت مندانہ متون (تقریباً آٹھویں صدی سے اٹھارویں صدی تک)

7۔ **موضوع - سات** 86-99
ایک شاہی راجدھانی: وجے نگر

(تقریباً چودھویں صدی سے سولہویں صدی تک)

8۔ **موضوع- آٹھ** 100-112

کاشت کار، زمیندار اور ریاست

زرعی سماج اور مغل سلطنت (تقریباً سولہویں صدی سے سترہویں صدی تک)

## حصہ-3

9۔ **موضوع- نو** 113-123

نوآبادیات اور دیہات (سرکاری دستاویزات کی تحقیق اور تفتیش)

10۔ **موضوع- دس** 124-135

بغاوتیں اور راج (1857 کی بغاوت اور اس کی نمائندگی)

11۔ **موضوع- گیارہ** 136-150

مہاتما گاندھی اور قومی تحریک

سول نافرمانی اور اس کے بعد

12۔ **موضوع- بارہ** 182-194

دستور کی تشکیل

ایک نئے عہد کا آغاز

اقتباس سے متعلق کام (موضوع 1 تا 15)

نقشوں سے متعلق کام (موضوع 1 تا 15)

سی. بی. ایس. ای سوال نامے (2014 تا 2018)

سی. بی. ایس. ای سوال نامہ 2018 حل شدہ

ماڈل سوال نامے (1) غیر حل شدہ

(2) غیر حل شدہ

(3) حل شدہ

نوٹ: اس سال قدر پر مبنی سوال نصاب کے مطابق سوال نامے میں نہیں آئے گا۔

# موضوع۔ ایک

# اینٹیں، منکے اور ہڈیاں (ہڑپا کی تہذیب)




## یاد رکھنے لائق نکات:

1۔ ہڑپا تہذیب کو سندھ وادی میں پھیلے ہونے کی وجہ سے اسے وادی سندھ کی تہذیب بھی کہا جاتا ہے۔ آثار قدیم کے ماہرین نے کچھ ایسی چیزوں کے مجموعے کو تہذیب (کلچر) کی ایک اصطلاح دی ہے جو اپنے ایک علیحدہ انداز مخصوص جغرافیائی علاقے اور وقت کی ایک متعین مدت میں ایک ساتھ دریافت ہوئی ہیں۔

2۔ اس تہذیب کا نام ہڑپا نام کے مقام جہاں یہ تہذیب پہلی مرتبہ دریافت کی گئی، کے نام پر رکھا گیا۔

3۔ ہڑپا تہذیب کے دو بڑے مراکز ہڑپا اور موہن جودڑو ہیں۔

4۔ ہڑپا تہذیب کی دریافت 22-1921 میں دیا رام ساہنی، رکھل داس بنرجی اور جان مارشل کی رہنمائی میں کی گئی۔

5۔ اس تہذیب کا دور تقریباً 2600 قبل مسیح اور 1900 قبل مسیح کے درمیان مانا جاتا ہے۔

6۔ ہڑپائی تہذیب کی معلومات کے اہم ذرائع — مٹی کے برتن، اوزار، مہریں، عمارتیں، کھدائی میں ملے سکے وغیرہ۔

7۔ ہڑپائی تہذیب کا علاقہ — افغانستان، جموں، بلوچستان (پاکستان)، گجرات، راجستھان، مغربی اتر پردیش۔

8۔ اس کے اہم مقامات باگیشور، بالاکوٹ، چنہوداڑو، کوٹ دیجی، دھولاویرا، لوتھل، کالی بنگن، بناولی، راکھی گڑھی وغیرہ۔

9۔ اس تہذیب کی اہم خصوصیات میں سے ایک شہری منصوبہ بندی ہے۔ یہ ایک شہری تہذیب ہے۔

10۔ ہڑپائی تہذیب میں بستیاں دو حصوں میں منقسم تھیں — حصار (قلعہ) اور نشیبی شہر۔

11۔ نشیبی شہر رہائشی عمارتوں کی مثالیں پیش کرتا ہے اور قلعہ پر بنے ڈھانچوں کا استعمال خاص طور پر عوامی کاموں کے لیے ہوتا تھا۔

12۔ ہڑپائی تہذیب میں سڑکوں اور گلیوں کو لگ بھگ باقاعدہ 'جال' (Grid) کے انداز پر بنایا گیا تھا جو ایک دوسرے کو زاویہ قائمہ پر کاٹتی تھیں۔

13۔ پانی کی نکاسی کا نظام نمایاں تھا۔ گھروں کے گندے پانی کی نالیوں کو گلی کی نالیوں سے جوڑا گیا تھا۔ نالیاں پکی اینٹوں سے بنائی گئی تھیں۔

14۔ ہڑپائی مقامات سے ملے اناج کے دانوں میں گیہوں، جو، دال، سفید چنا اور تل شامل ہیں۔

15۔ ہڑپائی تہذیب کے اہم جانور — بھیڑ، بکری، بھینس اور سور۔ بیل کا استعمال زراعتی کاموں میں کھیت جوتنے کے لیے کیا جاتا تھا۔

16۔ ہڑپائی رسم الخط کو ابھی تک پڑھا نہیں جا سکا۔

17۔ ہڑپائی رسم الخط میں اشاروں یا نشانات کی تعداد لگ بھگ 375 اور 400 کے درمیان تھی اور اسے دائیں سے بائیں لکھا جاتا تھا

18۔ زیورات اور منکوں کو تولنے کے لیے باٹ کا استعمال ہوتا تھا۔ یہ چرٹ نام کے پتھر سے بنائے جاتے تھے۔

19۔ موہن جوداڑو دستکاری اور صنعت کاری کا بڑا مرکز تھا جس میں منکے بنانا، سیپ کی کٹائی کا کام دھات کا کام، مہریں بنانے کا کام اور اوزار بنانے کا کام ہوتا تھا۔

20۔



21۔ مہروں اور سکوں کا استعمال دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے کے لیے کیا جاتا تھا۔

22۔ ہڑپائی تہذیب میں مُردوں کو عام طور پر گڈھوں میں دفنایا جاتا تھا۔ ان (مدفنوں) کے ساتھ مٹی کے برتن اور زیورات رکھے جاتے تھے۔

23۔




24۔ ہڑپا تہذیب کے ہر گھر میں اینٹوں کے فرش سے بنا ہوا ایک حمام ہوتا تھا جس کی نالیاں دیواروں کے درمیان سے سڑک کی نالیوں سے جڑی ہوئی تھیں۔

25۔ مہنگی اشیاء سے بنی نایاب چیزیں عام طور پر موہن جوداڑو اور ہڑپا جیسی بڑی بستیوں سے حاصل ہوئی ہیں۔ مثلاً سونے کے زیورات اور فیانس سے بنے ہوئے چھوٹے برتن۔

26۔ ناگیشور اور بالاکوٹ ساحلی سمندر کے نزدیک واقع تھے اور شنکھ سے بنی ہوئی چیزیں (چوڑیاں اور کرچھیاں) کو بنانے کے خاص مقامات تھے۔

27۔ کچا مال حاصل کرنے کے لئے دور دراز علاقوں میں لوگوں کو بھیجا جاتا تھا۔ مثلاً تانبے کے لئے کھیڑی، اومان اور سونے کے لئے جنوبی ہندوستان کے علاقے۔

28۔ ہندوستان کے ماہر آثار قدیمہ کے پہلے ڈائریکٹر جنرل کننگھم کو اندیشہ تھا کہ ہندوستانی تاریخ کی ابتداء گنگا کی وادی میں پہلے پہلے شہروں کے ساتھ ہی ہوئی تھی۔

29۔ ہندوستان کے ماہر آثار قدیمہ کے پہلے ڈائریکٹر جنرل کننگھم کو اندیشہ تھا کہ ہندوستانی تاریخ کی ابتدا گنگا کی وادی میں پہلے پہلے شہروں کے ساتھ ہی ہوئی تھی۔

# Objectie type of questions

1۔ ہڑپا تہذیب کی دریافت کب ہوئی کن ماہرین کی رہنمائی میں اس کی دریافت ہوئی؟۔

2۔ ابتدائی ہڑپا کی بستیوں کی کوئی ایک خوبی بیان کیجئے۔

3۔ سر جان مارشل کون تھے؟

4۔ ہڑپا رسم الخط کی کوئی ایک خوبی بیان کیجئے۔

5۔ ہڑپا کے باشندوں کے ذریعے آب پاشی کے لئے استعمال میں لائے جانے والے اہم ذرائع کا نام لکھئے۔

6۔ فیانس کیا ہوتا ہے؟

7۔ ہڑپا تہذیب کی کن ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات تھے؟

8۔ ہڑپا تہذیب کے باشندے کن دیوی۔ دیوتاؤں کی پوجا کرتے تھے؟

9۔ ہڑپا تہذیب کے کوئی دو اہم مقامات کے نام لکھئے۔

10۔ ہڑپا تہذیب کی بستیاں ............... اور ............... میں تقسیم تھیں۔

11۔ موہن جوداڑو میں غالباً کنویں تھے۔

(a) تقریباً 500 (b) تقریباً 600
(c) تقریباً 700 (d) تقریباً 800

12۔ ہڑپا تہذیب کی رسم الخط کی اہم خوبی تھی۔

(a) یہ دائیں جانب سے بائیں جانب کی طرف لکھی جاتی تھی۔
(b) یہ بائیں سے دائیں جانب لکھی جاتی تھی۔
(c) یہ اوپر سے نیچے کی طرف لکھی جاتی تھی۔
(d) یہ نیچے سے اوپر کی طرف لکھی جاتی تھی۔

13۔ ہڑپا اور موہن جوداڑو واقع ہیں۔

(a) مہاراشٹر میں (b) پاکستان میں
(c) ہریانہ میں (d) ان میں سے کوئی نہیں

14۔ ہڑپا تہذیب کے کن ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات تھے۔

(a) چین، جاپان اور کوریا (b) روس، منگولیا اور اٹلی

(c) ایران، عراق اور مصر (d) ان میں سے کوئی نہیں

15۔ ہندوستانی آثار قدیمہ کے پہلے ڈائریکٹر جنرل تھے:

(a) جان مارشل (b) کنگھم

(c) آر۔ای۔ایم ویلر (d) ان میں سے کوئی نہیں

16۔ ہڑپا رسم الخط میں حروف کی تعداد تھی۔

(a) 500 سے 700 (b) 375 سے 400

(c) 200 سے 300 (d) 300 سے 350

17۔ دست کاری کا ایک اہم مرکز تھا

(a) موہن جوداڑو (b) ہڑپا

(c) کالی بنگن (d) چنہو دڑو

18۔ ہل سے جوتے ہوئے کھیتوں کے ثبوت ملے ہیں

(a) ہڑپا سے (b) کالی بنگن سے

(c) موہن جوداڑو سے (d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

19۔ شنکھ سے بنی ہوئی اشیا کا اہم مرکز تھا۔

(a) ناگیشور (b) چنہو داڑو

(c) راکھی گڑھی (d) ہڑپا

20۔ ہڑپا تہذیب کے زوال کی اہم وجہ تھی۔

(a) آب و ہوا کی تبدیلی (b) لگاتار قحط پڑنا

(c) قدرتی آفات کا آنا (d) مندرجہ بالا میں سبھی

21۔ دی گئی تصویر کو پہچان کر اس کا نام لکھئے



22۔ مندرجہ ذیل ماخذ کو دھیان سے پڑھیں اور سوالات کے جواب دیجئے۔

## حصار (Cltadels)

گو کہ زیادہ تر ہڑپا بستیوں میں مغربی رخ پر ایک چھوٹا سا اونچا حصہ، اور ایک بڑا مشرقی حصہ ہوتا ہے، مگر ان میں بعض بعض جگہ کچھ تبدیلیاں بھی نظر آتی ہیں۔ دھولاویرا اور لوتھل (گجرات) کے مقامات پر پوری بستی کی قلعہ بندی کی گئی تھی اور شہر کے اندر بھی مختلف حصوں کو دیوار کے ذریعے الگ کیا گیا تھا۔ لوتھل کے اندر بالائی حصار کو دیوار بنا کر الگ نہیں کیا گیا تھا۔ مگر اسے اونچائی پر ہی بنایا گیا تھا۔

(a) وادیٔ سندھ تہذیب میں ہڑپا کے بعد دوسری دریافت کیا گیا مشہور مقام ہے۔

I۔ چھو داڑو II۔ بالاکوٹ

III۔ ناگیشور IV۔ موہن جوداڑو

(b) درج ذیل میں سے جو عمارتیں قلعے میں پائی گئی ہیں وہ ہیں

I۔ مال گودام II۔ عظیم حمام

III۔ I اور II دونوں IV۔ I اور II میں سے کوئی بھی نہیں

(c) نیچے دیئے گئے بیان میں سے ایک کو (الف) اور دوسرے بیان کو (ب) کی شکل میں دکھایا گیا ہے۔

بیان 'الف' قلعے کو اونچے مقام پر تعمیر کیا گیا

'ب' قلعے کی تعمیر کچی اینٹوں کے چبوترے پر ہوئی تھی۔

I۔ بیان 'الف' صحیح ہے۔ II۔ 'ب' صحیح ہے۔

III۔ بیان 'الف' اور 'ب' دونوں صحیح ہیں۔ لیکن اس کا خلاصہ نہیں ہے۔

IV۔ بیان 'الف' اور 'ب' دونوں صحیح ہیں اور اس کا خلاصہ بھی کیا گیا ہے۔

(d) ان بیانات کو غور سے پڑھئے

(الف) قلعے کو قلعہ بند کیا جاتا تھا۔

(ب) قلعے پر ایسی بناوٹ حاصل ہوئی ہے جن کا استعمال عام طور پر کسی اہم تقریبات کے لئے کیا گیا تھا۔

I۔ 'الف' اور 'ب' دونوں صحیح ہیں۔ II۔ صرف 'ب' صحیح ہے۔

III۔ صرف الف صحیح ہے IV۔ ان میں سے کوئی بھی صحیح نہیں ہے



23۔ دی گئی تصویر کو غور سے دیکھئے اور سوالات کا جواب دیجئے۔

(الف) یہ تصویر کس کی ہے؟

(a) آدھیہ شیو

(b) ماتر دیوی

(c) ایک کھلونا

(d) پروہت راجا

(ب) ماہرین آثار قدیمہ کو سب سے زیادہ دشواری ہڑپا تہذیب کے جس شعبے کی تشریح کرنے میں آتی ہے وہ ہے۔

(a) حکمراں طبقہ کی (b) عام لوگوں کی

(c) آدھیہ شیو (d) ماتر دیوی

(ج) مہروں پر ملے ایک سینگھ والے جانوروں کو کہا جاتا ہے۔

(a) بیل (b) ایک شرنگی (c) آدھیہ شیو (d) ماتر دیوی

(د) ذیل بیانات کو غور سے پڑھئے اور صحیح بیان کی نشان دہی کیجئے۔

I۔ آدھیہ شیو کو پشو پتی ناتھ بھی کہا گیا ہے۔

II۔ مورتی زیورات سے لدی ہوئی خاتون کی ہے۔

(a) صرف بیان I صحیح ہے (b) صرف بیان II صحیح ہے۔

(c) دونوں بیانات صحیح ہیں (d) کوئی بھی بیان صحیح نہیں ہے۔

# معروضی سوالات

1۔ ہڑپا تہذیب کی دریافت کب ہوئی؟

1۔ 1931 2۔ 1921 3۔ 1922 4۔ 1924

2۔ ہڑپا تہذیب کی مہریں جس دھات سے بنی تھی وہ ہے۔

1۔ سیل کھڑی 2۔ تانبا 3۔ فیانس 4۔ سونا

3۔ مندرجہ ذیل بیانوں میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے۔

1۔ ہڑپائی تہذیب میں سڑکوں اور گلیوں کو جال (Grid) کے انداز پر بنایا گیا تھا۔

2۔ چندہودڑو فن دستکاری مرکز تھا۔

3۔ ہڑپائی تہذیب کا رسم الخط بائیں سے دائیں طرف تھا۔

4۔ یہ ایک شہری منصوبہ بند تہذیب تھی۔

4۔ درج ذیل بیانوں میں سے صحیح بیان کی پہچان کیجئے۔

(الف) لاج ورد منی (लाजवर्द मणि) شورتو گھئی (افغانستان) سے منگائی جاتی تھی۔

(ب) کارنیلین راجستھان کے کالی بنگن سے لایا جاتا تھا۔

(ج) سونا میسوپوٹامیہ سے لایا جاتا تھا۔

A۔ صرف الف درست ہے B۔ صرف الف، ب، اور ج درست ہے

C۔ صرف ب، ج، دو درست ہے D۔ صرف الف، ب درست ہے

5۔ ھنگھرو سے بنی اشیا ملی ہے۔

1۔ کوٹ دیجی سے 2۔ راکھی گڑھی سے

3۔ بالاکوٹ سے 4۔ اومان سے

6۔ میلان کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | راجستھان | 1 | تانبا |
| B | جنوبی ہند | 2 | کارلی نین (کارنیلین) |
| C | بھڑوچ | 3 | سیلکھڑی (سیل کھڑی) |
| D | مقامی سطح پر | 4 | سونا |

(1) A-i, B-iv, C-ii, D-iii

(2) A-iii, B-iv, C-ii, D-i

(3) A-iv, B-iii, C-i, D-i

(4) A-ii, B-i, C-iv, D-iii

7۔دی اسٹوری آف انڈین آرکیولوجی کے مصنف ہیں۔

1۔ آئی۔ایم۔وہلیر 2۔ سرجان مارشل

3۔ الیگزینڈر کنگھم 4۔ ایس۔این۔راؤ

8۔ ذیل میں دیے گئے بیان کی بنیاد پر صحیح مقام کی نشاندہی کیجیے۔

1۔ اس کے لیے میسوپوٹامیہ کی تحریروں میں "مارلن "لفظ کا استعمال کیا گیا ہے۔

2۔ کالا تانبا کے حصول کے لیے یہ ایک مخصوص ذریعہ تھا۔

A۔ بلوچستان B۔ افغانستان

C۔ فارس D۔ اومان

9۔ دیے گئے بیان کو دوبارہ صحیح کر کے لکھیے۔

''مصر کی تہذیب، ہڑپا تہذیب کے ہم عصر تھی''۔

10۔ ذیل میں دو بیان دیے گئے ہیں۔جس میں بیان (A) اور دوسرا سبب (R) کے طور پر دکھایا گیا ہے۔

بیان (A): یقیناً ہڑپائی تہذیب میں نالیوں کا انتظام، اب تک کی تحقیق/کھوج کی گئی سب سے قدیم منصوبہ بندی ہے۔

سبب(R): ہڑپا میں پائی گئی چکیاں، سخت کھردری، آتش فشانی چٹان یا ریگی پتھر سے بنائی جاتی تھیں۔

A۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور A،R کا صحیح خلاصہ کرتا ہے۔

B۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور A،R کا صحیح خلاصہ نہیں کرتا ہے۔

C۔ صرف R صحیح ہے جبکہ A غلط ہے۔

D۔ صرف A صحیح ہے جبکہ R غلط ہے۔

## مختصر جواب والے سوالات (3 نمبر والے سوالات)

1۔ موہن جوداڑو کے عظیم حمام پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

2۔ ہڑپا باشندوں کی معاشی کارکردگیوں پر روشنی ڈالئے۔

3۔ ہڑپائی معاشرے میں سماجی، معاشی امتیاز کو معلوم کرنے کے لئے آثار قدیمہ کے ماہرین کن طریقوں کا استعمال کرتے تھے؟

4۔ ہڑپا کے لوگوں کے مذہبی عقائد کی معلومات حاصل کرنے میں وہاں سے حاصل مہریں کس طرح مددگار ثابت ہوئی ہیں؟ مختصراً بیان کیجئے۔

5۔ ماہرین آثار قدیمہ نے دست کاری کے مراکز کی پہچان کس طرح حاصل کی؟

6۔ جنرل کنگھم کون تھے؟ وہ کس طرح ہڑپا تہذیب کی اہمیت کو سمجھنے سے قاصر رہے؟

7۔ ہڑپا تہذیب کے پانی کے بہاؤ کے طریقوں پر مختصر نوٹ لکھئے۔

8۔ 'ہڑپا کے مغربی ایشیا کے ساتھ تجارتی تعلقات تھے'۔ وضاحت کیجیے۔

9۔ ہڑپائی تہذیب کے خاتمہ (زوال) کی ممکنہ وجوہات کا تجزیہ کیجیے۔

10۔ ہڑپا کا رسم الخط ایک عجیب رسم الخط تھا۔ وضاحت کیجیے۔

11۔ موہن جودڑو کی کچھ امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

12۔ وادیٔ سندھ کی تہذیب کے لوگوں کی غذائی اجناس کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ واضح کیجیے۔

13۔ ہڑپائی تہذیب کی تکنیکوں اور تربیتوں کے حلقہ میں کیا کیا کارنامے ہیں۔ کوئی تین کارناموں کو لکھیے۔

14۔ جان مارشل کون تھے؟ ہندوستانی تاریخ میں ان کا کیا تعاون رہا؟ وضاحت کیجیے۔

15۔ مورخین کس طرح سے تاریخ کو از سر نو تیار کرتے ہیں اس کا خلاصہ کیجیے۔

## طویل جواب والے سوالات (آٹھ نمبر والے)

1۔ ہڑپائی تہذیب کے رہائشی گھروں کی طرز تعمیر کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

2۔ ہڑپائی تہذیب کی اہم خصوصیات کو بیان کیجیے۔

3۔ ہڑپائی تہذیب کی زراعت اور زراعتی تکنیکوں کی اہم خصوصیات کیا تھیں؟

4۔ ڈائرکٹر جنرل، آرکیولوجیکل سروے آف انڈیا کی حیثیت سے آر۔ای۔ایم۔ وھیلر کی کے کارناموں کو بیان کیجیے۔

5۔ وادیٔ سندھ کی تہذیب کی معاشی اور مذہبی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔

## جب قدیم ترین نظام کا انکشاف ہوا

نالوں کے متعلق ''میکے نے بیان کیا تھا کہ

''اب تک دریافت ہوئے قدیم نظاموں میں یقیناً یہ سب سے مکمل نظام ہے۔'' ہر گھر سڑک کے نالے سے ملحق تھا۔ بڑی اور اہم نالیاں اینٹوں اور مسالے سے بنائی گئی تھیں اور انھیں اس طرح اینٹوں سے ڈھک دیا گیا تھا کہ صفائی کے لئے انھیں ہٹایا جا سکے۔ کہیں کہیں ان ڈھکنوں کے لیے چونے کا پتھر بھی استعمال کیا گیا تھا۔ گھر کی نالیاں پہلے ایک نابدان یا ہودی میں گرتی تھیں۔ جن میں ٹھوس کوڑا نیچے بیٹھ جاتا تھا اور گندا پانی گلیوں کی نالی میں چلا جاتا تھا۔ جگہ جگہ کافی لمبی لمبی نکاسی نالیاں دی گئی تھیں اور ان کے نابدان تھے جو صفائی میں مدد دیتے تھے۔ آثار قدیمہ کا ایک عجوبہ یہ بھی ہے کہ ان نکاسی نالیوں کے پاس جگہ جگہ ''کوڑے کی قسم کے کچھ چھوٹے چھوٹے ڈھیر بھی ان نکاس نالیوں کے کنارے پڑے ملے ہیں جن میں زیادہ تر ریت تھا......... جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ نالیوں کی صفائی کے بعد کوڑا ہمیشہ نہیں اٹھایا جاتا تھا''۔

(*ERNEST MACKAY,EARLY INDUS CIVILISATION-1948* سے ماخوذ)

نکاس کا یہ نظام صرف بڑے شہروں کی ہی انوکھی خصوصیت نہیں تھا، یہ چھوٹی بستیوں میں بھی ملا ہے۔ جیسے لوتھل میں جہاں مکان گارے کی اینٹوں کے بنائے گئے ہیں، نالیاں وغیرہ پکی اینٹوں سے بنی ہیں۔

## سوالات

1۔ ہڑپائی تہذیب کا پانی نکاسی کے منصوبے کی کوئی ایک خصوصیات بیان کیجیے 2

2۔ ہڑپائی تہذیب کے پانی کی نکاسی کو آثار قدیمہ کی ایک نایاب مثال کیوں کہا جاتا ہے؟ 2

3۔ نالیوں کے بارے میں میکے کا کیا نظریہ تھا؟ 2

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔

## مصنوعات (آرٹیفیکٹس) کی شناخت کس طرح ہوتی ہے

کھانے کی تیاری کے لیے پینے کے ساز و سامان کی ضرورت پڑتی ہے پھر اس کے ساتھ ہی گوندھنے، ملانے اور پکانے کی چیزیں بھی ضروری ہوتی ہیں۔ یہ چیزیں دھاتوں، پتھروں اور پکائی مٹی سے بنائی جاتی تھیں۔ نیچے موہن جودڑو کی کھدائی کی سب سے پہلی رپورٹ کا ایک اقتباس دیا گیا ہے۔ موہن جودڑو ہڑپائی مقامات میں سب سے زیادہ مشہور ہے۔

دو پاٹوں کی چکیاں...... کافی تعداد میں ملی ہیں۔ غلوں کو پینے کا شاید یہی ایک ذریعہ استعمال میں تھا۔ عام طور پر یہ سخت کھردری آتش فشانی چٹان یا ریگی پتھر سے بنائی جاتی تھیں اور زیادہ تر ان کے سخت قسم کے استعمال کے نشانات ملتے ہیں۔ چونکہ ان کی بنیادیں یا نچلے حصے عام طور پر کروی ہیں۔ اس لیے انھیں زمین میں گاڑ دیا جاتا ہوگا یا گارے میں جما دیا جاتا ہوگا تا کہ پیستے وقت یہ ہلے نہیں۔ ان میں دو قسمیں خاص طور پر ملتی ہیں ایک وہ جن پر ایک چھوٹا پتھر دھکیلا یا آگے پیچھے لڑھکایا جاتا تھا۔ یا دوسری قسم وہ جس میں ایک دوسرا پتھر کوٹنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ جس کا مطلب ہے کہ نچلے والے پتھر میں ایک بڑا سا گڑھا ہوتا تھا۔ پہلی قسم کی چکیاں شاید صرف غلے کو پینے کے کام آتی تھیں اور دوسری قسم کی چکیاں شاید سالن میں استعمال کرنے کے لیے جڑی بوٹیوں اور مسالوں کو کوٹنے کے کام آتی تھیں۔ سچ تو یہ ہے کہ اس قسم کے پتھروں کا نام ہمارے ساتھ کام کرنے والے مزدوروں نے 'سالن والے پتھر' (کری اسٹون) ہی رکھ لیا ہے اور ہمارے ایک باورچی نے تو میوزیم سے ایک ایسے پتھر کو باورچی خانے میں استعمال کرنے کے لیے ادھار مانگا بھی تھا۔

— ارنسٹ میکے، فردر ایکسکویشنس ایٹ موہن جودڑو، 1937

## سوالات

1۔ دو پاٹوں کی چکیوں کی کوئی ایک خصوصیات بیان کیجیے۔ 2

2۔ چکیاں کون کون سے پتھروں سے بنائی جاتی تھیں؟ 2

3۔ مورخوں کے لیے ہڑپائی برتنوں کی اہمیت بیان کیجیے۔ 2


INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
Tropic of Cancer
© Government of India Copyright, 2020
INDIAN BOOK DEPOT (MAP HOUSE)




سوال نمبر 1۔ دیے گئے نقشے پر وادی سندھ تہذیب کے اہم مقامات ہڑپا موہن جوداڑو اور کالی بنگن کو دکھایئے۔

سوال نمبر 2۔ اس دیے گئے نقشے میں تین مشہور ہڑپا مقامات کو A, B اور C سے دکھایا گیا ہے۔ انکی پہنچان کر کے صحیح نام لکھیے۔

# موضوع۔ دو
# بادشاہ، کسان اور شہر
## ابتدائی حکومتیں اور معیشتیں
## (تقریباً 600 قبل مسیح سے 600 عیسوی تک)

**یاد رکھنے لائق نکات:**

1۔ جیمس پرنسیپ کے ذریعہ 1830 کی دہائی میں ''برہمی'' اور خروشتی'' رسم الخط یا (زبانوں) کے معنی واضح کیے گئے جن سے اشوک کے کتبوں اور سکوں کا پتہ چلتا ہے۔

2۔ چھٹی صدی قبل مسیح ایک اہم تبدیلی کا دور مانا جاتا ہے۔ اس کی وجہ ریاستوں اور شہروں کی ترقی، لوہے کا بڑھتا استعمال، سکوں کے نظام کے قائم ہونے وغیرہ سے متعلق ہے۔

3۔ مہاجن پد نام سے سولہ ریاستوں کا ذکر کیا گیا ہے ۔ مگدھ، کوشل، کورو، پانچالا، گندھار، وجی، اونتی جیسے اہم مہاجن پد تھے

4۔




5۔ کتبوں اور بودھ گرنتھوں کے مطابق اشوک سب سے اہم اور مشہور حکمرانوں میں سے ایک تھا۔

6۔ چندر گپت موریہ — موریہ سلطنت کا بانی تھا جسے تاریخ ہند میں ابتدائی دور کا سب سے مشہور بادشاہ مانا جاتا ہے۔

7۔ 600 قبل مسیح سے 600 عیسوی کے بیچ ہندوستانی تاریخ کی معلومات کے لیے مفرقوں کے ذریعے استعمال میں کیے جانے والے ذرائع۔



8۔ (پرنسپ اور پیاسی)

1830 عیسوی میں اینشیا کمیٹی ایک ادبی کاری جیمس پر سپ نے پرچھمی اور خرودشت زبانوں کا مطالب نکلا۔ یہ دونوں رسم الخط ابتدائی خطبوں اور سکوں پر استعمال ہوئی ہیں۔ زیادہ تر کتبے اور سکوں پر پیاداسی یعنی دکھانے تسکین بخش راجا کا نام لکھا تھا۔ کچھ کتبوں پر اشوروک (بہت گرناشوں) کے مطابق سب سے زیادہ مشہور حکمرانوں میں ایک تھا اور بھی لکھا تھا۔






جن پد کا مطلب ہے زمین کا ایک ایسا ٹکڑا جہاں پر کوئی جن (کل زلوگ) اپنا پیر رکھتا ہے۔ یعنی وہاں آکر بس جاتا ہے۔ اس کا استعمال پراکرت اور سنسکرت میں ملتا ہے۔

10۔



11۔ موریہ سلطنت کا نظام — پانچ اہم سیاسی مراکز: راجدھانی پاٹلی پتر اور چار صوبے ٹکشیلا، اجینی، تو سالی اور سورن گری۔

12۔ میگستھنیز کے ذریعے فوجی سرگرمیوں کو چلانے کے لیے ایک تنظیم اور چھ ذیلی تنظیموں کا تذکرہ جن کے کام بحری فوج، آمدو رفت، غذا، پانی، بری فوج، گھڑسوار فوج، رتھ اور ہاتھیوں کی دیکھ بھال کرنا تھا۔

13۔ چوتھی صدی عیسوی تک بڑی بڑی ریاستوں کی شہادتیں ملتی ہیں جن میں گپتا سلطنت بھی شامل ہے۔

14۔ جنوب (دکن) کے راجا اور سردار — چول، چیر اور پانڈیا۔ ان کی تاریخ کی **معلومات** کے اہم ماخذ تمل سنگم متون۔

15۔ چھٹی صدی قبل مسیح میں کھیتی کی پیداوار بڑھانے میں لوہے کے پھل والے ہل کا استعمال کیا جانے لگا۔

16۔ چھٹی صدی میں تجارت کے لیے سکوں کا چلن۔ سونے کے سکے سب سے پہلے پہلی صدی عیسوی میں کشان حکمرانوں کے ذریعے جاری کیے گئے۔

17۔ اعلیٰ سماجی حیثیت یا درجہ حاصل کرنے کے لیے حکمرانوں کے ذریعہ دیوی دیوتاؤں کے ساتھ جڑنا (کشان حکمرانوں نے مورتیوں کے ذریعہ خود کو دیوتاؤں کے مدمقابل پیش کیا)

18۔ دوسری صدی کے کئی شہروں سے چھوٹے ہدایاتی کتبوں سے مختلف پیشوں کی **معلومات** جیسے دھوبی، بنکر، کلرک، بڑھئی، لوہار، کمہار، سنار، مذہبی پیشوا تاجر وغیرہ

19۔ پیداوار کنندہ اور تاجروں کی کمیٹیوں کا ذکر ملتا ہے۔ ممکن ہے کہ کمیٹیاں پہلے خام مال کو خریدتی تھیں پھر ان سے سامان تیار کرکے بازار میں فروخت کرتی تھیں۔

20۔ چھٹی صدی قبل مسیح سے جزیرہ نما میں بحری اور بری راستوں کا جال کئی سمتوں میں پھیلا۔ بحر عرب سے شمالی افریقہ، مغربی ایشیا تک اور خلیج بنگال سے چین اور جنوبی ایشیا تک۔

21۔ گپت دور کے آخری وقت میں سکوں کی کمی معاشی گراوٹ کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

22۔ کتبات **ثبوت** کے طور پر تاریخ کے اہم ذرائع کتبہ کے ماہرین، کتبہ کے مطالع سے سابقہ زبان، راجا کا نام، تاریخ اور مضمون کی جانکاری حاصل ہوتی ہے۔

23۔ کتبات کی ثبوتوں کے حدود۔ الفاظ کا ملکہ ڈھنگ سے کتبوں کے ٹوٹ جانے سے الفاظ کا مٹ جانا، صحیح مطلب نہ نکال پانا، زبان کا سمجھ نہ آنا، روزمرہ کے کاموں اور زندگی کے سکھ دکھ کا ذکر کتبوں میں نہ ہونا۔

24۔ پتھر کی مورتیاں موریہ عہد کے سارے آثار قدیمہ کے ایک انوکھے فن کے نمونے تھے جو کہ موریہ سلطنت کی پہچان مانے جاتے تھے۔

25۔ کشان کے حکمرانوں نے خود کو دیوتاؤں کے برابر پیش کیا اور اپنے نام کے آگے "دیوپتر" کا اعجاز بھی حاصل کیا۔ شاید وہ

چین کے حکمرانوں سے متاثر تھے جو خود کو جنت کا بیٹا کہتے تھے۔

26۔ کشان حکمرانوں کے راج دھرم کو جاننے کے بہترین ثبوت ان کے سکے اور مورتیاں ہیں۔

27۔ جن پد کا مطلب زمین کا ایسا ٹکڑا ہے جہاں کو جن (لوگ قبیلہ خاندان کے لوگ رہتے ہیں یا بس جاتے ہیں اس لفظ کا استعمال پراکرت اور سنسکرت زبان دونوں میں ملتا ہے۔

28۔ تقریباً 6 صدی ق م سے سنسکرت میں دھرم شاستر نام کے گرندھوں کے تصنیفات شروع جس میں راجا اور سماج کے دوسرے طبقوں کے لئے قانون طے کئے گئے۔

29۔ سردار ایک طاقتور شخص ہوتا تھا جو خاندانی بھی ہو سکتا تھا۔ اس کے علاقوں کو سردار بھی کہا جاتا تھا۔

30۔ سدرشن جھیل کو موریہ زمانے میں ایک مقامی راجپال (صوبے دار کے راجپال کے ذریعے بنوایا گیا اس کی جانکاری ہمیں مشک حکمرانوں اور دمن کے پتھر کے قطبوں سے ملتی ہے۔

31۔ پریاگ پرشستی جیسے الہاباد ستون کے نام سے بھی جانا جاتا ہے اسے ہری شیر نے لکھا جو کہ سمراٹ سمندر گپت کا شاہی کوی تھا۔

32۔ گاہا پتی گھر کا مالک اور مکھیا ہوتا تھا جو اس کنبے کی عورتوں بچوں اور غلاموں پر اپنی گرفت رکھتا تھا۔ پالی زبان میں اس لفظ کا استعمال چھوٹے کسانوں کے لئے کیا گیا۔

33۔ مدرا شاستر سکوں کا مطالعہ ہے اس کے ساتھ ہی ان پر پائی جانے والی تصویریں، رسم خط اور ان کے ڈھانچوں کا بھی مطالعہ کیا جاتا ہے۔

34۔



## کتباتی شہادت کی حد بندیاں

| | |
|---|---|
| کھیر کا خراب حالات میں عموماً جینی حروف مٹ جاتے تھے | تکنیکی حد ہوتی ہے۔حروف ہلکے کھدے ہوتے ہیں جس کی وجہ سے پڑھ پانا مشکل ہوتا ہے |
| الفاظ کے صحیح معنوں کا صحیح ڈھنگ سے پتہ نہیں ہوتا جس سے مفہوم بدل جاتا ہے | عام طور پر کتبہ کسی خاص موقع پر لکھے جاتے تھے |
| ہزاروں کی تعداد میں کتبے ملے ہیں۔لیکن سب کو ابھی تک پڑھا نہیں جاسکا اور نہ ہی شائع کیا جاسکا | کتبے ہمیشہ انہی لوگوں کے خیالات کا اظہار کرتے تھے جو انہیں بنواتے تھے |
| کتبوں میں کھیتی اور روزمرہ کی زندگی کے سکھ دکھ کا ذکر نہیں ہوتا ہے | کتبوں میں بتائے گئے نظریات کا خلاصہ تب ہی کیا جائے گا جب اسے گزرے ہوئے زمانے کی پوری معلومات ہو |
| یہ ضروری نہیں کہ جسے آج ہم سیاسی اور معاشی طور پر بہت اہم مانتے ہوں ان کا ذکر کتبوں میں کیا گیا ہو۔ | بہت سارے کتبے وقت کے ساتھ ساتھ محفوظ نہیں رہے اور جو بچے ہیں وہ صرف ٹکڑوں کی شکل میں ہیں۔ |

## نہایت مختصر جواب والے سوالات (ایک نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ کتبے کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2۔ جیمس پرنسیپ کون تھے؟

سوال نمبر 3۔ سنگم گرنتھ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 4۔ اشوک کے کتبات خاص طور پر کن رسم الخط میں لکھے گئے ہیں؟

سوال نمبر 5۔ پنچ مارک (ٹھپے دار) سکہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6۔ اشوک کے کتبوں کی زبان کیا ہے؟

سوال نمبر 7۔ 'شرینی' کیا تھی؟ اس کا کیا کام تھا؟

سوال نمبر 8۔ اشوک کے شیروں کی مورتی والے سر کے ستون کو آج اہم کیوں سمجھا جاتا ہے؟

سوال نمبر 9۔ اگر ہار سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 10۔ کنشک ............... خاندان کا سب سے طاقتور حکمراں تھا

# Objective Type Questions

11۔ جیمس پرنسیپ کی اہم کامیابی تھی............

(الف) سنسکرت کا مطلب نکالنا (ب) برہمی اور خروشٹی کا مطلب نکالنا

(ج) دیوناگری کا مطلب نکالنا (د) ان میں سے کچھ نہیں

12۔ انڈکا کتاب کے مصنف تھے

(الف) کلنگھم (ب) جان مارشل

(ج) میگیسھیر (د) کوٹلے

13۔ موریہ سلطنت کی فوجی کارروائی کی جاتی تھی۔

(الف) ایک کمیٹی اور چھ نائب کمیٹیوں کے ذرائع

(ب) دو کمیٹی اور پانچ نائب کمیٹیوں کے ذرائع

(ج) تین کمیٹیوں اور پانچ نائب کمیٹیوں کے ذرائع

(د) چار کمیٹیوں اور تین نائب کمیٹیوں کے ذرائع

14۔ دھم کے نظریے کی شروعات کس نے کی تھی؟

(الف) چندر گپت موریہ (ب) سمدر گپت

(ج) چانکیہ (د) اشوک

15۔ جاتک کتھائیں کس سے متعلق ہیں؟

(الف) مہاویر (ب) مہاتما بدھ

(ج) گرونانک (د) کبیر داس

16۔ ہرش چرتر کو لکھا تھا۔

(ا) کوٹلے نے (ب) میگستھیز نے

(ج) بان بھٹ نے (د) ان میں سے کوئی نہیں

17۔ سیٹھ عام طور پر ہوتے تھے

(الف) مالدار بیوپاری (ب) دستکار

(ج) کسان (د) سپاہی

18۔ ہندوستان میں سب سے پہلے سونے کے سکے جاری کئے تھے

(الف) شکوں نے (ب) سات واہنوں نے

(ج) گپت راجاؤں نے (د) موریہ راجاؤں نے

19۔ مگدھ کی ابتدائی دارالسلطنت تھی:۔

(الف) تکشلا (ب) پٹنہ

(ج) پاٹلی پتر (د) راجگیر

20۔ مشہور کتاب اشٹ ادھیائے کے مصنف تھے

(ا) پاننی (ب) پتانجلی

(ج) چرکھ (د) آریہ بھٹ

21۔ دی گئی تصویر کو دھیان سے دیکھ کر بتائیے یہ کیا ہے اور اسے کس نے بنوایا؟



# معروضی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل میں سے ـــــــــــــــــ طاقتور واکاٹک ملکہ تھی جس نے زمیں عطیہ کی۔

1۔ دیوی 2۔ درو پدی 3۔ پربھاوتی 4۔ لکشمی بائی

2۔ گجرات کی سدرشن جھیل مرمت کروائی۔

1۔ چندر گپت نے 2۔ سمدر گپت نے

3۔ موریہ سلطنت کے گورنر نے 4۔ رودر دمن نے

3۔ مندرجہ ذیل جوڑوں میں سے کون سا صحیح ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | پہلی مرتبہ سونے کے سکّے | 1 | موریہ سلطنت کے حکمراں |
| b | تانبہ کے سکّے | 2 | جنگجو حکمراں (جنگ جو حکمراں) |
| c | چاندی کے سکّے | 3 | کرشن حکمراں |
| d | کانسہ کے سکّے | 4 | شک حکمراں |

4۔ میلان کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A | 1838ء | 1 | کنشک حکمراں کی تاجپوشی |
| B | 1784ء | 2 | چندر گپت موریہ کی تاجپوشی |
| C | 321ق۔م | 3 | جیمس پرنسیپ نے کتبوں کو پڑھا |
| D | 78ء | 4 | بنگال ایشیاٹک سوسائٹی کا قیام |

(1) A-iii, B-iv, C-ii, D-i

(2) A-i, B-iv, C-iii, D-iv

(3) A-ii, B-i, C-iv, D-iii

(4) A-i, B-iii, C-ii, D-iv

5۔ موریہ سلطنت سے متعلق مندرجہ ذیل بیانوں پر غور کیجیے۔

1۔ مگدھ کی ترقی کے ساتھ ساتھ موریہ سلطنت کی بھی ترقی ہوئی۔

2۔ موریہ سلطنت کے پانچ اہم سیاسی مراکز تھے۔

3۔ دھم کے نظریہ کی تبلیغ کے لیے دھمہ مہامات کو نامزد کیا گیا۔

مندرجہ بالا بیانوں میں سے کون سا بیان صحیح ہے۔

A۔ 1اور2، B۔ صرف1 C۔ صرف 3 D۔ 1, 2 اور3

6۔ اشوک کتبات مندرجہ ذیل میں کن رسم الخط میں لکھے گئے۔

1۔ پراکرت 2۔ سنسکرت 3۔ ارامائک 4۔ ہندی

A۔ 1اور2، B۔ 2اور4 C۔ 1اور 3 D۔ 1اور4

7۔ بیان کو درست کر کے لکھیے۔

پالی زبان میں ''گہہ پتی'' لفظ کا استعمال بڑے تاجروں کے لیے ہوتا تھا۔

8۔ ذیل میں دو بیان دیے گئے ہیں۔ جس میں بیان (A) اور دوسرا سبب (R) کے طور پر دکھایا گیا ہے۔

بیان (A) سونے کے سکّے سب سے پہلے کشان حکمرانوں نے جاری کیے۔۔

سبب (R) ہند یونانی حکمرانوں نے حکمرانوں کی تصویر اور نام کے ساتھ سب سے پہلے ہندوستان میں سکّے جاری کیے۔

A۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ کرتا ہے۔

B۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ نہیں کرتا ہے۔

C۔ صرف R صحیح ہے جبکہ A غلط ہے۔

D۔ صرف A صحیح ہے جبکہ R غلط ہے۔

9۔ ذیل میں دو بیان دیے گئے ہیں۔ جس میں بیان (A) اور دوسرا سبب (R) کے طور پر دکھایا گیا ہے۔ صحیح جواب منتخب کیجیے۔

بیان (A) مگدھ چھٹی صدی سے چوتھی صدی ق۔م مگدھ (موجودہ بہار) سب سے طاقتور مہاجن پد بن گیا۔

سبب (R)  مگدھ میں زرخیز زمین، لوہے کی کانیں، ندیوں کے ذریعے نقل وحمل اور جنگلوں میں ہاتھیوں کی دستیابی تھی۔

A۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ کرتا ہے۔

B۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ نہیں کرتا ہے۔

C۔ صرف R صحیح ہے جبکہ A غلط ہے۔

D۔ صرف A صحیح ہے جبکہ R غلط ہے۔

10۔ کتبات کے لیے کون سا ثبوت حتمی نہیں ہے۔

1۔ کتبات ٹوٹ پھوٹ جاتے ہیں۔ 2۔ کتبوں کے الفاظ کا سمجھ نہ آنا۔

3۔ روزمرہ کے کاموں اور سکھ دکھ کا ذکر نہ ہونا۔ 4۔ کتبہ کے الفاظوں کا مٹ جانا۔

# اقتباس پر منحصر سوال

## سمدر گپت کی تعریف میں

یہ پریاگ پرشستی سے ایک اقتباس ہے:

روئے زمین پر اس کا کوئی مخالف نہیں تھا۔ اس کی متعدد نیک خصوصیات سے چھلکتی اور سیکڑوں نیک اعمال سے سجی شخصیت نے دوسرے بادشاہوں کی شہرت کو اس کے پیروں کے تلووں سے مسل کر نیست و نابود کر دیا وہ پرش اعلاترین وجود ہے، نیکوں کی خوشحالی اور بدوں کی تباہی و بربادی کا سبب ہوتے ہوئے وہ ایسی ذات ہے جس کے نرم دل کو صرف دلی تعلق اور خاکساری سے جیتا جا سکتا ہے۔ جذبۂ رحم اسے اپنے قبضہ میں کیے ہوئے ہے وہ لاکھوں گایوں کا عطا کرنے والا ہے۔ دکھیوں، مصیبت زدوں، غریبوں، خستہ حالوں پریشانیوں میں مبتلا لوگوں کو اٹھانے کے لیے ایک بنیادی جذبہ پایا ہے۔ یہ ہمدردی اور نیکی ایک جگمگاتا مجسمہ ہے۔ (یہ) کبیر (دولت کا دیوتا)، ورن (سمندروں کا دیوتا) اندر (بارش کا دیوتا) اور یم (موت کا دیوتا) جیسے دیوتاؤں کے برابر ہے۔

1۔ دیئے گئے اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس کے سوالوں کے جواب دیجیے

(A) پریاگ پرشتی کا مصنف کون ہے؟

(ا) بان بھٹ (ب) ہری شین

(ج) سمدر گپت (د) کرشن دیورائے

(B) یہ پرشستی کس کی تعریف میں لکھی گئی ہے؟

(ا) چندر گپت موریہ (ب) کنشک

(ج) سمدر گپت (د) اشوک

(C) درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(ا) زمین پر ان کے کئی دشمن تھے

(ب) وہ انسانیت کے لئے ایک جگمگاتے ہوئے مجسمہ تھے

(ج) وہ عدم تشدد سے بھرے ہوئے تھے

(د) اوپر کے سبھی بیان درست ہیں

(D) نیچے دو بیان دیئے گئے ہیں ان میں سے ایک بیان A اور دوسرے کو سبب R کہا گیا ہے

بیان A۔ شاعروں کی لکھی ہوئی تعریفیں جو انہوں نے اپنے راجا کے بارے میں لکھی ہیں۔ وہ تاریخ کے لکھنے میں کافی مددگار رہی ہیں۔

سبب R۔ حالانکہ مورخ ان تصنیفات پر تاریخی نچوڑ نکالنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن ان کے مصنف صحیح خلاصہ کرنے کی جگہ پر اسے ایک شاعرانہ کتاب (گرنتھ) مانتے ہیں۔

(ا) صرف بیان A صحیح ہے۔

(ب) صرف سبب R صحیح ہے۔

(ج) A اور R دونوں صحیح ہیں۔ لیکن سبب R بیان A کا خلاصہ نہیں کرتا ہے۔

(د) A اور R دونوں صحیح، لیکن سبب R بیان A کا خلاصہ کرتا ہے۔

دی گئی تصویر کو دھیان سے دیکھ کر اس کے درج ذیل سوال کا جواب دیجئے



(A) یہ سکے .......... سلطنت سے متعلق ہے

(i) موریہ (ii) گپت

(iii) کسان (iv) ساتواہن

(B) یہ سکے جس دھاتوں سے بنے ہوئے تھے وہ ہے

(i) چاندی (ii) سونا

(iii) تانبہ (iv) لوہا

(C) درج ذیل بیان کو پڑھ کر صحیح جواب چنیں

(الف) کسان حکمرانوں نے وسط ایشیا سے لیکر شمال مغرب تک حکمرانی کی

(ب) کسان تاریخ کی جانکاری کتبوں اور گرنتھوں سے ملتی ہے۔

(ج) متھورا کے پاس اس کے مجسمے ملے ہیں

(i) بیان (ا) صحیح ہے

(ii) بیان (ب) صحیح ہے

(iii) بیان (ا) اور (ب) دونوں صحیح ہیں

(iv) سبھی صحیح ہیں

(D) سکوں کے مطالعہ کو............... کہا جاتا ہے

(i) مدلاشاستر

(ii) مانوشاستر

(iii) ابھی لیک شاستر

(iv) ان میں سے کوئی نہیں

## مختصر جواب والے سوالات (تین نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ جیمس پرنسیپ کون تھے؟ تاریخ ہند کو مرتب کرنے میں ان کا تعاون بیان کیجیے

سوال نمبر 2۔ چھٹی سے چوتھی صدی قبل مسیح میں مگدھ سلطنت کے سب سے زیادہ طاقتور مہاجن پد بننے کی کیا وجوہات تھیں؟

سوال نمبر 3۔ اشوک کے 'دھمہ' کی اہم خصوصیات کیا تھیں؟

سوال نمبر 4۔ میگستھنیز کے بیانات کے مطابق موریہ سلطنت میں فوجی سرگرمیوں کا انجام دینے کا کیا نظام تھا؟

سوال نمبر 5۔ موریہ سلطنت کی معلومات فراہم کراتے والے اہم ذرائع کو بیان کیجیے۔

سوال نمبر 6۔ ہندوستان کی سیاسی اور معاشی تاریخ کو سمجھنے کے لیے کتباتی شہادتوں کی حد بندیوں کو پہچانیے۔

سوال نمبر 7۔ قدیم ہندوستانی مہاجنپدوں کی تین اہم خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر 8۔ کتبات سے ہمیں کیا معلومات فراہم ہوتی ہیں؟ کوئی تین نکات بیان کیجیے۔

سوال نمبر 9۔ اس دور میں رائج دیوبادشاہ (حکمراں) رواج کیا تھا؟ واضح کیجیے۔

سوال نمبر 10۔ موریہ عہد میں کاشت کی تین خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11۔ جیمس پرنسیپ کا ہندوستانی کتباتی علم کے بارے میں کیا تعاون ہے؟

سوال نمبر 12۔ ہندوستانی تاریخ میں سکوں کی کیا اہمیت ہے؟۔اس پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر 13۔ موریہ عہد کے نگر اور بیوپار کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

سوال نمبر 14۔ جنوبی ہندوستان میں ابھرے سرداریوں کے بارے میں کنہی تین عناصر کے بارے میں بتائیے۔

سوال نمبر 15۔ آپ کے مطابق قدیم ہندوستان میں موریہ سلطنت کس طرح اہم تھی؟۔

## طویل جواب والے سوالات (آٹھ نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ ہندوستانی تاریخ میں راجا اشوک کے تعاون پر تبصرہ کیجئے۔

سوال نمبر 2۔ موریہ حکومت کے انتظامیہ کی اہم خصوصیات کو بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3۔ موریہ سلطنت کی اقتصادی اور معاشی کامیابی پر اپنے خیال کا اظہار کیجئے۔

سوال نمبر 4۔ کتبے کیا ہوتے ہیں۔ تاریخ لکھنے میں ان کی اہمیت اور حدود پر اپنے خیال کا اظہار کیجئے۔

سوال نمبر 5۔ اس عہد کے دوران کے زراعت کے طریقوں میں کون کون سی تبدیلیاں پیدا ہوئیں؟

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

# چھوٹے گاؤں میں زندگی

ہرش چرت قنوج کے حکمراں ہرش وردھن کی سوانح ہے جو اس کے درباری شاعر بان بھٹ نے سنسکرت میں (ساتویں صدی عیسوی) مرتب کی تھی۔ نیچے اس کے متن سے ایک اقتباس دیا جا رہا ہے جو وندھیا پہاڑوں کے جنگل کے کنارے آباد ایک چھوٹی سی بستی کا بے حد نایاب منظر یا ترجمان ہے۔

قرب و جوار کے بیشتر علاقوں کے جنگل ہونے کی وجہ سے دھان کی زمینوں کے بہت سے قطعے اناج گاہنے کے ٹکڑے (کھلیان) اور قابل کاشت چھوٹے چھوٹے حصے، کسان جن کی الگ الگ حد بندی کر لیتے ہیں..... یہ بنیادی طور پر پھاوڑا کاشت تھی.... چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں بنی گھاس سے ڈھکی زمین میں ہل چلانے کی مشکل کے ساتھ بہت کم صاف قطعے ان کی کالی مٹی، ایسی سخت جیسے لوہا...

لوگ بھوسے کے گٹھر اٹھائے ادھر سے ادھر آتے جاتے..... چنے ہوئے پھولوں کے لاتعداد بورے... پٹ سن اور گانجے کے پودوں کے پولے، شہد کی مقداریں، مور کی دم کے پر، موم کے لچھے لکڑ اور گھاس لیے چلتے پھرتے گاؤں کی بیبیاں پڑوس کے گاؤں کی طرف جانے والے راستوں پر تیز تیز قدم بڑھاتی، دماغ صرف فروخت کے خیالات میں ڈوبے ہوئے اور سروں پر جنگل سے جمع کیے ہوئے طرح طرح کے پھلوں سے بھری ٹوکریاں سنبھالے ہوئے۔

## سوالات

1۔ ہرش چرت کے مصنف کون تھے؟ 1

2۔ گاؤں کے لوگ کیا کیا کام کرتے تھے؟ 2

3۔ ایسے دو کاموں کا تذکرہ کیجیے جو گاؤں کی خواتین کرتی تھیں۔ 2

2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

# پربھاوتی گپت اور ڈنگوں گاؤں

نیچے وہ متن ہے جو پربھاوتی نے اپنے کتبے میں بیان کیا ہے:

پربھاوتی گپتا.....گرام کٹمبنا س کی سردار (کنبے یا کسان جو گاؤں میں آباد ہیں) برہمنوں اور ڈنگوں گاؤں کے دوسرے لوگوں کو حکم دیتی ہے:

تم کو کو معلوم ہونا چاہیے کہ کارتک کے چاند کے روشن پکھواڑے کے بارہویں دن اپنے مذہبی شرف وفضیلت میں اضافہ کے لیے پانی انڈیلنے کے ساتھ ہم نے اس گاؤں کو آچاریہ (استاد) چنالس ومن کو عطیہ کردیا ہے۔ تم سب کو اس کے احکامات کی پابندی کرنی چاہیے.......

ہم اسے بطور بخشش مندرجہ ذیل مستثنات (مراعات) بھی عطا کرتے ہیں جو کسی اگرہار کے لیے عام ہیں.......یہ گاؤں فوجی اور پولس کے سپاہیوں کے داخلہ سے مستثنیٰ ہے۔ یہ گھاس مہیا کرنے کی ذمہ داری سے مستثنیٰ ہے، بیٹھنے کے لیے جانوروں کی کھالوں اور شاہی افسروں کے دورے پر کوئلے فراہم کرنے سے مستثنیٰ ہے۔ جوش مارتی ہوئی شراب کی خرید کے سلسلے میں شاہی خصوصی اختیار سے مستثنیٰ ہے۔ معدنی کانوں کے حقوق اور کھدیر اپیڑوں سے مستثنیٰ ہے، پھول اور دودھ کی فراہمی کی ذمہ داری سے بھی مستثنیٰ ہے۔ یہ عطا کیا جارہا ہے پوشیدہ خزانوں اور دفینوں کے حقوق کے ساتھ اور تمام بڑے چھوٹے ٹیکسوں کے استثنیٰ کے ساتھ۔ یہ منشور تیرہویں سال جلوس میں جاری کیا جارہا ہے۔ چکرداس نے اسے کندہ کیا ہے۔

## سوالات

1۔ اس کتبے کو کس نے لکھا ہے؟ 1

2۔ اگر بارکوزمین پر کیا کیا مراعات حاصل تھیں؟ 2

3۔ اس ماخذ کی اہمیت بیان کیجیے؟ 2

3۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

## بادشاہ کا اضطراب

جب بادشاہ دیونم پیا پیاداسی آٹھ برس سے حکومت کر رہا تھا تو کلنگ (کا ملک) (آج کا ساحلی اڑیسہ) اس نے فتح کیا۔

ایک سو پچاس ہزار شہر بدر کیے گیے۔ ایک سو ہزار قتل کر دیے گیے اور بہت سے مر گئے۔

اس کے بعد اب کہ جب کلنگ (کا ملک) لیا جا چکا دیونم پیا دھمہ کے گہرے مطالعے میں، دھمہ سے محبت میں اور لوگوں میں دھمہ کی ہدایت دینے میں منہمک ہے۔

کلنگ کے ملک کو فتح کر لینے کے سلسلے میں یہ دیونم پیا کا پچھتاوا ہے۔

یہ بات دیونم پیا کے خیال میں بڑی تکلیف دہ اور قابل مذمت ہے کہ جب کوئی شخص کسی غیر مفتوحہ (ملک) کو فتح کر رہا ہو (تو) قتل، موت اور لوگوں کی شہر بدری وہاں (واقع ہو)......

## سوالات

1۔ دیونم پیاداسی کسے کہا گیا ہے؟ 1

2۔ کتبات کی اہمیت اور حدود کا تذکرہ کیجیے۔ 2

3۔ بادشاہ اشوک پر کلنگ کی جنگ کا کیا اثر پڑا؟ 2


Kings, Farmers and Towns
(Distribution of inscriptions of Ashoka)
TOPRA
MEERUT
KAUSHAMBI
PATLIPUTRA
TOPRA
Map not to Scale
Copyright © 2020 www.mapsofindia.com




سوال۔ دیے گئے ہندوستان کے نقشے پر گرناک سویرا، وارستوں پارک وادی نشانات سے دکھایئے۔
اسی نقشے پر اشوک کے سکوں کتبوں سے متعلق کے مقامات کو A,B اور C سے کھایا گیا ہے۔ انہیں پہچان کر صحیح نام لکھئے۔


INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
INDIAN BOOK DEPOT (MAP HOUSE)


Theme - 2
Kings, Farmers and Towns
(Mahajanpadas and Ancient Towns)
Gandhara
Takshila
Shravasti
Kuru
Kaushal
Panchal
Vajji
Varanasi
Magadh
Rajgir
Map not to Scale
Copyright © 2020 www.mapsofindia.com




سوال۔ ہندوستان کے سیاسی نقشے پر متھرا، کنوج اور پاٹلی پتر کو دکھایئے۔
اسی نقشے پر A،B اور C کو ان قدیم ریاستوں کو الگ خاندانوں کو دکھایا گیا ہے۔ ان کی پہچان کر کے لائن پر صحیح نام لکھئے۔

# موضوع۔ تین

# قرابت، ذات اور طبقات: ابتدائی سماج

## (تقریباً 600 قبل مسیح سے 600 عیسوی تک)

## یاد رکھنے لائق نکات:

1۔ ہم عصر سماج کو سمجھنے کے لیے مورخین عام طور پر تحریروں یا متنوں کی روایات کا استعمال کرتے ہیں۔

2۔ بدھ مت کے پیروکاروں نے تسلیم کیا کہ معاشرے میں تفرق یا اختلافات موجود تھے مگر وہ انھیں فطری یا بے لوچ نہیں مانتے۔ وہ پیدائش پر مبنی حیثیت یا درجے کے تصور کو بھی مسترد کرتے ہیں۔

3۔ نئے شہروں کے ابھرنے سے سماجی زندگی زیادہ دشوار ہوگئی۔ شہری تناظر میں نظریات کا بھی لین دین ہوتا تھا ممکن ہے اس وجہ سے اس طرح کے برتاؤ پر سوالیہ نشان لگائے گئے ہوں۔

4۔ مہابھارت کی اصل کہانی کے تخلیق کار ممکن ہے: بھاٹ سارتھی تھے جنھیں سوت کہا جاتا تھا۔ یہ چھتریہ بہادروں کے ساتھ میدان جنگ میں جاتے تھے۔ جنھوں نے شری گنیش کو یہ گرنتھ تحریر کروایا۔

5۔ نئے شہروں کے وجود میں آنے سے سماجی زندگی اور زیادہ پیچیدہ ہوگئی۔ اس چیلنج کا جواب برہموں نے سماجی رویے کے ضابطوں کی فہرست تیار کر کے دی جیسے دھرم سوتر، دھرم شاستر (منوسمرتی) وغیرہ۔

6۔ دھرم سوتروں اور دھرم شاستروں میں چاروں ورنوں کے لیے مثالی ذمہ داریوں کے سلسلے میں قواعد وضوابط بتائے گئے ہیں۔

(i) برہمن — مطالعہ، ویدوں کی تعلیم، یگیہ کرنا اور کروانا، ہدیہ دینا اور لینا۔

(ii) چھتریہ — یگیہ کرنا، لوگوں کی حفاظت کرنا، انصاف کرنا، وید پڑھنا، یگیہ کروانا، ہدیہ وغیرہ دینا

(iii) ویشہ — وید پڑھنا، یگیہ کروانا، عطیات دینا، زراعت، مویشی پالن اور تجارت کرنا

(iv) شودر — تینوں اعلیٰ طبقات کی خدمت کرنا

7۔ برہمنی طریقوں میں لوگوں کی گوتروں میں درجہ بندی کی گئی۔ ہر ایک گوتر کا نام کسی ویدانتی روشن ضمیر شخص پر رکھا گیا تھا۔

8۔ دھرم سوتروں یا دھرم شاستروں میں چار درجوں (یا ورنوں) کے لیے مثالی پیشوں کے سلسلے میں قواعد وضوابط بھی رکھے گئے تھے۔

9۔ گوتروں کے دو اہم اصول تھے۔ شادی کے بعد عورتوں کو باپ کی جگہ شوہر کے گوتر کا مانا جاتا اور ایک ہی گوتر کے ممبران آپس میں شادی نہیں کر سکتے تھے۔

10۔ لفظ ''جاتی'' اس دور کی سماجی پیچیدگیوں کو ظاہر کرتا ہے۔ برہمنی نظریہ کے مطابق ورن کی طرح جاتی کی بنیاد بھی پیدائش ہی تھی لیکن ان کی تعداد مقرر نہیں تھی۔ دھرم شاستر اور دھرم سوتر شادی کی آٹھ اقسام کو اپنی منظوری دیتے تھے۔ ان میں سے پہلے چار اعلیٰ مانے جاتے تھے اور باقی چار کو نہیں مانا جاتا تھا۔

11۔ برصغیر کی مختلف النوع کیفیت کے ہوتے ہوئے ایسی آبادیاں موجود تھیں، اور ہمیشہ ان کا وجود رہا ہے جن کے سماجی عمل برہمنی تصورات سے متاثر نہیں تھے۔

12۔ برہموں نے سماج کے کچھ طبقوں کو اچھوت بتا کر (جیسے چنڈال) سماجی تقسیم میں مزید تیکھا پن رہا۔

13۔ 'منوسمرتی' میں چنڈالوں کے فرائض کا تعین کیا ہے۔

14۔ منواسمرتی کے مطابق پشتینی جائیداد کو والدین کی وفات کے بعد سبھی بیٹوں میں تقسیم کیا جانا چاہیے لیکن سب سے بڑے بیٹے کو خاص حصہ کا حق حاصل تھا۔

15۔ عورتیں باپ کی جائیداد (ان کے مرنے کے بعد) میں کسی حصہ کا دعویٰ نہیں کر سکتی تھیں لیکن انھیں ان تحائف یا دولت کو رکھنے کا حق تھا جو انھیں شادی کے وقت ملتے تھے جسے استری دھن کہا جاتا تھا۔

16۔ مورخین کسی تحریر یا متن کا مطالعہ یا جائزہ لیتے وقت کئی عناصر ذہن میں رکھتے ہیں۔ جیسے متن کی زبان، اقسام، متوقع سامعین، متن کے مصنف وغیرہ۔

17۔ برہمنی قوانین کے مطابق 'ورن' کی طرح 'جاتی' بھی پیدائش کی بنیاد پر تھی لیکن ورن جہاں صرف چار تھے وہاں جاتیوں کی کوئی تعداد مقرر نہیں تھی چنانچہ جہاں کہیں بھی برہمنی نظام کا نئے فرقے سے آمنا سامنا ہوا تو 'نشاد' سورن کار انھیں چار ورنوں والے نظام میں شامل کرنا ممکن نہیں تھا۔ ان کی جاتی کے تحت درجہ بندی کر دی جاتی تھی۔

18۔ برہمنی وان نظام کی تنقید ابتدائی بودھ مذہب میں شروع ہوئی۔ بودھ مذہب نے سماجی اونچ نیچ کی موجودگی کو مانا لیکن یہ بھید

نہ تو قدرتی تھا اور نہ ہی مستقل ۔بودھ نے پیدا ہونے کی بنا کر سماجی اقلیت کو منظور نہیں کیا۔

19۔ نئے شہروں کے ارتقا سے سماجی زندگی بہت مشکل تھی ۔شہروں میں نظریات کا بھی لین دین ہوتا تھا۔اسی وجہ سے پرانی طور طریقہ پر سوال اٹھنے لگے۔

20۔ عورتیں خاندانی جائداد میں مانگ نہیں کر سکتی تھیں ۔لیکن انہیں استری دھن پر پورا حق ہوتا تھا۔

21۔ مورخین کسی گرنتھ کا مطالعہ کرتے وقت کئی پہلوؤں کو ذہن میں رکھتے ہیں جیسے متن کی زبان ،اقسام ،متوقع سامعین متن کے مصنف اور اس میں کیا لکھا گیا ہے۔

22۔ مہابھارت کو ایک متحرک متن ہے کیوں کہ صدیوں سے اس میں کئی مصنف الگ الگ زبانوں میں لکھے گئے ہیں ۔اس متن میں بت تراشی ،مصوری ،نرتیہ کلا اور ڈراموں کے لئے سامان پیدا کیا۔

23۔ سنسکرت گرنتھوں میں کُل لفظ کا استعمال خاندان کے لئے اور جاتی کا برادری کے لئے کیا جاتا تھا۔

24۔ مادری نسبت لفظ کا استعمال ہم تب کرتے ہیں جب نسب ماں سے جڑا ہوتا ہے۔

25۔ عارضی زوجیت میں شادی آپسی گروہ میں ہوتے تھے ۔جیسے گوتر کُل جاتی ایک ہی جن ہوتا تھا۔

26۔ ابتدائی اپنشدوں میں سے ایک برہدارنیک اپنشد میں کئی لوگوں کو ان کی ماؤں کے ناموں سے پکارا گیا ہے۔

27۔ شاستروں کے مطابق صرف چھتریہ ہی راجا ہو سکتے ہیں لیکن کئی اہم شاہی خاندانوں کی ارتقا دوسرے ورنوں سے ہوتی ہے۔

28۔ سنسکرت کے گرنتھ اور کتبوں میں تاجروں کے لئے ونک لفظ کا استعمال کیا گیا ہے۔

29۔ خانہ بدوش مویشی پالنے والوں کو شک کی نظر سے دیکھا جاتا تھا اور جن لوگوں کی زبان غیر سنسکرت تھی انہیں ملیچھ کہہ کر گری ہوئی نظر سے دیکھا جاتا تھا۔

30۔ مورخ مہابھارت کو دو متنوں میں خطبات اور تعلیم (نصیحت) میں رکھتے ہیں ۔خطبات میں کہانیاں ہیں اور تنبیہ یا نصیحتوں میں رہن سہن کے نظریات کو دکھایا گیا ہے۔

## مختصر ترین سوالات (ایک نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ مہابھارت کی اصل کہانی کا تعلق کس سے ہے؟

سوال نمبر 2۔ دھرم سوتر اور دھرم شاستر کیا تھے؟

سوال نمبر 3۔ منواسمرتی کیا تھی اس کی تدوین کب ہوئی؟

سوال نمبر 4۔ پدر نسبیت اور مادر نسبیت الفاظ کا فرق واضح کیجیے۔

سوال نمبر 5۔ خارجی زوجیت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6۔ ورن اور جاتی میں کیا فرق تھا؟

سوال نمبر 7۔ "برہمنی نظریہ" کے مطابق گوتر سے متعلق کوئی دو اصول لکھیے۔

سوال نمبر 8۔ دھرم شاستروں کے مطابق 'استری دھن' کسے کہا گیا؟

سوال نمبر 9۔ مہابھارت کے حقیقی مصنف تھے.........

سوال نمبر 10۔ ماتر نام کی مثال اپنشو میں ملتی ہے۔

## Object Type Questions

سوال نمبر 11۔ ورن نظام میں کل........ ورن تھے۔

(الف) تین (ب) چار

(ج) پانچ (د) چھ

سوال نمبر 12۔ منوسمرتی میں لکھا گیا تھا

(الف) 500 قبل مسیح سے 500 عیسوی تک

(ب) 300 ق م سے 300 عیسوی تک

(ج) 400 ق م سے 400 عیسوی تک

(د) 200 ق م سے 200 عیسوی تک

سوال نمبر 13۔ ونک لفظ کا استعمال.......... ہوا تھا

(الف) کاریگروں کے لئے (ب) کسانوں کے لئے

(ج) تاجروں کے لئے (د) سپاہیوں کے لئے

سوال نمبر 14۔ صحیح جوڑے بنایئے

| کالم I | | کالم II | |
|---|---|---|---|
| (i) | رامائن | (A) | بودھ گرنتھ |
| (ii) | مہابھارت | (B) | والمیکی |
| (iii) | اشٹ دھیائے | (C) | ویدویاس |
| (iv) | تری پٹک | (D) | دھرم شاستر |
| (v) | منوسمرتی | (E) | پانینی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) | B–(i) | C–(ii) | E–(iii) | A–(iv) | D–(v) |
| | B–(i) | E–(ii) | C–(iii) | A–(iv) | D–(v) |
| | B–(i) | E–(ii) | C–(iii) | D–(iv) | E–(v) |
| | C–(i) | B–(ii) | A–(iii) | D–(iv) | E–(v) |

سوال نمبر 15۔ ترتیب دکھایئے

I۔ 500 سے 200 ق م اہم دھرم سوتر

II۔ 300 عیسوی بھرت مونی کا نٹیہ شاستر

III۔ 500 قبل عیسوی سنسکرت گرامر اشٹ دھیائے

IV۔ 300 سے 600 عیسوی دوسرے دھرم شاستر

مندرجہ ذیل میں سے صحیح ترتیب ہے

(الف) III،II،I،IV (ب) II،IV،III،I

(ج) I،II،III،IV (د) III،I،II،IV

سوال نمبر 16۔ صحیح ترتیب کا انتخاب کیجئے

I۔ فلکیات اور علم ریاضی پر آریہ بھٹ کا کیا کام تھا۔

II۔ مہابھارت کا اہم عصری تنقیدی ایڈیشن

III۔ چرک کے گرنتھ

IV۔ شری پٹک گرنتھ

مندرجہ ذیل میں صحیح ترتیب چنئے:

(الف) IV،II،III،I (ب) IV،III،I،II

(ج) IV،III،II،I (د) I،II،III،IV

سوال نمبر 17۔ میرٹھ کے ہشناپور میں کھدائی کب شروع کی گئی؟۔

(الف) 1942 سے 1942 (ب) 1951 سے 1952

(ج) 1961 سے 1962 (د) 1971 سے 1972

سوال نمبر 18۔ آخیان سے کیا مراد ہے؟

(الف) کہانیوں کا مجموعہ (ب) نظموں کا مجموعہ

(ج) غزلوں کا مجموعہ (د) لوک گیتوں کا مجموعہ

سوال نمبر 19۔ بودھ مذہب کے پاکیزہ گرنتھ ہیں

(الف) اپنشد (ب) دھرم شاستر

(ج) پوران (د) تری پٹک

سوال نمبر 20۔ چرک اور سوشرت سمہتا کا تعلق ہے

(الف) سائنس سے (ب) ریاضی سے

(ج) آریہ وید سے (د) پاک شاستر سے

سوال نمبر 21۔ اس تصویر کو غور سے دیکھئے اور بتایئے کہ اس میں کس واقعہ کو تصویر کے ذریعے دکھایا گیا ہے۔



# معروضی سوالات

1۔ مہابھارت کا اہم عصری تنقیدی ایڈیشن تیار کیا گیا۔

1۔ بی۔بی۔لعل کے ذریعے　　2۔ جان مارشل کے ذریعے

3۔ مہارشی ویدویاس کے ذریعے　　4۔ وی۔ایس سکاتھنکر کے ذریعے

2۔ چنڈالوں کے فرائض کی فہرست ملتی ہے۔

1۔ منوسمرتی میں　　2۔ رامائن میں

3۔ مہابھارت میں　　4۔ رگ وید میں

3۔ مندرجہ ذیل میں کون جوڑا صحیح ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ پانینی کی اشٹ دھیائی | a | 500ق۔م |
| 2۔ برج سہتا کی تالیف | b | 100عیسوی |
| 3۔ بھرت منی کا ڈرامہ شاستر | c | 300 عیسوی |
| 4۔ منوسمرتی کی تالیف | d | 1919 |

4۔ 600ق۔م سے 600عیسوی کے درمیان ذات پر مبنی اصولوں کی پابندی کرنے والے کے لیے برہمنوں نے مندرجہ ذیل میں سے کس پالیسی کو اپنایا۔

الف: یہ بتایا گیا کہ ورن نظام ایک الہٰی نظام ہے۔

ب: برہمنوں نے لوگوں کو یہ یقین دلایا کہ ان کی حیثیت/ ذات پیدائش کی بنیاد پر ہے۔

ج: برہمن حکمرانوں کو یہ صلاح دیتے تھے کہ وہ ورن نظام کو اپنی ریاستوں میں نافذ کریں۔

د: مندرجہ بالا سبھی۔

5۔ گوتر سے تعلق کی بنیاد پر ذیل میں دیے گئے بیانوں پر غور کیجیے۔

الف: ہر ایک گوتر ایک ویدک رشی کے نام پر ہوتا تھا۔

ب: شادی کے بعد شوہر کو اپنی زوجہ (بیوی) کا گوتر اپنانا پڑتا تھا۔

ج: ایک ہی گوتر کے لوگ آپس میں شادی نہیں کر سکتے تھے۔

صحیح آپشن کو منتخب کریں۔

1۔ 1، 2 اور 3 درست ہیں 2۔ 1 اور 2 درست ہیں

3۔ 1 اور 3 درست ہیں 4۔ 1، 2 اور 3 درست نہیں ہیں

6۔ مادر نسبت کا رواج تھا۔

1۔ موریہ خاندان میں 2۔ ستواہن خاندان میں

3۔ گپت خاندان میں 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

7۔ ذیل میں دو بیان دیے گئے ہیں۔ جس میں بیان (A) اور دوسرا سبب (R) کے طور پر دکھایا گیا ہے۔ صحیح جواب منتخب کیجئے۔

بیان (A) عورت کی ملکیت (استری دھن) اولاد وراثت کے روپ میں حاصل کر سکتی تھیں۔

سبب (R) شادی میں ملے تحائف پر خواتین کی ملکیت مانا جاتا تھا۔

الف: A بیان R دونوں صحیح ہیں بیان A، R کا صحیح خلاصہ کرتا ہے۔

ب: A بیان R دونوں صحیح ہیں پر بیان A، R کا صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

ج: A صحیح پر R غلط ہے۔

د: A غلط لیکن R صحیح ہے۔

8۔ بیان کو درست کر کے از سر نو لکھیے۔

''مہابھارت کی جنگ میں کورو فاتح ہوئے''۔

9۔ مہابھارت گرنتھ ایک متحرک گرنتھ ہے۔ اس تعلق سے ذیل میں دیے گئے کون سا بیان درست نہیں ہے۔

الف: اس مہابھارت کے ترجمے مختلف زبانوں میں ہوئے ہیں۔

ب: اس مہابھارت کی اصل قصہ کی مختلف دوبارہ تشریحات کی گئی ہیں۔

ج: مہابھارت کا مختلف زبانوں میں ترجمہ نہیں کیا گیا۔

10۔ پیدائش کی بنیاد پر سماجی رتبہ کو نا قابل سمجھا۔

1۔ برہمنوں نے　　2۔ چھتریوں نے

3۔ راجاؤں نے　　4۔ بودھوں نے

# اقتباس پر منحصر سوالات

## ایک الٰهی نظام

### ایک حکم الٰہی؟

اپنے دعووں کے جواز کے لیے برہمن عام طور پر رگ وید کی مناجات کے ایک اشلوک کو پیش کرتے تھے جسے پرش سوکت کے نام سے جانا جاتا ہے اور اس میں ابتدائی انسانی پرش کی قربانی کو بیان کیا گیا ہے۔ کائنات کے تمام عناصر بشمول یہ چار سماجی درجے، اسی کے جسم سے صادر ہونا مانا گیا ہے۔

1۔ ایک الٰہی نظام پر منحصر اس پیراگراف کو غور سے پڑھئے اور نیچے لکھے سوالوں کا جواب دیجئے۔

A۔ ورن نظام کا ذکر کس گرنتھ میں کیا گیا ہے؟

(الف) رگ وید　　(ب) سام وید

(ج) اتھروید　　(د) یجروید

B۔ ورن نظام میں برہمن کے............ کام بنائے گئے ہیں۔

(الف) یگ کرنا اور کروانا　　(ب) جنگ کرنا

(ج) کھیتی کرنا　　(د) تینوں طبقوں کی خدمت کرنا

C۔ آدی پرش کے پیروں سے جس کی پیدائش مانی جاتی ہے وہ ہے۔

(الف) چھتریہ　　(ب) برہمن

(ج) شودر (د) ان میں سے کوئی نہیں

D۔ نیچے دو بیان دیئے گئے ہیں جن میں ایک بیان A اور دوسرا سبب R دیا گیا ہے۔

بیان A۔ برہموں نے لوگوں کو یہ یقین دلانے کی کوشش کی کہ ان کا وقار پیدائش پر منحصر ہے۔

سبب R۔ برہموں کا یہ ماننا تھا کہ یہ نظام جس میں انہیں پہلا درجہ حاصل ہے ایک الٰہی نظام ہے۔

(الف) صرف بیان A ہی صحیح ہے۔

(ب) صرف سبب R ہی صحیح ہے۔

(ج) A اور R دونوں صحیح ہیں لیکن R، A کا صحیح خلاصہ نہیں کرتا۔

(د) A اور R دونوں صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ بھی کرتا ہے۔

یہ تصویر مہابھارت کی ایک تصویر ہے اس کو غور سے دیکھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب دیجئے۔



A۔ مہابھارت کا اہم عصری تنقید سے مجموعہ تیار کیا گیا تھا۔

(الف) 1917 میں (ب) 1918 میں

(ج) 1919 میں (د) 1920 میں

B۔ مہابھارت کے حقیقی کہانی کے مصنف ہیں۔

(ا) VS سکھنکر (ب) بھٹیا سارتھی

(ج) گنیش (د) ویدویاس

C۔ مہابھارت کے بارے میں نیچے دیئے بیان کو غور سے پڑھیئے اور اس کا صحیح جواب دیجئے۔

I۔ اس گرنتھ کی تصنیف 1000 سال تک ہوتی رہی

II۔ یہ دو خاندانوں کے بیچ کی جنگ کو دکھاتا ہے۔

III۔ اس گرنتھ کے سبھی اہم کردار سماجی روایت کا بخوبی ہمیشہ نبھا لیتی ہیں

(الف) صرف I ہی صحیح ہے

(ب) صرف I، II ہی صحیح ہے

(ج) صرف II اور III صحیح ہے

(د) صرف II اور I صحیح ہے

D۔ نیچے دو بیان دیئے گئے ہیں جن میں ایک بیان A اور دوسرا سبب R ہے۔

بیان A: مہابھارت کے اہم عصر تنقید کے مجموعہ کے بعد یہ پایا گیا کہ اس دور میں کئی علاقائی تبدیلیاں سامنے آئیں۔

سبب R: یہ تبدیلیاں ان گہری قصے کہانیوں کے شواہد ہیں جنہوں نے ایک طاقتور روایتوں اور مقامی نظریات اور کردار کے بیچ گفتگو قائم کر کے سماجی تاریخ کو ایک شکل دی۔ یہ گفتگو دونداور تک کو ہی دکھایا ہے۔

(الف) صرف بیان A ہی صحیح ہے

(ب) صرف سبب R ہی صحیح ہے

(ج) بیان A اور R دونوں صحیح ہیں اور سبب R بیان A کا صحیح خلاصہ کرتا ہے۔

(د) نہ تو بیان A صحیح ہے اور نہ ہی سبب R صحیح ہے۔

## مختصر جواب والے سوالات (3 نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ 600 ق م سے 600 عیسوی کے دوران سماجی زندگی کس طرح اور زیادہ پیچیدہ ہو گئی؟ اس چیلنج کو برہموں نے کس طرح سنبھالا؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 2۔ ''مہابھارت کوتنقیدی ایڈیشن کی ترتیب وتدوین کے منصوبے کی شروعات مانا گیا'' اس بیان کی وضاحت کیجیے

سوال نمبر 3۔ برہمنی رواج کے تحت عورتوں کا گوتر کس طرح مقرر ہوتا تھا؟

سوال نمبر 4۔ ابتدائی سماج میں نئے شہروں کے عروج نے سماجی زندگی کو کس طرح مشکل بنادیا؟

سوال نمبر 5۔ سماجی تاریخ کی ترتیب وتدوین میں مثالی سنسکرت متون (گرنتھوں) کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 6۔ مندسور کتبے سے سماجی طرز عمل کی پیچیدگیوں کی جھلک کس طرح ملتی ہے؟

سوال نمبر 7۔ منوسمرتی میں مذکور چنڈالوں کے فرائض کا تذکرہ کیجیے۔

سوال نمبر 8۔ مہابھارت کے عہد کا معاشرہ Male domination تھا سمجھائیے۔

سوال نمبر 9۔ مہابھارت کے بارے میں مشہور مورخ مورس ونٹر نکس کی کیا رائے تھی؟ خلاصہ کیجئے۔

سوال نمبر 10۔ مہابھارت کے اصل اور روایتی مصنف کون تھے؟ تبصرہ کیجئے۔

سوال نمبر 11۔ مہابھارت کے عہد کے معاشرے میں شادی سے متعلق کوئی تین قوانین بتائیے۔

سوال نمبر 12۔ مہابھارت کے عہد کے ذاتی نظام کی تین خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13۔ کیا مہابھارت کے وقت عورت اور مرد جائیداد میں برابر حقوق رکھتے ہیں؟ واضح کیجئے

سوال نمبر 14۔ آپ یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ مہابھارت ایک متحرک گرنتھ ہے اور اپنے جواب کی حمایت میں کوئی تین جوابات لکھئے۔

سوال نمبر 15۔ مہابھارت کے دور کی ورن نظام کی کوئی تین خصوصیات لکھئے۔

## طویل جواب والے سوالات (آٹھ نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ مہابھارت کے عہد میں عورتوں اور مردوں کے ضمن میں 'جائیداد کے حق' (ملکیت تک پہنچ) سے کیا مراد تھی؟

سوال نمبر 2۔ کیا مہابھارت کسی ایک مصنف کی تصنیف ہوسکتی ہے؟ بحث کیجیے۔

سوال نمبر 3۔ اس شہادت پر بحث کیجیے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ قرابت داری اور شادی کے سلسلے میں برہمنوں کے بتائے طریقے ہمہ گیر سطح پر نہیں اپنائے جاتے تھے؟ مہابھارت کو ایک متحرک گرنتھ کیوں کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 4۔ مہابھارت کے عہد میں ہندوستانی سماجی زندگی کی اہم خصوصیات پر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر 5۔ ہندوستان کے مشہور گرنتھ مہابھارت کی حقیقی خصوصیات پر روشنی ڈالیئے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیےاور دیے گئے سوالات کے جواب دیجیے۔

## مرد اور عورتیں دولت کس طرح حاصل کر سکتے تھے؟

منوسمرتی میں بتایا گیا ہے کہ مردوں کے لیے دولت حاصل کرنے کے سات ذریعے ہیں: وراثت، خزانہ پالینا، خریدنا، فتح، سرمایہ کاری، کام اور اچھے لوگوں سے تحفے حاصل کرنا۔

عورتوں کے لیے دولت حاصل کرنے کے چھ ذریعے ہیں۔ جو کچھ آگ کے سامنے دیا گیا ہو: (شادی) یا بارات کے جلو میں ہیں، یا شفقت و محبت کی علامت کے طور پر دیا گیا ہو، اور جو کچھ اسے اپنے بھائی، ماں باپ سے ملے۔ وہ شادی کے بعد بھی دیئے گئے کسی تحفے سے دولت حاصل کر سکتی ہے یا جو اس کا محبت کرنے والا شوہر اسے دے دے۔

## سوالات

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | منوسمرتی کے مطابق، مرد کس طرح دولت حاصل کر سکتے تھے؟ تبصرہ کیجیے۔ | 1 |
| 2۔ | عورتوں کے ذریعہ کس طرح دولت حاصل کی جا سکتی تھی؟ واضح کیجیے۔ | 2 |
| 3۔ | کیا آپ دولت حاصل کرنے کے طریقوں میں تقسیم سے متفق ہیں یا نہیں؟ کوئی دو وجہ بتایئے | 3 |

# ایک ماں کا مشورہ

مہابھارت میں بیان کیا گیا ہے کہ جب کوروؤں اور پانڈوؤں میں جنگ ناگزیر ہوگئی تو گندھاری نے اپنے سب سے بڑے لڑکے دریودھن سے یہ اپیل کی:

مجھے امن برقرار رکھ کر تم اپنے باپ اور مجھے عزت دو گے اور ساتھ ہی اپنے خیر خواہوں کو بھی...... وہ شخص جو اپنے حواس پر قابو رکھ کر اپنی سلطنت کی حفاظت کرتا ہے وہ دانشمند ہے۔ لالچ اور غصہ انسان کو اپنے مفاد سے دور کھینچ لیتے ہیں: ان دو دشمنوں کو شکست دے کر کوئی بادشاہ زمین کو فتح کر لیتا ہے...... تم خوشبو کے ساتھ زمین سے فائدہ اٹھاؤ گے، میرے بیٹے، سمجھدار اور دلیر پانڈوؤں کے ساتھ...... جنگ میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔ کوئی قانون (دھرم) یا فائدہ (ارتھ) نہیں، خوشی تو کیا چیز ہے؛ اور پھر آخر میں فتح ہی (لازمی) نتیجہ نہیں۔ اپنے دماغ کو جنگ پر نہ جماؤ......

دریودھن نے اپنی ماں کی بات نہیں مانی لڑا اور جنگ ہارا۔

## سوالات

1۔ گندھاری نے دریودھن سے کیا اپیل کی؟ مختصراً بتایئے۔ 1

2۔ کیا آپ گندھاری کے ذریعے دریودھن کو دیئے گئے مشورے سے متفق ہیں؟ اپنے جواب کی حمایت میں دو دلائل دیجیے۔ 2

3۔ دریودھن نے اپنی ماں کے مشورے کو کیوں نہیں مانا؟ اس سے آپ کو مہابھارت کے دور میں عورتوں کی حالت کے بارے میں کیا پتہ چلتا ہے؟ 3

# موضوع۔ چار
# مفکر، عقائد اور عمارتیں
## (تقریباً 600 قبل مسیح سے 600 عیسوی تک)

## یاد رکھنے لائق نکات

1۔ عظیم مفکرین یا فلسفیوں کے تصورات زبانی اور تحریری روایتوں کی شکل میں اکٹھے ہوئے اور فن تعمیر و بت تراشی کے ذریعہ ظاہر ہوئے۔

2۔ سانچی کا استوپ بدھ مت کے خیالات اور عقائد کو جاننے کا اہم ذریعہ ہے۔

3۔ انیسویں صدی میں انگریزوں اور فرانسیسیوں نے سانچی کے استوپ میں خاص دلچسپی دکھائی۔

4۔ ابتدا میں استوپ ایک ٹیلے کی شکل میں ہوتے تھے۔ یہ مقدس بودھ مقام ہے۔ یہاں صحن کے درمیان ایک چبوترے پر بدھ سے متعلق باقیات کو کلش میں ڈال کر دفن کر دیا جاتا ہے۔

5۔ سانچی کے استوپ کے تحفظ میں بھوپال کی بیگمات شاہجہاں بیگم اور سلطان جہاں بیگم کا بہت اہم تعاون رہا ہے۔

6۔ شاہجہاں بیگم نے یوروپین کو صرف استوپ کے مخصوص دروازے کے پلاسٹر کا نمونہ ہی لے جانے دیا۔ سلطان جہاں نے رکھ رکھاؤ کے لیے رقم دی۔ عجائب گھر اور مسافر خانہ بنوایا۔

7۔ قبل مسیح دور کے پہلے ہزارے میں زندگی کے رازوں کو سمجھنے کے لئے زرتشت، کونگ زی، سقراط، افلاطون، ارسطو، مہاویر، بدھ وغیرہ مفکرین ابھر کر سامنے آئے۔

8۔ ابتدائی ویدک روایتوں میں رگ وید میں آگ اندر وغیرہ کئی دیوتاؤں کی تعریفی مناجاتیں موجود ہیں اور یگیہ (قربانی) کی خاص اہمیت ہے۔

9۔ بدھ اور مہاویر جیسے مفکروں نے ویدوں پر سوال اٹھائے اور زندگی کا مطلب اور دوسرا جنم جیسی باتوں کے بارے میں جاننے کی کوشش کی۔

10۔ بدھ کی تعلیمات کا مجموعہ ''تری پٹک'' میں موجود ہے۔

11۔ جین مت کے بانی مہاویر جین نے خیال پیش کیا کہ پوری دنیا جاندار ہے۔انھوں نے اہنسا (عدم تشدد) کے اصول کو اپنایا اور آخری مقصد نجات پانا بتایا۔

12۔ جین مت کے پانچ اصول اہم ہیں۔سچائی، اہنسا، چوری نہ کرنا، جھوٹ نہ بولنا اور برہم چریہ زندگی۔

13۔ جین علما نے پراکرت، سنسکرت، تمل، زبانوں میں ادب کا بڑا خزانہ پیدا کر دیا۔

14۔ بدھ کی تعلیمات سینکڑوں سالوں کے دوران پورے برصغیر میں اور اس کے بعد وسطی ایشیا ہوتے ہوئے چین، کوریا، جاپان اور سری لنکا سے ہوتے ہوئے سمندر پار میانمار، تھائی لینڈ اور انڈونیشیا تک پھیلیں۔

15۔ بدھ کے شاگردوں کی جماعت نے سنگھ کا قیام کیا۔ بدھ کے پیروکار کئی سماجی طبقات سے لیکن سنگھ میں شامل ہونے پر سب برابر۔

16۔ بدھ کی منھ بولی ماں مہاپرجاپتی گوتمی سنگھ میں شامل ہونے والی پہلی راہبہ تھی۔ایسی خواتین جو سنگھ میں شامل ہوئیں وہ دھمہ کی مبلغ بنیں۔

17۔ بدھ سنگھ میں شامل ہونے پر سبھی کو برابر مانا جاتا تھا کیونکہ بھکشو اور بھکشنی بننے پر انھیں اپنی پرانی پہچان کو ختم کرنا پڑتا تھا۔

18۔ بدھ مذہب میں 'نروان' کے معنی ہیں 'میں' اوت خواہشات کا خاتمہ ہونا۔

19۔ ابتدائی مجسمہ سازوں نے بدھ کو انسان کی شکل میں نہ دکھا کر ان کی موجودگی علامتوں کے ذریعے ظاہر کرنے کی کوشش کی۔

20۔ شال بھنجیکا کی مورتی میں اس بات کو واضح کرتی ہے کہ جو لوگ بدھ مذہب کو اختیار کریں وہ بدھ سے پہلے اور بدھ سے بعد کے عقائد اور رسومات سے بدھ مذہب کو مضبوط کریں۔

21۔ ویشنو مذہب، ہندو مذہب کا وہ رواج تھا جس میں وشنو کو سب سے اہم دیوتا مانا جاتا تھا۔وشنو واد میں وشنو کے کئی اوتاروں کے آس پاس عبادت کے کئی طریقے اپنائے گئے۔اس رواج کے مطابق وشنو کے تقریباً دس اوتار تھے۔

22۔ شیو رواج میں شیو کو سب سے اعلیٰ دیوتا مانا گیا۔

23۔ خواتین اور شودر ویدک تہذیب پڑھنے سننے سے محروم تھے جبکہ وہ پورانوں کو سن سکتے تھے۔

24۔ رگ وید، اگنی، اندر، سوم ایسے کئی دیوتاؤں کی استوتی کا مجموعہ ہے۔ یگ کے وقت ان شلوکوں کو پڑھا جاتا تھا اور لوگ مویشی، بیٹے اور صحت کے ساتھ لمبی عمر کی دعا کرتے تھے۔

25۔ ہم عصری بودھ کتابوں میں ہمیں 64 مسلکوں کا ذکر ملتا ہے۔اس میں ہمیں وہاں کے رہن سہن اور تنازع کی ایک جھلک ملتی ہے۔

26۔ ست پٹک مہاتما بدھ کی تعلیمات کا مجموعہ ہے۔

27۔ ابھی دھم پٹک درشن شاستر (فلاسفی) سے جڑے مضمون کا مجموعہ ہے۔

28۔ سنت چرتر کسی سنت یا مذہبی رہنما کی سوانح عمری ہے۔اس میں سنت کی کارکردگیوں کی تعریف کی جاتی ہے۔

29۔ بودھ مذہب میں عبادت کی نئی روایت کو مہایان کہا جاتا ہے۔یہ لوگ دوسرے بودھ عقائد کے لوگوں کو ہینیان کہتے تھے۔ لیکن قدیمی روایات کے ماننے والے اپنے آپ کو تھیرووادی کہتے تھے۔

30۔ ونے پٹک میں مہاتما بدھ کی کہانیوں کا ذکر ہے۔

# مختصرترین سوالات نمبر 1

1۔ استوپ کی ایک خوبی بیان کیجئے۔

2۔ قدیم ہندوستان میں کن دو مذاہب کا عروج ہوا؟

3 چھٹی صدی قبل مسیح میں ہندوستان میں جین اور بودھ مذہب کے عروج کے دو اسباب بتائیے۔

4۔ تری پٹک کیا ہے؟ ان کی تعداد کتنی ہے؟

5۔ قسمت پسند اور معدیت پسند لوگوں کی خصوصیات بیان کیجئے۔

6۔ چلیہ سے آپ کی کیا مراد ہے؟

7۔ وہار کسے کہتے ہیں؟

8۔ استوپ سے کیا مراد ہے؟

9۔ جیمس فارگوسن کس طرح سانچی کو سمجھنے میں بھول کر گئے؟

10۔ مدھیہ پردیش میں بھوپال کے نزدیک مشہور............ کا استوپ ہے۔

## Objective Type Questions

11۔ عیسوی سن کی پہلی صدی کے بعد بودھ مذہب تقسیم ہو گیا۔

(الف) الوار اور نینار میں (ب) ہین یان اور مہایان میں

(ج) مہایان اور بحریان میں (د) ہین یان اور مہایان میں

12۔ تری پٹک کے لفظی معنی ہیں

(الف) چار ٹوکریاں (ب) تین بچے

(ج) تین ٹوکریاں (د) تین پھول

13۔ بدھ چرتر کے مصنف تھے

(الف) گوتم بدھ (ب) اشوگوش

(ج) مہاویر (د) یاسوناتھ

14۔ بدھ کی تعلیم شامل ہیں

(الف) سوت پٹک میں (ب) ونے پٹک میں

(ج) ابھی دھم پٹک میں (د) ان میں سے کوئی نہیں

15۔ کلکتہ میں انڈین موزیم کب قائم ہوا؟

(الف) 1614 میں (ب) 1950 میں

(ج) 1850 میں (د) 1989 میں

17۔ مناسب ترتیب کا انتخاب کریں

I۔ نیشنل میوزیم نئی دہلی کی بنیاد رکھی گئی II۔ انڈین موزیم کلکتہ قائم کیا گیا

III۔ لنگھم نے بھلیہ ناپ کتاب لکھی IV۔ گورنمنٹ میوزیم مدراس کو قائم کیا گیا

مندرجہ بالا میں مناسب ترتیب منتخب کیجئے

(الف) I,III,IV,II (ب) I,II,IV,III

(ج) III,I,IV,II (د) IV,III,II,I

18۔ مناسب ترتیب منتخب کریں

I۔ سب سے قدیم مندر     II۔ بودھ اور جین مذہب کی آمد

III۔ ابتدائی ویدک روایات     IV۔ ابتدائی استوپ

مناسب ترتیب ہے

(الف) IV,I,II,III     (ب) I,IV,II,III

(ج) II,IV,I,III     (د) IV,III,I,II

19۔ صحیح جوڑے بنائیں۔

| کالم ۔I | | کالم ۔II | |
|---|---|---|---|
| I۔ | ویدک دیوتا | 1۔ | 64 |
| II۔ | چشن روایات | 2۔ | ہرمیکا |
| III۔ | استوپ | 3۔ | تیرتھانکر |
| IV۔ | جین مذہب | 4۔ | اگنی سوم |

صحیح جوڑا ہے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| (الف) | I–4 | II–1 | III–2 | IV–3 |
| (ب) | I–2 | II–2 | III–4 | IV–1 |
| (ج) | I–2 | II–1 | III–3 | IV–4 |
| (د) | I–1 | II–2 | III–3 | IV–4 |

جوڑے بنایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| I۔ | جین مذہب | 1۔ | مہاتما بدھ |
| II۔ | بودھ مذہب | 2۔ | بودھ مذہب |
| III۔ | اول تیرتھانکر | 3۔ | رشبھناتھ |
| IV۔ | تری پٹک | 4۔ | مہاویر |

صحیح ترتیب ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) 1–I | 2–II | 3–III | 4–IV |
| (ب) 3–I | 2–II | 1–III | 4–IV |
| (ج) 1–I | 3–II | 2–III | 4–IV |
| (د) 1–I | 1–II | 3–III | 2–IV |

21۔ دی گئی تصویر کو غور سے دیکھئے۔ یہ تصویر کس بات کی علامت ہے۔ اس کی نشان دہی کیجئے۔



# معروضی سوالات

1۔ رگ وید کی تالیف (تحریری کرنا/لکھنا) کب ہوئی؟

1۔ 1500ق۔م سے 1000ق۔م — 2۔ 1000ق۔م سے 500ق۔م

3۔ 500ق۔م سے 100 ق۔م — 4۔ 200ق۔م سے 200عیسوی

2۔ مندرجہ ذیل میں سے کن وجہ/ وجوہات کی بناء کر 600ق۔م سے 600 عیسوی تک کے زمانے کو عالمی تاریخ میں ایک اہم موڑ مانا جاتا ہے۔

(الف) اس دور میں ایران میں زرتشت، چین میں کنفیوشس، یونان میں سقراط، پلیٹو، ارسطو اور بھارت میں مہاویر اور بودھ جیسے مفکر پیدا ہوئے۔

(ب) ان مفکروں نے زندگی کے راز کو سمجھنے کی کوشش کی۔

(ج) انہوں نے سماجی واقتصادی تبدیلیوں کو سمجھنے کی کوشش کی۔

1۔ صرف الف ہی صحیح ہے 2۔ صرف ب ہی صحیح ہے۔

3۔ الف اور ج صحیح ہے 4۔ الف، ب، ج تینوں صحیح ہیں۔

3۔ ''اس ملک کے قدیم شہ پاروں کی لوٹ ہونے دینا مجھے خودکشی اور بزدلانہ حکمت عملی لگتی ہے'' یہ بیان کس کا ہے۔

1۔ بی۔بی۔لعل 2۔ ایچ۔ایچ کول

3۔ فرگوسن 4۔ جان مارشل

4۔ .................. نے سانچی کے درخت اور سرپ کو عبادت کا مرکز مانا۔

1۔ جیمس پرنسیپ 2۔ ایچ۔ایچ۔کو

3۔ جیمس فرگوسن 4۔ ان میں سے کوئی نہیں۔

5۔ ذیل جوڑوں میں سے غلط جوڑے کو پہچانیے۔

| | کالم I | | کالم II |
|---|---|---|---|
| الف | شال بھانجکا | 1۔ | ایک متبرک علامت |
| ب | ویسانتر | 2۔ | نصیحت کا علامت |
| ج | ہاتھی | 3۔ | قوت وعلم کا علامت |
| د | گج لکشمی | 4۔ | خوش قسمتی لانیوالی دیوی |

6۔ ویشنو واد میں عبادت کے لیے کتنے اوتاروں کا تصور کیا جاتا ہے۔

1۔ گیارہ 2۔ دس 3۔ پانچ 4۔ بارہ

7۔ ''ہے بھگوان یہ میں نے کیسے بنایا ہے''۔ یہ بیان کس مندر کے پس منظر میں کہا گیا ہے۔

1۔ دیوگڑھی مندر　　2۔ برابر کا غار مندر

2۔ کیلاش ناتھ مندر　　4۔ مہابلی پورم مندر

8۔ ذیل میں دیئے گئے صحیح بیان کی پہچان کیجیے۔

الف۔ خلاصی (آزادی) کا تصور/خیال صرف بدھ دھرم تک ہی محدود تھا۔

ب۔ ابتداء میں مندر بہت بڑے بڑے ہوتے تھے۔

ج۔ ویشنو واد میں 12 اوتاروں کا تصور کیا گی ہے۔

د۔ پرانوں کی زیادہ تر کہانیاں لوگوں کے آپسی میل ملاپ سے وجود میں آئیں۔

9۔ بیان کو درست کر کے لکھیے۔

''1854ء میں ایک مقامی راجہ کو، جو مندر بنوانا چاہتا تھا، اچانک امراوتی استوپ کے باقیات مل گئے''۔

# اقتباس پر منحصر سوالات

اس اقتباس کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے سوالات کے جواب دیجئے۔

## بھکشوؤں اور بھکشیوں کے لیے مناسب ضابطے (اصول)

ونے پٹک میں تحریر کردہ قواعد اور ضوابط میں سے کچھ یہ ہیں

جب کوئی بھکشو، کوئی نیا کمبل یا دری تیار کرے گا تو وہ کم سے کم چھ سال تک رکھا جانا چاہیے۔ اگر چھ سال کے خاتمے سے پہلے ہی وہ کوئی نیا عمدہ، کمبل، دری بنائے تو یہ خیال کیے بغیر کہ اس نے پہلے ہی وہ کوئی ٹھکانے لگایا ہے یا نہیں تو سوائے اس صورت کے کہ بھکشوؤں نے اسے اس کی اجازت دے دی ہے۔ اسے ضبط کر کے قبول کرلیا جائے۔ ایسی صورت میں کہ کوئی بھکشوؤں کسی خاندان کے رہائشی گھر پہنچے اور اسے دو روٹیاں یا پکے ہوئے اناج کا کھانا پیش کیا جائے تو اگر وہ چاہے تو دو تین پیالے لے سکتا ہے۔ اگر وہ اس سے زیادہ قبول کرتا ہے تو یہ اس سے قبول

کرلیا جانا چاہیے۔ وہاں دو تین پیالے قبول کر کے انہیں وہاں سے لا کر اسے اس میں دوسرے بھکشوؤں کو شریک کرنا چاہیے۔ یہاں کا صحیح طریقہ یہی ہے۔

اگر کوئی بھکشو کبھی ایسی رہائش گاہ میں جو سنگھ سے متعلق ہو وہاں بستر بچھائے -یا بچھانے کے بعد- روانگی کے وقت اسے واپس نہیں رکھ سکتا یا نہیں رکھواتا، یا وہ بغیر اجازت چلا جاتا ہے تو اسے قبول کیا جائے۔

A۔ مہاتما بدھ کی تعلیمات کا مجموعہ ہے

(الف) رامائن میں (ب) تری پٹک میں

(ج) گیتا میں (د) منوسمرتی میں

B۔ بودھ بھکشو اور بھکشنیوں سے متعلق قانون ملتے ہیں

(الف) ونے پٹک میں (ب) سوت پٹک میں

(ج) ابھی دھم پٹک میں (د) ان میں سے کوئی نہیں

C۔ درج ذیل میں دو بیان دیئے گئے ہیں جن میں سے بیان A اور دوسرے کو سبب R سے دکھایا گیا ہے اس کو غور سے پڑھ کر جواب دیجئے

بیان A۔ اگر کوئی بھکشو ضرورت سے زیادہ غذا بھیک میں حاصل کرتا ہے تو اسے اپنا جرم قبول کرنا ہوگا اور اسے دوسرے بھکشو میں تقسیم کرنا ہوگا

سبب R۔ بودھ بھکشو سے یہ امید کی جاتی تھی کہ وہ سمیک آچرن کیا کریں گے۔

(الف) صرف بیان A صحیح ہے۔ (ب) صرف سبب R صحیح ہے۔

(ج) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں لیکن سبب R بیان A کا خلاصہ نہیں کرتا

(د) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں لیکن سبب R بیان A کا خلاصہ کرتا ہے۔

D۔ بودھ مذہب میں چنتن کی نئی روایات کو کیا کہا گیا ہے

(الف) مہایان (ب) ہینیان

(ج) وریان (د) ان میں سے کوئی نہیں

22۔ متھرا سے حاصل بودھ کی مورتی کو غور سے دیکھئے اور درج ذیل سوالوں کے جواب دیجئے۔



A۔ بودھ مذہب میں زندگی کا بلند نصب العین تسلیم کیا گیا ہے۔

(الف) بودھ بننا (ب) سچائی کی راہ پر چلنا

(ج) بعثت بعد الموت پر یقین رکھنا (د) نجات حاصل کرنا

B۔ بودھ تعلیمات کے مطابق ایک شخص نجات حاصل کر سکتا ہے۔

(الف) علم حاصل کر کے

(ب) بودھی سنت بن کر

(ج) عدم تشدد کے راستے پر چل کر

(د) ذاتی کوششوں کے ذریعے

C۔ بودھ مذہب کی قدیمی روایات کو ماننے کہلاتے ہیں

(الف) چیٹیان (ب) مہایان

(ج) بودھی ستت (د) نجات نروان

D۔ نیچے دو بیان دیئے گئے ہیں جس میں ایک بیان A کے طور اور دوسرے کو سبب R کے طور پر دکھایا گیا ہے۔

بیان A۔ بودھ نے ذاتی کوششوں سے پرودھن اور نجات نروان حاصل کیا۔

سبب R۔ بودھ ستت اپنے نیکیوں کا استعمال دوسرے کی مدد کرنے کے لئے کرتے تھے۔

(الف) بیان A صحیح ہے

(ب) صرف R سبب صحیح ہے

(ج) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہے لیکن سبب R بیان A کا خلاصہ نہیں کرتا

(د) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہے لیکن سبب R بیان A کا خلاصہ ہے

## مختصر جواب والے سوالات

سوال 1۔ بھوپال کی بیگمات نے سانچی کے استوپ کے تحفظ میں کیا کردار ادا کیا؟

سوال 2۔ بودھ مذہب کے تیزی سے پھیلنے کی کوئی پانچ وجوہات لکھئے۔

سوال 3۔ جین مذہب کے بانی کون تھے؟ جین مذہب کی اہم تعلیمات کو مختصر بیان کیجئے۔

سوال 4۔ بودھ کے ذریعے دیئے معتدل راستے کے اہم اصول کیا تھے؟ کوئی پانچ لکھئے۔

سوال 5۔ ہین یان اور مہایان کے درمیان فرق واضح کیجئے۔

سوال 6۔ بودھ عہد کی مجسمہ سازی کی اہم خصوصیات کیا تھی؟ کسی پانچ کا ذکر کیجئے

سوال 7۔ استوپ کی تعلیم کس طرح کی جاتی تھی؟

سوال 8۔ چھٹی صدی مسیح کو ہندوستانی تاریخ میں کیوں اہمیت دی جاتی ہے؟

سوال 9۔ بدھ سنگھ میں بھکشو اور بھکشوں کے لئے کن اصولوں کو ماننا ضروری تھا؟

سوال 10۔ جین مذہب کے کوئی تین خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال 11۔ آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ سانچی مورتی کلا کی چابھی بودھ ادب میں ملتی ہے؟ کوئی تین وجہ بیان کیجئے۔

سوال 12۔ ویشنو نظریات کی تین خصوصیات لکھئے۔

سوال 13۔ استوپ کیوں بنائے جاتے تھے؟ اور کس مذہب سے تعلق تھے کوئی وجہ بتائیے۔

سوال 14۔ 600 ق م سے 600 عیسوی تک کے ہندوستانی فلسفے کی کوئی تین اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال 15۔ بودھ گرنتھ کس طرح تیار اور محفوظ کئے جاتے تھے؟

طویل جواب والے سوالات (آٹھ نمبر والے)

سوال 1۔ جین مذہب کے ارتقا، تعلیمات اور اشاعت کے بارے میں معلومات فراہم کیجئے۔

سوال 2۔ قدیم ہندو مذہب کا ارتقا کس طرح ہوا اس کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال 3۔ بودھ مذہب کا ہندوستانی سماج اور تہذیب میں کیا تعاون ہے؟ وضاحت کیجئے۔

سوال 4۔ بودھ مذہب کی تنظیم اور قوانین پر مختصر تبصرہ کیجئے۔

سوال 5۔ استوپ کیوں بنائے جاتے تھے؟

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

## استوپ کیوں بنائے گئے

یہ ُست پٹک ُ کے ایک حصہ مہاپاری نباّان ست ایک اقتباس ہے۔

جب بدھ اپنے آخری وقت میں بستر مرگ پر تھے تو آنند نے پوچھا:

مالک ہمیں تاتھاگاٹ (بدھ کا دوسرا نام) کے باقی (جسم) کا کیا کرنا ہے؟

بدھ نے جواب دیا—"تاتھاگاٹ کے باقیات کی عزت واحترام سے خود کو باز نہ رکھیں، آنند: اپنی بھلائی کے لیے جوش وخروش کے ساتھ مستعد رہنا"

پھر جب بدھ پر اس کی مزید وضاحت کے لیے زور ڈالا گیا تو انھوں نے کہا "تاتھاگاٹ کے لیے چار چوراہوں پر انھیں ایک ایک 'تھوپا' (استوپ کے لیے پالی زبان کا لفظ) بنانا چاہیے۔ اور اس پر جو کوئی بھی ہار یا خوشبو چڑھائے گا......اور وہاں سلام کرے گا اور وہاں جا کر دل کا سکون حاصل کرے گا، وہ ان کے لیے عرصہ تک فائدے اور خوشی کا باعث ہوگا۔"

## سوالات

1۔ مندرجہ بالا اقتباس کہاں سے لیا گیا ہے؟ یہ کس گرنتھ سے لیا گیا ہے؟ 2

2۔ استوپ کیا ہوتے ہیں؟ آنند کو استوپ بنانے کی صلاح کس نے دی تھی؟ 2

3۔ تتھا گت کون تھے؟ انھوں نے استوپ کی کیا اہمیت بتائی تھی؟ کوئی دو اہم استوپوں کے نام بتایئے؟ 2

2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

## اپنشد کے اشلوک

نیچے چھند وگیہ سے دو اشلوک دیئے جارہے ہیں جس کا متن تقریباً چھٹی صدی قبل مسیحی دور میں نظم ہوا تھا۔

## اپنے وجود کی ماہیت

میرے دل میں میرا یہ وجود، دھیان، جو، سرسوں یا باجرے، یا بیج کے چھلکے سے بھی چھوٹا ہے۔ میرے دل میں میرا یہ وجود اس زمین سے بڑا ہے، اس درمیانی خلا سے بڑا ہے، اس آسمان سے بڑا ہے اور اس دنیاؤں سے بڑا ہے۔

## سچی قربانی

یہ (ہوا) جو چلتی ہے، یقیناً یہ ایک قربانی ہے...... یہ جب چلتی ہے تو ان سب کو پاک کر دیتی ہے: اس لیے یقیناً یہ قربانی ہے۔

## سوالات

1۔ مندرجہ بالا دو اشلوک کس دور کے اور کس گرنتھ (اپنشد) سے لیے گئے ہیں؟ 2

2۔ سچی قربانی اشلوک میں ہوا کو ایک قربانی کیوں کہا گیا ہے؟ 2

3۔ اس اپنشد میں روح کے بارے میں کیا تحریر کیا گیا ہے؟ 2

3۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

# محل سے دور زندگی

جس طرح بدھ کی تعلیمات کو ان کے پیروں نے مدقن کیا اسی طرح مہاویر کی تعلیمات کو بھی ان کے شاگردوں نے مرتب کیا۔ عام صورتوں میں یہ کہانیوں کے روپ میں ہوتی تھیں تا کہ یہ عام لوگوں کی توجہ اور دلچسپی حاصل کر سکیں۔ نیچے ایک مثال دی جا رہی ہے اسے 'اتر ادھیان ست نامی پالی متن سے اخذ کیا گیا ہے۔ اس میں بیان کیا گیا ہے کہ کس طرح کملاوتی نامی ایک رانی نے اپنے شوہر کو دنیا کو تج دینے پر راضی کیا:

ار ساری دنیا اور اس کے سارے خزانے بھی تمھارے ہو جائیں تب بھی تمھیں سیری نہیں ہوگی اور نہ ہی یہ تمھیں بچا لینے میں کامیاب ہوں گے۔ جب تم مروگے، اے راجا! اور یہ سب کچھ پیچھے چھوڑ جاؤ گے اس وقت صرف 'دھمہ' ہی تمھیں بچائے گا اور کچھ نہیں۔ جیسے کسی چڑیا کو پنجرہ اچھا نہیں لگتا مجھے بھی یہ (دنیا) پسند نہیں ہے۔ میں راہبوں کی زندگی گزاروں گی۔ بغیر اولاد کے، بغیر خواہش کے، بغیر منافع (حصول) سے محبت کے، بغیر نفرت کے...

وہ جنھوں نے خوشیاں یا راحت حاصل کر کے انھیں تج دیا ہے وہ ہوا کی طرح (آزاد) پھرتے ہیں، اور جہاں چاہتے ہیں آتے جاتے ہیں، بے روک ٹوک جیسے چڑیا اپنی اڑان میں....

اپنی بڑی حکومت چھوڑ دو.......... جو تمھارے حواس کو لذت پہنچائے، اسے تج دو۔ بے لوث اور بے ملکیت ہو جاؤ، پھر شدید کفارہ کے کام کرو اپنی طاقت پر مضبوطی سے جمے ہوئے۔

## سوالات

1۔ اس کتاب یا متن کا نام لکھیے جس سے یہ اخذ کیا گیا ہے؟ متن کی زبان کون سی ہے؟ 2

2۔ دنیا کو تج دینے پر راضی کرنے کے لیے رانی کملاوتی نے راجا کو کیا بات بتائی؟ 2

3۔ جین مذہب کی اہم تعلیمات کا ذکر کیجیے۔


INDIA
OUTLINE MAP WITH STATES
& UNION TERRITORIES
Theme - 4
(Thinkers, Beliefs and Buildings)
(Important Buddhist Places)
Lumbini
Shrawasti
Sarnath
Bodhgaya
Bharhut
Sanchi
Ajanta
Nasik
Nagar Suna Konda
Map not to Scale
Copyright © 2020 www.mapsofindia.com

دیئے گئے سیاسی نقشے بدھ مذہب سے متعلق ہیں جن میں سارناتھ، امراوتی اور بدھ گیا کو دکھایئے۔
اسی نقشے پر A،B اور C تین مقامات جو بدھ سے متعلق ہیں ان کو پہچان کر صحیح نام لکھئے



# موضوع۔ پانچ

# سیاحوں کی نظر سے — سماج کا تصور

## (تقریباً دسویں صدی سے سترہویں صدی تک)

## یاد رکھنے لائق نکات

1۔ عورتوں اور مردوں کے ذریعے سفر کرنے کی مختلف وجوہات تھیں جیسے کام کی تلاش میں، قدرتی آفات سے بچاؤ کے لیے تاجروں، فوجیوں، پروہتوں اور مذہبی سفر کے طور پر یا پھر حوصلہ افزائی کے جذبے سے متاثر ہو کر۔

2۔ برصغیر میں آئے سیاحوں کے ذریعے بیان کیے گئے سماجی تذکرے ماضی کی معلومات میں معاون۔

3۔ دسویں صدی سے سترہویں صدی تک تین اہم سیاح ہندوستان آئے۔

| نمبر شمار | سیاح | آمد | جائے پیدائش | سفر نامے | سفر ناموں کی زبان |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | محمد ابن احمد ابو ریحان (البیرونی) | گیارھویں صدی (973-1048) | ازبکستان (خوارزم) | کتاب الہند | عربی |
| 2۔ | ابن بطوطہ | چودھویں صدی (1304-1377) | مراقش (افریقہ) | رحلہ | عربی |
| 3۔ | فرانسوا برنیر | سترہویں صدی (1620-88) | فرانس | ٹریولس ان دی مغل امپائر | فرانسیسی |

4۔ البیرونی کو ہندوستان میں کئی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا جیسے سنسکرت زبان سے وہ واقف نہیں تھا۔ دوسری دشواری مذہبی عقائد و رسومات میں فرق تھا۔ تیسری دشواری ذاتی استغراق تھا۔

5۔ البیرونی کی پیدائش: موجودہ ازبکستان میں واقع خوارزم میں 973 میں ہوئی تھی۔ وہ کئی زبانوں کا عالم تھا جس میں سیریائی، فارسی، ہیبرو اور سنسکرت شامل ہیں۔ وہ یونانی زبان سے واقف نہیں تھا۔

6۔ 1017 عیسوی میں سلطان محمود البیرونی کو اپنے ساتھ غزنی لے گیا۔







9۔ ابن بطوطہ 1933 میں سندھ پہنچا۔ وہ دہلی کے سلطان محمد بن تغلق کے دور میں ہندوستان آیا۔

10۔ ابن بطوطہ نے ہندوستان کے شہروں کو پر جوش مواقع سے بھرپور پایا جس کے پاس ضروری جانفشانی وسائل اور مہارت تھی۔ شہروں میں بھیڑ والی سڑکیں اور منور و رنگین بازار تھے۔ بازار اقتصادی سرگرمیوں کے مراکز۔ ڈاک نظام، دلی اور دولت آباد کا تذکرہ اس نے غلاموں کے بارے میں تحریر کیا۔ پان اور ناریل نے ابن بطوطہ کو حیرت میں ڈال دیا۔

11۔ ابن بطوطہ کے مطابق اس دور میں نظام حکومت بہتر نہیں تھا۔

12۔ برنیر کے مطابق ہندوستان میں نجی زمین کی ملکیت کا فقدان تھا۔ اس کا نجی ملکیت کے وصف میں پختہ یقین تھا۔ برنیر نے ستی کے رواج کا بھی تذکرہ کیا ہے۔

13۔ فرانسوا برنیر ایک معالج سیاسی فلسفی اور مورخ تھا۔

14۔ برنیر نے مشرق اور مغرب کا موازنہ کیا۔

15۔ برنیر کے بیانات نے اٹھارہویں اور انیسویں صدی سے ہی فلسفیوں کو متاثر کیا مثال کے طور پر فرانسیسی فلسفی مونٹیسکیو اور کارل مارکس۔ مونٹیسکیو نے اس کے سفرنامے کا استعمال مشرقی مطلق العنانی کے نظریہ کو ارتقا پذیر کرنے کے لیے کیا۔

16۔ برنیر نے مغل سلطنت کو تمبوؤں کا شہر بتایا تھا جو سرکاری دربار کے آنے کے ساتھ وجود میں آتا تھا اور دربار کے چلے جانے کے بعد ان کا زوال ہو جاتا تھا۔

17۔ زمین کے مالکانہ حق سوال کی طرح ہندوستانی شہروں کے بارے میں بہت آسان تصویر پیش کی ہے۔

18۔ عورتوں کی زندگی ستی رواج ہے کے علاوہ کئی اور چیزوں کے اردگرد گھومتی تھی۔ ان کی محنت کاشت اور کاشت کاری کے علاوہ ہونے والے پیداوار دونوں ہی اہم تھی۔ تجارتی خاندان سے آنے والی عورتیں تجارتی کارکردگیوں میں حصہ لیتی تھیں۔

19۔ غلام و کنیزوں کا استعمال گھریلو کام، پالکی اور ڈھولکی اٹھانے، مخبری اور تقریب کے کاموں کے لئے کیا جاتا تھا۔

20۔ برنیر نے مغرب کو مشرق سے بہتر ثابت کرنے کے لئے ہندوستان کی بڑی رواجوں جیسے ستی کی رسم کو ایک نمونے کے طور پر پیش کیا۔

# مختصر ترین سوالات 1 نمبر

1۔ ابن بطوطہ کے مطابق خواتین غلام کے بارے میں کوئی ایک نظریہ بتائیے۔

2۔ البیرونی کو روایتی سنسکرت سمجھنے میں رکاوٹ کیوں لگی؟

3۔ البیرونی کی پیدائش............عیسوی میں خورج میں ہوئی تھی۔

4۔ مثال دے کر سمجھایئے کہ ہندوستانی سوتی کی کپڑوں کی مانگ مغرب وجنوبی ایشیاء میں بہت زیادہ کیوں تھی؟

5۔ مغل نظام کے تحت دستکاروں کی ایک مشکل سماجی حقیقت کا خلاصہ کس طرح کیا ہے؟ کوئی ایک وجہ بتائیے۔
6۔ مشہور یورپین مصنف دوارتے بر گوشا کا سفرنامہ کس کے بارے میں ہے۔
7۔ ابن بطوطہ نے کن دو طرح کے ڈاک نظام کے بارے میں لکھا ہے؟۔ بتائیے
8۔ مارکو پولو کون تھا؟
9۔ برنیر کا تمبوؤں کے شہر سے کیا مراد تھی؟
10۔ ابن بطوطہ نے ہندوستان آنے سے پہلے کن کن شہروں کا سفر کیا؟

# Objective Type of Questions

11۔ ۱۷ویں صدی میں درج ذیل میں سے کس یورپ کے مسافر نے ہندوستانی برصغیر کا دورہ کیا؟
(الف) البیرونی (ب) ابن بطوطہ
(ج) ابوالفضل (د) فرانس وا برنیر

12۔ رحلہ کے مطابق برصغیر کا سب سے بڑا شہر تھا۔
(الف) سورت (ب) دہلی
(ج) دولت آباد (د) آگرہ

13۔ ۱۵ویں سے ۱۷ویں صدی کے درمیان لوگ درج ذیل مقاصد سے متاثر ہو کر سفر کرتے تھے
(الف) کام کی تلاش میں (ب) نئے راہ کی تلاش میں
(ج) تجارتی فوجی، مذہبی پیشواؤں اور مقدس مقامات کے طور پر
(د) مذکورہ بالا میں سے سبھی

14۔ برنیر کا مضمون برصغیر کی جس مشکل سماجی سچائی کی طرف اشارہ کرتے ہیں وہ ہیں
(الف) دستکاروں کو اپنے پیداوار کو بہتر بنانے کے لئے کوئی سرکاری امداد نہ ملنا
(ب) یہاں کے شہر خراب آب و ہوا سے متاثر تھے۔
(ج) ہندوستان میں متوسط لوگ نہیں تھے۔

(د) مذکورہ بالا میں سے کوئی نہیں۔

15۔ البیرونی کی کتاب (کتاب الہند) کے بارے میں کون سا بیان غلط ہے؟

(الف) اس کی زبان آسان ہے

(ب) اس میں ہندوستانی مذاہب، فلسفہ، تہوار وغیرہ کے بارے میں معلومات دی گئی ہے۔

(ج) یہ فارسی میں لکھی گئی ہے۔

(د) اسے 80 ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔

16۔ ابن بطوطہ کے بارے میں کون سی بات درست ہے؟

(الف) ابن بطوطہ کے سفرنامہ کا نام Travells in the Mughal ہے۔

(ب) اس کی پیدائش تبریز کے ایک عام خاندان میں ہوئی۔

(ج) سلطان محمود اسے اپنے ساتھ غزنی لے گیا۔

(د) مذکورہ بالا میں سے کوئی نہیں

17۔ فرانس وا برنیر کے بارے میں کون سا بیان غلط ہے

(الف) وہ یورپ کا رہنے والا تھا

(ب) وہ مغل دربار میں طبیب اور سائنسداں کے طور پر جڑا رہا

(ج) اس نے بھارت کے بارے میں دہرا پن اپنایا

(د) اس نے اپنے سفرنامہ میں غلاموں کے رواج کا خلاصہ کیا ہے

18۔ جوڑے بنایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | علوق | (A) | ستی کا خلاصہ |
| (ii) | دھوی | (B) | گھڑسوار ڈاک نظام |
| (iii) | برنیر | (C) | ناپاکی جواز کو تسلیم نہ کرنا |
| (iv) | البرونی | (D) | پیدل ڈاک نظام |

درج ذیل میں صحیح جوڑوں کے انتخاب کیجئے

(الف) A–I C–II D–III B–IV

(ب) B–I A–II D–III C–IV

(ج) B–I D–II A–III C–IV

(د) D–I B–II A–III C–IV

19۔ جوڑوں کا ملان کیجئے

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | البیرونی | (A) | ناریل اور پان |
| (ii) | ابن بطوطہ | (B) | زمین کا ایک ہی مالک |
| (iii) | برنیر | (C) | ہندوستان میں ذاتی کا نظام |

صحیح جوڑے:

(الف) C–I A–II B–III

(ب) A–I C–II B–III

(ج) C–I B–II A–III

(د) B–I C–II A–III

20۔ بیان:۔ البرونی اپنے طے شدہ مقاصد کی دشواریوں کے بارے میں جانتا تھا

سبب:۔ دشواریاں تھی زبان: فروعی عقائد اور رسم و رواج میں اختلافات اور مغروریت

(الف) صرف بیان A صحیح ہے

(ب) صرف سبب R صحیح ہے

(ج) بیان اور سبب دونوں صحیح ہیں اور بیان سبب کا خلاصہ کرتا ہے

(د) بیان اور سبب دونوں درست ہیں لیکن سبب بیان کا خلاصہ نہیں کرتا

21۔ دی گئی تصویر میں یورپین پوشاک پہنے اس شخص کو پہچانیے اور اس کا نام بتایئے۔



# معروضی سوالات

سیاحوں کی نظر سے، سماج کا تصور

1۔ ملان کیجیے۔

| | سیاح | | ملک |
|---|---|---|---|
| (a) | البیرونی | 1۔ | اٹلی |
| (b) | مارکوپولو | 2۔ | ازبکستان |
| (c) | ابن بطوطہ | 3۔ | فرانس |
| (d) | فرانسوا برنیر | 4۔ | موروکو |

A: a–ii, b–i, c–iv, d–iii

B: a–iii, b–iv, c–i, d–ii

C: a–iv, b–ii, c–iii, d–i

D: a–i, b–ii, c–iii, d–iv

2۔ کتاب الہند کا مصنف کون ہے۔

1۔ البیرونی 2۔ ابن بطوطہ

3۔ برنیر 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

3۔ ذیل میں دئے گئے بیانوں میں فرانس برنیئر سے متعلق درست بیان پہچانیے۔

1۔ برنیر نے مشرق (بھارت) کا موازنہ مغرب (یوروپ) سے کیا۔

2۔ برنیر نے ایک معالج، سیاسی فلسفی اور مورخ تھا۔

3۔ وہ 1656 سے 1668 تک تقریباً 12 سال ہندوستان میں رہا۔

4۔ برنیر نے اپنی تصنیف "ٹریول ان دی مغل ایمپائر" میں گلی مشاہدہ، تنقیدی نظریہ اور مکمل تخلیق کے لیے قابل ذکر ہے۔

4۔ ابن بطوطہ ہندوستان کب آیا۔

1۔ 1333ء میں 2۔ 1336ء میں

3۔ 1342ء میں 4۔ 1354ء میں

5۔ بیان A: ذات پات کے نظام کے بارے میں البیرونی کے ذریعے دی گئی تفصیل، اس کی سنسکرت کتابوں کی تحقیق سے حاصل تھی۔

سبب R: ان کتابوں میں برہمنوں کے نظریے سے ذات پات کا نظام بتایا گیا تھا۔

A۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ کرتا ہے۔

B۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ نہیں کرتا ہے۔

C- صرف R صحیح ہے جبکہ A غلط ہے۔

D- صرف A صحیح ہے جبکہ R غلط ہے۔

6- سترہویں صدی میں آبادی کا کتنے فی صد حصہ شہروں میں رہتا تھا؟

1- 10 فی صد 2- 15 فی صد

3- 20 فی صد 4- 30 فی صد

7- ابن بطوطہ کے مطابق مندرجہ ذیل شہروں میں کونسا سب سے بڑا شہر تھا؟

1- دولت آباد 2- آگرہ

3- دلی 4- سورت

8- وہ کونسا مورخ ہے جو سرکاری کارخانوں کے تفصیلی جائزہ فراہم کرتا ہے۔

1- فرانسواں برنیر 2- ابن بطوطہ

3- البیرونی 4- ان میں سے کوئی نہیں

9- مندرجہ ذیل میں سے کس سلطان نے ابن بطوطہ کی دلی کا قاضی نامزد کیا۔

1- التمش 2- محمد تغلق

3- علاؤالدین خلجی 4- بلبن

10- بیان A: ابن بطوطہ کی تفصیلی مشاہدہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ غلاموں میں بھی تفریق تھی۔

سبب R: سلطان کی خدمت کے لیے مختص کچھ کنیزیں (غلام) موسیقی اور نغمہ نگاری میں ماہر تھیں۔

A- دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ کرتا ہے۔

B۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ نہیں کرتا ہے۔

C۔ صرف R صحیح ہے جبکہ A غلط ہے۔

D۔ صرف A صحیح ہے جبکہ R غلط ہے۔

22۔ اقتباس پر منحصر سوال (تین نمبر)

نیچے دیئے گئے اقتباس کو غور سے پڑھیے اور کبھی تین سوالوں کے جواب دیجیے۔

## ابن بطوطہ کے نقش قدم پر

1400 سے 1800 کے درمیان ہندوستان میں آئے سیاحوں نے فارسی میں کئی سفرنامے تحریر کیے ہیں اسی زمانے میں ہندوستان سے وسط ایشیا، ایران اور عثمانی سلطنت کی سیاحت کرنے والوں نے بھی گاہے بگاہے اپنے تجربات تحریر کیے ہیں۔ان مصنفین نے البیرونی اور ابن بطوطہ کے نقش قدم کی اتباع کی ہے۔ان میں کچھ سے ان ابتدائی مصنفین کو پڑھا بھی تھا۔

ان مصنفین میں سے سب سے مشہور عبدالرزاق سمرقندی ہے جس نے 1440 کی دہائی میں جنوبی ہندوستان کا سفر کیا تھا محمود ولی بخش جس نے 1620 کی دہائی میں دور دراز تک سیاحت کی تھی۔نیز شیخ علی حزیں جو 1740 کی دہائی میں شمالی ہندوستان آئے تھے، شامل ہیں۔ان میں سے کچھ مصنفین ہندوستان سے مسحور تھے اور یہاں تک کہ ان میں سے ایک محمود بلخی تو کچھ وقت کے لیے سنیاسی بھی بن گئے تھے۔کچھ دیگر جیسے حزیں ہندوستان سے مایوس ہوئے اور یہاں تک کہ نفرت بھی کرنے لگے۔وہ ہندوستان میں اپنے لیے ایک شاندار سلوک کی امید رکھتے تھے۔ان میں سے زیادہ تر نے ہندوستان کی عجائبات کو ملک کی صورت میں دیکھا تھا۔

A۔ ان میں سے کس نے 1440 کے دہائی میں جنوبی ہندوستان کا سفر کیا؟

(الف) عبدالرزاق سمرقندی (ب) فرانس وابرنیر

(ج) مرزا ابوطالب (د) البرونی

B۔ جو 1400 سے 1800ء میں ہندوستان آئے مسافروں نے اپنے سفرنامے عام طور پر کس زبان میں لکھے ہے؟

(الف) فارسی (ب) ہندی

(ج) بیرو (د) سنسکرت

C۔ درج ذیل میں دو بیان دیئے گئے ہیں جن میں ایک کو بیان A کے طور پر اور دوسرے کو سبب R کے طور پر دکھایا گیا ہے۔ اس میں سے صحیح کیا ہے؟ چنیں

بیان۔A: شیخ علی حازن ہندوستان سے مایوس ہوئے

سبب۔R: وہ ہندوستان سے اپنے لئے ایک عالی شان خیر مقدم کی امید کر رہے تھے۔

(الف) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں اور سبب R بیان A کا خلاصہ کرتا ہے۔

(ب) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں اور سبب R بیان A کا خلاصہ نہیں ہے۔

(ج) بیان A صحیح ہے لیکن سبب R صحیح نہیں ہے

(د) سبب R صحیح ہے لیکن بیان A صحیح نہیں ہے

D۔ دیئے گئے بیانات کو پڑھیے جو صحیح ہیں ان کو چنیں۔

(A) کچھ مصنف سفر ہندوستان سے بہت متاثر تھے۔

(B) زیادہ تر مسافروں نے ہندوستان کو اچم بو کی شکل میں دیکھا

صحیح جواب چنئے

A اور B دونوں درست ہیں۔

صرف B صحیح ہے

صرف A صحیح ہے

دونوں غلط ہیں

بنگال کے ایک مندر کی اس بھری کوہ مجسمہ فن بت تراشی کو غور سے دیکھئے اور کسی تین سوالوں کا جواب دیجئے۔



A۔ لوگ سمندری سفر کیا کرتے تھے

(الف) تجارت کرنے کے لئے (ب) سیاحتی تجربے کرنے کے لئے

(ج) نئے مقامات کو دریافت کرنے کے لئے

(د) اوپر کے سبھی درست ہیں

B۔ دیئے گئے بیانات کو غور سے پڑھئے:

(i) سفرنامے ہمیں کسی علاقے کی مادی حالات کی جانکاری دیتے ہیں

(ii) ان سے ہمیں کسی علاقے کی فن تعمیرات اور مقبروں کے بارے میں پتہ چلتا ہے۔

(الف) بیان (I) اور (II) دونوں صحیح ہیں

(ب) بیان (I) اور (II) دونوں غلط ہیں

(ج) صرف بیان I درست ہے

(د) صرف بیان II غلط ہے

C۔ رحلہ کس مسافر کا سفرنامہ ہے؟

(الف) البرونی (ب) ابن بطوطہ

(ج) مارکوپولو (د) میگیس

D۔ درج ذیل دو بیان دیئے گئے ہیں جن میں سے ایک کو بیان A کے طور پر اور دوسرے کو سبب R کے طور پر دکھایا گیا ہے۔

بیان A:۔ ہندوستانی برصغیر میں آئے مسافروں نے یہاں کے سماج کے بارے میں لکھا ہے۔

سبب R:۔ وہ لوگ یہاں کے حالات کا موازنہ اپنے ممالک سے کرتے تھے۔

(الف) بیان A اور سبب R صحیح ہیں اور سبب R بیان A کا خلاصہ کرتا ہے۔

(ب) بیان A اور سبب R صحیح ہیں اور سبب R بیان A کا خلاصہ نہیں کرتا ہے۔

(ج) صرف A صحیح ہے۔

(د) صرف سبب R صحیح ہے۔

## مختصر جواب والے سوالات: (تین نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ وسطی دور کی تاریخ لکھنے میں سفرناموں کی کیا اہمیت ہے؟ دلائل کے ساتھ جواب دیجیے۔

سوال نمبر 2۔ ہندوستان سے متعلق معلومات کو سمجھنے کے لیے البرونی کے سامنے کون کون سی دشواریاں تھیں؟ تین نکات کے ذریعے وضاحت کریئے۔

سوال نمبر 3۔ ابن بطوطہ کے ذریعے پیش کی گئی معلومات کی بنیاد پر گاؤں کی کھیتی، معیشت اور برصغیر میں تجارت و کاروبار سے متعلق کیا جھلک ملتی ہے؟

سوال نمبر 4۔ برنیر 17ویں صدی کے شہروں کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ ان کا یہ تذکرہ کس طرح شک پیدا کرتا ہے؟

سوال نمبر 5۔ ستی کی رسم سے متعلق برنیر کا کیا نظریہ تھا؟

سوال نمبر 6۔ ابوالفضل نے زمینی محصول کو "شاہی ملکیت کی مزدوری" کیوں کہا ہے؟ واضح کیجیے۔

سوال نمبر 7۔ ابن بطوطہ کے تذکروں کی بنیاد پر اس دور کے انوکھے مواصلاتی نظام کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 8۔ کتاب الہند پر مختصر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر 9۔ ابن بطوطہ کے مطابق سفر کرنا غیر محفوظ کیوں تھا؟

سوال نمبر 10۔ ''ابن بطوطہ نے دہلی کو بہت زیادہ مواقع سے پُر پایا''۔ اپنے جواب کی حمایت میں اس کے ذریعہ دیئے گئے دلائل کو پیش کیجیے۔

سوال نمبر 11۔ ''ابن بطوطہ اور برنیر نے سولہویں صدی میں عورتوں کی زندگی کو کس طرح دلچسپ انداز میں پیش کیا ہے؟'' واضح کیجیے۔

سوال نمبر 12۔ ''برنیر زمین کی شاہی ملکیت کے بیانات نے مغربی فلسفیوں جیسے فرانسیسی فلسفی مونٹیسکیو اور جرمن فلسفی کارل مارکس کو متاثر کیا''۔ اس جملے کی منصفانہ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 13۔ برنیئر نے زمین کی ملکیت کے بارے میں کیا بیان کیا ہے؟

سوال نمبر 14۔ برنیئر کے تذکرے نے اٹھارھویں صدی کے مغربی مفکروں کو کس طرح متاثر کیا؟

سوال نمبر 15۔ برنیئر نے اپنے تذکروں میں یوروپین حکمرانوں کو کیا چیلنج دیتا ہے۔

سوال نمبر 16۔ عہد وسطی کے ہندوستان آنے والے غیر ملکی سیاحوں کے سفرنامے کی کوئی تین خوبیاں بیان کیجئے۔

## طویل جواب والے سوالات (آٹھ نمبروں والے)

سوال نمبر 1۔ البرونی نے اپنے تذکروں میں کس طرح ہندوستانی ذات پات کے نظام کے اصولوں کو منظور نہیں کیا؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 2۔ آپ کس طرح مانتے ہیں کہ غیر ملکی سیاحوں کے سفرناموں سے 10ویں سے 17ویں صدی کی تاریخ نگاری میں مدد ملتی ہے؟

سوال نمبر 3۔ اپنے سفرنامے میں ابن بطوطہ ہندوستان کے بارے میں کس طرح ذکر کیا ہے؟

سوال نمبر 4۔ برنیر نے اپنی کتاب میں مشرق اور مغرب کا موازنہ کس طرح کیا ہے؟

سوال نمبر 5۔ ٹریولس ان دی مغل ایمپائر (Travells in the Mughal Empiore) میں فرانسیسی سیاحوں نے کن کن باتوں کا ذکر کیا ہے؟

سوال نمبر 6۔ ابن بطوطہ نے غلاموں کے رواج کے بارے میں دی گئی شہادتوں کا خلاصہ کیجئے۔

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

## گھوڑے پر اور پیدل

ڈاک کے نظام کا تذکرہ ابن بطوطہ کچھ اس طرح کرتا ہے:

ہندوستان میں دو طرح کا ڈاک کا نظام ہے۔ اسپ ڈاک نظام جسے اُلق کہا جاتا ہے جو ہر چار میل کے فاصلے پر واقع شاہی گھوڑوں کے ذریعہ چلتا ہے۔ پیدل ڈاک نظام کے تئیں تین منزل پر واقع ہوتے ہیں۔ اسے دھوئی کہا جاتا ہے۔ یہ ایک میل کا تہائی ہوتا ہے.... کیوں کہ ہر تین میل پر ایک گھنی آبادی والا گاؤں ہوتا ہے جس کے باہر تین شہ نشیں (پویلین) ہوتے ہیں جن پر لوگ کام کرنے کے لیے تیار بیٹھے رہتے ہیں۔ ان میں ہر ایک پاس دو ہاتھ لمبی ایک چھڑ ہوتی ہے جس کے اوپر تانبہ کی گھنٹیاں لگی ہوتی ہیں۔ جب ہرکارہ شہر سے سفر شروع کرتا ہے تو ایک ہاتھ میں خط اور دوسرے ہاتھ میں گھنٹیاں لگی چھڑ لئے وہ اپنی طاقت کے مطابق تیز دوڑتا ہے۔ جب چبوتروں پر بیٹھے لوگ گھنٹیوں کی آواز سنتے ہیں تو وہ تیار ہو جاتے ہیں۔ جیسے ہی ہرکارہ ان کے قریب پہنچتا ہے تو ان میں سے ایک اس سے خط لے لیتا ہے اور وہ چھڑ ہلاتے ہوئے تب تک پوری قوت سے دوڑتا ہے جب تک وہ اگلے دھوئی تک نہیں پہنچ جاتا۔ خط کے اپنی منزل مقصود تک پہنچنے تک یہ عمل چلتا رہتا ہے۔ ”یہ پیدل ڈاک نظام اسپ ڈاک نظام سے زیادہ تیز ہے اور اس کا استعمال خراسان کے پھلوں کی باربرداری کے لئے ہوتا ہے، جنھیں ہندوستان میں بہت پسند کیا جاتا تھا۔

## سوالات

1۔ ابن بطوطہ کے مطابق دو طرح سے ڈاک پہنچانے کے عمل کا تذکرہ کیجیے؟ 1

2۔ کیا آپ کو لگتا ہے کہ پیدل ڈاک نظام پورے جزیرے نما میں رائج تھا؟ خلاصہ کیجیے۔ 2

3۔ پیدل ڈاک نظام کس لیے استعمال کیا جاتا تھا؟ دونوں ڈاک نظام میں سب سے تیز کون سا نظام تھا؟ 2

2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

# ورنوں کا نظام

البرونی ورن نظام کا ذکر اس طرح کرتا ہے:

سب سے اعلیٰ ذات برہموں کی ہے جن کے متعلق ہندوؤں کی کتابیں ہمیں بتاتی ہیں کہ وہ برہما کے سر سے پیدا ہوئے تھے کیوں کہ برہمن قدرت نامی طاقت کا دوسرا نام ہے اور سر جسم کا سب سے اعلیٰ حصہ ہے۔ اس لئے برہمن کل حیوانات کا سب سے چنندہ حصہ ہے۔ اس لئے ہندو انھیں نوع انسانی میں سب سے اعلیٰ مانتے ہیں۔

دوسری ذات چھتریوں کی ہے جن کی تخلیق جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ برہما کے کندھوں اور ہاتھوں سے ہوئی۔ ان کا درجہ برہموں سے زیادہ نیچے نہیں ہے۔

اس کے بعد ویش آتے ہیں ان کی پیدائش برہموں کی رانوں سے ہوئی تھی۔ شودر کی پیدائش ان کے پیروں سے ہوئی تھی۔

آخری دو طبقوں کے درمیان زیادہ فرق نہیں ہے لیکن ان طبقوں کے درمیان فرق ہونے کے باوجود بھی یہ ایک ساتھ ہی شہروں اور گاؤں میں ایک جیسے مکانوں اور گھروں میں رہتے ہیں۔

## سوالات

1۔ البرونی کے ذریعہ تحریر کردہ ورن نظام کا تذکرہ کیجیے۔ 2

2۔ البرونی نے ہندوستان کے ورن نظام کا موازنہ کہاں کے ورن نظام سے کیا ہے اور وہاں کتنے سماجی طبقات مانے جاتے تھے؟ 3

3۔ البرونی کے ذریعے متذکرہ ہندوستانی ورن نظام کا تذکرہ کس وید میں ملتا ہے؟ 1

# موضوع۔چھ
# بھکتی۔ صوفی روایات
# مذہبی عقائد میں تبدیلی اور عقیدت مندانہ متون
## (تقریباً آٹھویں صدی سے اٹھارویں صدی تک)

## یاد رکھنے لائق نکات

1۔ اس عہد کے جدید ادبی ماخذوں میں صوفی، سنت، شاعروں کی تخلیقات شامل ہیں۔

2۔ مورخین ان سنت، شاعروں کے عقیدت مندوں (جوان کے مذہبی فرقہ کے ممبر تھے) کے ذریعے لکھی گئی سوانح کا بھی استعمال کرتے تھے۔

3۔ بھکتی تحریک کا اہم مقصد عدم مساوات، اونچ نیچ، امیر غریب اور چھوٹے بڑے کے امتیاز کو ختم کرنا تھا۔

4۔ پوری (اڑیسہ) میں جہاں اہم ترین دیوتا کی بارھویں صدی تک آتے آتے جگن ناتھ (لغوی معنی پورے عالم کا آقا) کو وشنو کے ایک روپ کے طور پر نشاندہی کی گئی۔

5۔ دیوی کی عبادت کو بظاہر وسیع طور پر اکثر سندور سے لیپے گئے پتھروں کی شکل میں بھی کی جاتی تھی۔

6۔ اس عہد میں بیشتر بھکتی روایات میں برہمن، دیوتاؤں اور عقیدت مندوں کے درمیان اہم درجہ بنے رہے۔

7۔ ابتدائی بھکتی تحریک (تقریباً چھٹی صدی) الواروں اور نینا روں کی قیادت میں ہوئی الوار (وشنو کی بھکتی مستغرق) نینار (شیو بھکتی کے قائد) الوار اور نینار سنتوں نے ذات پات کے نظام اور برہمنوں کے غلبے کے خلاف احتجاجی تحریک کا آغاز کیا۔ انھوں نے خواتین کو اہم مقام دیا۔ انڈال خود کو وشنو کی محبوب مان کر اپنے دیوتا کے لیے محبت کا اظہار اشعار میں کرتی تھی۔ کرائی کل امیار جو شیو کی بھکت تھی "نلیا ردیویا پرمندھم" الوار سنتوں کا شعری مجموعہ ہے۔ اس کتاب (گرنتھ) کی اہمیت سنسکرت کے چاروں ویدوں کے مساوی بتائی گئی ہے۔

8۔ مورخوں نے بھکتی روایات کو دو خاص طبقوں میں تقسیم کیا ہے:

سگن — اس میں شیو، وشنو اور اس کے اوتار اور دیویوں کی عبادت آتی ہے۔

نرگن — نرگن بھکتی روایات میں غیر شبیہ والے دیوتا کی عبادت کی جاتی تھی۔




10۔ بارھویں صدی میں کرناٹک میں ایک نئی تحریک کا ظہور ہوا جس کی قیادت باسونا (1106-68) نامی ایک برہمن نے کی۔ اسے لنگایت تحریک اور ویرشو تحریک بھی کہتے ہیں۔ لنگایت نے ذات پات کے نظریہ اور برہمنوں کے برہمنی نظریہ کو چیلنج کیا۔ دوبارہ پیدا ہونے کے نظریہ پر بھی انھوں نے سوالیہ نشان لگایا۔ دھرم شاستروں میں جن معمولات کو ترک کر دیا گیا تھا جیسے سن بلوغ کے بعد شادی اور بیوہ کی دوبارہ شادی کو منظوری دی۔ لنگایت فرقہ شیو کی عبادت لنگ کی شکل میں کرتے ہیں۔

11۔ ذمی وہ لوگ تھے جو الہامی صحیفوں کو مانتے تھے جیسے مسلم حکمرانوں کے زیر اثر علاقوں میں رہنے والے یہودی اور عیسائی۔

12۔ جن لوگوں نے اسلام مذہب قبول کیا انھوں نے اصولی طور پر اس کے پانچ عقائد ''ارکان'' قبول کیے تھے۔

— صرف ایک خدا ہے، حضرت محمد ﷺ اس کے پیغمبر ہیں (شہادت)

— دن میں پانچ مرتبہ نماز ادا کرنا چاہیے

— خیرات (زکوٰۃ) ادا کرنا چاہیے

— رمضان کے مہینے میں روزے رکھنے چاہئیں

— حج کے لیے مکہ جانا چاہیے۔

13۔ برہمنی ورن نظام میں ناقدانہ روائتیں بودھ مذہب میں ابھریں، بودھ مذہب پیروکاروں نے تسلیم کیا کہ معاشرے میں فرق یا

اختلاف موجود تھے مگر وہ انھیں فطری یا بے لوچ نہیں مانتے تھے۔ وہ پیدائش پر مبنی حیثیت یا درجے کے تصور کو بھی مسترد کرتے ہیں۔

14۔ باشرع،شریعت پر عمل کرنے والے، بے شرع،شریعت کی نافرمانی کرنے والے۔

15۔ اہم صوفی سلسلے

(i) چشتی

(ii) سہروردی

(iii) قادری

(iv) نقشبندی

16۔ کبیر کی بانی تین خصوصی کتابوں میں شامل کی گئی ہیں۔

(i) کبیر بیجک (ii) کبیر گرنتھاولی (iii) آدی گرنتھ صاحب

17۔ باباگرونانک (1539-1469) نے نرگن بھکتی کی اشاعت وتبلیغ کی۔ یہ کسی نئے تہذیب کو قائم کرنا نہیں چاہتے تھے۔ان کی تعلیمات کو ''آدی گرنتھ صاحب'' میں مرتب کیا گیا ہے۔گرونانک کے جانشین اور دسویں گروگوبند نے خالصہ پنتھ (پاک لوگوں کی فوج) کی بنیا ڈالی۔

18۔ گرونانک کے وارث اور دسویں گروگووند سنگھ نے خالصہ پنتھ کی بنیا ڈالی اور سکھوں کو ایک فوجی شکل میں تشکیل کردیا۔

19۔ میرابائی بھگتی روایات میں سب سے مشہور شاعرہ ہیں۔

20۔ چدمبر، تنجاور اور گنگئی کونڈاچولاپورم کے شاندار شیومندر چول حکمرانوں کی سرپرستی اور مدد سے تعمیر ہوئے۔

21۔ چول حکمراں پرانتک اول نے سنت شاعر اپا رسمبندر اور سندرا کی دھات سے بنی مورتیاں ایک شیومندر میں لگوائیں۔

22۔ ناتھ، جوگی اور سدھ مذہبی عقائد جو راسخ العقیدہ برہمنی ڈھانچے کے باہر تھے انہوں نے ویدوں کے اقتدار پر سوالات اٹھائے تھے اور اپنے خیالات کا اظہار عوام الناس کی زبان میں کیا۔

23۔ نظریاتی طور پر مسلم حکمراں کو علما کے بتائے ہوئے راستے پر چلنا ہوتا تھا۔

24۔ ملیچھ۔ مہاجر قوم کے لیے ایک عام اصطلاح تھی۔ یہ ذات پات پر مبنی سماج کے معیارات کے پابند نہیں تھے۔ سنسکرت سے مختلف زبانیں بولتے تھے۔

## مختصر ترین سوالات 1 نمبر

1۔ علماء کون تھے؟

2۔ صوفیت سے کیا مراد ہے؟

3۔ پدماوت کے مصنف کون تھے؟

4۔ بابا فرید نے کس زبان میں شاعری لکھی اور وہ کس کتاب میں ملتی ہے؟

5۔ مسلم صوفیوں کی درگاہوں پر عقیدت مند لوگ کیوں آتے ہیں؟ کوئی وجہ بتائیے۔

6۔ کبیر کو بھکتی کا راستہ دکھانے والے..........تھے۔

7۔ الواروں اور نیناروں کا ذاتی کے رواج کے بارے میں کوئی ایک نظریہ بتائیے۔

8۔ لنگایتوں کے کسی ایک مذہبی عقائد اور روایت کا خلاصہ کیجئے۔

9۔ خالصہ پنتھ کا کیا مطلب ہے؟

10۔ چشتی سلسلہ میں عبادت کا طریقہ مختصر میں بیان کیجئے۔

11۔ صوفیوں نے ہندوستان میں ان مقامی رواجوں کو اپنایا:

(i) مریدوں کا سر منڈوانا

(ii) یوگ اور ریاضیات

(iii) ملنے والے لوگوں کو پانی پلانا

(iv) شیخ کے سامنے جھکنا

(v) سماع کی محفل کے ذریعے خدا کی عبادت

مندرجہ ذیل میں سے صحیح ترتیب چنئے۔

(الف) (i) (ii) (iii) (v)

(ب) (ii) (iii) (iv) (v)

(ج) (ii) (iii) (iv) (v)

(د) (i) (iii) (iv) (v)

12۔ امیر خسرو ملنے جاتے تھے:۔

(الف) بابا فرید سے (ب) خواجہ معین الدین چشتی سے

(ج) چراغ دہلوی سے (د) شیخ نظام الدین سے

13۔ نیاروں اور الواروں نے تبلیغ کی:۔

(الف) ایشٹ دیو کے سامنے سپردگی (ب) سخت عبادت (تپسیہ)

(ج) ذات کے نظام کی حمایت (د) علم کے راستے پر چلنا

14۔ گرونانک کے بعد گرو کے عہدے پر بیٹھے

(الف) گرو گووند سنگھ (ب) گرو انگد

(ج) گرو تیغ بہادر (د) گرو ارجن دیو

15۔ صوفیت کا تعلق ہے:

(الف) ہندو مذہب سے (ب) سکھ مذہب سے

(ج) اسلام مذہب سے (د) عیسائی مذہب سے

16۔ سگن بھکتی ہے

(i) خدا کی مورتی بنا کر عبادت کرنا

(ii) بغیر/بنا خدا کی مورتی بنا کر عبادت کرنا

(iii) شیو، وشنو اور اس کے اوتاروں کی عبادت کرنا

(iv) بنا کسی خصوصیات کے عبادت کرنا

(الف) i اور iii (ب) ii اور iii

(ج) iii اور iv (د) i اور iv

17۔ درج ذیل میں سے کون کون مَنا رسنت تھے؟

i۔ اپاڑ ii۔ سمبندر

iii۔ سندرموَرتی iv۔ انڈال

(الف) I II IV

(ب) II III IV

(ج) I II III

(د) I III IV

18۔ ویرشیو مسلک کی شروعات ہوئی تھی

(الف) کرناٹک میں (ب) تامل ناڈو میں

(ج) آندھرا پردیش میں (د) کیرالہ

19۔ جوڑے بنایئے

(i) سلسلہ (A) شریعت

(ii) خانقاہ (B) صوفی تنظیم

(iii) بے شریعہ (C) شریعت کو ماننے والے

(iv) باشریعہ (D) صوفیوں کے رہنے کی جگہ

صحیح ترتیب چنئے

(الف) B(i) D(ii) A(iii) C(iv)

(ب) B(i) D(ii) C(iii) A(iv)

(ج) D(i) B(ii) A(iii) C(iv)

(د) D(i) A(ii) B(iii) C(iv)

20۔ صحیح جوڑے بنایئے۔

(i) کرشن بھگتی کے سنت (A) انڈال

(ii) نرگن بھگتی کے سنت (B) میرابائی

(iii) الوارسنت　　　(C) کرائیکل

(iv) میٹرسنت　　　(D) کبیر

صحیح جوڑے بنایئے

(الف) A(i)　D(ii)　C(iii)　D(iv)

(ب) B(i)　B(ii)　A(iii)　C(iv)

(ج) B(i)　D(ii)　C(iii)　A(iv)

(د) B(i)　D(ii)　A(iii)　C(iv)

21۔ دی گئی تصویر کو غور سے دیکھئے اور بتایئے کہ یہ تصویر کس دیوی کی ہے اور اس کا تعلق کس مذہب سے ہے؟



# معروضی سوالات

1۔ علماء کون تھے۔

1۔ مسلم صوفی سنت 2۔ دین اسلام کے عالم

3۔ مسلم معاشرہ کو ہدایت دینے والا قانون 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

2۔ جگن ناتھ کے لفظی معنی کیا ہیں۔

1۔ وشنو اور شیو کا اوتار 2۔ پوری کائنات کا مالک

3۔ ناتھ طبقہ کی روایات 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

3۔ بیان A: روایتی بھکتی تحریک ( لگ بھگ چھٹی صدی )الواروں اور نیناروں کی رہنمائی میں ہوئی۔

سبب R: اپنے سفر کے دوران الوار اور نینار سنتوں نے کچھ مقدس مقامات کو اپنے بھگوانوں کے طور پر نامزد کیا۔

A۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ کرتا ہے۔

B۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ نہیں کرتا ہے۔

C۔ صرف R صحیح ہے جبکہ A غلط ہے۔

D۔ صرف A صحیح ہے جبکہ R غلط ہے۔

4۔ کرناٹک میں ویرشیو تحریک کے بانی کون تھے؟

1۔ باسنا 2۔ اپار 3۔ سمبدر 4۔ سندار

5۔ پدماوت کی تخلیق کس نے کی؟

1۔ امیر خسرو 2۔ بابا فرید

3۔ ملک محمد جائسی 4۔ امیر حسن

6۔ خواجہ معین الدین چشتی کی درگاہ پر آنیوالا پہلا سلطان کون تھا؟

1۔ قطب الدین ایبک 2۔ التمش

3۔ محمد بن تغلق 4۔ علاؤالدین خلجی

7۔ مندرجہ ذیل میں کون وشنو دھرم کی تبلیغ کے لیے ابھرا۔

1۔ چیتنیہ مہاپربھو 2۔ تکارام

3۔ شنکردیو 4۔ ولبھ چاریہ

8۔ مندرجہ ذیل بیانوں میں کبیر کے تعلق سے کونسا بیان صحیح ہے۔

1۔ کبیر سے منسوب اشعار تین ممتاز روایات میں تدوین کیے گئے ہیں۔

2۔ کبیر کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ انھوں نے بنیادی سچائی کو بیان کرنے کے لیے روایات کے سلسلے کو استعمال کیا۔

3۔ کبیر سچائی کو پیش کرنے کے لیے اللہ، خدا، حضرت اور پیر کے نام کو استعمال کیا۔

جواب: (a) 1اور2، (b) 1اور3 (c) 3اور 1, 2 (d) 3 اور 2

9۔ خالصہ پنتھ کی بنیاد کس نے کی۔

1۔ گرونانک، 2۔ گروتیغ بہادر

3۔ گروگوبند سنگھ 4۔ گروہرگوبند

10۔ مندرجہ ذیل بیانوں میں میرابائی کے تعلق سے صحیح ہے۔

1۔ میرابائی مارواڑ کے میرتا ضلع کی ایک راجپوت شہزادی تھی۔

2۔ میرابائی کے گرو(استاد) کا نام ریداس تھا۔

3۔ اس نے وشنو کے اوتار کرشن کو اپنا شوہر مانا

4۔ وہ شاہی محل سے نکل کر ایک مشہور شاعرہ بن گئی۔

(a) iii اور ii, i

(b) iv اور iii, ii

(c) ivاور iii, i

(d) iv اور iii, ii, i

22۔ اقتباس پر منحصر سوال تین نمبر

# تمل ناڈو کے الوار اور نینار

ابتدائی بھگتی تحریکات کی ابتدا (تقریباً چھٹی صدی) الواروں (خصوصی طور پر جو وشنو کی بھگتی میں مستغرق ہو) اور نینار (خصوصی طور پر شیو بھگتی کے قائد) کی قیادت میں ہوئی۔ یہ ایک جگہ سے دوسرے جگہ سیاحت کرتے ہوئے اپنے بھگوانوں یا اوتاروں کی مدح میں تمل زبان میں بھجن گاتے تھے۔
اپنی سیاحت کے دوران اور نینار سنتوں نے کچھ مقدس یادگار مقامات کو اپنے بھگوانوں کے مسکن کے طور پر نام و نشان دیا۔ بعد میں اکثر ان ہی مقدس مقامات پر بڑے وسیع مندروں کو تعمیر کیا گیا اور یہ مقامات زیارت گاہ کے طور پر ترقی کرتے گئے۔ سنت شاعروں کے بھجنوں کو ان زیارتی مندروں میں مذہبی رسوم و رواج کے موقع پر گایا جانا عبادت کا حصہ بن گیا۔ ساتھ ہی ان سنتوں کی شبیہہ (مورتی) کی بھی پوجا کی جاتی تھی۔

## سوالات

A۔ جنوب کے الوار سنت کس دیوتا کے پوجاری تھے؟

الف۔ شیو    ب۔ برہما

ج۔ وشنو    د۔ گنیش

B۔ شیو کی خواتین بھگت تھی:

(الف) انڈال    (ب) کیرائکل امیار

(ج) دونوں    (د) دونوں میں سے کوئی نہیں

C۔ بیان A:۔ الوار اور نینار سنتوں نے ذاتی کے رواج اور برہمنوں کی افضلیت کے خلاف آواز اٹھائی

سبب R:۔ یہ بھگتی سنت مختلف ذاتی برادریوں میں سے تھے جیسے برہمن، کاشت کار، کسان اور نیچی مانے جانے والی ذاتیں

(الف) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں اور سبب R بیان A کا صحیح خلاصہ ہے۔

(ب) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں اور سبب R بیان A کا صحیح خلاصہ نہیں ہے۔

(ج) صرف بیان A صحیح ہے

(د) صرف سبب R صحیح ہے

D۔ الوار سنتوں کے کس شعری مجموعہ کا خلاصہ تمل بیل کے طور پر کیا جاتا ہے؟

(الف) نل ایرا دیو پر بندم (ب) میگھ دوتم

(ج) قراہ شار جیم (د) شیلو کا روحکارم

23۔ اڑیسہ کے اس مشہور دیوتا کی تصویر کو غور سے دیکھئے اور دیئے گئے کسی تین سوالوں کا صحیح جواب دیجئے۔



## سوالات

A۔ اس تصویر میں اہم دیوتا کا کیا نام ہے؟

(الف) رام (ب) شیو

(ج) جگناتھ (د) وٹل

B۔ اس تصویر میں سوترا کس کی پتنی ہے؟

(الف) جگناتھ (ب) بلرام

(ج) کرشن (د) تلسی داس

C۔ بیانA:۔ یہ تصویر چھوٹے اور عظیم کی روایت کا ایک بہترین نمونہ ہے۔

سببR:۔ چھوٹی اور عظیم رواداری لفظ بیسویں صدی کے ماہرین ساجیات رویت ریڈفیل نے پیش کیا تھا۔

(الف) صرف بیان A صحیح ہے

(ب) صرف سبب R صحیح ہے

(ج) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں اور سبب R بیان A کا صحیح خلاصہ ہے۔

(د) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں اور سبب R بیان A کا صحیح خلاصہ نہیں ہے۔

D۔ کرشن بھگتی کس پرمپرا اور روایات کی مثال ہے؟

(الف) چھوٹی روایت (ب) عظیم روایت

(ج) دونوں (د) دونوں میں سے کوئی نہیں

## مختصر جواب والے سوالات (3 نمبر والے)

1۔ چشتی سلسلہ کو مختصر طور پر بیان کیجئے۔

2۔ بھگتی تحریک کی ابتدا کی اہم وجوہات کیا تھیں؟

3۔ ہندوستان کے سماجی نظام پر بھگتی تحریک کے پڑنے والے اثرات کی وضاحت کیجئے۔

4۔ صوفی ازم میں خانقاہ کا تذکرہ کیجئے۔

5۔ الوار اور نینار سنتوں سے کیا مراد ہے؟ ذات پات سے متعلق ان کا نظریہ کیا تھا؟

6۔ حکمرانوں اور رعایا کے مذہبی عقائد میں کیا اختلاف تھے؟ حکمرانوں کے ذریعہ اس کے لئے کیا کوششیں کی گئیں؟

7۔ بھکتی سنتوں کا کن کن صوبوں سے تعلق ہے؟ بتایئے

8۔ کبیر کے ذریعے بنیادی سچائی کی نوعیت کو واضح کیجئے؟

9۔ ویرشیو کون تھے؟ انہوں نے سماج میں رائج کن برائیوں کی مخالفت کی؟

10۔ اسلام کی ان خصوصیات کی وضاحت کیجئے جن کی مدد سے یہ مذہب پورے جزیرے نما میں پھیل گیا۔

11۔ صوفی سنتوں کے ریاستوں کے ساتھ کس طرح کے تعلقات تھے؟

12۔ انڈال اور کبرائیکل امیار کون تھی اور ان کا کیا تعاون تھا؟

## طویل جواب والے سوالات (آٹھ نمبر والے)

1۔ صوفی مت کے اہم اصولوں کی بیان کیجئے۔

2۔ بھکتی رسومات میں عورتوں کے تعاون کا تذکرہ کیجئے۔

3۔ کبیر، گرونانک اور میرابائی اکیسویں صدی میں بھی معنویت کی حامل ہیں۔ اس بیان پر تبصرہ کیجئے۔

4۔ کبیر ایک سماجی مصلح تھے۔ کبیر کی تعلیمات کے ضمن میں مذکورہ بیان پر تبصرہ کیجئے۔

5۔ صوفی سنتوں کے ریاستوں کے ساتھ تعلقات پر روشنی ڈالئے۔

6۔ کبیر اور نانک کی اہم تعلیمات کو بیان کیجئے۔ ان کی تبلیغ کس طرح کی گئی؟

7۔ گرونانک کی تعلیمات پر روشنی ڈالئے۔ کیا وہ کوئی نئے مذہب کی بنیا دڈالنا چاہتے تھے؟

8۔ لنگایت کون تھے؟ ذات پات کے تناظر میں سماجی اور مذہبی ضمن میں ان کے تعاون کا تذکرہ کیجئے۔

9۔ معروف خاتون شاعرہ میرابائی کی سوانح عمری ابتدائی طور پر کس بنیاد پر مرتب کی گئی ہے؟ سماج میں رائج عقیدوں کی حکم عدولی کس طرح کی؟ واضح کیجئے۔

10۔ شیخ نظام الدین اولیاء کی خانقاہی زندگی کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

# مغل شہزادی جہاں آرا کی زیارت:1643

مندرجہ ذیل اقتباس جہاں آرا کی تحریر کردہ ''شیخ معین الدین چشتی'' کی سوانح عمری بعنوان 'مونس الارواح'' سے لیا گیا ہے

اللہ تعالی کی حمد وثنا کے بعد.........یہ فقیر و حقیرہ جہاں آرا دارالسلطنت آگرہ سے اپنے عظیم ولد (شاہ جہاں) کے ہمراہ خطہ پاک اجمیر کے لیے روانہ ہوئی.......میں اس بات کے لیے پابند تھی کہ ہر روز ہر منزل پر دو رکعت نماز نفل ادا کروں گی۔ بہت دن تک.....میں تینڈوے کی کھال پر نہ سوئی اور نہ روضۂ مبارک (مقدس درگاہ) کی سمت پیر پھیلائے اور نہ اس کی طرف پشت کی۔ میں نے درخت کے نیچے دن گزارے۔

بروز جمعرات، رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے چوتھے دن مرقد معطر و منور کی زیارت کی خوشی وسعادت حاصل ہوئی...دن کی روشنی کا ایک پہر باقی تھا کہ میں روضۂ اقدس کے اندر گئی اور اپنے زرد چہرے پر اس آستانے کی خاک ملی۔ دروازہ سے روضۂ مقدس تک برہنہ پا زمین چومتی گئی۔ گنبد شریف میں داخل ہو کر اپنے پیر کے پرنور روضہ کے سات پھیرے لیے...آخر میں عمدہ ترین عطر کو معطر روضہ پر اپنے ہاتھوں سے ملا اور گلاب کے پھولوں کی چادر جو اپنے سر پر رکھ کر لائی تھی، میں نے قبر مبارک پر چڑھائی۔

## سوالات

1۔ جہاں آرا نے سفر کے دوران کن اصولوں پر عمل کیا؟ 3

2۔ جہاں آرا نے درگاہ کی زیارت کے منظر کو کیسے بیان کیا ہے؟ 2

3۔ زیارت سے کیا مراد ہے؟ 2

2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

## شاہی تحفے کا قبول نہ کرنا

یہ اقتباس ایک صوفی کی کتاب سے لیا گیا ہے جو 1313 میں شیخ نظام الدین اولیا کی خانقاہ کے طریقۂ عمل کو بیان کرتی ہے۔

میں (امیر حسن سنجری) خوش قسمت تھا کہ ان (شیخ نظام الدین اولیا) کی قدم بوسی کر پایا.....اس زمانے میں ایک مقامی حکمراں نے باغیچوں اور بہت سی زمین کی ملکیت کی دستاویز مع ان کی دیکھ بھال کے اوزاروں کی گنجائش و شرائط کے ساتھ شیخ کے پاس بھیجی۔ حکمراں نے یہ بھی واضح کیا کہ وہ باغیچوں اور زمین پر اپنے تمام حقوق سے دست بردار ہوتا ہے۔ آقا (شیخ) نے یہ تحفہ قبول نہ کیا اس کے بجائے انھوں نے افسوس کیا۔ ''ان باغیچوں، کھیت اور زمین کے ساتھ کیا کرنا؟..... ہمارے کسی بھی روحانی پیر نے اس طرح کے عمل میں اپنے آپ کو مشغول نہیں کیا۔''

پھر انھوں نے ایک مناسب حکایت بیان کی...''سلطان غیاث الدین جو اس زمانے میں الغ خان کے نام سے معروف تھے شیخ فرید الدین کی زیارت کے لیے آئے۔ انھوں نے کچھ رقم اور چار گاؤں کی ملکیت کی دستاویز شیخ کو پیش کی۔ رقم درویشوں (صوفیا) کی بھلائی کے لیے اور زمین شیخ کے استعمال کے لیے تھی۔ شیخ الاسلام (فرید الدین) نے مسکراتے ہوئے کہا۔ مجھے رقم دے دو میں اس کو درویشوں میں تقسیم کر دوں گا لیکن جہاں تک زمین کی دستاویز کا سوال ہے اسے تم رکھو بہت لوگ جو طویل عرصہ سے اس کے متمنی ہیں ان کو دے دو

## سوالات

1۔ غیاث الدین سلطان نے رقم کن لوگوں کے لیے دی تھی؟ 2

2۔ حضرت نظام الدین اولیا کو مقامی حکمراں نے کیا تحفہ پیش کیا؟ 2

3۔ مندرجہ بالا اقتباس کی بنیاد پر حکمراں اور صوفی سنتوں کے تعلقات کی وضاحت کیجیے۔ 3

# موضوع۔سات

# ایک شاہی راجدھانی — وجے نگر

## (تقریباً چودھویں صدی سے سولہویں صدی تک)

## یاد رکھنے لائق نکات

1۔ وجے نگر یا "فتح کا شہر" سلطنت چودھویں صدی میں قائم ہوئی تھی۔

2۔ یہ کرشنا، تنگ بھدرا دوآب علاقے میں واقع تھا۔

3۔ ہمپی کے بھگناویش سب سے پہلے 1800 عیسوی صدی میں کرنل کولن میکینزی کے ذریعہ روشنی میں آئے۔

4۔ میکنزی جو ایسٹ انڈیا کمپنی کے ملازم تھے، نے اس مقام کا سب سے پہلے سروے پر مبنی نقشہ تیار کیا۔

5۔ وجے نگر سلطنت کا قیام 1336 عیسوی میں ہری ہرا اور بکا کے ذریعہ عمل میں آیا۔

6۔ وجے نگر کے حکمراں اپنے آپ کو 'رائے' کہتے تھے۔

7۔ وجے نگر کے حکمرانوں کی دکن کے سلاطین، اڑیسہ کے بادشاہوں وغیرہ کے ہم عصر حکمرانوں کے ساتھ مقابلہ آرائی کی۔

8۔ اس دور میں حکمراں، گھوڑ سوار فوج کے گھوڑوں کے لئے عربی تاجروں پر منحصر تھے۔

9۔ وجے نگر مسالوں، کپڑوں اور قیمتی پتھروں کے اپنے بازاروں کے لیے مشہور تھا۔

10۔ غیر ملکی تجارت سے حاصل سرکاری ٹیکس کے ذریعہ وجے نگر کی ترقی ہوئی۔

11۔ وجے نگر پر سنگم، سلو، تلوو اور اراویڈو وغیرہ خاندانوں نے حکومت کی۔

12۔ وجے نگر کے سب سے زیادہ مشہور بہادر بادشاہ کرشن دیو رائے کا تعلق تلوو خاندان سے تھا۔ کرشن دیو رائے نے آئین جہانبانی کے متعلق تیلگو زبان میں "امکتا ملائد" نامی کتاب تحریر کی تھی۔

13۔ عظیم قلعوں کی دیواروں سے وجے نگر شہر کی گھیرابندی کی گئی تھی۔

14۔ کنویں برسات کے پانی والے آبی ذخائر اور مندروں کے آبی ذخائر وغیرہ ممکنہ طور پر عام شہریوں کے لیے پانی کے وسیلے کا کام کرتے تھے۔

15۔ دو بہت ہی موثر پلیٹ فارم ہیں— ''دیوان عام'' اور ''مہانومی ڈبہ''

16۔ شاہی مرکز میں واقع سب سے خوبصورت عمارتوں میں سے ایک عمارت 'کمل محل' ہے۔

17۔ نایک فوجی سربراہ (سردار) تھے۔ ان کے پاس ہتھیار بند مددگار ہوتے تھے۔

18۔ امر نایک (अमर नायक) فوجی کمانڈر ہوتے تھے۔

19۔ وجے نگر میں دو مشہور مندر ویروپکش مندر اور وٹل مندر

20۔ 'ہزارا رام مندر' وجے نگر کے شاہی مرکز میں واقع ہے۔

21۔ دکن کے مندروں کے اونچے دروازوں کو ''گوپورم'' کہا جاتا ہے۔

22۔ مہانومی ڈبہ ایک بڑا اور بھاری پلیٹ فارم ہے جو تقریباً 1100 مربع فٹ کی کرسی سے 40 فٹ کی بلندی تک اٹھا ہوا ہے۔

23۔ شہر کا قلب (مرکز) شہر کے قلب کی جانب جانے والی سڑکوں کی طرف چلیں تو عام لوگوں کے مکانات کی شہادتیں نسبتاً کم ملتی ہیں۔ ماہرین آثار قدیمہ کو کچھ علاقوں بشمول شہروں کے قلب کا شمال مشرقی کنارے میں عمدہ چینی برتن ملے ہیں۔

24۔ پرتگالی سیاح باربوسا کے مطابق دیگر لوگوں کے مکانات چھپر کے ہیں مگر یہ بھی اچھے ڈھنگ سے بنائے گئے ہیں۔ پیشے کے مطابق بہت کھلے مقامات والی لمبی سڑکوں پر منظم طریقے سے بنائے گئے ہیں۔

25۔ آبی وسائل— تنگ بھدرا ندی شمال مشرق کی سمت بہتی ہے۔ وجے نگر کی سب سے قابل توجہ خصوصیت تنگ بھدرا ندی کے ذریعے تشکیل کیا گیا ایک قدرتی نشیبی زمین (بیسن) ہے۔ قرب وجوار کے بری مناظر نہایت عمدہ گرینائٹ کی پہاڑیوں سے متصف ہیں جو شہر کے اطراف حلقہ بناتی دکھائی دیتی ہیں۔

26۔ کملاپورم ایک آبی ذخیرہ، ایک اہم حوض ہے، جس کی تعمیر پندرہویں صدی کے ابتدائی سالوں میں ہوئی تھی۔ اسے ایک نہر کے ذریعے شاہی مرکز تک بھی لے جایا گیا ہے۔

ہیریا نہر— سب سے اہم آب رسانی کے کام کے لیے جانی جاتی ہے جسے اب کھنڈرات میں دیکھا جاسکتا ہے

27۔ 1565 میں وجے نگر کے وزیر اعظم رام رائے کی قیادت میں راکشسی تانگاڑی (تالی کوٹا) کے میدان جنگ میں بیجاپور، احمد نگر اور گولکنڈہ کی مشترکہ فوجوں کے ہاتھوں وجے نگر کی شکست ہوئی۔

وجے نگر سلطنت میں آنے والے تین سیاح

| | سیاح | ملک |
|---|---|---|
| (i) | عبدالرزاق | فارس |
| (ii) | کولن میکھوری | اٹلی |
| (iii) | ڈومنگوپیس | اٹلی |

## مختصرترین سوالات 1 نمبر

1۔ وجے نگر کے کمل پورم حوض کی ایک اہمیت بتائیے۔

2۔ گوپورم اور منڈپ میں کوئی ایک فرق بتائیے۔

3۔ وجے نگر کو کب اور کس نے قائم کیا؟

4۔ وجے نگر کے حکمرانوں نے کون سا اعزاز حاصل کیا تھا؟

5۔ اشوپتی (گھوڑے کے مالک) اور نرپتی لوگوں کے مالک میکس کیا فرق ہے؟

6۔ راکشی۔ تانگڑی کی لڑائی کن کے بیچ میں ہوئی اور اس میں کس کو فتح ملی؟

7۔ وجے نگر کی دارالسلطنت کا کیا نام تھا؟ اور اسے کس کے نام پر رکھا گیا تھا؟

8۔ کرشن دیورائے کی حکومت کی کیا خصوصیات تھیں؟

9۔ کرشن دیورائے کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

10۔ یون راج کو قائم کرنے والا وید کس نے اور کیوں تمغہ حاصل کیا؟ کوئی ایک وجہ بتائیے۔

## Objective Type questions

11۔ وجے نگر کے راجاؤں نے ایک طاقتور فوج رکھی تاکہ وہ۔

(الف) عوام پر سخت کنٹرول کر سکے

(ب) زیادہ لوگوں کو روزگار دے سکے

(ج) دکن کے سلطانوں کے حملوں سے حفاظت کے لئے

(د) ان میں سے کوئی نہیں

12۔ وجے نگر اور دکن کے سلطانوں کے بیچ لگاتار تنازع کی وجہ تھی۔

(الف) سیاسی اور معاشی (ب) سیاسی، سماجی اور معاشی

(ج) ثقافتی اور معاشی (د) سیاسی، ثقافتی اور معاشی

13۔ امرنایک درج ذیل میں سے کون سا کام نہیں کرتے تھے۔

(الف) وہ کسانوں اور دستکاروں اور تاجروں سے

(ب) یہ سلطنت کی تجارتی حکمت عملی تیار کرتے تھے

(ج) وہ راجا کو ایک طاقتور فوج مہیا کراتے تھے

(د) وہ اپنے علاقوں کے مندروں اور آب پاشی کے ذرائع پر رقم خرچ کرتے تھے

14۔ راجا کرشن رائے دیو نے درج ذیل کتاب لکھی

(الف) عامقت ملید (ب) لیلرادیو پروندھم

(ج) تب رم (د) پروگرنتھ صاحب

15۔ وجے نگر سلطنت پر کتنے شاہی خاندانوں کی حکومت رہی؟

(الف) دو (ب) پانچ

(ج) تین (د) چار

16۔ کرشن دیو رائے دور حکومت تھا

(الف) 1485ء سے 1550ء تک (ب) 1509ء سے 1529ء تک

(ج) 1533ء سے 1545ء تک (د) 1550ء سے 1565ء تک

17۔ وجے نگر کے راجاؤں نے کاشت کو بڑھاوا دینے کے لئے درج ذیل کام کیا

(الف) باندھ اور نہروں کو بندھوا کر

(ب) کاشت کی زمین پر لگان بنا کر

(ج) فصل کے بازار کا انتظام کرنا

(د) فوج کے لئے کھانے کی اشیا خرید کر

18۔ درج ذیل میں سے کرشن دیورائے کے بارے میں کون سا بیان غلط ہے:

(الف) اس نے رائے چورو واب حاصل کیا

(ب) اپنی ماں کے نام پر نگر پورم نام سے ایک شہر قائم کیا

(ج) کئی مشہور جنوبی ہندوستانی مندروں میں عالیشان گوپرموں کو جڑوایا۔

(د) اس نے بلی کے رواج پر روک لگائی

19۔ کالم A اور B سے جوڑے بنائیں

| | A | | B | |
|---|---|---|---|---|
| (i) | عبدالرزاق | A | عام لوگوں کے گھروں کا خلاصہ |
| (ii) | دومنگولیسٹ | B | وجے نگر کی قلعہ بندی کا خلاصہ |
| (iii) | فرنا ونویج | C | کرشن دیورائے ذکر |
| (iv) | بردوسا | D | وجے نگر کے بازار میں بکنے والے گوشت کا خلاصہ |

صحیح جوڑے بنایئے

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | i | C | ii | B | iii | D | iv | A |
| (ب) | i | B | ii | C | iii | A | iv | D |
| (ج) | i | B | ii | C | iii | D | iv | A |
| (د) | i | B | ii | D | iii | C | iv | A |

20۔ بیان:۔ 1542 تک وجے نگر کی حکومت اروا وید کے خاندان میں چلی گئی

سبب:۔ راکیسی....... تانگری کی لڑائی کرادی۔ہاتھ کے بعد وجے نگر سلطنت نے طاقتور سلطنت نہیں رہی۔

(الف) صرف بیان صحیح ہے

(ب) صرف سبب صحیح ہے

(ج) صرف بیان اور سبب دونوں صحیح ہیں اور بیان سبب کا خلاصہ کرتا ہے

(د) بیان اور سبب دونوں صحیح ہیں، لیکن سبب بیان کا خلاصہ نہیں کرتا

21۔ وجے نگر میں واقع یہ عالیشان فن تعمیرات کے نمونے کا کیا نام ہے؟



# آبی وسائل

وجے نگر کے مقام کی سب سے زیادہ قابل توجہ خصوصیت تنگ بھدراندی کے ذریعہ تشکیل کیا گیا ایک قدرتی نشیبی زمین (بیسن) ہے۔تنگ بھدراندی شمال مشرق کی سمت بہتی ہے۔قرب وجوار کے بری مناظر نہایت عمدہ گرینائٹ کی پہاڑیوں سے متصف ہیں جو شہر کے اطراف حلقہ بناتی دکھائی دیتی ہیں۔ان ابھری ہوئی پہاڑیوں سے کئی چشمے بہہ کر ندی سے ملتے ہیں۔

ان سبھی معاملات میں ان چشموں کے ساتھ باندھ بنا کر مختلف سائز کے آبی ذخیرے بنائے گئے تھے۔کیونکہ یہ

جزیرہ نما کے سب سے خشک حلقوں میں سے ایک تھا۔ اس لیے بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنے اور اس کو شہر تک لانے کے لیے مناسب بندوبست کرنا ضروری تھا۔ اس طرح کے آبی ذخیروں میں سے ایک تعمیر پندرھویں صدی کے ابتدائی سالوں میں ہوئی تھی اور جس کو اب کملاپورم آبی ذخیرہ کہا جاتا ہے۔ اس آبی ذخیرہ کے پانی سے نہ صرف قرب وجوار کے کھیتوں کی آب پاشی کی جاتی تھی بلکہ ایک نہر کے ذریعہ ''شاہی مرکز'' تک بھی لے جایا گیا ہے۔

سب سے اہم آب رسانی کے کام کو ''ہیریا نہر'' کے کھنڈرات میں دیکھا جا سکتا ہے۔ اس نہر میں تنگ بھدرا ندی پر بنے باندھ سے پانی لایا جاتا تھا اور اس سے ''مذہبی مرکز'' سے ''شہری قلب'' کو الگ کرنے والی زراعت یافتہ وادی کی آبپاشی کی جاتی تھی۔ اس کو غالباً سنگم شاہی خاندان کے راجاؤں نے تعمیر کروایا تھا۔

A۔ وجے نگر کے راجاؤں نے باندھوں اور نہروں کو تعمیر کروایا کیونکہ:

(الف) وجے نگر ایک سوکھا علاقہ تھا

(ب) کاشت کی زمین کی آب پاشی کے لئے

(ج) گھریلو استعمال کے لئے

(د) درج بالا سب کے لئے

B۔ کس سیاح نے کرشن دیورائے کے بنوائے ہوئے حوض کے بارے میں ذکر کیا ہے؟

(الف) ڈومنگو پیس (ب) مارکوپولو

(ب) ابن بطوطہ (ف) فرانسوا برنیر

C۔ کمل پورم حوض کب بنا؟

(الف) پندرہویں صدی (ب) سولہویں صدی

(ج) تیرہویں صدی (د) بارہویں صدی

D۔ نیچے دو بیانات دیئے گئے ہیں جن میں سے ایک کو بیان A کے طور پر اور دوسرے سبب R کے طور پر دکھایا گیا ہے۔ اس میں

سے صحیح کون سا ہے؟ بتائیے

بیان A:۔ تنگ دریا کے لہروں کے ساتھ ساتھ باندھ بنا کر الگ الگ طرح کے سائز کے حوض بنائے گئے تھے۔

سبب R:۔ یہ علاقہ برصغیر کے سب سے خشک علاقوں میں سے تھا اس لئے پانی کا انتظام کرنا اور جمع کرنا ضروری تھا۔

(الف) بیان A اور سبب R دونوں درست ہیں۔ سبب R بیان A کا خلاصہ کرتا ہے

(ب) بیان A اور سبب R دونوں درست ہیں۔ سبب R بیان A کا خلاصہ کرنہیں تا ہے

(ج) صرف بیان A درست ہے

(د) صرف سبب R درست ہے

22۔ وجے نگر میں واقع اس مندر کو غور سے دیکھئے اور نیچے دیئے گئے کسی چار سوالوں کے جواب دیجئے۔



A۔ یہ تصویر وجے نگر کے............مندر کی ہے

(الف) کمل محل (ب) ہزار رام مندر

(ج) ویروپاکس مندر (د) وٹھل مندر

B۔ یہ مندر کس دیوتا کے لئے سپرد ہے؟

(الف) گنیش (ب) وشنو

(ج) شیو (د) درج بالا میں سے کوئی

C۔ مندر کے منڈپ کا استعمال کس کام کے لئے کیا جاتا تھا؟

(الف) دیوی دیوتاؤں کو جھولا جھولانے کے لئے

(ب) تیرتھ یاتری کے آرام کے لئے

(ج) شادی بیاہ کے لئے

(د) کھانے کی اشیاء کو جمع کرنے کے لئے

23۔ نیچے دو بیان دیئے گئے ہیں جن میں سے ایک بیان A اور دوسرے کو سبب R کے طور پر دکھایا گیا ہے۔

بیان A:۔ راجاؤں نے مندروں میں منڈپ اور گوپورم بنوائی

سبب R:۔ مندروں میں ان تبدیلیوں کے سبب دیوی، دیوتاؤں کی مورتیوں کو مندر کے چھوٹے حصہ تک محدود کر دیا تھا۔

صحیح جواب چنئے:

(الف) بیان A اور سبب R دونوں درست ہیں۔سبب R بیان A کا خلاصہ کرتا ہے

(ب) بیان A اور سبب R دونوں درست ہیں۔سبب R بیان A کا خلاصہ نہیں کرتا ہے

(ج) صرف بیان A درست ہے

(د) صرف سبب R درست ہے

# معروضی سوالات

1۔ وجے نگر سلطنت کا قیام ہری ہر اور بکا کے ذریعے کب عمل میں آیا؟

1۔ 1342ء میں 2۔ 1336ء میں

3۔ 1436ء میں 4۔ 1236ء میں

2۔ وجے نگر کے حکمرانوں نے اپنے لیے کون سا اعزاز حاصل کیا۔

1۔ رائے 2۔ نایک 3۔ سلطان 4۔ سامنت

3۔ وجے نگر شہر کن دریاؤں کے درمیان بسا ہوا تھا۔

1۔ کرشنا و کاویری ندی 2۔ کرشنا و تنگ بھدرا ندی

3۔ کاویری اور تنگ بھدرا ندی 4۔ گنگا و یمنا ندی

4۔ کرشن دیو رائے کا تعلق کس خاندان سے تھا۔

1۔ سنگم خاندان 2۔ اشونڑ خاندان

3۔ تلوو خاندان 4۔ سلو خاندان

5۔ A۔ وجے نگر کا امر نایک نظام سلطنت کی ایک مخصوص سیاسی اہمیت کا حامل تھا۔

B۔ اس نظام کے کئی عناصر دلی سلطنت کے اقطاع نظام سے لیے گئے تھے۔

A۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ کرتا ہے۔

B۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ نہیں کرتا ہے۔

C۔ صرف R صحیح ہے جبکہ A غلط ہے۔

D۔ صرف A صحیح ہے جبکہ R غلط ہے۔

6۔ ہمپی شہر کو قومی شناخت کب ملی؟

1۔ 1980 2۔ 1986 3۔ 1976 4۔ 1966

7۔ بیان A: ایک لوٹس (کمل) محل جسکا نام 21 ویں صدی کے انگریز سیاحوں نے رکھا۔

بیان B: لوٹس (کمل) محل ایک ایوان مجلس تھا جہاں راجہ اپنے مشیروں سے ملاقات کرتا تھا۔

A۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ کرتا ہے۔

B۔ دونوں A اور R صحیح ہیں اور R، A کا صحیح خلاصہ نہیں کرتا ہے۔

C۔ صرف R صحیح ہے جبکہ A غلط ہے۔

D۔ صرف A صحیح ہے جبکہ R غلط ہے۔

8۔ وجے نگر سلطنت میں تاجروں کے گروپ کو کس نام سے جانا جاتا تھا؟

1۔ ویلار 2۔ کدورئی چیٹی 3۔ سیٹی 4۔ شریٹی

9۔ مہانومی ڈبہ کے تعلق سے مندرجہ ذیل بیانوں میں سے کون سا بیان صحیح ہے۔

A۔ مہانومی ڈبہ، راجہ کے محل کا ہی حصہ تھا۔

B۔ مہانومی ڈبہ مقدس مقام تھا۔

C۔ مہانومی ڈبہ ایک صلاح مشورہ کا مقام تھا۔

D۔ مہانومی ڈبہ ایک مقام مجلس تھا۔

10۔ میلان کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A۔ | عبدالرزاق | 1۔ | اٹلی |
| B۔ | نکولوکونٹی | 2۔ | فارسی |
| C۔ | بربوسا | 3۔ | روس |
| D۔ | نکی تن | 4۔ | پرتگال |

(1) A-iii, B-iv, C-i, D-ii

(2) A-iv, B-iii, C-i, D-ii

(3) A-ii, B-i, C-iv, D-iii

(4) A-iv, B-iii, C-ii, D-i

## مختصر جواب والے سوالات (تین نمبر والے)

1۔ کولن میکنزی کون تھا؟ اس نے تاریخ سے متعلق روایات اور مقامات کا مطالعہ کیوں شروع کیا؟

2۔ پرتگالیوں نے وجے نگر میں اپنے تجارتی مراکز قائم کرنے کی کوشش کیوں کی؟

3۔ مندر کے ایوان (ہال) کا استعمال کس قسم کے کاموں کے لئے کیا جاتا تھا؟

4۔ وجے نگر کے آبی نظام کا تذکرہ کیجئے

5۔ کرشن دیورائے کے خصوصی کارناموں کو بیان کیجئے

6۔ وجے نگر شہر اور سلطنت کی تاریخ کی اکثر نوک تعمیر کس طرح ہوئی؟ وضاحت کیجئے

7۔ کمل محل کا نام کمل محل کیوں رکھا گیا؟ وجے نگر سلطنت میں اس کی اہمیت کو واضح کیجئے

8۔ ہمپی کے کھنڈرات کس طرح اور کب منظر عام پر آئے؟ مختصر واضح کیجئے

9۔ وجے نگر کے امرا نک نظام کی خصوصیات کو بیان کیجئے

10۔ کوپورم کی خصوصیات کا تذکرہ کیجئے

## طویل جواب والے سوالات ( آٹھ نمبر والے )

1۔ وجے نگر حکومت میں امرنائک نظام ایک اہم سیاسی دریافت تھی ۔اس کی وضاحت کیجئے

2۔ وجے نگر کے محلوں، مندروں اور بازاروں کی بازیافت کس طرح کی گئی؟

3۔ وجے نگر میں قلعہ بند علاقے میں زراعتی زمین کو کیوں رکھا گیا تھا؟ اس کے کیا فائدے اور نقصانات تھے؟

4۔ بہمنی اور وجے نگر کے درمیان تصادم (مقابلہ آرائی) کی اہم وجوہات کیا تھی؟

5۔ وجے نگر کے شاہی مرکز میں واقع عمارتوں کا تذکرہ کیجئے۔

6۔ وجے نگر کے جغرافیائی حالات کے بارے میں حیران کن کردینے والی باتیں اس کے آبی ذخائر اور قلعہ بندیوں کا تذکرہ کیجئے

7۔ پندرہویں صدی کے دوران فارس کا سفیر عبدالرزاق وجے نگر کی قلعہ بندی سے کس طرح متاثر ہوا؟

### اقتباس پر مبنی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

## آبی ذخائر (تالاب) کی تعمیر کیسے ہوئی؟

پیس، کرشنا دیورائے کے تعمیر کردہ آبی ذخیرہ کے متعلق لکھتا ہے:

راجا نے ایک آبی ذخیرہ (تالاب) تعمیر کروایا......دو پہاڑوں کے دہن (منہ) پر واقع ہے۔اس وجہ سے کسی بھی پہاڑ کی طرف سے آنے والا سارا پانی یہاں جمع ہو جاتا ہے۔اس کے علاوہ پانی تقریباً تین لیگ (اندازاً 15 کلومیٹر) کی دوری سے پائپوں کے ذریعہ آتا ہے جو باہری سلسلے کے نچلے حصے کے ساتھ بہتا ہے۔یہ پانی ایک جھیل سے لایا جاتا تھا جو بھر جانے پر خود ایک چھوٹی سی ندی میں ملتی ہے۔آبی ذخیرے میں تین بڑے ستون بنے ہیں، جن پر خوبصورتی سے تصاویر منقش کی گئی ہیں۔یہ اوپر سے تین پائپوں کے ذریعہ جڑی ہوئی ہیں جن سے وہ اپنے باغات اور دھان کے کھیتوں کی آبپاشی کے لئے پانی لاتے ہیں۔اس آبی ذخیرہ کو بنانے کے لیے اس راجا نے ایک پہاڑی کو تڑوا دیا تھا.........میں نے اس آبی ذخیرہ میں بہت سے لوگوں کو کام کرتے دیکھا ہے۔یہاں پر پندرہ سے بیس

ہزار افراد تھے بالکل چونٹیوں کی طرح......

## سوالات

1۔ راجا نے تالابوں کی تعمیر کیوں کرائی اور آبی ذخائر میں پانی کی ذخیرہ اندوزی کیسے کی جاتی تھی؟ 2

2۔ وجے نگر کے آبی نظام کو بیان کیجیے۔ 1

3۔ کرشن دیورائے کے ذریعے تالابوں کی تعمیر کہاں اور کیوں کرائی گئی؟ 2

# راجا اور تاجر

وجے نگر کے سب سے مشہور حکمراں کرشن دیورائے (دور حکومت 29-1509) نے آئین جہانبانی کے متعلق تیلگو زبان میں ''امکتاملایدا'' نامی ایک کتاب تحریر کی تھی۔ تاجروں کے متعلق وہ لکھتا ہے:

ایک راجا کو اپنی بندرگاہوں کو بہتر بنانا چاہیے اور تجارت کو اس طرح بڑھاوا دینا چاہیے کہ گھوڑوں، ہاتھیوں، قیمتی جواہرات، صندل کی لکڑی، موتیوں اور دیگر اشیاء کو آزادی کے ساتھ درآمد کیا جا سکے...... اسے ایسا انتظام کرنا چاہیے کہ غیر ملکی جہاز والوں کو جنھیں طوفان، بیماری اور تھکن کی وجہ سے یہاں لنگر انداز ہونا پڑتا ہے، کی مناسب انداز میں دیکھ بھال کی جا سکے...... دور دراز کے غیر ملکی تاجروں جو ہاتھیوں اور عمدہ گھوڑوں کی درآمد کرتے ہیں، سے روزانہ کی رسمی ملاقات کر کے، تحفے دے کر اور مناسب منافع کی منظوری دے کر خود کو وابستہ کرنا چاہیے۔ ایسا کرنے کے بعد یہ اشیا کبھی بھی تمہارے دشمنوں کے ہاتھوں میں نہیں پہنچیں گی۔

## سوالات

1۔ ایک راجا کو اپنی بندرگاہوں کو کیوں بہتر بنانا چاہیے؟ 2

2۔ کرشن دیورائے کے دور حکومت میں کن کن اشیاء کی درآمد ہوتی تھی؟ 2

3۔ راجا کو غیر ملکی تاجروں کے ساتھ مناسب انداز میں دیکھ بھال کیوں کرنا چاہیے؟ 3




دیے گئے ہندوستان کے نقشے پر میسور، گولکونڈا اور تنجور کو دکھایئے۔

اسی نقشے پر دو مقامات A,B دیے گئے ہیں۔ انہیں پہچان کر دی گئی لائن پر ان کا نام لکھئے۔


INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
An Imperial Capital :
Vijayanagara
Bidar
Golconda
Bijapur
Vijayanagara
Kolar
Chandragiri
Mysore
Kanchipuram
Thanjavur
Tirunelveli

# موضوع۔ آٹھ

# کاشت کار، زمیندار اور ریاست

## زرعی سماج اور مغلیہ حکومت

## (تقریباً سولہویں صدی سے سترہویں صدی تک)

## یاد رکھنے لائق نکات

1۔ سولہویں، سترہویں صدی کے دوران ہندوستان میں تقریباً 85 فیصدی لوگ دیہات میں رہتے تھے۔

2۔ چھوٹے کاشت کار اور زمیندار دونوں ہی زرعی پیداوار سے وابستہ تھے۔

3۔ سب سے اہم تاریخی دستاویز 'آئین اکبری' جسے اکبر کے درباری مورخ ابوالفضل نے تحریر کیا تھا۔

4۔ گجرات، مہاراشٹر، راجستھان اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے دستاویز بھی اسی عہد کے ماخذ ہیں۔

5۔ رعیت، مزارعین، خود کاشت، پاہی کاشت، کاشت کار کے لئے استعمال کیے گئے الفاظ ہیں۔

6۔ مانسون ہندوستانی زراعت کی ریڑھ کی ہڈی تھا۔

7۔ موسم کی دو اہم گردشوں کے دوران زراعت کا نظم کیا جاتا تھا۔

— ایک خریف (خزاں کے موسم میں)

— دوسری ربیع (بہار کے موسم میں)

8۔ کپاس اور گنے جیسی فصلیں افضل ترین جنس کامل تھیں۔ وسطی ہندوستان اور دکنی پٹھار کا علاقہ میں کپاس کی کھیتی کی جاتی تھی تلہن اور دلہن بھی نقدی فصلوں میں آتی تھیں جب کہ بنگال چینی کے لیے مشہور تھا۔

8۔ دیہی لوگوں کے تین گروپ تھے۔ زرعی کسان، پنچایت اور گاؤں کا مکھیا (مقدم یا منڈل)۔

9۔ سترھویں صدی میں مارواڑ میں شائع کیے گئے ایک رسالے میں راجپوتوں کا ذکر بحیثیت کسان کیا گیا ہے۔

10۔ جن گاؤں میں کئی ذات کے لوگ رہتے تھے وہاں پنچایت میں بھی تنوع پایا جاتا تھا۔

11۔ زرعی سماج میں خواتین مردوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھیتوں میں تخم ریزی، نرائی اور کٹائی کے ساتھ ساتھ پکی ہوئی فصل سے غلہ کو بھوسا اڑا کر صاف کرنے کا کام کرتی تھیں۔

12۔ دیہی سماج میں کسانوں اور دستکاروں کے درمیان فرق کرنا مشکل ہوتا تھا۔ کیوں کہ کئی ایسے گروہ تھے جو دونوں قسم کے کام کرتے تھے مثلاً بوائی اور ترائی کے درمیان فرائی اور کٹائی کے درمیان کھیتی ہر کسان دستکاری کا کام کرتا تھا۔

13۔ ہم عصر تصانیف میں جنگلات میں رہنے والوں کے لیے ''جنگلی'' کی اصطلاح مستعمل تھی۔

14۔ زمینداروں کی بلند حیثیت کی وجہ اس کی وسیع مقدار میں ذاتی زمین تھی جسے اصطلاحاً 'ملکیت' کہا جاتا تھا یعنی ''جائیداد''۔

15۔ مغل گاؤں میں سماجی رشتوں کا تصور ایک اہرام کے طور پر کریں تو زمین دار اس کی چوٹی پر تھے۔

16۔ زمین کی مال گذاری کے انتظامات کے دو مرحلے تھے۔

— تخمیص

— حقیقی وصولی

17۔ اٹلی کے ایک سیاح گیووانی کاریری کی شہادت جو تقریباً 1690 میں ہندوستان سے واپس گیا تھا، ایک تحریری تصویر کشی مہیا کراتا ہے کہ کس طرح چاندی تمام دنیا کا سفر کر کے ہندوستان پہنچی تھی؟

18۔ ''چھوٹی جمہوریہ'' جہاں لوگ مجموعی سطح پر بھائی چارے کے ساتھ وسائل اور محنت کی حصہ داری کو تقسیم کرتے تھے۔

19۔ آئین پانچ فصلوں (دفتروں) کا مرکب ہے جس کی پہلی تین فصلوں میں انتظام حکومت کا تذکرہ ہے۔

20۔ کاشت کار دیہی سماج کا ایک اہم طبقہ تھا اور اس سے وصول کیے گئے محصول پر ہی پوری حکومت اور بادشاہت منحصر تھی۔

21۔ اس دور میں زمین کی افراط مزدوروں کی دستیابی اور کسانوں کی حرکت پذیری جن کی وجہ سے زراعت میں مسلسل توسیع ہوئی۔ آبپاشی کے منصوبوں کو ریاست کی حمایت حاصل ہوتی تھی۔

22۔ کاشت کار، پنچایت اور گاؤں کا مکھیا دیہی سماج کے تین عناصر تھے۔

23۔ مویشی پالن اور باغبانی میں بڑھتے منافع کی وجہ سے اہیر، گوجر اور مالی جیسی ذاتیں سماجی درجہ بندی میں اٹھیں۔

24۔ گاؤں کی پنچایت کے علاوہ گاؤں میں ہر ذات کی اپنی الگ پنچایت ہوتی تھی۔

25۔ ججمانی۔ اٹھارویں صدی کے دستاویزات بتاتے ہیں کہ بنگال میں زمیندار، لوہار، بڑھئی، سونار وغیرہ کو ان کی خدمات کے عوض روزانہ کا بھتہ اور کھانے کے لیے نقدی دیتے تھے۔ اس نظام کو ججمانی کہتے تھے۔

26۔ طاقت ور لوگ گاؤں کے مسائل پر فیصلے لیتے تھے اور کمزور طبقے کا استعمال کرتے تھے۔

27۔ منصب داری نظام۔ مغل انتظامیہ کی چوٹی پر ایک ضابطہ پرست نوکرشاہی نظام منصب داری تھا جو ریاست کے شہری اور فوجی معاملات دیکھنے کے لیے متعین کیا جاتا تھا۔

28۔ اکبر کے عہد میں زمین کی درجہ بندی۔ (1) ''پولج'' وہ زمین ہے جس میں یکے بعد دیگرے ہر ایک فصل کی سالانہ زراعت ہوتی ہے اور جس کو کبھی خالی نہیں چھوڑا جاتا۔

(2) ''پروتی''۔ وہ زمین ہے جس پر کچھ وقت کے لیے زراعت کرنا چھوڑ دیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنی طاقت (زرخیزی) دوبارہ حاصل کر سکے۔

(3) ''چچر''۔ وہ زمین ہے جس کو تین یا چار سال تک خالی چھوڑ دیا جاتا ہے۔

(4) ''بنجر''۔ اس زمین کو کہتے ہیں جس پر پانچ سال یا اس سے زیادہ کاشت نہ کی گئی ہو۔

29۔ مغل عہد کے گاؤں میں سماجی تعلقات کا تصور ایک پرامڈ (Pyramid) کی شکل میں کی گئی ہے۔

30۔ مغل سرکار کی مال گزاری نظام کی دیکھ ریکھ دیوان کی نگرانی میں ہوتی تھی۔

## مختصر ترین سوالات (ایک نمبر والے)

1۔ پنچایت کا کون سا ملازم گاؤں کی آمدنی کے حساب کتاب میں کھیا کی مدد کرتا تھا؟

2۔ مغل عہد میں وصولی کی گئی رقم کو کس نام سے جانا جاتا تھا؟

3۔ مغل عہد میں (سولہویں اور سترہویں صدی) کھیتی کی مسلسل ترقی میں دو اہم سبب کون سے تھے؟

4۔ سترہویں صدی میں نئی دنیا کے الگ الگ حصوں سے ہندوستانی برصغیر میں کون کون سی فصلیں پہنچیں؟

5۔ سولہویں، سترہویں صدی اجتماعی دیہاتی معاشرہ کے تین اہم عناصر کون سے تھے؟

6۔ مغل عہد کے گاؤں میں کھیتی پر دستکار خالی مہینوں میں کیا کام کرتے تھے؟

7۔ آئینہ اکبری کی تصنیف کا کام کس سال میں ہوا تھا؟

8۔ مغل نظام کے تحت گاؤں کی پنچایت کو کون سا حق حاصل تھا؟

9۔ اہوم راجاؤں کا تعلق ہندوستان کے کس صوبے سے تھا؟

10۔ پایک کون تھے؟

## Objective Type questions

11۔ سولہویں، سترہویں صدی میں گاؤں میں تقریباً کتنے فیصد لوگ رہتے تھے؟

(الف) پچاس فیصد (ب) پچاسی فیصد

(ج) اسی فیصد (د) پچھتر فیصد

12۔ آئینہ اکبری کے مصنف تھے

(الف) البرونی (ب) برنیئر

(ج) ابوالفضل (د) ابن بطوطہ

13۔ مغل عہد میں دہلی کے صوبوں میں موسم کے دو مرحلوں کے مطابق کتنے قسم کی فصلیں پیدا ہوتی تھیں؟

(الف) 43 (ب) 40

(ج) 38 (د) 50

14۔ مغل عہد کی سب سے اہم جنس کامل (سب سے عمدہ فصل) کون سی تھی؟

(الف) کپاس (ب) گنا

(ج) تلہن (د) مکا

15۔ مغل عہد میں گاؤں کے مکھیا کو کیا کہتے تھے؟

(الف) مقدم (ب) خودکاشت

(ج) منصب دار (د) عامل

16۔ اکبرنامہ کتنی جلدوں میں لکھا گیا؟

(الف) دو (ب) تین

(ج) چار (د) چھ

17۔ مغل سلطنت میں لگان وصول کرنے والا ملازم کس نام سے جانا جاتا تھا؟

(الف) قانون گو (ب) سرکار

(ج) پاہی کاشت (د) عامل گزار

18۔ اٹلی کا رہنے والا سیاح جووانی کاریری کس سن میں ہندوستان آیا؟

(الف) 1690 (ب) 1691

(ج) 1692 (د) 1693

19۔ ججمانی نظام بنگال کے زمینداروں، لوہاروں، بڑھئی اور سوناروں کے بیچ کام کے لین دین کی جانکاری کس صدی کے ذرائع سے حاصل ہوتی ہے؟

(الف) پندرہویں صدی (ب) اٹھارہویں صدی

(ج) سولہویں صدی (د) سترہویں صدی

20۔ مغل عہد میں کس دھات کے سکوں کا چلن سب سے زیادہ تھا؟

(الف) چاندی (ب) سونا

(ج) تانبہ (د) ٹین

21۔ اس تصویر میں ابوالفضل کو کیا کام کرتے ہوئے دکھایا گیا؟



## معروضی سوالات

1۔ مغل دور میں فارسی زبان میں کسان کے لیے الفاظ استعمال ہوتا تھا؟

1۔ رعیت 2۔ خود کاشت

3۔ پاہی کاشت 4۔ ان میں سے کوئی نہیں

2۔ اکبرنامہ کی تخلیق کس نے کی؟

1۔ فردوسی 2۔ ابوالفضل

3۔ بدنی 4۔ ابن بطوطہ

3۔ گاؤں کے مکھیا یا منڈل کا اہم کام تھا۔ذیل بیانوں میں سے درست جواب بتائیے۔

1۔ مکھیا کا انتخاب گاؤں کے بزرگوں کے اتفاق سے ہوتا تھا۔

2۔ اس انتخاب کے بعد انہیں زمیندار سے منظوری لینی پڑتی تھی۔

3۔ گاؤں کی آمدنی وخرچہ کا حساب اپنی نگرانی میں کرواتا۔

4۔ ان میں سے سبھی

4۔ مندرجہ ذیل میں جنس کامل سے مراد ہے۔

1۔ سب سے عمدہ فصل 2۔ خریف فصلیں 3۔ ربی فصلیں

5۔ اٹھارویں صدی میں خواتین زمینداری کہاں تھی۔

1۔ بنگال 2۔ راجستھان

2۔ پنجاب 4۔ گجرات

6۔ زمینداروں کی خوشحالی کیوجہ ان کی

1۔ زمین 2۔ خدمت 3۔ ملکیت 4۔ دولت

7۔ آئین اکبری میں ذیل میں دیئے بیانوں میں سے درست کو پہچانیں۔

1۔ منزل آبادی۔ شاہی خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔

2۔ سپاہ آبادی۔ فوجی وشہری نظم ونسق سے تعلق کے بارے میں۔

3۔ ملک آبادی۔ جو مغل سلطنت وصوبوں کی مالگذاری کے اعداد وشمار کی جانکاری۔

4۔ مندرجہ بالا سبھی

8۔ ذیل میں دو بیان دیئے گئے ہیں۔جس میں ایک بیان A کے طور پر اور دوسرا سبب R کے طور پر دیا گیا ہے۔

بیان A: مغل انتظامیہ میں اعلیٰ سطح پر ایک باضابطہ نوکرشاہی نظام، منصب داری تھا۔ جو ریاست میں شہری اور فوجی

معاملات دیکھنے کے لیے متعین کیا جاتا تھا۔

سبب R: بعض منصب داروں کو نقد تنخواہ / بھگتان دیا جاتا تھا جبکہ زیادہ تر منصب داروں کو محصولوں میں سے ہی ادائیگی کی جاتی تھی۔

A: دونوں A اور R درست ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت کرتا ہے۔

B: دونوں A اور R درست ہیں اور R، A کی صحیح وضاحت نہیں کرتا ہے۔

C: صرف R درست ہے پر A درست نہیں۔

D: صرف A درست ہے پر R درست ہیں۔

9۔ کس مغل بادشاہ نے تمبا کو پر پابندی لگائی۔

1۔ اکبر بادشاہ نے 2۔ جہانگیر بادشاہ نے

3۔ اورنگزیب بادشاہ نے 4۔ بابر بادشاہ نے

10۔ آئین اکبری کی تصنیف کا کام کس سال مکمل ہوا؟

1۔ 1580 میں 2۔ 1585 میں

3۔ 1598 میں 4۔ 1604 میں

11۔ اوہوم بادشاہوں کا تعلق ہندوستان کے کس صوبے سے تھا۔

1۔ بنگال 2۔ اڑیسہ 3۔ بہار 4۔ آسام

# اقتباس پر منحصر سوالات (تین نمبر)

یہ بابر نامہ سے لیا گیا ایک اقتباس ہے، جس میں آب پاشی کے ان آلات کا ذکر ہے، جن کا مشاہدہ بادشاہ بابر نے شمالی ہندوستان میں کیا تھا۔

ہندوستان کے اکثر قطعات آراضی میدانوں اور ہموار زمینوں میں واقع ہیں۔ حالانکہ یہاں بہت سے شہر اور قابل زراعت زمینیں ہیں لیکن یہاں نہریں کہیں بھی جاری نہیں ہیں.....اس لیے....کہ فصل کاشت کرنے کے لیے اور باغات کے لیے پانی کی ضرورت نہیں ہوتی۔ خریف کی فصل تو برسات سے ہی ہو جاتی ہے۔ یہ بڑی

حیرت کی بات ہے کہ بارش نہ برسے تو بھی ربیع کی فصل ہو جاتی ہے (تاہم بڑے بڑے درختوں کی پودکو رہٹ یا چرخ کے ذریعے پانی پہنچایا جاتا ہے)

لاہور، دیپال پور (دونوں ہی آج کے پاکستان میں) اور ایسے ہی دوسری جگہوں پر لوگ رہٹ سے آبپاشی کرتے ہیں۔اس کی صورت یہ ہے کہ رسی کے دو حلقے کنویں کی گہرائی کے برابر بناتے ہیں۔ان دونوں میں لکڑیوں کے ٹکڑے یوں باندھتے ہیں کہ لکڑی کا ایک سرا ایک حلقے کی رسی میں اور دوسرا دوسرے حلقے کی رسی میں۔ان لکڑیوں میں ٹکڑے میں لٹھیاں باندھتے ہیں۔ان لکڑیوں اور لٹھیوں سے بندھے حلقے کو چرخ پر ڈال دیتے ہیں جو کنویں کی منڈیر پر ہوتا ہے۔اس چرخ کے سرے پر ایک چرخی دندانے دار ہوتی ہے اس چرخی کے پاس ایک اور چرخی دندانے دار ہوتی ہے۔جس کے دندانے چرخی کے دندانوں سے ٹکراتے ہیں اور جس کا شہتیر سیدھا ہوتا ہے۔اس میں بیل جوتتے ہیں۔جب بیل اس چرخ کو پھراتا ہے تو اس کے دندانے اس چرخی کے دندانوں سے ٹکرا کر اس کو چکر دیتے ہیں۔چرخی کے چکر سے وہ حلقے والا چرخ گھومتا ہے۔اس کے گھومنے سے حلقے کو گردش ہوتی ہے، حلقے کی گردش سے لٹھیاں اوپر نیچے آتی ہیں اور پانی گراتی ہیں۔اس پانی کے لیے نالیاں بنا دیتے اور نالی سے جہاں چاہتے ہیں پانی لے جاتے ہیں۔

آگرہ، چھندا اور اور بیانہ (موجودہ اتر پردیش میں واقع) اور ایسے دیگر علاقوں میں بھی لوگ چرخ سے زراعت کی آب پاشی کرتے ہیں...... کنویں کے منہ پر ایک کنارے کے پاس دوشاخہ لکڑی مضبوطی سے گاڑ دیتے ہیں۔دونوں شاخوں کے درمیان میں چرخی پھنسا دیتے ہیں پھر ایک بڑی بالٹی میں رسی باندھ دیتے ہیں جس کو اس چرخی پر ڈال دیتے ہیں۔رسی کے ایک سرے پر بڑا ڈول بندھا ہوتا ہے۔ایک شخص بیلوں کو ہانکتا ہے اور دوسرا بالٹی سے پانی نکالتا ہے۔

A۔ دیئے گئے پیراگراف میں کس جگہ کے لوگ رہٹ سے سینچائی کرتے تھے؟ وہ ہیں

(الف) لاہور (ب) دیپال پور

(ج) صرف الف (د) دونوں

B۔ اتر پردیش کے کس علاقے کے لوگ بالٹیوں سے آب پاشی کرتے تھے؟

(الف) آگرہ (ب) چاندور (ج) بیانہ (د) سبھی

C۔ وہ کھیتی پر جو دوسرے گاؤں سے ٹھیکے پر کھیتی کرنے آتے تھے

(الف) خد کاشت (ب) پائی کاش

(ج) کاشت کار (د) مزدور

22۔ نیچے دیئے گئے بیانات پڑھئے اور جواب دیجئے

D۔ بیان A:۔ ہندوستانی کاشت کی ریڑھ تھی اور آج بھی ہے۔

سبب B:۔ بے فصلے جن کے لئے زیادہ پانی کی ضرورت تھی اب پانی کے دوسرے ذرائع اپنانے پڑے۔

(الف) بیان A اور سبب B دونوں درست ہیں اور بیان A کا خلاصہ کرتے ہیں۔

(ب) بیان A اور سبب B دونوں درست ہیں اور بیان A کا خلاصہ نہیں کرتے ہیں۔

(ج) صرف بیان A درست ہے

(د) صرف سبب B درست ہے

23۔ کپڑے کی پیداوار کو دکھاتے سترہویں صدی کی اس تصویر کو غور سے دیکھئے اور دیئے گئے سوالوں میں سے کسی تین کا صحیح جواب دیجئے۔



A۔ کھیتی اوران کے خاندان درج ذیل میں سے کن چیزوں کے پیداوار میں حصہ لیتے تھے؟

(الف) کپڑے پر چھپائی (ب) مٹی کے برتن پکانا

(ج) کھیتی کے اوزار بنانا (د) درج بالا سبھی

B۔ دست کاروں کو ان کی خدمات کا معاوضہ کس شکل میں دیا جاتا تھا؟

(الف) فصل کا ایک حصہ دے کر (ب) کاشت کی زمین کا ایک ٹکڑا دے کر

(ج) درج بالا دونوں درست ہیں (د) درج بالا میں سے کوئی درست نہیں

C۔ بنگال کے زمیندار دست کاروں کو ان کی خدمات کے بدلے کھانے کے لئے نقد دیتے تھے۔اس کا نام تھا:

(الف) ججمانی (ب) ویت واڑی

(ج) امدادی بندوبست (د) درج بالا میں سے کوئی نہیں

D۔ بیان A: گاؤں میں کبھی کبھی کسانوں اور دست کاروں میں فرق کرنا مشکل ہوتا تھا۔

سبب R: گاؤں میں کئی ایسے گروپ تھے جو کبھی کسانی اور کبھی دست کاری دونوں کام کرتے تھے۔

(الف) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں اور سبب R بیان A کا خلاصہ کرتا ہے۔

(ب) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں اور سبب R بیان A کا خلاصہ نہیں کرتا ہے۔

(ج) صرف بیان A درست ہے۔

(د) صرف سبب R درست ہے۔

## مختصر جواب والے سوالات (تین نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ سولہویں اور سترہویں صدی کے دیہی سماج کی سرگرمیوں کی معلومات کے ماخذ کون کون سے ہیں؟ تذکرہ کیجیے

سوال نمبر 2۔ مغل سلطنت کس طرح اپنے نمائندوں جیسے محصول متعین کرنے والے، محصول جمع کرنے والے، حساب رکھنے والے کے ذریعہ دیہی سماج پر قابو رکھنے کی کوشش کرتا تھا؟ واضح کیجیے۔

سوال نمبر 3۔ مغلیہ عہد میں دیہی سماج ذات پات کے امتیاز کی وجہ سے مختلف گروہوں میں تقسیم تھا۔ اس بیان کی وضاحت کیجیے

سوال نمبر 4۔ مغلیہ دور میں گرام پنچایت کے علاوہ ہر ذات کو اپنی پنچایت رکھنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوتی تھی؟ واضح کیجیے۔

سوال نمبر 5۔ عہد وسطیٰ کے ہندوستان میں آبپاشی کا کیا انتظام تھا؟ شمالی اور جنوبی ہندوستان میں آبپاشی کے نظام کا تقابلی جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر 6۔ مغلیہ عہد میں سماج کس طرح مختلف ذاتوں میں منقسم تھا؟ اپنے جواب کو مدلل بیان کیجیے۔

سوال نمبر 7۔ مغلیہ عہد میں سماج کے نچلے طبقوں میں ذات، غربت اور سماجی حیثیت کے درمیان راست تعلق تھا۔ یہ ہم کس بنیاد پر کہہ سکتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 8۔ اس عہد میں پنچایت کے مکھیا کو کیا کہا جاتا تھا؟ اس کا انتخاب کس طرح ہوتا تھا؟

سوال نمبر 9۔ کن وجوہات کی بنا پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ مغلیہ عہد میں کسانوں اور دستکاروں کے درمیان فرق کرنا مشکل تھا۔ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 10۔ مغلیہ دور میں تجارتی کھیتی کو اہمیت کیوں دی گئی؟ تبصرہ کیجیے۔

سوال نمبر 11۔ ثابت کیجیے کہ آئین اکبری آج بھی اپنے دور کی غیر معمولی تخلیق ہے؟

سوال نمبر 12۔ وسطی دور میں لفظ 'جنگلی' سے کیا مراد تھی، واضح کیجیے۔

سوال نمبر 13۔ سولہویں اور سترہویں صدی کے دوران زراعت کے مسلسل پھیلاؤ کے لیے جوابدہ عناصر کا تذکرہ کیجیے۔

سوال نمبر 14۔ سولہویں اور سترہویں صدی کے دوران گاؤں کی پنچایتوں کے کاموں اور اس کے اختیارات کا تذکرہ کیجیے۔

سوال نمبر 15۔ ''سولہویں اور سترہویں صدی میں ہندوستان میں کاشت کاری نفع کمانے اور تجارت کے لیے بھی ہوئی تھی'' واضح کیجیے۔

## طویل جواب والے سوالات: (آٹھ نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ ''مغلوں نے ایک وسیع زمینی مال گذاری نظام تیار کیا'' اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

سوال نمبر 2۔ مغلیہ دور کے زرعی سماج میں خواتین کی حالت کا تجزیہ کیجیے۔

سوال نمبر 3۔ مغلیہ دور کے ہندوستان میں زمیندار استحصال کرنے والا طبقہ تھا۔ لیکن کسانوں سے ان کے رشتوں میں عمل اور

ردعمل، پدرانہ پن اور سرپرستی کے عناصر شامل تھے۔ان باتوں کو سمجھتے ہوئے زمینداروں کے کردار پر تبصرہ کیجیے۔

سوال نمبر 4۔ ابوالفضل کا "آئین اکبری ایک بڑے تاریخی اور انتظامی منصوبے کی معراج تھی۔تبصرہ کیجیے۔

سوال نمبر 5۔ "سلہویں، سترہویں صدی میں ہندوستان میں کاشت کاری کی اہم خصوصیات کو بیان کیجیے۔

سوال نمبر 6۔ پنچایت اور گاؤں کا مکھیا کس طرح سے گاؤں کے سماج کے فیصلے کرتے تھے؟

سوال نمبر 7۔ سلہویں اور سترہویں صدی میں موسم کے دو سائیکلوں کے دوران زراعت کس طرح کی جاتی تھی؟ مختلف فصلوں کی مثالیں دے کر واضح کیجیے۔

سوال نمبر 8۔ 16ویں اور 19ویں صدی کے دوران مغل سلطنت میں ون واسیوں کے زندگی گزارنے کے طریقوں کی اصلاح کیجیے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

# درختوں اور کھیتوں کی آبپاشی

یہ بابرنامہ سے لیا گیا ایک اقتباس ہے جس میں آب پاشی کے ان آلات کا ذکر ہے جن کا مشاہدہ بادشاہ بابر نے شمالی ہندوستان میں کیا تھا۔

ہندوستان کے اکثر قطعات آراضی میدانوں اور ہموار زمینوں میں واقع ہیں۔حالانکہ یہاں بہت سے شہر اور قابل زراعت زمینیں ہیں لیکن یہاں نہریں کہیں بھی جاری نہیں ہیں.....اس لیے.....کہ فصل کاشت کرنے کے لیے اور باغات کے لیے پانی کی ضرورت نہیں ہوتی۔خریف کی فصل تو برسات سے ہی ہو جاتی ہے۔یہ بڑی حیرت کی بات ہے کہ بارش نہ برسے تو بھی ربیع کی فصل ہو جاتی ہے (تاہم بڑے بڑے درختوں کی پود کو رہٹ یا چرخ کے ذریعے پانی پہنچایا جاتا ہے)

لاہور، دیپال پور (دونوں ہی آج کے پاکستان میں) اور ایسے ہی دوسری جگہوں پر لوگ رہٹ سے آبپاشی کرتے ہیں۔اس کی صورت یہ ہے کہ رسی کے دو حلقے کنوئیں کی گہرائی کے برابر بناتے ہیں۔ان دونوں میں لکڑیوں کے ٹکڑے یوں باندھتے ہیں کہ لکڑی کا ایک سرا ایک حلقے کی رسی میں اور دوسرا دوسرے حلقے کی رسی میں۔ان لکڑیوں میں ٹکڑے میں لٹھیاں باندھتے ہیں۔ان لکڑیوں اور لٹھیوں سے بندھے حلقے کو چرخ پر ڈال دیتے ہیں جو کنوئیں کی منڈیر ہوتا ہے۔اس چرخ کے سرے پر ایک چرخی دندانے دار ہوتی ہے اس چرخی کے پاس ایک اور چرخی دندانے دار ہوتی ہے۔جس کے دندانے چرخی کے دندانوں سے ٹکراتے ہیں اور جس کا شہتیر سیدھا ہوتا ہے۔اس میں بیل جوتتے ہیں۔جب بیل اس چرخ کو پھراتا ہے تو اس کے دندانے اس چرخی کے دندانوں سے ٹکرا کر اس کو چکر دیتے ہیں۔چرخی

کے چکر سے وہ حلقے والا چرخ گھومتا ہے۔ اس کے گھومنے سے حلقے کو گردش ہوتی ہے، حلقے کی گردش سے لٹھیاں اوپر نیچے آتی ہیں اور پانی گراتی ہیں۔ اس پانی کے لیے نالیاں بنا دیتے اور نالی سے جہاں چاہتے ہیں پانی لے جاتے ہیں۔

آگرہ، چھندا اور بیانہ (موجودہ اتر پردیش میں واقع) اور ایسے دیگر علاقوں میں بھی لوگ چرخ سے زراعت کی آب پاشی کرتے ہیں...... کنویں کے منہ پر ایک کنارے کے پاس دو شاخہ لکڑی مضبوطی سے گاڑ دیتے ہیں۔ دونوں شاخوں کے درمیان میں چرخی پھنسا دیتے ہیں پھر ایک بڑی بالٹی میں رسی باندھ دیتے ہیں جس کو اس چرخی پر ڈال دیتے ہیں۔ رسی کے ایک سرے پر بڑا ڈول بندھا ہوتا ہے۔ ایک شخص بیلوں کو ہانکتا ہے اور دوسرا بالٹی سے پانی نکالتا ہے۔

## سوالات

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | آبپاشی کے جن وسائل (آلات) کا ذکر بابر نے کیا ہے ان کا موازنہ و جے نگر کے آبپاشی نظام سے کیجیے۔ | 2 |
| 2۔ | لاہور اور دیپال پور میں آبپاشی کس طرح کی جاتی تھی؟ | 1 |
| 3۔ | بالٹیوں (چرخ) کے ذریعے آبپاشی کہاں اور کیسے کی جاتی تھی؟ | 2 |

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

# اکبر کے عہد میں زمین کی درجہ بندی

آئین سے لیے گئے مندرجہ ذیل اقتباس میں زمین کی درجہ بندی کے معیار کی فہرست دی گئی ہے۔

بادشاہ اکبر نے اپنی عمیق ذکاوت سے زمینوں کی درجہ بندی کی اور ہر قسم کی زمین کے لیے مختلف محصول متعین کر دیے۔ ''پولج'' وہ زمین ہے جس میں یکے بعد دیگرے ہر ایک فصل کی سالانہ زراعت ہوتی ہے اور جس کو کبھی خالی نہیں چھوڑا جاتا۔ ''پروتی'' وہ زمین ہے جس پر کچھ وقت کے لیے زراعت کرنا چھوڑ دیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنی طاقت دوبارہ حاصل کر سکے۔ ''چچر'' وہ زمین ہے جس کو تین یا چار سال تک خالی چھوڑ دیا جاتا ہے۔ ''بنجر'' اس زمین کو کہتے ہیں جس پر پانچ یا اس سے زیادہ سال تک کاشت نہ کی گئی ہو۔ پہلی دو قسم کی زمینوں کے تین درجے ہیں — عمدہ، اوسط اور ناقص۔ وہ ہر قسم کی پیداوار کو آپس میں جمع کر دیتے ہیں اور اس کا تیسرا حصہ اوسط کی نمائندگی کرتا ہے۔ جس کا ایک تہائی حصہ شاہی محصول و مطالبہ کے طور پر وصول کیا جاتا ہے۔

## سوالات

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | پولج اور پروتی زمین میں فرق واضح کیجیے۔ | 2 |
| 2۔ | بنجر اور چچر کسے کہتے تھے؟ | 2 |
| 3۔ | اکبر کے کس وزیر نے زمین سے حاصل ہونے والے محصول کو متعین کیا؟ | 1 |


NDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
INDIAN BOOK DEPOT (MAP HOUSE)
Class
Roll No.
Teacher Signature

# موضوع۔نو

# نوآبادیت اور دیہات

## (سرکاری دستاویزات کی تحقیق وتفتیش)

## یاد رکھنے لائق نکات

1۔ نوآبادیاتی نظام سب سے پہلے بنگال میں قائم کیا گیا۔ یہی وہ علاقہ تھا جہاں سب سے پہلے دیہی سماج کو از سرِ نو منظم کرنے اور زمین کے حقوق کے نئے نظام نیز نئے مال گزاری نظام کو قائم کرنے کی ابتدائی کوشش کی گئی۔

2۔ 1793 عیسوی میں استمراری بندوبست بنگال کے راجاؤں اور تعلقداروں کے ساتھ نافذ کیا گیا۔ اس وقت کارنوالس بنگال کا گورنر جنرل تھا۔

3۔ استمراری بندوبست نافذ کرنے کے بعد ابتدائی دہائیوں میں زمیندار مستقل طور پر اپنا مال گزاری مطالبہ ادا کرنے میں ناکام رہے نتیجتاً بقایاجات کی رقم میں اضافہ ہوتا چلا گیا۔

4۔ جوت دار دولت مند کسانوں کا طبقہ تھا جبکہ کسانوں کے ساتھ روحانی تعلق تھا۔

5۔ زمینداروں کے ذریعے وقت پر محصول کی رقم جمع نہ کرنے کی کئی وجوہات تھیں:

— ابتدائی مانگیں بہت زیادہ تھیں۔

— یہ مانگ 1790 کی دہائی میں نافذ کی گئی تھیں جبکہ زرعی پیداوار کی قیمت کم تھی۔ ان کے اختیارات، محصول جمع کرنے اور اس کے انتظام تک ہی محدود تھے۔

6۔ پہاڑیا لوگ راج محل کی پہاڑیوں کے جنگل میں رہتے تھے۔ جھوم کھیتی کرتے تھے۔ غذا کے لیے مہوا اکٹھا کرتے، بیچنے کے لیے ریشم کے کیڑے پالتے۔ لکڑیوں سے کاٹھ کا کوئلہ بناتے۔ املی اور آم کے درختوں کو آرام کرنے کے لیے استعمال کرتے، پورے علاقے کو یہ اپنی ذاتی ملکیت مانتے تھے۔

7۔ 1780 کی دہائی کے آس پاس سنتھال لوگ بنگال میں آنے لگے تھے۔ 1850 کی دہائی تک سنتھال لوگ یہ محسوس کرنے

لگے تھے کہ اپنے لیے ایک مثالی دنیا تعمیر کرنے کے لیے زمین داروں، مہاجنوں اور نوآبادیاتی ریاست کے خلاف بغاوت کرنے کا وقت آگیا ہے۔

8۔ انگریزوں نے 1832 تک زمین کے کافی بڑے رقبہ کی حد بندی کر کے اسے سنتھالوں کی زمین قرار دے دیا۔ اس علاقے کو 'دامن کوہ' کا نام دیا گیا۔ سنتھالوں کو عطیہ میں دی جانے والی زمین کے معاہدے میں یہ شرط تھی کہ انھیں دی گئی زمین کے کم سے کم دسویں حصے کو صاف کر کے زراعت کرنی تھی۔

9۔ 1855-56 میں سنتھالوں نے بغاوت کر دی۔ اس کی اہم وجوہات (i) سنتھالوں کی زمین پر سرکار کے ذریعہ بھاری ٹیکس لگانا (ii) مہاجن (دیکو) کے ذریعہ سود کی اعلیٰ شرح وصول کرنا، قرض ادا نہ ہونے کی صورت میں زمین پر قبضہ کرنا۔

10۔ سوپا (پونا ضلع کا ایک بڑا گاؤں) ایک بازار کا مرکز تھا جہاں بہت سے دکان دار اور مہاجن رہتے تھے۔ یہاں 12 مئی 1875 کو دیہی علاقوں میں کسانوں نے بغاوت کر دی۔ مہاجنوں کے بہی کھاتے قرض معاہدوں کو جلا دیا گیا۔ اسے دکن کی بغاوت کہتے ہیں۔

11۔ بمبئی دکن میں جو مال گزاری نظام رائج کیا گیا اسے ''رعیت واری بندوبست'' کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ ریکارڈوں کے اصول پر مبنی تھا۔ اس میں سرکار رعیت نے ساتھ بندوبست کیا اور قرض وقتاً فوقتاً طے کیا جاتا تھا۔

12۔ 1861 میں جب امریکہ میں خانہ جنگی چھڑ گئی تو برطانیہ میں پورے کپاس حلقوں میں خوف کی لہر پھیل گئی تو امریکہ سے درآمد خام کپاس کی سپلائی میں گراوٹ آئی اس کو پورا کرنے کے لیے ہندوستان سے کثیر مقدار میں کپاس کی برآمد کی گئی۔ اس کے لیے ہندوستانی کسانوں کو کپاس کی پیداوار میں اضافے کے لیے اکسایا گیا۔ مہاجنوں کے ذریعہ قرض مہیا کروایا گیا۔

13۔ 1865 کے آس پاس جب امریکہ میں خانہ جنگی ختم ہو گئی تو کپاس کی پیداوار کو پھر سے رواج دیا گیا۔ اور ہندوستانی کپاس کی درآمد باقاعدہ طور پر زوال پذیر ہو گئی۔ برآمد تاجر کو ساہوکار وسیع پیمانے پر طویل مدتی قرض دینے سے انکار کرنے لگے۔ اسی دوران مال گزاری بندوبست کے ذریعہ ٹیکس طے کیا گیا۔ اس نئے بندوبست میں مطالبہ کو ڈرامائی طور پر 50 سے 100 فی صد تک بڑھا دیا گیا۔ جو دکن کی بغاوت کی وجہ بنا۔

14۔ سنتھال بغاوت کے بعد سنتھال پرگنے کی تشکیل کر دی گئی اس کے لیے 5500 مربع میل کا رقبہ بھاگل پور اور بیربھوم ضلعوں سے لیا گیا۔

15۔ 1860 کی دہائی سے پہلے برطانیہ میں کچے مال کے طور پر کپاس کا تین چوتھائی حصہ امریکہ سے آتا تھا۔

16۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی کارکردگیوں کے بارے میں پانچویں رپورٹ 1813 میں برٹش پارلیمنٹ میں پیش کی گئی تھی۔

17۔ فرانس بوکانن ایک ڈاکٹر تھا جو بنگال میں طبی خدمات میں (1794-1815) ہندوستان آیا۔

18۔ پہاڑی لوگ کھانے کے لیے مہوا کے پھول اکٹھے کرتے تھے۔

19۔ جو ساہوکار سنتھالوں سے اونچی در پر سود وصولتے تھے انہیں سنتھال آدمی باسی دکو کہہ کر بلاتے تھے۔

## مختصر ترین جواب والے سوالات

1۔ پہاڑیا لوگ اپنی گزر بسر کیسے کرتے تھے؟

2۔ استمراری بندوبست کس صوبے میں لاگو کیا گیا؟

3۔ اودھ کو برٹش ہندوستان میں کس سال شامل کیا گیا؟

4۔ پہاڑیا لوگ جھوم کھیتی کے لئے کس اوزار کا استعمال کرتے تھے؟

5۔ وہ دوسری قبائل کون سی تھی جس کا پہاڑیا لوگوں سے تنازع کرنا پڑا؟

6۔ دکو کون تھے؟

7۔ رعیت واڑی بندوبست سب سے پہلے کس رزیڈینس میں لاگو کیا گیا؟

8۔ انگریزوں کے خلاف سنتھالوں نے بغاوت کس سال شروع کیا؟

9۔ سنتھالی بغاوت کا لیڈر کون تھا؟

10۔ 1860 کی دہائی میں بھارت سے برطانیہ کو درآمد کی جانے والی اشیاء کون تھی سی تھی؟

Objective type of questions

11۔ استمراری بندوبست کس سال سے لاگو کیا گیا؟

(الف) 1793 (ب) 1794

(ج) 1795 (د) 1796

12۔ استمراری بندوبست لاگو کیئے جانے کے وقت بنگال کا گورنر جنرل کون تھا؟

(الف) لارڈ کرزن (ب) لارڈ ڈلہوزی

(ج) لارڈ کارنوالس (د) لارڈ ولیم بنٹنگ

13۔ لگان وصول کرنے کے زمیندار کا جو ملازم آتا تھا اسے کس نام سے جانا جاتا تھا؟

(الف) منشی (ب) گماشتہ

(ج) جوت دار (د) عملہ

14۔ بنگال میں مالدار کسانوں کے طبقے کو کس نام سے جانا جاتا تھا؟

(الف) جوت دار (ب) زمیندار

(ج) ساہوکار (د) کاشت کار

15۔ پانچویں رپورٹ برٹش پارلیمنٹ میں کب پیش کی گئی؟

(الف) 1813 (ب) 1815

(ج) 1820 (د) 1825

16۔ پہاڑیا لوگ کہاں رہتے تھے؟

(الف) نیل گری کی پہاڑیوں پر

(ب) ست پورا کی پہاڑیوں پر

(ج) اراولی کی پہاڑیوں پر

(د) راج محل کی پہاڑیوں

17۔ کس علاقے سے سنتھالیوں کے لیے زمین کا اعلان کیا گیا؟

(الف) دامن کوہ (ب) بردیان

(ج) کلکتہ (د) مدناپور

18- بہی کھاتہ جلانے کا کام کون سے گاؤں سے شروع ہوا؟

(الف) چیٹ گاؤں (ب) شانتی گاؤں

(ج) بردبان (د) موپا گاؤں

19- برطانیہ کا کون سا شہر سوتی کپڑوں کی پیداوار کے لئے مشہور تھا؟

(الف) لندن (ب) مانچسٹر

(ج) پارک شائر (د) برمنگھم

20- درج ذیل تصویر کو پہچان کر اس کا نام بتایئے۔



## معروضی سوالات

1۔ پہاڑی لوگ اپنی زندگی کس طرح گذر بسر کرتے تھے۔

1۔ جھوم کھیتی کر کے　　2۔ مہکے ہوئے پھول اکٹھا کر کے

2۔ ریشم کے کویا اور کاٹھ کوئلی بنا کر　　4۔ مندرجہ بالا سبھی

2۔ مستقل بند وبست یا استمراری بند وبست میں سب سے پہلے کہاں نافذ کیا گیا۔

1۔ کرناٹک میں　　2۔ بنگال میں

3۔ بہار میں　　4۔ بمبئی میں

3۔ پانچویں رپورٹ برطانوی پارلیمنٹ میں کب پیش کی گئی۔

1۔ 1813 میں　　2۔ 1817 میں

3۔ 1856 میں　　4۔ 1835 میں

4۔ مندرجہ ذیل میں سنتھالوں کا نشان بنا۔

1۔ تلوار　2۔ تیر کمان　3۔ ہل　4۔ کدال

5۔ مندرجہ ذیل جملوں کو پڑھ کر صحیح پر نشان لگایئے۔

الف۔ انہیں اکوعا باشندے کہا جاتا ہے۔

ب۔ پہاڑی لوگوں کو ان باشندوں سے جدوجہد کرنی پڑی

ج۔ کونڈ، بھیل، اہوم، سنتھال

6۔ مندرجہ ذیل جملے کو صحیح کر کے لکھیے۔

''برٹش لوگوں کو ''دِکو'' بھی کہا جاتا تھا۔

7۔ صحیح ملان (Match) کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| i۔ | سنتھال | A۔ | ایک ڈاکٹر |
| ii۔ | ساہوکار | B۔ | جھوم کھیتی |
| iii۔ | پہاڑیاں | C۔ | آکوعاباشندے |
| iv۔ | بکانن | D۔ | دکو |

الف۔ A–iii, B–ii, C–i, D–iv

ب۔ A–i, B–ii, C–iii, D–iv

ج۔ A–iv, B–iii, C–ii, D–i

د۔ A–iii, B–iv, C–ii, D–i

8۔ بمبئی دکن میں نظام مالگذاری تھا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | استمراری بندوبست | 2۔ | مہالواڑی |
| 3۔ | رعیت واڑی | 4۔ | استھائی (مستقل) بندوبست |

9۔ ذیل میں دو بیان دیے گئے ہیں A ایک بیان صحیح ہے اور دوسرا R اس کی وجہ سبب ہے۔

بیان A: 1861 کے بعد سالوں میں ہندوستان سے کپاس کی مانگ میں تیزی آئی۔

بیان R: امریکا میں شروع ہوئی خانہ جنگی اس کی وجہ تھی۔

الف: صرف بیان A ٹھیک ہے۔

ب: صرف بیان R ٹھیک ہے۔

ج: بیان A اور بیان R دونوں ٹھیک ہیں، لیکن بیان R بیان A کا صحیح وضاحت نہیں ہے۔

د: بیان A اور بیان R دونوں ٹھیک ہیں لیکن بیان R بیان A کا صحیح وضاحت بھی کرتا ہے۔

10۔ دکن دنگا کمیشن کی رپورٹ برٹش پارلیمنٹ میں کب پیش کی گئی۔

1۔ 1858 2۔ 1868 3۔ 1878 4۔ 1882

# اقتباس پر منحصر سوال (3 نمبر والے)

درج ذیل ماخذ کو پڑھئے اور نیچے لکھے کن ہی تین سوالوں کے جواب دیجیے۔

## سنتھالوں پر بکانن کا بیان

## (Buchanan on the Santhals)

بکانن لکھتا ہے:

نئ زمینیں صاف کرنے میں بہت ہوشیار ہیں۔لیکن حقیرانہ انداز میں رہتے ہیں۔ان کی جھونپڑیوں میں کوئی باڑھ نہیں ہوتی ہے اور دیواریں چھوٹی چھوٹی سیدھی کھڑی کی گئی جھڑوں سے جو کافی نزدیک ہوئی ہیں، بنائی جاتی ہیں، جن پر اندر کی جانب پلاسٹر کیا جاتا ہے۔یہ چھوٹی اور بدسلیقہ ہوتی ہیں اور چھت سپاٹ ہوتی ہے،جس میں بہت کم محرابی پن ہوتا ہے۔

A۔ مندرجہ ذیل جملے کو صحیح کر کے لکھئے۔

بکانن کے مطابق سنتھالیوں کی جھونپڑیاں شاندار ہوتی تھیں۔

B۔ بکانن کون تھے؟

(الف) ایک انگریز تاجر (ب) ایک انگریز ڈاکٹر

(ج) ایک مورخ (د) گورنر جنرل

C۔ بکانن کی نظر میں سنتھال لوگ کیسے تھے؟

(الف) مہذب اور باتہذیب (ب) غیر مہذب اور گندے

(ج) عام لوگوں کی طرح (د) درج سبھی

D۔ سنتھالیوں کی مستقل رہائش کو کیا نام دیا گیا؟

2۔ درج ذیل تصویر کو غور سے دیکھئے اور کن ہی تین سوالوں کے جواب دیجئے۔



A۔ انگریزوں کے خلاف بغاوت کون کر رہے تھے؟

(الف) پہاڑیا (ب) سنتھال

(ج) سپاہی (د) ڈکو

B۔ دامن کوہ کیا تھا؟

C۔ جملے کو صحیح کر کے لکھئے۔

سنتھالیوں کو انعام و اکرام سے نوازنے کے لئے سنتھال پرگنہ کی تشکیل کی گئی۔

D۔ سنتھال بغاوت کب ہوئی؟

(الف) 1950-51 (ب) 1855-56

(ج) 1850-51 (د) 1860-61

## مختصر جواب والے سوالات (چار نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ محصول (مال گزاری) کے مطالبہ کو مستقل طور پر متعین کرنے میں کمپنی کن فائدوں کو نظرانداز کر رہی تھی؟

سوال نمبر 2۔ ''استمراری بندوبست کو بنگال سے باہر برائے نام ہی لاگو کیا گیا'' اس بیان کی حمایت میں دلائل دیجیے۔

سوال نمبر 3۔ محصول (مال گزاری) کی ادائیگی میں کسانوں کی ناکامی کی کیا وجوہات تھیں؟

سوال نمبر 4۔ 1770 اور 1780 کی دہائی میں برطانوی افسران کا راج محل کی پہاڑیوں کے تئیں کیا رویہ تھا؟

سوال نمبر 5۔ بکانن کے تذکروں کا مطالعہ کرتے وقت ہمیں کیا احتیاط رکھنی چاہیے؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔

سوال نمبر 6۔ جو مال گذاری نظام بمبئی دکن میں نافذ کیا گیا وہ بنگال میں نافذ نظام سے کس طرح مختلف تھا؟ اس میں کن اصولوں پر دھیان دیا گیا؟

سوال نمبر 7۔ آپ کن حقائق کی بنیاد پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ پہاڑی لوگوں کی زندگی جنگل سے جڑی تھی؟

سوال نمبر 8۔ برطانوی حکومت کے خلاف سنتھالوں کی بغاوت کی کیا وجہ تھی؟ تذکرہ کیجیے

سوال نمبر 9۔ سنتھالوں کے آنے سے پہاڑیا لوگوں کو کن دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا؟

سوال نمبر 10۔ امریکی خانہ جنگی نے ہندوستان میں رعیت لوگوں کی زندگی کو کس طرح متاثر کیا؟

سوال نمبر 11۔ بمبئی دکن میں کون سا لگانی نظام لاگو کیا گیا اور اس کی کیا خصوصیات تھیں؟

سوال نمبر 12۔ 18ویں صدی کے دوران ہل اور کدال کے بیچ تنازع کو پہاڑیا اور سنتھالیوں کے نظریہ سے وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 13۔ رعیت واڑی بندوبست اور استمراری بندوبست میں فرق واضح کیجیے؟

سوال نمبر 14۔ برطانوی ہندوستان کے دوران کسانوں کے قرض دار ہونے کے اسباب بیان کیجیے۔

سوال نمبر 15۔ پانچویں رپورٹ کے بارے میں دیے گئے شہادتوں کی تفصیل بیان کیجیے۔

## طویل جواب والے سوالات (آٹھ نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ انگلینڈ میں کمپنی کی سرگرمیوں پر 1760 کی دہائی سے ہی بہت باریکی سے نظر رکھی جاتی تھی۔ایسا کرنے کے پیچھے کیا مقصد تھا؟

سوال نمبر 2۔ برطانوی زمینی محصول کی پالیسیوں کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر 3۔ ہندوستان میں رعیت لوگوں کی زندگی پر امریکی خانہ جنگی کا کیا اثر ہوا؟ واضح کیجیے۔

سوال نمبر 4۔ استمراری بندوبست کس کے ذریعے نافذ کیا گیا؟ اس کی اہم دفعات کو بیان کیجیے۔

سوال نمبر 5۔ دکن رائٹس کمیشن کی رپورٹ کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر 6۔ سنتھال لوگ راج محل کی پہاڑیوں میں آکر بسنے لگے اس بارے میں انگریزوں کے ردعمل کا خلاصہ کیجیے۔

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

## جنگلات کی صفائی اور مقیم زراعت کے متعلق

راج محل کی نچلی پہاڑیوں سے گزرتے ہوئے بکانن نے لکھا:

اس علاقے کا منظر بہت ہی عمدہ ہے یہاں کی زراعت خاص طور پر گردش کرتی ہوئی تنگ وادیوں میں چاروں طرف دھان کی زراعت بکھرے درختوں کے ساتھ صاف کی گئی زمین اور چٹانی پہاڑیاں بے عیب ہیں، اس کے باوجود اس علاقے میں کچھ ترقی کے ظہور اور وسیع پیمانے پر اصلاح شدہ زراعت کی، جس کے لئے یہ علاقہ انتہائی اثر پذیر ہے۔ لکڑی کی جگہ یہاں ٹسر (ریشم کا کیڑا) اور لاکھ کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے وسیع پیمانے پر آسان اور پلاس کے باغات لگائے جاسکتے ہیں۔ باقی جنگل کو بھی صاف کر دینا چاہیے اور بڑے حصہ پر زراعت کرنی چاہیے۔ اگر چہ اس مقصد کے لیے جو جگہ مناسب نہ ہو وہاں پنکھیا، کھجور اور مہوا کے درخت اگائے جاسکتے ہیں۔

## سوالات

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | بکانن کون تھا؟ | 1 |
| 2۔ | بکانن کے ذریعہ زمینی سروے کرنے سے انگریزوں کے کون سے مفادات کی تکمیل ہوئی؟ | 2 |
| 3۔ | بکانن نے راج محل کی پہاڑیوں کو 'بے عیب' کیوں کہا؟ | 2 |

## ایک اخبار کی رپورٹ (A news paper report)

رعیت اور مہاجن کے عنوان سے مندرجہ ذیل رپورٹ نیٹیو اوپینین 6 جون 1876ء (Native Opinion) نامی اخبار میں شائع ہوئی اور بمبئی کے نیٹو نیوز پیپر میں اس کا حوالہ دیا گیا:

(رعیت) پہلے اپنے گاؤں کی سرحد پر یہ دیکھنے کے لیے جاسوسی کرتے ہیں کہ اگر کوئی سرکاری افسران آرہے ہیں تو ان کے آنے کی اطلاع مجرموں کو وقت پر ہی دے دیتے ہیں۔ پھر وہ ایک گروہ کی شکل میں جمع ہو کر اپنے قرض خواہ (ساہوکار) کے گھر جاتے ہیں اور ان سے ان کے کارنامے اور دیگر دستاویزات حوالے کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں اور انکار کرنے پر قرض خواہوں پر حملہ کرنے اور لوٹ مار کرنے کی دھمکی دیتے ہیں۔ اگر ایسے کسی حادثے کے وقت کوئی سرکاری افسران گاؤں کی طرف آتا ہوا نظر آتا ہے تو جاسوس مجرموں کو اس کی اطلاع دے دیتے ہیں پھر بعد میں یہ مجرمین وقت رہتے غائب ہو جاتے ہیں۔

## سوالات

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | رعیت لفظ کا استعمال کس کے لیے کیا گیا ہے؟ | 1 |
| 2۔ | اپنے آپ کو بچانے کے لیے رعیتوں نے جو طریقہ اپنائے انکو بیان کیجیے؟ | 2 |
| 3۔ | رعیتوں نے ساہوکاروں کو لوٹنے کا سہارا کیوں لیا؟ | 2 |




سوال (i)۔ دیئے گئے بھارت کے سیاسی نقشہ پر استمراری بندوبست، رعیت واڑی بندوبست لاگو کئے گئے تین علاقوں کو دکھایئے۔

سوال (ii)۔ اسی نقشہ پر نوآبادیاتی اہم شہروں کو B,A نقطوں پر درج کیا گیا ہے انہیں پہچانیے اور ان کے صحیح نام دی گئی لائنوں پر لکھیے۔

# موضوع۔گیارہ
# بغاوتیں اور راج
## (1857 کی بغاوت اور اس کی نمائندگی)

## یاد رکھنے لائق نکات

1۔ 1857 کا انقلاب میرٹھ چھاؤنی سے 10 مئی 1857 کو شروع ہوا۔ مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر کے شامل ہونے سے اس بغاوت نے ایک قسم کا قانونی جواز حاصل کر لیا تھا۔ سپاہیوں نے کسی مخصوص اشاروں کے ساتھ اپنی کارروائی شروع کردی کہیں توپ کا گولہ داغا گیا تو کہیں نقارہ بجا کر بغاوت کا اشارہ کیا۔

2۔ 1857 کی اہم وجوہات سیاسی، معاشی، مذہبی، سماجی اور فوجی تھیں فوری وجہ چربی والے کارتوس کا استعمال تھا۔

3۔ 1857 میں باغیوں نے یکجہتی کرنے کے لیے

(i) اعلانات میں ذات اور مذہب میں تفریق نہیں کی گئی

(ii) نوابوں اور مسلم حکمرانوں نے ہندوؤں کا خیال رکھا

(iii) بغاوت کو ہندو اور مسلمانوں کے نفع نقصان سے جوڑا گیا۔

4۔ اودھ میں شکوہ شکایت کے ایک سلسلے نے شہزادوں تعلق داروں، کسانوں اور سپاہیوں کو آپس میں جوڑ دیا تھا۔ وہ فرنگی راج کے آنے کو مختلف معنوں میں اپنی دنیا کے خاتمے کی شکل میں دیکھنے لگے۔

5۔ انگریزوں نے تعلقہ داروں کی جاگیریں اور قلعہ ضبط کر لیے، فوجیں ختم کردیں، قلعہ برباد کر دیئے گئے۔ ایک مشت بندوبست لاگو کرنے کے بعد ان کی حیثیت اور اقتدار پر ضرب پہنچی کیوں کہ وہ اب زمینوں کے مالک نہیں بلکہ بچولیہ (ایجنٹ) بن کر رہ گئے۔ کسانوں کی نظر میں تعلقہ دار استحصال تو کرتے تھے لیکن برے وقت میں رحم دل سرپرست کا کردار بھی ادا کرتے تھے۔

6۔ تعلقہ داروں کی بے دخلی کا مطلب ایک پورے سماجی نظام کا ٹوٹ جانا تھا۔ وفاداری اور سرپرستی کے جن رشتوں سے کسان تعلقہ داروں سے بندھے تھے۔ وہ درہم برہم ہوگیا۔ برطانوی عہد سے قبل تعلقہ دار ہی ظالم تھے لیکن بہت سے ان میں رحم دل سرپرست بھی تھے۔ وہ بقایاجات کی مختلف شکلوں میں کسانوں سے رقم تو وصول کرتے تھے لیکن اکثر وقت پڑنے پر

کسانوں کا لحاظ بھی رکھتے تھے۔ اب انگریزوں کے تحت کسانوں سے لگان کا تخمینہ بڑھا چڑھا کر اور وصولیابی کے بے لچک طریقے راست طور پر ظاہر ہونے لگے تھے۔ اب اس بات کی کوئی ضمانت نہیں تھی کہ مشکل حالات میں یا فصل خراب ہونے کی صورت میں ریاست کا مال گذاری مطالبہ کم ہو جائے گا۔

7۔ 1801 میں امدادی معاہدہ اودھ پر عائد کیا گیا۔ 1856 میں اودھ کا انگریزی ریاست میں الحاق کر دیا گیا اور وہاں کے حکمراں نواب واجد علی شاہ کو ناقص انتظام حکومت کے عذر کے ساتھ گدی سے اتار دیا گیا اور کلکتہ جلاوطن کر دیا گیا۔

8۔ ہندوستانیوں میں اس بات کا خوف پیدا ہو رہا تھا کہ انگریز ہندو اور مسلمانوں کو ذات اور مذہب کی بنیاد پر انھیں برباد کرنے پر تلے ہیں اور لوگوں کو عیسائی بنانا چاہتے ہیں۔ اسی خوف کی وجہ سے لوگ افواہوں پر بھروسہ کرنے لگے۔

9۔ 1857 کی بغاوت کی ابتدا منگل پانڈے کی قربانی سے ہوئی جو بیرک پور (بنگال) میں 34 ویں رجمنٹ کے سپاہی تھے۔

10۔ انگریزوں اور ہندستانیوں کی بنائی ہوئی تصویریں فوجی بغاوت کا ایک اور ریکارڈ رہا ہے۔ اس بغاوت کی کئی تصویریں پنسل سے بنے اسکیچ، ابھری ہوئی تصویریں پوسٹر اور کارٹون پرنٹ بازار میں موجود ہیں۔

11۔ 1857 کی بغاوت پہلی جنگ آزادی کے نام سے جانی جاتی ہے۔ کیونکہ اس میں ملک کے ہر طبقہ کے لوگوں نے سامراجی حکومت کے خلاف جنگ لڑی تھی۔

12۔ 1857 کی بغاوت کی ابتداء پانڈے کی قربانی سے ہوئی جو کہ بیرک پور (بنگال) 34 ویں رجمنٹ کے سپاہی تھے۔

13۔ لارڈ ولیم بینٹک کی رہنمائی میں برٹش سرکار مغربی تعلیم کے ذریعے سے ہندوستان میں پھیلی ہوئی برائیوں کو دور کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔

14۔ لارڈ بینٹک کی کوششوں سے 1829 میں ستی رواج کو غیر قانونی قرار دیا گیا۔

15۔ کانپور میں سپاہیوں اور شہر کے لوگوں نے پیشوا باجی راؤ دوئم کے وارث نانا صاحب کو بغاوت کی رہنمائی کرنے کے لیے مجبور کر دیا۔

16۔ ہندو اور مسلمان کے درمیان کھائی پیدا کرنے کی کوشش کے باوجود ہندو اور مسلمان پر کوئی اثر نہیں پڑا۔

17۔ چربی والے کارتوسوں کے استعمال سے انکار کرنے والے ہندوستانی سپاہیوں کا تعلق تھرڈ لائٹ کیولری رجمنٹ سے تھا۔

18۔ سہارنپور، میرٹھ، دہلی، متھرا، آگرہ، لکھنؤ، کانپور، جھانسی، گوالیار، الہ آباد، بریلی، بنارس، آرا اور کلکتہ بغاوت کے اہم مراکز تھے۔

19۔ سپاہیوں اور دیہی سماج کے درمیان تعلقات سے اس بغاوت کی نوعیت پر گہرا اثر پڑا۔

20۔ لوگوں میں اس بات کی ناراضگی تھی کہ برطانوی لگانی نظام میں سب ہی چھوٹے موٹے زمین کے مالکوں کو زمین سے بے دخل کر دیا اور غیر ملکی تجارت نے دستکاروں اور بنکروں کو برباد کر دیا۔

## مختصر ترین سوالات (ایک نمبر والے)

1۔ لکھنؤ میں بغاوت کی رہنمائی کس نے کی؟

2۔ بغاوت کے دوران چھوٹے ناگپور علاقے میں کول آدی واسیوں کی رہنمائی کس نے کی؟

3۔ ڈنکا شاہ کسے کہا جاتا تھا؟

4۔ اتر پردیش کے بریلی میں انگریزوں کے خلاف کس نے بغاوت کی؟

5۔ ہل اسٹیشنوں میں سپاہیوں کو علاج کرنے کے لیے کیوں بھیجا جاتا تھا؟

6۔ اودھ پر اتحادی معاہدہ کب تھوپا گیا؟

7۔ دیسی ریاستوں میں گورنر جنرل کے نمائندہ کو کیا کہا جاتا تھا؟

8۔ کس گورنر جنرل نے اتحادی معاہدہ کی شروعات کی؟

9۔ انگریزوں نے سماج کے کس طبقہ کی جاگیروں اور قلعے ضبط کر لیے تھے؟

10۔ ہندوستان میں بغاوت کی ابتداء کس رجمنٹ سے ہوئی؟

## Objective type سوالات

11۔ 1857 کی بغاوت کس شہر سے شروع ہوئی؟

(الف) میرٹھ (ب) دہلی (ج) کانپور (د) جھانسی

12۔ باغی سپاہیوں کا جتھا دہلی کے لال قلعہ پر کب پہونچا؟

(الف) 10 مئی (ب) 11 مئی (ج) 12 مئی (د) 15 مئی

13۔ دہلی پہونچکر باغیوں نے کسے اپنا سربراہ (مکھیا) چنا؟

(الف) بہادر شاہ ظفر (ب) پیشوا باجی راؤ دوئم

(ج) نواب شوکت علی (ج) رانی لکشمی بائی

14۔ اودھ کے کس نواب کو انگریزوں نے بدنظامی کا الزام لگا کر اسے عہدہ سے ہٹا دیا تھا؟

(الف) شجاع الدولہ (ب) سراج الدولہ

(ج) میر علی (د) نواب واجد علی شاہ

15۔ 1857 کی بغاوت کے وقت اتر پردیش میں بڑوت پرگنہ کے گاؤں والوں کو کسنے منظم کیا؟

(الف) شاہ مل (ب) کونو

(ج) کنور سنگھ (د) نانا صاحب

16۔ 1857 کی بغاوت کا فی الفور سبب کیا تھا؟

(الف) فرنگی سپاہیوں کو مارنا (ب) چربی والے کارتوس

(ج) آٹے میں ہڈیوں کا چورا (د) کم تنخواہ

17۔ 1857 کی بغاوت کا سب سے وسیع شکل کہاں دیکھنے کو ملی؟

(الف) اودھ (ب) کرناٹک

(ج) بنگال (د) دہلی

18۔ ریاست ہڑپنے کی حکمت عملی کس گورنر جنرل نے اپنائی؟

(الف) لارڈ کلائیو (ب) لارڈ بینٹنگ

(ج) لارڈ ڈلہوزی (د) لارڈ وارین ہیسٹنگ

19۔ کس صوبے کو بنگال آرمی کی نرسری کہا جاتا تھا؟

(الف) اودھ (ب) مہاراشٹر

(ج) حیدرآباد (د) دہلی

20۔ انگریزوں نے بغاوت کو کچل کر دہلی پر دوبارہ قبضہ کب قائم کیا؟

(الف) جون 1857 میں (ب) اگست 1857 میں

(ج) ستمبر 1857 میں (د) اکتوبر 1857 میں

21۔ ذیل کی تصویر کو پہچان کر اسکا نام بتایئے۔



## معروضی سوالات

1۔ لکھنؤ میں باغیوں کا لیڈر کون تھا؟

1۔ بہادر شاہ ظفر 2۔ رانی لکشمی بائی

3۔ برجیس قدر 4۔ نانا صاحب

2۔ ڈنکا شاہ کسے کہا جاتا تھا؟

1۔ شاہ مل 2۔ مولوی احمد اللہ شاہ

3۔ نانا صاحب 4۔ واجد علی شاہ

3۔ امداری معاہدہ کب تھوپا (لاگو) کیا گیا؟

1۔ 1798 میں 2۔ 1800 میں

3۔ 1801 میں 4۔ 1802 میں

4۔ کس انگریز افسر نے امدادی معاہدہ تیار کیا؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | لارڈ ڈلہوزی | 2۔ | لارڈ ویلزلی |
| 3۔ | لارڈ کارنوالس | 4۔ | لارڈ ہارڈنگ |

5۔ مندرجہ ذیل جملے کو درست کر کے لکھیے۔

"1857ء کی بغاوت میں کنور سنگھ نے کول آدی باسیوں کی رہنمائی چھوٹا ناگپور سے کی تھی"۔

6۔ مندرجہ ذیل اشاروں کو پڑھ کر درست جواب کی پہچان کیجیے۔

الف۔ وہ پالکی میں بیٹھ کر چلتے تھے۔

ب۔ حیدرآباد میں شاہ بہت ہی کم عمر میں مبلغ بن گئے تھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | شاہ مل | 2۔ | شاہ عالم |
| 3۔ | مولوی برجیس قدر | 4۔ | مولوی احمد اللہ شاہ |

7۔ صحیح جوڑوں کو ملایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A۔ | کانپور | 1۔ | ڈنکا شاہ |
| B۔ | مولوی احمد اللہ شاہ | 2۔ | ہڑپنے کی پالیسی (الحاق کی پالیسی) |
| C۔ | لارڈ ڈلہوزی | 3۔ | نانا صاحب |
| D۔ | لکھنؤ | 4۔ | برجیس قدر |

الف۔ A–i, B–ii, C–iii, D–iv

ب۔ A–i, B–iii, C–ii, D–iv

ج۔ A–iii, B–i, C–ii, D–iv

د۔ A–iv, B–ii, C–i, D–iii

8۔ (In Mamoriam) میموریم کس نے ذریعے بنائی گئی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | جوزف، این پیٹن | 2۔ | ٹامس باوکر |
| 3۔ | مس وہیلر | 4۔ | کرلا میٹ اسٹلی |

9۔ ذیل میں دو بیان دیے گئے ہیں۔ جن میں ایک بیان A اور دوسرا وجہ R ہے۔

بیان A: ''ان میموریم پینٹنگ جوزف نوئیل پیٹن نے بنائی۔''

وجہ R: اپنی پینٹنگ کے ذریعے باغیوں کی ایک منفی سوچ/شکل دکھانے کی کوشش کی۔

1۔ صرف بیان A ٹھیک ہے۔

2۔ صرف وجہ R ہی ٹھیک ہے۔

3۔ بیان A اور وجہ R دونوں ٹھیک ہیں لیکن R بیان A کی وضاحت نہیں کرتا۔

4۔ بیان A اور وجہ R دونوں ٹھیک ہیں اور وجہ R بیان A کی وضاحت کرتا ہے۔

10۔ 1857 کی بغاوت کے وقت انگریزوں کا گورنر کون تھا؟

1۔ لارڈ ڈلہوزی 2۔ لارڈ ولیزلی

3۔ لارڈ کیننگ 4۔ لارڈ ڈفرن

## اقتباس پر منحصر سوال (3 نمبر والے)

درج ذیل اقتباس کو پڑھیے اور نیچے لکھے گئے تین سوالوں کے جواب لکھیے۔

### تعلقہ دار کیا سوچتے تھے

### (What taluqdars thought)

تعلقہ داروں کے رویہ کو رائے بریلی کے نزدیک واقع کالاکنکر کے راجہ ہنونت سنگھ نے بے حد عمدہ ڈھنگ سے ظاہر کیا۔ بغاوت کے دوران ہنونت سنگھ نے ایک انگریز افسر کو پناہ دی تھی اور محفوظ مقام تک پہنچایا تھا۔ افسر کو رخصت کرتے وقت ہنونت سنگھ نے اس سے کہا تھا:

صاحب آپ کے ملک کے لوگ اس ملک میں آئے اور ہمارے راجاؤں کو دھکیل دیا۔ آپ اپنے افسران کو بھیج کر ضلعوں میں جاگیروں کی حق ملکیت کا معائنہ کراتے ہیں۔ ایک ہی جھٹکے میں آپ نے مجھ سے میری زمین چھین لی جو میرے خاندان کی قدیم عہد سے تھی۔ میں نے اطاعت اختیار کر لی۔ اچانک آپ کی بدقسمتی شروع ہوگئی۔ اس زمین کے لوگ آپ کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے، تب آپ میرے پاس آئے جس کو آپ نے محروم کر دیا تھا،

میں نے آپ کو بچایا، لیکن اب میں اپنے خادموں کو لے کر لکھنؤ جا رہا ہوں تا کہ آپ کو ملک سے باہر نکالنے کی کوشش کرونگا۔

A۔ آپکے ملک کے لوگ سے راجا ہنونت سنگھ کی مراد کس ملک کے لوگوں سے تھی؟

(الف) انگریز (ب) فرانس (ج) ڈچ (د) پرتگال

B۔ جملے کو درست کر کے لکھیں

راجہ ہنونت سنگھ نے ایک باغی کو پناہ دی اور اسے محفوظ مقام تک پہنچا دیا۔

C۔ پیش واقعہ کا تعلق ہے.................................

(الف) 1857 سے (ب) 1947 سے

(ج) 1920 سے (د) 1930 سے

D۔ راجہ ہنونت سنگھ کے مطابق اچانک سے کس کا برا وقت شروع ہو گیا۔

(الف) انگریزوں کا (ب) باغیوں کا

(ج) مغلوں کا (د) سبھی کا

درج ذیل تصویر کو پہچانئے اور کن ہی تین سوالوں کے جواب دیجیے۔



A۔ تصویر میں ہاتھ میں تلوار اور ڈھال لیے خاتون کس سے بدلہ لے رہی ہے۔

(الف) ہندوستان کے باغیوں سے (ب) غلاموں سے

(ج) انگریزوں سے (د) فرانس کی عوام سے

B۔ خالی جگہ پر کیجیے۔

(الف) محبت کی (ب) بدلے کی (ج) برداشت کی (د) سبھی کی

C۔ اس تصویر میں برطانوی عوام کے من میں جو بغاوت کے خلاف شبیہ بنائی گئی تھی کیا بھارت کے قوم پرستوں کے من میں بھی یہی تھا۔

D۔ باغی کس کی حکومت کو چنوتی دینا چاہتے تھے۔

(الف) نوابوں کو (ب) برطانوی حکومت کو

(ج) مغلوں کو (د) درج بالا سبھی کو

## مختصر جواب والے سوالات (تین نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ 1857 کی بغاوت کے اہم اسباب کیا تھے؟

سوال نمبر 2۔ 1857 کی بغاوت کی ناکامی کے اہم اسباب لکھیے۔

سوال نمبر 3۔ اودھ پر قبضہ کرنے میں انگریزوں کی دلچسپی کی اہم وجہ کیا تھی؟

سوال نمبر 4۔ "امدادی معاہدہ" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 5۔ اودھ کے الحاق سے تعلقہ داروں کی حالت پر کیا فرق پڑا؟

سوال نمبر 6۔ تعلقہ داروں کے اقتدار کا خاتمہ ہو جانے سے ایک سماجی نظام کس طرح درہم برہم ہو گیا؟

سوال نمبر 7۔ کن کوششوں سے پتہ چلتا ہے کہ باغی لیڈر 18 ویں صدی کے نظام کو قائم کرنا چاہتے تھے؟

سوال نمبر 8۔ باغیوں کے درمیان اتحاد قائم کرنے کے لیے کیا طریقے اپنائے گئے؟

سوال نمبر 9۔ ان شواہد/حقائق کا تذکرہ کیجیے جن سے پتہ چلتا ہے کہ باغی منصوبہ بند طریقوں اور تال میل کے ساتھ کام کر

رہے تھے۔

سوال نمبر 10۔ 1857 کی بغاوت کو کچلنے کے لئے انگریزوں کے ذریعہ اٹھائے گئے اقدامات کا تذکرہ کیجیے۔

سوال نمبر 11۔ 1857 کی بغاوت سے پہلے ہندوستانی فوجیوں کی انگریزی حکومت کے خلاف کیا شکایتیں تھیں؟ تذکرہ کیجیے۔

سوال نمبر 12۔ 1857 میں باغیوں کے ذریعہ جاری کیے گیے اعلانیہ میں ذات اور مذہب کی تفریق کئے بغیر سماج کے سبھی طبقات نے حصہ لیا تھا۔" وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 13۔ "1857 کی بغاوت صرف ایک فوجی بغاوت نہ ہوکر کسانوں، زمیں داروں، آدی باسیوں اور حکمرانوں کی بغاوت تھی" واضح کیجیے۔

سوال نمبر 14۔ 1857 کی بغاوت میں افواہوں اور پیشین گوئیوں کا کتنا تعاون تھا؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 15۔ لوگ افواہوں پر یقین کیوں کر رہے تھے؟ تین نکات میں واضح کیجیے۔

یا

انگریزوں کی ان پالیسیوں کا تذکرہ کیجیے جن کی وجہ سے لوگ افواہوں پر یقین کرنے لگے۔

## طویل جواب والے سوالات (آٹھ نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ "1857 کی بغاوت صرف ایک فوجی بغاوت تھی یا پہلی جنگ آزادی" مدلل جواب دیجیے۔

سوال نمبر 2۔ باغی کیا چاہتے تھے؟ مختلف سماجی گروہوں کی نظر میں کیا فرق تھا؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 3۔ 1857 کی بغاوت کے بارے میں تصویروں سے کیا معلوم ہوتا ہے؟ بیان کیجیے۔

سوال نمبر 4۔ اودھ میں بغاوت اتنی شدید کیوں تھی؟ کسان، تعلقہ دار اور زمیندار اس میں کیوں شامل ہوئے؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 5۔ 1857 کے واقعات کو متعین کرنے میں مذہبی عقائد کا کیا رول رہا؟ واضح کیجیے۔

سوال نمبر 6۔ 1857 کی یاد کو تازہ کرنے میں فنون لطیفہ اور ادب کا کیا تعاون ہے؟ تبصرہ کیجیے۔

سوال نمبر 7۔ "1857 کی بغاوت کو کچلنا انگریزوں کے لیے بہت آسان ثابت نہیں ہوا" مناسب مثالوں سے اس بیان کی

وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 8۔ "1857 کے دوران برطانوی حکومت نے اودھ کے تعلقہ داروں کی طاقت کو کس طرح چھینا۔ مثال دے کر سمجھائیے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات (چھ نمبر والے)

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

# نواب صاحب رخصت ہوچکے

نواب کی جلاوطنی سے نقصان اور رنج و ملال کے اس منظر کو کئی معاصر مشاہدین نے قلم بند کیا ہے۔ ان میں سے ایک نے لکھا تھا "جسم سے جان نکل چکی تھی اور اس شہر کا جسم بے جان باقی رہ گیا تھا..... وہاں کئی سڑک یا بازار اور گھر ایسا نہ تھا جس سے جان عالم کی جدائی میں سوہان روح کے ساتھ بلند آواز میں رونے کی آواز نہ آرہی ہو۔" ایک لوک گیت میں ماتم کیا گیا کہ "انگریز بہادر آئے اور ملک پر قبضہ کر لیا" (انگریز بہادر آئن ملک لئے لن ہو)

ایک دوسرے گیت میں حکمراں کی تباہ حالی پر آہ و بکا کی گئی ہے جسے اپنے مادر وطن کو چھوڑنا پڑا۔

شرفا اور کسان سب مل کر رو رہے تھے اور تمام عالم آنسو بہا رہا تھا اور ماتم کر رہا تھا۔ آہ! جان عالم الوداع کہنے پر مجبور ہو گئے اور اپنے ملک سے پردیس چلے گئے۔

## سوالات

1۔ "جسم سے جان نکل چکی تھی اور اس شہر کا جسم بے جان باقی رہ گیا تھا..." مذکورہ سطر میں کس شہر کا بیان ہے 1

2۔ ڈلہوزی نے کس پالیسی کے تحت مذکورہ شہر پر قبضہ کیا؟ 2

3۔ حکمراں کی جلاوطنی پر شہر کے لوگ اتنے غم زدہ کیوں تھے؟ 2




(i) دیئے گئے بھارت کے سیاسی نقشہ پر 1857 کے بغاوت کی تین اہم مقامات میرٹھ، کلکتہ اور دہلی کو دکھایئے۔

(ii) دیئے گئے اسی سیاسی نقشہ پر 1857 کی بغاوت کے دو اہم مراکز A اور B درج کیے گئے ہیں۔ انہیں پہچانیے اور ان کے صحیح نام ان کے سامنے کھینچی گئی لائنوں پر لکھیے۔


INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
INDIA BOOK DEPOT (MAP HOUSE)


INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
1857 کی بغاوت کے اہم مراکز
INDIAN BOOK DEPOT (MAP HOUSE)

# موضوع-بارہ
# مہاتما گاندھی اور قومی تحریک
## (سول نافرمانی اور اس سے آگے)

## یاد رکھنے لائق نکات

1۔ جنوبی افریقہ میں ہی مہاتما گاندھی نے پہلی بار ستیہ گرہ کے طور پر معروف احتجاج ''عدم تشدد'' کی ممتاز تکنیک کو بتدریج آگے بڑھایا جس میں مختلف مذاہب، ذاتوں کے درمیان یک جہتی، عورتوں کے تئیں رویہ کو صحیح رکھنا۔ اس سلسلے میں دیون سین کہتا ہے کہ جنوبی افریقہ نے گاندھی جی کو مہاتما بنا دیا۔

2۔ 1905-07 کی سودیشی تحریک نے اعلیٰ قسم کے لیڈروں کو تیار کیا۔ ان میں مہاراشٹر کے بال گنگا دھر تلک، بنگال کے بپن چندر پال اور پنجاب کے لالہ لاجپت رائے خاص تھے۔ یہ تینوں لال، بال، پال کے نام سے معروف تھے۔

3۔ گاندھی جی پہلی مرتبہ فروری 1916 میں بنارس ہندو یونیورسٹی کی افتتاحی تقریب میں عوام کے سامنے آئے جہاں انھوں نے مزدوروں اور کسانوں کو اپنی تقریر کا مرکزی نقطہ بنایا اور اپنے مستقبل کی سیاست کا خاکہ تیار کیا۔

4۔ سال 1917-18 میں چمپارن، کھیڑا اور احمد آباد میں کی گئی پیش قدمیوں سے گاندھی جی ایک ایسے قوم پرست کی حیثیت سے ابھرے جن میں غریب لوگوں کے لیے گہری ہمدردی تھی۔

5۔ 1914-18 کی جنگ عظیم کے دوران انگریزوں نے پریس پر احتساب (سنسر شپ) کا آغاز کر دیا اور بغیر کسی عدالتی کارروائی کے حراست میں رکھنے کی اجازت دے دی۔ آگے چل کر سر سڈنی رولٹ کی قیادت میں بنی کمیٹی کی سفارش پر ان سخت اقدامات کو جاری رکھا گیا۔

6۔ 13 اپریل 1919 میں پنجاب کے امرتسر میں جلیاں والا باغ قتل عام کا سانحہ پیش آیا جس کے لیے جنرل ڈائر ذمہ دار تھا۔

7۔ رولٹ ستیہ گرہ کی کامیابی، جلیاں والا باغ قتل عام سانحہ، انگریزوں کی وعدہ خلافی نے گاندھی جی کو عدم تعاون کی تحریک کے لیے اکسایا۔ 1920 میں عدم تعاون کی تحریک کی شروعات ہوئی جس میں خلافت تحریک کو حمایت دے کر ہندو مسلم یکجہتی پر زور دیا گیا۔

8۔ عدم تعاون کی تحریک میں طلبا، اساتذہ اور وکیلوں نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ سرکاری اداروں میں جانا موقوف کر دیا۔ مزدور طبقے نے بھی ہڑتال کر دی۔ پہاڑی قبائل نے جنگلاتی قوانین کی خلاف ورزی کی۔

9۔ فروری 1922 میں کسانوں کے ایک گروپ نے گورکھپور کے نزدیک چوراچوری میں ایک پولیس اسٹیشن پر حملہ کر کے اس میں آگ لگا دی جس سے کئی پولیس کانسٹبل ہلاک ہو گئے۔ نتیجتاً گاندھی جی نے عدم تعاون کی تحریکوں کو منسوخ کر دیا۔

10۔ 1922 تک گاندھی جی ایک قومی رہنما بن گئے تھے کیونکہ انھوں نے ہندوستانی قوم پرستی کو ایک نئی راہ دکھائی تھی جس میں کسان، مزدور، تاجر، متوسط طبقے کو تحریک میں شامل کیا اور اپنے آپ کو روشناس کرایا۔ ان کے کام کرنے کے طریقے، پہناوے وغیرہ نے عوامی لیڈر بنا دیا۔ وہ عوام سے ہمدردی رکھتے تھے حتیٰ کہ ان کے ساتھ اپنی شناخت قائم کرتے تھے۔

11۔ 1928 میں نوآبادیاتی ہندوستان کے حالات کی چھان بین کے لیے سائمن کمیشن ہندوستان آیا۔ چونکہ اس کے سبھی ممبران انگریز تھے اس لیے ہندستانیوں نے اس کا بائیکاٹ کیا۔

12۔ دسمبر 1929 میں لاہور اجلاس میں کانگریس نے مکمل آزادی کا اعلان کیا۔

13۔ 12 مارچ 1930 کو گاندھی جی نے سابرمتی سے ڈانڈی مارچ کا آغاز کیا اور 6 اپریل 1930 کو نمک بنا کر ڈانڈی مارچ کو ختم کیا۔

14۔ نمک کی تحریک تین اسباب کی وجہ سے منفرد تھی:

(i) دنیا کی توجہ گاندھی جی کی طرف مبذول ہو گئی

(ii) یہ پہلی قوم پرست سرگرمی تھی جس میں خواتین نے بڑی تعداد میں حصہ لیا

(iii) انگریزوں کو یہ احساس ہوا کہ ان کا راج بہت دنوں تک نہیں رہے گا۔

15۔ 1931 میں ''گاندھی اِرون سمجھوتہ'' شرائط — سول نافرمانی کی تحریک کو واپس لینا۔ سارے قیدیوں کی رہائی، ساحلی علاقوں میں نمک تیار کرنے کی اجازت دینا۔

16۔ ''ہندوستان چھوڑو'' صحیح معنوں میں ایک عوامی تحریک تھی جو گاندھی نہرو جیسے اہم رہنماؤں کو گرفتار کرنے کے بعد بھی جاری رہی۔ نوجوان سرگرم کارکنان پورے ملک میں ہڑتالیں اور تخریب کاری میں سرگرم تھے۔ ستارہ، میدنی پور اور بلیا میں آزاد حکومتوں کا اعلان کر دیا گیا۔

17۔ ہم عصر ماخذ جیسے گاندھی جی کے محاسبوں،مخالفوں کی تقاریر،تحریریں، گاندھی جی کی سوانح،پولس ریکارڈ،اخبارات میں شامل خبریں نجی خط وکتابت کو سمجھنے میں بہت اہم ماخذ ہیں۔

18۔ 1935 کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ نے نمائندگی پرمبنی حکومت کا وعدہ کیا گیا۔یہی ایکٹ آگے چل کر آئین ہند کی بنیاد بنا۔

19۔ 1924 میں جیل سے رہا ہونے کے بعد گاندھی جی نے اپنا دھیان تعمیراتی کاموں جیسے چرخے کو مقبول بنانا، ہندو مسلم یک جہتی، چھوا چھوت کو دور کرنے میں لگایا۔

20۔ دوسری گول میز کانفرنس 1931 کے آخر میں لندن میں منعقد ہوئی اور کسی نتیجہ پر نہیں پہونچ سکی اس لیے گاندھی جی نے واپس آکر دوبارہ سول نافرمانی تحریک شروع کردی۔

21۔ مارچ 1940 میں مسلم لیگ نے برصغیر کے مسلم اکثریت علاقوں کے لیے خودمختاری کی مانگ کی تجویز پیش کی۔

22۔ گاندھی جی نے نا صرف آزادی اور اٹوٹ بھارت کے لیے زندگی بھر لڑائی لڑی بلکہ وہ ایک سماجی اصلاح کار بھی تھے۔ جنہوں نے اپنا دھیان کھادی کو بڑھاوا دینے اور چھوا چھوت کو ختم کرنے پر لگایا۔

23۔ گاندھی جی نے چرخے کو انسانی سماج کے نمونہ کے طور پر دیکھا۔جس نے مشینوں اور ٹیکنولوجی کو بہت بڑھاوا نہیں دیا جائے۔

24۔ 1917-22 کے درمیان ہندوستانیوں کے با اثر طبقات جس میں مہادیو دیسائی ولبھ بھائی پٹیل، جے بی کرپلانی، سبھاش چندر بوس، ابوالکلام آزاد، جواہر لعل نہرو، سروجنی نائیڈو، گوبند بلبھ پنت اور سی راج گوپال چاریہ شامل تھے جنہوں نے گاندھی وادی اور قوم پرستی کی ارتقاء میں تعاون دیا۔

25۔ بنگال میں امن قائم کرنے کے لیے مہم چلانے کے لیے گاندھی جی نوآکھلی گئے اس کے بعد دہلی آئے اور یہاں سے پنجاب جانے کا پروگرام تھا لیکن تب ہی 30 جنوری 1948 کو ناتھورام گوڈسے نے گولی مار کر گاندھی جی کا قتل کردیا۔

## مختصرترین جواب والے سوالات (ایک نمبر والے)

1۔ انڈین نیشنل کانگریس نے پہلا یوم آزادی کب اور کہاں منایا؟

2۔ گاندھی جی کی پہلی عوامی حاضری (Meeting) کہاں پر ہوئی تھی؟

3۔ جلیاں والا باغ کا واقعہ کب ہوا۔

4۔ گاندھی جی نے عدم تعاون تحریک کس واقعہ کی وجہ سے واپس لی تھی؟

5۔ 1929 کے لاہور سیشن کی اہم خصوصیات کیا تھیں؟

6۔ پہلی بار قومی جھنڈا کب پھہرایا گیا؟

7۔ گاندھی جی نے ڈانڈی مارچ کب شروع کیا؟

8۔ کس غیر ملکی رسالے میں گاندھی جی کے کردار پر ہنسی اڑائی گئی تھی؟

9۔ بھارت چھوڑو آندولن کس سن میں شروع کیا گیا؟

10۔ گاندھی جی ارون معاہدہ کس سن میں ہوا؟

## Objective Type Question

11۔ گاندی جی کے بارے میں صحیح بیان چنیے۔

i۔ وہ جنوری 1915 میں جنوبی افریقہ سے بھارت واپس آئے۔

ii۔ ستیہ گرہ کا پہلا تجربہ گاندھی جی نے جنوبی افریقہ میں کیا۔

iii۔ 1917 میں انھوں نے چمپارن ستیہ گرہ کیا۔

iv۔ درج بالا میں سے سبھی بیانات درست ہیں۔

جواب دیجیے۔

(الف) صرف ایک صحیح ہے۔

(ب) صرف ایک اور دو صحیح ہیں۔

(ج) صرف ایک دو اور تین صحیح ہیں۔

(د) ان میں سے کوئی درست نہیں ہے۔

12۔ درج ذیل تحریکوں میں سے 1942 اگست میں کون سی تحریک شروع کی گئی۔

(الف) بھارت چھوڑو تحریک

(ب) رولٹ ایکٹ کے خلاف تحریک

(ج) سول نافرمانی کی تحریک

(د) چمپارن ستیہ گرہ

13۔ جلیاں والا قتل عام کہاں ہوا؟

(الف) لاہور (ب) کلکتہ (ج) کراچی (د) امرتسر

14۔ خلافت تحریک کے بانی کون تھے؟

(الف) مہاتما گاندھی (ب) جے پرکاش نارائن

(ج) محمد علی اور شوکت علی (د) ابوالکلام آزاد

15۔ یہ بیان کس نے دیا؟ ''جنوبی افریقہ نے ہی گاندھی مہاتما بنایا''۔

(الف) لوئی فشر (ب) چندرن دیوشین

(ج) ٹامس مسگنیسرن (د) گوپال کرشن گوکھلے

16۔ لاہور اجلاس کے بارے میں اس میں کون سا بیان غلط ہے؟

(الف) یہ 1929 دسمبر میں منعقد کیا گیا۔

(ب) اس میں مکمل آزادی کی بات کی گئی۔

(ج) اس کی صدارت ولبھ بھائی پٹیل نے کی۔

(د) 26 جنوری 1930 کو پہلا یوم آزادی منایا گیا۔

17۔ کس تحریک میں پہلی مرتبہ خواتین نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

(الف) خلافت تحریک (ب) عدم تعاون

(ج) سول نافرمانی کی تحریک (د) بھارت چھوڑو تحریک

18۔ کرپس مشن کے ساتھ بات چیت میں کانگریس نے کیا مسودہ پیش کیا؟

(الف) سبھی سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے

(ب) بھارت کو مکمل آزادی دی جائے۔

(ج) وائس رائے اپنی ورکنگ کمیٹی میں کسی ہندوستانی کو دفاعی ممبر کے طور پر منتخب کرے۔

(د) ساحلی علاقوں میں نمک بنانے اور فروخت کرنے کی اجازت دی جائے۔

19۔ بھارت چھوڑو تحریک کے دوران مساوی سرکار کہاں کہاں پر قائم کی گئی۔

(الف) نوعاکھلی (ب) دلّی

(ج) میدنی پور اور شارہ (د) پنجاب

20۔ ''اے بنچ آف ورلڈ لیٹرس'' کس کے نجی خطوط کا مجموعہ ہے۔

(الف) جواہر لعل نہرو (ب) مہاتما گاندھی

(ج) سبھاش چندر بوس (د) بھگت سنگھ

21۔ درج ذیل تصویر کو بغور مطالعہ کیجیے اور بتایئے یہ کس کی تصویر ہے۔



# معروضی سوالات

1۔ مہاتما گاندھی کس سال میں بھارت آئے۔

| | |
|---|---|
| 1۔ 1912ء میں | 2۔ 1914ء میں |
| 3۔ 1915ء میں | 4۔ 1916ء میں |

2۔ گاندھی جی نے سب سے پہلے "ستیہ گرہ" کی شروعات کہاں سے کی۔

| | |
|---|---|
| 1۔ چمپارن سے | 2۔ کھیڑا سے |
| 3۔ لکھنؤ سے | 4۔ سابرمتی آشرم سے |

3۔ عدم تعاون تحریک کا دوران وقفہ کیا ہے؟

| | |
|---|---|
| 1۔ 1919-21 | 2۔ 1920-22 |
| 3۔ 1922-24 | 4۔ 1919-22 |

4۔ انڈین نیشنل کانگریس نے پہلا یوم آزادی کب منایا؟

| | |
|---|---|
| 1۔ 26جنوری1950 | 2۔ 15اگست1947 |
| 3۔ 26جنوری1930 | 4۔ 26جنوری1949 |

5۔ دانڈی مارچ کے وقت بھارت میں انگریزوں کا وائس رائے کون تھا۔

| | |
|---|---|
| 1۔ لارڈ کرزن | 2۔ لارڈ کیننگ |
| 3۔ لارڈ ولیم بینٹک | 4۔ لارڈ ارون |

6۔ ذیل میں دیئے گئے اشاروں کو پڑھ کر درست جواب کی پہچان کیجیے۔

1۔ اس مقام کے نام پر گاندھی جی نے اپنی بڑی تحریک کا نام رکھا۔

2۔ اس مقام پر انگریزوں کے ذریعے تھوپے (لاگو) کیے قانون کو توڑا گیا۔

(i) سابرمتی آشرم (ii) احمد آباد

(iii) امرتسر (iv) دانڈی

7۔ صحیح جوڑوں کو ملایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A۔ | گاندھی جی کی ہندوستان آمد | 1۔ | 1919 |
| B۔ | نمک ستیہ گرہ | 2۔ | 1942 |
| C۔ | جلیاں والا باغ حادثہ | 3۔ | 1930 |
| D۔ | بھارت چھوڑو تحریک | 4۔ | 1915 |

1۔ A–iii, B–ii, C–iv, D–i

2۔ A–iv, B–iii, C–i, D–ii

3۔ A–ii, B–iii, C–i, D–iv

4۔ A–iv, B–iii, C–iv, D–i

8۔ مندرجہ ذیل بیان کو درست کر کے لکھیے۔

''مہاتما گاندھی نے اپنا پہلا ستیہ گرہ 1919 میں کھیڑا میں شروع کیا۔''

9۔ ذیل میں دو بیان دیئے گئے ہیں۔جن میں بیان A اور دوسرا سبب/وجہ R ہے۔

بیان A: 1921 میں جنوبی ہند کے سفر کے دوران گاندھی جی نے سوتی کپڑے پہننے شروع کر دیئے۔

سبب R: ایسا کر کے گاندھی جی غریبوں کے ساتھ اپنی شناخت قائم کرنا چاہتے تھے۔

1۔ صرف بیان A درست ہے۔

2۔ صرف سبب R درست ہے۔

3۔ بیان A اور سبب R دونوں درست ہیں اور سبب R بیان A کا درست وضاحت نہیں کرتا ہے۔

4۔ بیان A اور سبب R دونوں درست ہیں اور سبب R بیان A کا درست وضاحت بھی کرتا ہے۔

10۔ کس حادثہ کے بعد گاندھی جی نے عدم تعاون تحریک کو ختم / واپس کر دیا تھا۔

1۔ جلیاں والا باغ حادثہ

2۔ چمپارن ستیہ گرہ

3۔ نمک ستیہ گرہ

4۔ چوری چورا حادثہ

## اقتباس پر منحصر سوالات

(i) دیئے گئے ماخذ کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالات میں سے کن ہی تین کے جوابات دیجیے۔

## چرخہ

مہاتما گاندھی جدید عہد کے شدید نقاد تھے جس میں مشینوں نے انسانوں کو غلام بنا کر محنت کو بے دخل کر دیا تھا۔ وہ چرخہ کو انسانی سماج کے ایک ایسے مظہر کے طور پر دیکھتے تھے جس میں مشینوں اور ٹیکنالوجی کی ستائش نہیں کی جائے گی۔ مزید آں چرخہ غریب لوگوں کو اضافی آمدنی فراہم کر سکتا تھا اور انھیں خود کفیل بنا سکتا تھا۔

نیچے دو بیانات دیئے گئے ہیں جس میں سے بیان (A) کے طور پر اور دوسرے کو سبب (R) کے طور پر دکھایا گیا ہے۔

بیان A۔ مہاتما گاندھی مشینوں کے ناقد تھے

سبب B۔ مہاتما گاندھی کا اعتراض مشینوں کی سنک سے تھا۔

(الف) بیان A درست ہے۔

(ب) صرف سبب (R) صحیح ہے۔

(ج) بیان A اور R دونوں درست ہیں لیکن سبب (R) بیان اے کی وضاحت نہیں کرتا۔

(د) بیان A اور R دونوں درست ہیں اور سبب R بیان A کا خلاصہ کرتا ہے۔

گاندھی جی کے مطابق درج ذیل سے کیا مراد تھی؟

مشینوں کا استعمال۔

(i) مشین نے انسان غلام بنا کر مزدوری سے ہٹا دیا۔

(ii) پیسہ اپنے آپ میں مشینری کا ایک بہترین نمونہ ہے۔

(الف) پہلا درست ہے (ب) دوسرا غلط ہے

(ج) دونوں درست ہیں (د) دونوں غلط ہیں

(i) چرخہ غریب کو خود کفیل بنا سکتا ہے۔

(ii) دولت کا جماؤ کچھ لوگوں کے ہاتھ میں کرتا ہے۔

(iii) غریب کو دوسرے پر منحصر کرتا ہے۔

(iv) مشینوں کو بڑھاوا دیتا ہے۔

B۔ درج بالا میں سے کون سا بیان صحیح ہے۔

C۔ مہاتما گاندھی مشینوں کے بے جا استعمال کے خلاف تھے کیونکہ:۔

(الف) مشینوں کی وجہ سے جسمانی محنت کم ہوتی ہے۔

(ب) ہزاروں کی تعداد میں لوگ بے روزگار ہو جائیں گے۔

(ج) لوگوں کی زندگی آرام پسند ہو جائے گی۔

(د) مشین آمدنی بڑھانے کا ذریعہ فراہم کرتی ہے۔

22۔ دی گئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور کن ہی تین سوالات کے جوابات دیجیے۔



اس تصویر میں کیا دکھایا گیا ہے؟

(الف) جواہر لال نہرو کی آخری رسومات۔

(ب) دیوتاؤں سے آشر دواد لینے کے لیے ہون کرنا۔

A۔ اس تصویر میں کیا دکھایا گیا ہے؟

(الف) جواہر لال نہرو کی آخری رسومال

(ب) دیوتاؤں سے آشیرواد لینے کے لیے ہون کرنا

(ج) اندرا گاندھی کی آخری رسومات

(د) مہاتما گاندھی کی آخری رسومات

B۔ مقامی شبیہوں میں مہاتما گاندھی کو دیکھا جاتا تھا۔

(الف) ایکتا کے لیے سپر دیوتا کے طور پر

(ب) قوم پرست کے طور پر

(ج) ایک سماجی مصلح کے طور پر

(د) درج بالا میں سے کوئی نہیں

C۔ یہ تصویر کس بات کا نمونہ ہے؟

(الف) کانگریس میں دو نظریات کے ٹکراؤ کا

(ب) کانگریس کے اندر دو الگ الگ دھاراؤں کے ایک ہونے کا۔

(ج) دونوں درست ہیں (الف اور ب)

(د) دونوں غلط ہیں (الف اور ب)

D۔ درج ذیل دو بیانات دیئے گئے ہیں جن میں بیان (A) اور سبب (R) کے طور پر دیئے گئے ہیں۔

بیان A۔ گاندھی جی کے پاس کرشمائی طاقت تھیں

سبب R۔ گاندھی بابا۔ گاندھی مہاراج یا مہاتما جیسا لگ لگ القابات سے نوازا گیا ہے۔

(الف) بیان A درست ہے۔

(ب) سبب R صحیح ہے۔

(ج) بیان A اور سبب R درست ہیں اور سبب R بیان A کا خلاصہ کرتا ہے۔

(د) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں لیکن سبب R بیان A کا خلاصہ نہیں کرتا۔

## مختصر جواب والے سوالات (تین نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ عدم تعاون کی تحریک کب اور کیوں شروع کی گئی؟ اس کو چھوڑنے کی وجوہات کا تذکرہ کیجیے۔

سوال نمبر 2۔ گاندھی جی کی حیرت انگیز قوت کار سے متعلق افواہیں کیا تھیں؟ واضح کیجیے۔

سوال نمبر 3۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے منصوبہ کا ذکر کیجیے۔

سوال نمبر 4۔ کیبنٹ مشن ہندوستان کب آیا؟ اس کی اہم سفارشات کیا تھیں؟ تذکرہ کیجیے۔

سوال نمبر 5۔ گاندھی جی جتنے بڑے سیاستداں تھے اتنے ہی بڑے سماجی مصلح تھے۔ واضح کیجیے۔

سوال نمبر 6۔ بہت سے مفکروں نے آزادی کے بعد کے مہینوں کو گاندھی جی کی زندگی کا اہم ترین لمحہ کیوں کہا ہے؟ واضح کیجیے۔

سوال نمبر 7۔ 1915 میں مہاتما گاندھی کے ہندوستان واپس آنے کے دوران ملک کے حالات کا تذکرہ کیجیے۔

سوال نمبر 8۔ دسمبر 1929 میں لاہور میں منعقد کانگریس اجلاس کی اہمیت کا تذکرہ کیجیے۔

سوال نمبر 9۔ گاندھی جی نے نمک ستیہ گرہ کے دوران نمک کو ہی مخالفت/احتجاج کی علامت کے طور پر کیوں منتخب کیا؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 10۔ گاندھی جی نے نمک ستیہ گرہ یا سول نافرمانی کی تحریک کیوں شروع کی؟ اس دوران کیا طریقے اپنائے گئے؟

سوال نمبر 11۔ گاندھی جی تحریک آزادی کے دوران چرخے کو انسانی سماج کی علامت کے طور پر کیوں منتخب کیا گیا؟

سوال نمبر 12۔ ذاتی خطوط اور خودنوشت سرکاری ماخذوں سے کس طرح مختلف ہوتی ہیں؟ ان سے کسی شخص کے کن کن پہلوؤں کی معلومات حاصل ہوتی ہے؟

سوال نمبر 13۔ ''چمپارن'' کھیڑا اور احمد آباد میں گاندھی ایک ایسے قومی لیڈر کے طور پر ابھرے۔ جن میں غریبوں کے لیے گہری ہمدردی تھی'' وضاحت کیجیے؟

سوال نمبر 14۔ ڈائریکٹ ایکشن ڈے کا اعلان کس نے کب اور کیوں کیا تھا؟

سوال نمبر 15۔ گاندھی جی کے ان عقیدت مندوں کے نام لکھیے جنھوں نے گاندھی جی کے نظریات کو قوم پرستی کے ارتقاء میں تعاون کیا؟

## طویل جواب والے سوالات (آٹھ نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ 1930 میں گاندھی جی کے ذریعے چلائی گئی نمک تحریک کی وجوہات اور نتائج کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

سوال نمبر 2۔ 1922 تک مہاتما گاندھی ایک مقبول لیڈر بن گئے تھے۔ تبصرہ کیجیے۔

سوال نمبر 3۔ مہاتما گاندھی کے ذریعے قومی تحریک کو ایک عوامی تحریک میں تبدیل کر دیا گیا۔ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 4۔ ان اہم واقعات پر تبصرہ کیجیے جن کے نتیجے میں ''ہندوستان چھوڑو'' تحریک شروع ہوئی۔ اس کی اہم خصوصیات کو بیان کرتے ہوئے اس تحریک میں مہاتما گاندھی کے کردار کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر 5۔ مہاتما گاندھی نے قومی تحریک کی شکل کو کس طرح مکمل طور پر بدل کر رکھ دیا۔ تجزیہ کیجیے۔

سوال نمبر 6۔ ہندوستان چھوڑو تحریک کو عوامی تحریک کیوں کہا گیا؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 7۔ مختلف قومی تحریکوں کے ضمن میں مہاتما گاندھی کے کردار کو بیان کیجیے۔

سوال نمبر 8۔ ان مختلف قسم کے ماخذوں کا ذکر کیجیے جن کی بنیاد پر گاندھی جی کے سیاسی سفر اور تحریک آزادی کی تاریخ کی از سر نو تشکیل کی جا سکتی ہے۔

## اقتباس پر مبنی سوالات (چھ نمبر والے)

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

# کل ہم نمک ٹیکس قانون توڑیں گے

5 اپریل 1930 کے دن مہاتما گاندھی نے ڈانڈی میں کہا تھا:

جب میں نے سابرمتی کو اپنے ساتھیوں کے ساتھ ڈانڈی کے سمندری ساحل کے چھوٹے سے گاؤں کے لیے چھوڑا تھا تو میرے ذہن میں یہی یقین نہیں تھا کہ ہم کو اس مقام تک پہنچنے دیا جائے گا۔ اس وقت جب میں سابرمتی میں تھا تب یہ افواہ تھی کہ مجھے گرفتار کیا جا سکتا ہے۔ میں نے سوچا کہ حکومت شاید میرے ساتھیوں کو ڈانڈی تک آنے دے گی لیکن مجھے یقیناً نہیں آنے دے گی۔ اگر کوئی شخص میرے اوپر دانستہ ناقص عقیدہ کے الزام کا اظہار کرتا ہے تو میں اس الزام سے انکار نہیں کروں گا۔ میرے یہاں تک پہنچنے میں امن اور عدم تشدد کی طاقت کی معمولی تدبیر حق بجانب نہ ہوگی۔ اس طاقت کو آفاقی طور پر محسوس کیا جاتا ہے۔ کاش حکومت، اگر یہ چاہے تو وہ اس کام کی انجام دہی کے لیے خود کو مبارکباد دے سکتی ہے کیونکہ وہ ہم میں سے ہر ایک کو گرفتار کر سکتی تھی۔ جب حکومت یہ کہتی ہے کہ ان کے پاس امن کی اس فوج کو گرفتار کرنے کی ہمت نہیں تھی تو ہم اس بات کی تعریف کرتے ہیں اس طرح کی فوج کو گرفتار کرنے میں حکومت شرم محسوس کرتی ہے۔ جو شخص کوئی ایسا کام کرنے میں شرمندگی محسوس کرتا ہے۔ جس سے اس کا پڑوسی ناخوش ہو تو وہ شخص مہذب ہے۔ حکومت ہم لوگوں کو گرفتار نہ کرنے کے لئے مبارکباد کی مستحق ہے۔ بالفرض اس نے یہ کام عالمی رائے کے خوف سے صرف بچنے کے لیے ہی کیا ہو۔

کل ہم نمک قانون توڑیں گے خواہ حکومت اس کو برداشت کرتی ہے یا نہیں۔ یہ سوال الگ ہے۔ ہو سکتا ہے کہ حکومت یہ برداشت نہ کرے لیکن اس جماعت کے لئے جو صبر و استقلال اور ضبط و تحمل کا اس نے مظاہرہ کیا ہے وہ اس کے لئے مبارکباد کی مستحق ہے۔

اگر مجھے گجرات میں باقی ملک کے سارے ممتاز لیڈروں کے ساتھ گرفتار کرلیا جاتا ہے تو کیا ہوگا، یہ تحریک اس یقین پر مبنی ہے کہ جب ایک ملک خواب وغفلت سے بیدار ہو جاتا ہے اور آگے بڑھنے لگتا ہے تو اسے لیڈر کی ضرورت نہیں ہوتی۔

## سوالات

1۔ گاندھی جی کے ذریعہ نمک قانون کن حالات میں توڑا گیا؟ 1

2۔ نوآبادیاتی ریاست سے متعلق گاندھی جی کے خیالات کو ظاہر کیجیے۔ 2

3۔ نمک تحریک کن تین وجوہات کی بنا پر لازمی تھی؟ 2

**2۔** مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

# جداگانہ انتخابی حلقوں کی بابت امبیڈکر کے خیالات

پسماندہ (دبے کچلے) طبقات کے لئے جداگانہ انتخابی حلقوں کے لیے مطالبہ کرنے پر گاندھی جی کی مخالفت کے جواب میں امبیڈکر نے لکھا تھا

یہاں ایک ایسا طبقہ ہے جو بے شک اس حالت میں نہیں ہے کہ وہ بذات خود بقا کے لیے جدوجہد جاری رکھ سکے۔ جس مذہب سے یہ لوگ بندھے ہوئے ہیں وہ انھیں باعزت مقام مہیا کرانے کے بجائے ان پر کوڑھیوں کا ٹھپہ لگاتا ہے اور انھیں عمومی روابط کے لیے موزوں نہیں سمجھتا۔ معاشی طور پر یہ ایسا طبقہ ہے جو روزی روٹی کے لیے پوری طرح اعلیٰ ذات کے ہندوؤں پر انحصار کرتا ہے اور جس کے پاس اپنے ذریعہ معاش کے لیے کوئی آزاد راستہ کھلا ہوا نہیں ہے۔ ہندوؤں کے سماجی تعصبات کی وجہ سے ان کے تمام راستے بند ہیں۔ بلکہ ہمارے ہندو سماج نے واضح کوشش کے ذریعے ازاول تا آخر سارے ممکنہ دروازے بند کر دیے جس نے دبے کچلے طبقات کو زندگی کے پیمانے پر اوپر اٹھنے کے لیے کوئی موقع مہیا نہیں کرایا۔

ان حالات میں تمام منصف مزاج لوگ اس بات کو قبول کریں گے کہ ایسے اپاہج طبقہ کے لیے منظم استبداد کے خلاف زندگی کی جدوجہد میں کامیابی کے لیے صرف ایک ہی راستہ ہے کہ اسے سیاسی اقتدار میں کچھ حصہ ملے تا کہ یہ خود اپنا تحفظ کرسکیں..... یہ سب سے مقدم ضرورت ہے۔

## سوالات

1۔ ڈاکٹر امبیڈکر نے دبے کچلے طبقہ کے بارے میں کیا دلائل پیش کیے؟ 2

2۔ پسماندہ طبقہ کو باعزت مقام مہیا کرانے کے لیے تجاویز پیش کیجیے۔ 2

3۔ اس پیراگراف میں ڈاکٹر امبیڈکر کس کی دلیلوں کا جواب دے رہے ہیں؟ 1


INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
Important Centres of the
National Movement
Lahore
Amritsar
Karachi
Chauri Chora
Champaran
Ahmedabad
Kheda
Dandi
Bardoli
Bombay




سوال(i) دیے گئے بھارت کے سیاسی نقشہ پر آزادی کی لڑائی کے اہم مراکز A اور B دکھائے گئے ہیں۔ انہیں پہچانیے اور ان کے نام لکھیے۔

(ii) اسی نقشہ پر ڈانڈی، لاہور اور چمپارن دکھایئے۔

# موضوع۔چودہ

## دستور کی تشکیل

## (ایک نئے عہد کا آغاز)

## یاد رکھنے لائق نکات

1۔ ہندوستان کا آئین 26 جنوری 1950 کو عمل میں لایا گیا۔اس کی تشکیل سے پیشتر کے سال غیر معمولی طور پر ہنگامہ خیز تھے۔ یہ عظیم امیدوں کے ساتھ ہی نفرت انگیز مایوسی کا دور بھی تھا۔لوگوں کے ذہنوں میں ہندوستان چھوڑو تحریک کی جہد وجہد کی یادیں، آزاد ہند فوج کی کوشش، 1946 میں رائل انڈین نیوی کی بغاوت، ملک کے مختلف حصوں میں مزدوروں اور کسانوں کے احتجاجات اور امیدوں کی علامتیں۔

2۔ ہمارے آئین نے ماضی اور حال کے زخموں کو بھرنے اور مختلف طبقوں، ذاتوں اور فرقوں کے ہندوستانیوں کو ایک مشترک سیاسی تجربہ میں مربوط کرنے کی کوشش کی۔

3۔ ہندوستانی آئین کی تشکیل 9 دسمبر 1946 اور 26 نومبر 1949 کے درمیان ہوئی۔دستور ساز اسمبلی کے کل 11 اجلاس منعقد ہوئے جو 165 دن کی نشستوں پر مشتمل تھے۔

4۔ دستور ساز اسمبلی میں غور وفکر جاری تھا،فریقین کے دلائل اخبارات میں شائع ہوا کرتے تھے اور تجاویز پر عوامی مباحثے بھی ہوتے تھے۔پریس (اخبارات) میں ہونے والی تنقید اور جوابی تنقید سے واضح مسائل پر باری باری بننے والی عمومی اتفاق رائے کی نوعیت بالآخر ایک قالب تک پہنچ جاتی تھی۔ بہ لحاظ ترتیب اجتماعی شرکت داری کا شعور پیدا کرنے کے لیے عوام سے ان کی رائے بھی پیش کرنے کے لیے کہا جاتا تھا۔

5۔ مسلم لیگ نے ابتدائی اجلاسوں (یعنی جو 15 اگست 1947 سے قبل منعقد ہوئے تھے) کے بائیکاٹ کا فیصلہ کیا تھا لہٰذا یہ اجلاس ایک واحد پارٹی کی نمائش بن گئے اس لیے کہ کل ممبران میں 82 فیصد کانگریس پارٹی تھے۔

6۔ دستور ساز اسمبلی میں کل تین سو ممبران تھے۔ان میں سے چھ ممبران نے خاص طور پر اہم کردار ادا کیا۔جن میں سے تین۔ جواہر لال نہرو، ولبھ بھائی پٹیل، راجیندر پرساد کانگریس کے نمائندے تھے۔اس کے علاوہ ان میں معروف نامور وکیل بی آر امبیڈکر، کے ایم منشی، الادی کرشنا سوامی ایر شامل تھے۔

7۔ دستور ساز اسمبلی میں دو انتظامی افسر بھی تھے ۔ان میں سے ایک بی این راؤ حکومت ہند کے آئینی مشیر تھے جبکہ دوسرے افسر ایس ۔این ۔مکھر جی تھے ۔ان کے کردار آئین کے خاص خاکہ سازی کے تھے ۔

8۔ دستور کے خاکے کو تیار کرنے میں تین سال (یعنی دو سال گیارہ مہینے اور اٹھارہ دن ) لگے اور اس دوران ہوئے مباحثوں کے طبع شدہ ریکارڈ 11 ضخیم جلدوں میں شائع ہوئے ۔

9۔ 13 دسمبر 1946 کو جواہر لال نہرو نے دستور اسمبلی میں ''اہداف قرارداد'' پیش کی ۔اس قرارداد میں ہندوستان ''آزاد خود مختار جمہوریہ'' اعلان کیا گیا تھا اور شہریوں کو انصاف، مساوات اور آزادی کی ضمانت دی گئی تھی ۔اور یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ ''اقلیتوں پسماندہ اور قبائلی علاقوں اور پست وخستہ حال اور دیگر پسماندہ طبقات کے لیے اطمینان بخش تحفظ مہیا کرایا جائے گا۔

10۔ پنڈت نہرو نے کہا کہ ہماری جمہوریت کا خاکہ ہمارے درمیان بحث ومباحثہ اور غور وفکر کے ذریعے طے ہوگا۔ ہندوستان میں متعارف آئین نصب العین اور پیش بندیاں کہیں اور سے اخذ کی ہوئی نہیں ہوسکتی ۔

11۔ دستور ساز اسمبلی سے ان لوگوں کی خواہشات کے اظہار کے لیے توقع کی جاتی تھی جنھوں نے آزادی کی تحریک میں حصہ لیا تھا۔ جمہوریت، انصاف، مساوات جیسے نصب العین ہندوستان میں سماجی جدوجہد کے ساتھ گہرے طور پر وابستہ ہوگئے تھے جب انیسویں صدی میں سماجی مصلحین نے بچپن کی شادی کی مخالفت کی اور بیوہ کو دوسری شادی کرنے کی اجازت دینے کا مطالبہ کیا تو وہ سماجی انصاف کے لیے ہی پیروی کر رہے تھے ۔اسی طرح سوامی وویکانند نے ہندو مذہب کی اصلاح کے لیے مہم چلائی تو جیوتی با پھولے نے پسماندہ ذاتوں کی تکالیف کی طرف توجہ دلائی ۔

12۔ دستور سازی کے دوران جداگانہ انتخابی حلقوں کے مسئلہ پر بحث ہوئی ۔بی پوکر بہادر نے اس کی حمایت کی لیکن زیادہ تر قوم پرستوں آر ۔وی ۔دھلےکر، سردار پٹیل، گووند ولبھ پنت، بیگم اعجاز رسول وغیرہ نے اس کی سخت مخالفت کی اور ملک کے لیے خطرناک بتایا۔

13۔ این، جی، رنگا اور جے پال سنگھ نے قبائلیوں کے مسائل کی طرف توجہ مبذول کرائی ۔انھیں عام آبادی کے معیار تک لانے اور تحفظ مہیا کرانے کی زوردار حمایت کی ۔

14۔ این ،جی ،رنگا نے کہا کہ اصطلاح 'اقلیت' کی ترجمانی معاشی اصطلاح میں ہونی چاہیے ۔رنگا کی نظر میں اصلی اقلیتیں غریب اور ظلم واستبداد کے شکار لوگ تھے ۔

15۔ قومی تحریک کے دوران امبیڈکر نے پسماندہ ذاتوں کے لیے جداگانہ انتخابی حلقوں کا مطالبہ کیا تھا اور گاندھی جی نے یہ دلیل دیتے ہوئے اس مطالبہ کی مخالفت کی تھی کہ یہ مطالبہ پسماندہ ذاتوں کو ہمیشہ کے لیے باقی سماج سے علیحدہ کر دے گا۔

16۔ دستور ساز اسمبلی میں مرکزی حکومت اور ریاستی حکومت کے اختیارات کو لے کر ہوئی بحث میں زیادہ تر نے مرکزی حکومت کی ہی حمایت کی اور موضوعات کی تین فہرستیں تیار کی گئیں — مرکزی فہرست، ریاستی فہرست اور مشترکہ (باہم مربوط) فہرست۔

17۔ قومی زبان کے سوال پر دستور ساز اسمبلی کی زبان سے متعلق کمیٹی نے یہ تجویز پیش کی کہ دیوناگری رسم الخط میں تحریر ہندی ہندوستان کی سرکاری زبان ہوگی۔ ہندی کو قومی زبان بنانے کے لیے ہمیں بتدریج آگے بڑھنا چاہیے۔

18۔ دستور ساز اسمبلی میں اقلیتوں کے مدوں پر بحث ہوئی۔ دلت اور پسماندہ طبقوں اور خواتین کے حقوق پر بھی بحث ہوئی۔

19۔ دستور ساز اسمبلی میں پسماندہ طبقات کے لیے جداگانہ انتخابات کی حمایت اور مخالفت میں ہوئی بحثوں کے نتیجوں میں فرقہ وارانہ تشدد کو دیکھتے ہوئے امبیڈکر نے جداگانہ انتخابات کی مانگ چھوڑ دی۔

20۔ قومی زبان ہندی کو لیکر بحث ہوئی اور یہ طے پایا گیا کہ اس میں آپسی میل جول ہونا چاہیے۔

21۔ آر وی دھولیکر جی ہندی کو قومی زبان بنانے کے بہت بڑے حامی تھے۔

22۔ صرف دو باتوں پر ہی عام رائے تھی وہ تھیں بالغانہ رائے دہی، اور سیکولرزم جو دستور کے مرکزی خصوصیات میں تھے۔

23۔ دستور ساز اسمبلی میں ہوئی بحثیں ہمیشہ عام رائے سے متاثر ہوئی تھیں۔ اس کے لیے اخبار ریڈیو اور پروپیگنڈہ کا سہارا لیا گیا۔

24۔ آئین کی خصوصیات قلمبند اور لچیلا آئین، مرکز اور ریاست کی طاقت کا بٹوارہ، آزاد عدلیہ، سیکولرزم، پارلیمنٹری نظام طاقتور مرکزی حکومت، بالغانہ ووٹ دینے کا حق، بنیادی حقوق اور فرائض۔

## مختصر ترین سوالات ایک نمبر

1۔ 15 اگست 1947ء بہت سارے ہندوؤں اور مسلمانوں اور سکھوں کے لیے ایک دردناک انتخاب کا سانحہ تھا۔ کیسے۔

2۔ نوزائیدہ ملک کے سامنے کون کون سی اہم دشواریاں تھیں؟

3۔ لسانی اقلیت کیا چاہتے تھے؟

4۔ دستور ساز اسمبلی میں قومی پرچم سے متعلق تجاویز کس نے پیش کیں؟

5۔ نوآبادیاتی حکومت کے دوران صوبائی حکومتوں نے ہندوستانیوں کی حصہ داری بڑھانے کے لیے کون کون سے قوانین پاس کیے۔

6۔ سردار پٹیل نے جداگانہ انتخابات کے بارے میں کیا کہا؟

7۔ ذیلی فہرست کے مضامین پر کون قانون بنا سکتا تھا؟

8۔ ایک طاقتور مرکز کا ہونا کیوں ضروری ہے؟

9۔ ثقافتی اور تعلیمی حقوق دستور کے کس باب میں دیئے گئے ہیں۔

10۔ لفظ اقلیت سے کیا مراد ہے؟

## Objective Type Question

11۔ بمبئی کی ہنسا مہتا کمیٹی کا تعلق ہے:۔

(الف) خواتین کے لیے انصاف کی مانگ

(ب) خواتین کے لیے جداگانہ انتخابات کے حلقہ کی مانگ

(ج) خواتین کے لیے ریزرویشن کی مانگ

(د) اقلیتوں کے لیے جداگانہ انتخابات کی مانگ

12۔ درج ذیل آرٹیکل میں سے کس میں گورنر کی سفارش پر مرکزی حکومت ریاستی حکومت کے تمام حقوق اپنے ہاتھ میں لے لیتی ہے۔

(الف) آرٹیکل 370 (ب) آرٹیکل 256

(ج) آرٹیکل 356 (د) آرٹیکل 110

13۔ مندرجہ ذیل میں سے کون آئین ساز اسمبلی کے صدر تھے؟

(الف) ڈاکٹر راجندر پرساد (ب) جواہر لال نہرو

(ج) بھیم راؤ امبیڈکر (د) سی راج گوپال چاریہ

14۔ آئین ساز اسمبلی کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

(i) آئین ساز اسمبلی کے مباحثے عوامی رائے سے متاثر ہوئی تھیں۔

(ii) مسلم لیگ نے اس کی مخالفت کی۔

(iii) قانون اسمبلی کی ڈرافٹنگ کمیٹی کے صدر امبیڈکر تھے۔

(الف) صرف اول (i) ٹھیک ہے۔

(ب) صرف دوسرا (ii) اور تیسرا (iii) صحیح ہے۔

(ج) صرف پہلا I اور تیسرا III صحیح ہے۔

(د) سبھی غلط ہیں۔

15۔ دستور ساز اسمبلی کے ممبران میں سے کس کا تعلق انتظامیہ سے تھا

(i) ڈاکٹر راجندر پرساد (ii) بی۔ایس راؤ

(iii) ایس۔این۔منشی (iv) کے۔ایم۔منشی

(الف) صرف (i) صحیح ہے

(ب) صرف (ii) اور (iii) صحیح ہے

(ج) صرف (iv) صحیح ہے

(د) صرف (i) اور (ii) اور (iii) اور (iv) صحیح ہے

16۔ مقاصد تجویز نہرو جی نے کب پیش کی؟

(الف) 13 دسمبر 1947 (ب) 26 نومبر 1945

(ج) 26 جنوری 1947 (د) 15 اگست 1947

17۔ اقلیتوں کے لیے جداگانہ انتخابات کے سب سے بڑے حمایتی کون تھے؟

(الف) آر وی دھلیکر (ب) بی پی بہادر

(ج) بیگم اعجاز رسول (د) سردار ولبھ بھائی پٹیل

18۔ کس نے یہ کہا تھا کہ اقلیت لفظ کی تشخص معاشی بنیاد پر کی جانی چاہیے

(الف) جے پال سنگھ (ب) این جی رنگا

(ج) مہاتما گاندھی (د) بال کرشن شرما

19۔ مہاتما گاندھی کے مطابق قومی زبان میں کون سی خوبیاں نہیں ہونی چاہئیں۔

(الف) ایک گروہ اور طاقتور زبان ہونی چاہیے

(ب) اسے انسان خیالات اور احساسات کے پورے مجموعے کا اظہار کرنے والی ہونی چاہیے۔

(ج) قومی زبان ایسی ہونی چاہیے جسے لوگ آسانی سے سمجھ سکیں

(د) مختلف لوگوں کے بیچ رسائل کا ذریعہ ہونی چاہیے

20۔ جوڑے ملائیے

| | فہرست | | مضمون |
|---|---|---|---|
| 1۔ | مرکزی فہرست | A۔ | آمدنی اور اس کاری ٹیکس |
| 2۔ | ریاستی فہرست | B۔ | زمین اور جائیداد ٹیکس |
| 3۔ | مشترکہ فہرست | C۔ | کسٹم اور کمپنی ٹیکس |

صحیح ترتیب ہے

(الف) C–1 A–2 B–3

(ب) C–1 B–2 A–3

(ج) B–1 A–2 C–3

(د) A–1 B–2 C–3

21۔ نیچے دی گئی تصویر کو غور سے دیکھیے اور بتائیے کہ 14 اگست 1947 کی آدھی رات کو دستور اسمبلی میں بولتا ہوا یہ کون شخص ہے؟



# معروضی سوالات

1۔ ہندوستان کا آئین کب عمل میں لایا گیا۔

1۔ 26 جنوری 1949 2۔ 26 دسمبر 1950

3۔ 26 جنوری 1950 4۔ 15 اگست 1947

2۔ دستور ساز اسمبلی میں بھارت سرکار کے صلاح کار کون تھے۔

1۔ کے۔ ایم۔ منشی 2۔ ایس۔ این۔ مکھرجی

3۔ الّادی۔ کے۔ ایّر 4۔ بی۔ این۔ راؤ

3۔ ہندوستانی آئین کی تشکیل کے خاکہ کو تیار کرنے میں وقت صرف ہوا۔

1۔ دسمبر 1946 سے نومبر 1949 تک

2۔ نومبر 1946 سے نومبر 1949

3۔ جنوری 1946 سے نومبر 1950 تک

4۔ دسمبر 1946 سے جنوری 1950 تک

4۔ آئین ہند کی تشکیل کس کے ذریعے ہوئی۔

1۔ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر 2۔ ڈاکٹر راجندر پرساد

3۔ بی۔این۔راؤ۔ 4۔ دستور ساز اسمبلی

5۔ مندرجہ ذیل جملے کو درست کرکے لکھیے۔

''13 دسمبر 1946 کو موتی لعل نہرو نے آئین ساز اسمبلی میں مقاصد تجویز پیش کی۔''

6۔ جوڑے ملایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| A۔ | ایس۔این۔مکھرجی | 1۔ | آئینی صلاح کار |
| B۔ | بی۔این۔راؤ | 2۔ | معروف معیشت داں |
| C۔ | ڈاکٹر۔بی۔آر۔امبیڈکر | 3۔ | معروف وکیل |
| D۔ | کے۔ایم۔منشی | 4۔ | آئین کے خاص خاکہ ساز |

A۔ A–iv, B–i, C–ii, D–iii

B۔ A–iv, B–i, C–iii, D–ii

C۔ A–ii, B–iii, C–iv, D–i

D۔ A–i, B–ii, C–iii, D–iv

7۔ مندرجہ ذیل بیان کو درست کرکے لکھیے۔

''آئین ہند کی تشکیل میں 3 سال 10 ماہ اور 24 دن کا وقت لگا''۔

8۔ ذیل میں دو بیان دیئے گئے ہیں۔جن میں ایک بیان A اور دوسرا بیان سبب R ہے۔

بیان A: 13 دسمبر 1946 کو جواہر لعل نہرو نے آئین ساز اسمبلی میں مقاصد تجویز پیش کی۔

سبب R: ''ہم صرف نقل کرنے والے لوگ نہیں ہیں''۔

1۔ صرف بیان A درست ہے۔

2۔ صرف سبب R درست ہے۔

3۔ بیان A اور سبب R دونوں درست ہیں اور سبب R بیان A کا درست وضاحت نہیں کرتا ہے۔

4۔ بیان A اور سبب R دونوں درست ہیں اور سبب R بیان A کا درست وضاحت بھی کرتا ہے۔

9۔ ذیل میں دیے گئے اشاروں کو پڑھ کر درست جواب دیجیے۔

الف۔ ان کا خیال تھا کہ جداگانہ انتخاب، اقلیتوں کے لیے خطرناک ثابت ہوگا۔

ب۔ ''انھوں نے کہا تھا کہ مصنوعی وفاداری کے لیے کوئی جگہ نہیں''

1۔ جی۔بی۔کرپلانی

2۔ جواہر لعل نہرو

3۔ کے۔ایم۔منشی

4۔ جی۔بی۔پنت

10۔ آئین ہند کی بنیاد ہے۔

1۔ 1946 کے کیبنٹ مشن پلان پر

2۔ 1919 کے مونٹیگو چیمس فورڈ پر

3۔ 1935 کے حکومت ہند ایکٹ پر

4۔ 1947 کے ماؤنٹ بیٹن پلان پر

## اقتباس پر منحصر سوال

نیچے دیے گئے اقتباس کو غور سے پڑھیے اور درج ذیل میں سے کن ہی تین کے جواب دیجیے۔

**''ہم نے کبھی بھی خصوصی مراعات نہیں مانگیں''**
**(We have never asked for privileges)**

بمبئی کی ہنسا مہتہ خواتین کے لیے انصاف کا مطالبہ کیا اور محفوظ سیٹوں یا جداگانہ انتخابی حلقہ کا مطالبہ نہیں کیا:

ہم نے کبھی بھی خصوصی مراعات نہیں مانگیں ہم نے سماجی انصاف، معاشی انصاف اور سیاسی انصاف کے لیے مطالبہ کیا ہے، ہم نے اس برابری کا مطالبہ کیا جس سے صرف باہمی عزت اور فہم کا بنیاد بن سکتی ہے، جس کی بنا پر

مرد اور عورت کے درمیان حقیقی باہمی تعاون ممکن نہیں ہے۔

A۔ خواتین کے لیے انصاف کی مانگ کس نے کی تھی؟

(الف) ممبئی کی ہنسا مہتا نے (ب) پونا کی ہنسا مہتا نے

(ج) مدراس کی بیلا یودھان نے (د) پونا کی بیلا یودھان نے

B۔ خواتین کے لیے انصاف کی مانگ کا مطلب ہے؟

(الف) سماجی انصاف (ب) معاشی انصاف

(ج) سیاسی انصاف (د) سبھی

C۔ نیچے دو بیانات دیئے ہیں۔ جن میں سے ایک کو بیان (A) اور دوسرے کو سبب (R) کے طور پر دیا گیا ہے۔

بیان (A)۔ معاشی انصاف ہی سماجی انصاف کا دروازہ ہے۔

سبب (R)۔ جنسی تعصب کو صرف کچھ سیٹیں محفوظ کر کے ختم نہیں کیا جا سکتا۔

(الف) صرف بیان A صحیح ہے۔

(ب) صرف سبب R صحیح ہے

(ج) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں لیکن R بیان A کی وضاحت نہیں کرتا۔

(د) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں اور سبب R بیان A کی وضاحت کرتا ہے۔

D۔ خواتین کے لیے انصاف کی مانگ کیوں اٹھائی گئی؟

(الف) تقسیم کے دوران خواتین پر ہوئے ظلم کی وجہ سے

(ب) مرد اور عورت کے درمیان حقیقی تعاون کے بغیر آپسی عزت اور سمجھ ممکن نہیں ہے۔

(ج) خصوصی حقوقوں کے ملے بغیر انصاف ملنا ممکن ہے۔

(د) درج بالا سبھی

تصویر کو دیکھ کر کن ہی تین سوالوں کا جواب دیجیے۔



A۔ تصویر میں کونسی دو مہان شخصیتیں ہیں۔

(الف) امبیڈکر اور ڈاکٹر راجندر پرساد

(ب) ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اور سردار ولبھ بھائی پٹیل

(ج) سردار پٹیل اور ڈاکٹر راجندر پرساد

(د) بی این راؤ اور ڈاکٹر راجندر پرساد

B۔ دستور ساز اسمبلی کے صدر تھے۔

(الف) بی این راؤ (ب) امبیڈکر

(ج) ڈاکٹر راجندر پرساد (د) سردار پٹیل

C۔ دستور ساز اسمبلی کے ڈرافٹنگ کمیٹی کے صدر تھے۔

(الف) بی این راؤ (ب) امبیڈکر

(ج) ڈاکٹر راجندر پرساد (د) سردار پٹیل

D۔ نیچے دو بیان دیئے گئے ہیں جن میں سے ایک کو بیان (A) اور دوسرے کو سبب (R) دیا گیا ہے۔

بیان (A)۔ دستور ساز اسمبلی میں ہوئے بحث ومباحثہ عام رائے سے بھی متاثر ہوتے تھے

سبب (R)۔ دستور ساز اسمبلی ان لوگوں کی امیدوں کے اظہار کا ذریعہ مانی جارہی تھی جنہوں نے آزادی کی تحریک میں حصہ لیا تھا۔

(الف) صرف بیان A درست ہے۔

(ب) صرف بیان R درست ہے

(ج) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں لیکن سبب R بیان A کی وضاحت نہیں کرتا۔

(د) بیان A اور سبب R دونوں درست ہیں اور سبب R بیان A کی وضاحت کرتا ہے۔

## مختصر جواب والے سوالات (تین نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ دستور ہند کے ''اہداف قرارداد'' میں کن اصولوں پر زور دیا گیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 2۔ اہداف قرارداد میں ''جمہوری'' لفظ کا استعمال نہ کرنے کے لیے جواہر لال نہرو نے کیا وجہ بتائی تھی؟

سوال نمبر 3۔ دستور ہند 26 جنوری 1950 کو نافذ کرنے کے پس پردہ دستور سازوں کی منشا کو واضح کیجیے۔

سوال نمبر 4۔ دستور ساز مجلس میں ''جداگانہ انتخابی حلقوں'' کی حمایت میں دیے گئے بیانات کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 5۔ دستور ہند کس طرح مرکزی حکومت اور ریاستوں کے اختیارات کو تحفظ مہیا کراتا ہے؟

سوال نمبر 6۔ این۔ جی۔ رنگا کے ذریعہ 'اقلیت' لفظ کی تشریح کس طرح کی گئی اور انھوں نے ملک میں آئی کس گہری کھائی کی طرف اشارہ کیا؟ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 7۔ ''دستور ساز اسمبلی میں ہونے والے مباحثوں کو عوامی رائے کس طرح متاثر کرتی تھی'' اس بیان کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 8۔ 'دستور ساز اسمبلی انگریزوں کے منصوبوں کو شرمندۂ تعبیر کرنے کی کوشش کررہی تھی' سوم ناتھ لاہڑی کے اس بیان کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 9۔ آئین میں کتنی فہرستیں بنائی گئی تھیں؟ ہر ایک فہرست کے تحت آنے والے کسی ایک عنوان کا نام لکھیے

سوال نمبر 10۔ ہندوستانی آئین کی کوئی تین خصوصیات کو بیان کیجیے۔

سوال نمبر 11۔ وضاحت کیجیے کہ 1946 سے پہلے آئینی ارتقاء دستور ساز اسمبلی کے ذریعے کیے گئے ارتقاء سے کس طرح مختلف تھا؟

سوال نمبر 12۔ دستور ساز اسمبلی میں ہوئے مباحثوں کے دوران بہت سے لیڈران نے ایک مضبوط مرکز کا مطالبہ کیوں کیا؟

سوال نمبر 13۔ تجویز مقاصد کب اور کس کے ذریعے پیش کیا گیا۔ اور کس طرح ایک تاریخی تجویز تھی۔ وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 14۔ پسماندہ طبقوں کی حفاظت کی حمایت میں بی آر امبیڈکر کے ذریعے اٹھائے گئے اقدامات کو خلاصہ کیجیے۔

سوال نمبر 15۔ آئین کی تشکیل سے پہلے کے کچھ سال اتھل پتھل (بدامنی) سے بھرے ہوئے تھے۔ مثال دیتے ہوئے سمجھایئے۔

## طویل جواب والے سوالات (آٹھ نمبر والے)

سوال نمبر 1۔ دستور ہند کو تیار کرتے وقت بااختیار مرکز کی حمایت میں مختلف لوگوں کے ذریعہ دی گئیں دلائل کو پیش کیجیے۔

سوال نمبر 2۔ دستور ساز اسمبلی میں کل کتنے ممبران تھے؟ وہ چھ ممبران کون تھے جنھوں نے سب سے اہم رول ادا کیا؟ ان کے خیالات اور دستور سازی میں ان کے کردار پر بحث کیجیے۔

سوال نمبر 3۔ ''دستور ساز اسمبلی کے زیادہ تر ممبران ہندوستان میں علاحدہ انتخابی حلقوں کے نظریے کے مخالف تھے، اس قول پر تبصرہ کیجیے۔

سوال نمبر 4۔ ''اقلیت'' سے کیا مراد ہے؟ آئین میں ان کے مفادات کے تحفظ کے لیے کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟ بیان کیجیے۔

سوال نمبر 5۔ گاندھی جی کے مطابق قومی زبان کی کیا خصوصیات ہونی چاہئیں؟ دستور ساز اسمبلی میں زبان کے تنازعہ کو حل کرنے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا گیا؟

سوال نمبر 6۔ وضاحت کیجیے کہ آئین ہند مرکزی حکومت اور ریاستی حکومتوں کے حقوق کا تحفظ کس طرح کرتا ہے؟

سوال نمبر 7۔ دستور ہند کو تشکیل دینے کے دوران پسماندہ ذاتوں کے حقوق کے تحفظ کو واضح کیجیے؟

## اقتباس پر مبنی سوالات (چھ نمبر والے)

1۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

## ''بہت خوب، جناب۔ جرأت مندالفاظ، باوقار الفاظ''

سومناتھ لاہری نے کہا تھا:

ٹھیک، جناب، میں پنڈت نہرو کو اس بات کے لیے مبارک باد دینا چاہتا ہوں کہ انھوں نے ہندوستانیوں کے طرزِ فکر و احساس کو عمدہ پیرائے میں بیان کیا، جب انھوں نے کہا کہ ہندوستانی لوگ، انگریزوں کے ذریعہ عائد کی گئی کوئی بھی بات قبول نہیں کریں گے۔ عائد کرنے کے اس طرح کے عمل پر اعتراض اور ناراضگی کا اظہار کیا جائے گا۔ انھوں نے اضافہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر ضرورت ہوئی تو ہم جدوجہد کی وادی میں سیر کریں گے۔ بہت خوب، جناب، جرأت مند الفاظ، باوقار الفاظ۔

لیکن غور کرنے کا نکتہ یہ ہے کہ اس چیلنج کو آپ کب اور کس طرح بروئے کار لانے جارہے ہیں۔ ٹھیک ہے، جناب معاملہ یہ ہے کہ عائد کرنے کا عمل یہاں کیا جارہا ہے، نہ صرف برطانوی منصوبے نے مستقبل کا کوئی دستور بنا دیا ہے.... جو انگریزوں کے لیے اطمینان بخش معاہدے پر منحصر ہوگا بلکہ یہ اشارہ کرتا ہے کہ ہر چھوٹے سے چھوٹے اختلاف کے لیے آپ کو وفاقی عدالت (Federl Court) تک دوڑنا ہوگا یا وہاں انگلینڈ میں حاضر ہو کر چنا ہوگا یا برطانوی وزیر اعظم کلیمنٹ ایٹلی (Clement Attlee) یا کسی اور کو پکارنا ہوگا۔ صرف یہی حقیقت نہیں ہے، ہم منصوبوں کی جو بھی تدبیر سوچیں، اس دستور ساز اسمبلی کے تحت برطانوی بندوقوں، برطانوی فوج اور ان کی معاش و مالیاتی جان لیوا عفریت کے سائے میں ہیں جس کا مطلب ہے کہ فیصلہ کن اقتدار ابھی انگریزوں کے ہاتھ میں رہے گا اور اقتدار کا سوال ابھی تک حتمی طور پر طے نہیں ہوا ہے جس کا مطلب ہے کہ مستقبل ابھی تک پوری طرح ہمارے ہاتھوں میں نہیں ہے، نہ صرف یہ بلکہ حال ہی میں ایٹلی اور دیگر افراد کے ذریعہ دیے گئے بیانات سے یہ واضح ہوگیا ہے کہ اگر ضرورت پڑی تو وہ حتی کہ آپ کو پورے طور سے تقسیم کرنے کی دھمکی دیں گے۔ اس کے معنی ہیں جناب کہ اس ملک میں کوئی آزادی نہیں ہے جیسا کہ کچھ دنوں قبل سردار ولبھ بھائی پٹیل نے کہا تھا، ہمارے پاس صرف آپس میں لڑنے کی آزادی ہے۔ ہم صرف اتنی ہی آزادی حاصل کر پائے ہیں...... اس لیے ہماری عاجزانہ تجویز ہے کہ سوال اس منصوبے کی تفصیلات کی توضیح کے ذریعہ کچھ حاصل کرنے کا نہیں ہے بلکہ یہاں اور ابھی آزادی کا اعلان عبوری حکومت اور ہندوستان کے لوگوں سے اپیل کرنے، برادر کشی کی جنگ و جدل کو روکنے اور اپنے دشمن کے خلاف تیار رہنے جس کے ہاتھ میں ابھی تک چابک ہے یعنی برطانوی سامراجیت کو دیکھنے کا ہے اور باہم مل کر اس سے لڑنے کے لیے آگے بڑھیں اور اس کے بعد جب ہم آزاد ہو جائیں گے تو بعد ازاں ہم اپنے جھگڑوں کو طے کرلیں گے۔

## سوالات

1۔ سومناتھ لاہری، پنڈت جواہر لال نہرو کو کس بات پر مبارکباد دینا چاہتے تھے؟ 1

2۔ ''دستور ساز اسمبلی برطانوی اثر کے تحت کام کر رہی ہے'' اس جملے کے راقم کو ایسا کیوں محسوس ہوتا ہے؟ 2

3۔ ''سرکاریں سرکاری کاغذوں سے نہیں بنتیں! سرکار عوام کی خواہشوں کا آئینہ ہوتی ہیں'' وضاحت کیجیے۔ 2

2۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

### قومی زبان کی کیا خصوصیات ہونی چاہئیں؟

### (What should the quatities of a national language be?)

اپنی موت سے کچھ ماہ قبل مہاتما گاندھی نے زبان کے سوال پر اپنے نظریات دوہراتے ہوئے کہا تھا:

یہ ہندوستانی نہ تو سنسکرت زدہ ہندی ہونی چاہیے اور نہ ہی فارسی زدہ اردو لیکن دونوں کا ایک خوشگوار آمیزہ ہونا چاہیے۔ اسے جہاں کہیں بھی ضروری لگے مختلف علاقائی زبانوں کے الفاظ بھی بے تکلفانہ داخل کر لینے چاہئیں۔ اور غیر ملکی زبانوں سے بھی الفاظ جذب کر لینے چاہئیں جو آسانی اور بہتر انداز میں ہماری قومی زبان کے ساتھ گھل مل سکیں اس طرح ہماری قومی زبان ایک غنی اور طاقتور آلے کی طرح یقیناً ترقی پذیر بن جائے گی جو انسانی خیالات اور جذبات کے مکمل دائرہ کا اظہار کرنے کی اہل ہوگی۔ خود کو ہندی یا اردو کے ساتھ محدود کر لینا فہم و فراست اور حب الوطنی کے جذبے کے خلاف ایک جرم ہوگا۔

ہریجن سیوک، 12 اکتوبر 1947

## سوالات

1۔ ہندوستانی زبان سے کیا مراد ہے؟ 1

2۔ قومی زبان کی کیا خوبیاں ہونی چاہئیں؟ 2

3۔ ہندی کی حمایت کرنے والے کچھ دوسرے لوگوں کے نام بتائیے۔ 2

# تواریخ

## درجہ XII

کل نمبرات:80 وقت 3 گھنٹے

**عام ھدایت :**

1۔ سارے سوالوں کے جواب لازم ہیں کچھ سوالوں کے متبادل بھی دیئے گئے ہیں۔ ہرایک سوال کے نمبران کے سامنے درج کئے گئے ہیں۔ان پرچے میں 5 حصے ہیں۔

2۔ **حصہ الف (سوال نمبر 1 سے 16)** مختصر سوال (1) نمبر کے ہیں ان کے جواب ایک لفظ یا ایک جملوں میں لکھیں۔

3۔ **حصہ ب (سوال نمبر 17 سے 19)** ذرائع پر منحصر ایک جواب بدلے مختلف سوال ہیں ہر ایک سوال 3 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کے 4 ذیلی حصے ہیں جن میں سے کسی تین ذیلی حصوں کے جواب دیجیے۔

4۔ **حصہ ت (سوال نمبر 20 سے 23)** میں ہر ایک سوال کے نمبرات ہیں۔ ہر ایک سوالوں کے جوابات زیادہ سے زیادہ 100 لفظوں میں دیجیے۔

5۔ **حصہ ث (سوال نمبر 24 سے 26)** میں ہر ایک سوال کے 8 نمبر کا ہے ہر ایک سوال کا جواب زیادہ سے زیادہ 350 لفظوں میں دیجیے۔

6۔ **حصہ ج (سوال نمبر 27 سے 29)** ذرائع پر منحصر ہے۔ ہر ایک سوال 5 نمبر کا ہے۔

7۔ حصہ د (سوال نمبر 30) نقشے سے متعلق ہے جس میں علامتوں کی شناخت اور اہم نکات کی نشاندہی شامل ہے۔

## حصہ (الف)

کسی 15 سوالوں کے جواب دیجیے۔

1۔ ہڑپا سے جوتے ہوئے کھیتوں سے نشانیاں ملی ہیں۔

(a) بناولی سے (b) کالی بینگن سے

(c) شورتوگھئی سے (d) موہن جوداڑو سے

2۔ معاشیات کے شاہکار (مصنف) ہیں

(a) میگستھنیز (b) مہارشی منو

(c) چانکیہ (d) ہری شین

3۔ کس صدی میں مہابھارت کو مکمل طور پر پیش کیا گیا۔

(a) 1919ء میں (b) 1420ء میں

(c) 1921ء میں (d) 1922ء میں

4۔ مندرجہ ذیل بیان کو درست کیجیے۔

منواسمرتی کا مجموعہ 200 قبل مسیح سے 300ء کے درمیان ہوا۔

5۔ مندرجہ ذیل تصویر کو غور سے دیکھیے اور بتایئے کہ یہ تصویر کس کی ہے۔



6۔ "منل یا راہیو پربند ھم" گرنتھ کا تعلق کس قوم سے ہے؟

7۔ کس بھکتی روایت کے تحت برممکنڈ ھ پر چاندنی کا "لنگ" چڑھایا جاتا ہے؟

8۔ وجے نگر سلطنت کی تلاش کس کے ذریعے کی گئی؟

9۔ نایک اور امرنایک میں کیا فرق ہے؟

10۔ نیچے دو بیان دیئے گئے ہیں ۔جن میں سے ایک کو بیان (A) کی شکل میں اور دوسرے کو وجہ (R) میں شکل دکھایا گیا ہے۔

بیان (A)۔ قدیم مغل سلطنت کے بارے میں جواز پرمبنی تحریر کریں۔

وجہ (R)۔ کیا مغل شہنشاہوں کے دور حکومت کی اہم واقعات کی معلومات ہوتی ہے۔

(a) صرف بیان (A) صحیح ہے (b) صرف وجہ (R) صحیح ہے۔

(c) بیان (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) بیان (A) کا مدلل جواز نہیں ہے۔

11۔ مہابھارت گرنتھ کے فارسی ترجمہ کو کس نام سے جانا جاتا ہے؟

12۔ کون سے علاقے کو سنتھالوں کی زمین اعلان کیا گیا؟

13۔ پانچوی رپورٹ برٹش پارلیامنٹ میں کب پیش کی گئی؟

مطابقت کیجیے۔

| | کالم (1) | | کالم (2) |
|---|---|---|---|
| (i) | نائب سکریٹری | (a) | لارڈ ڈلوزی |
| (ii) | ڈاکٹرین آف لیپس Doctorine oflapse | (b) | جوسف ڈوئل ایٹس |
| (iii) | ستی رسم کا خاتمہ | (c) | لارڈ ویلزولی |
| (iv) | ان میموئیم | (d) | ولیم بنٹنگ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| (A) | (i) | (ii) | (iii) | (vi) |
| (B) | a | b | c | d |
| (C) | c | a | d | b |
| (D) | d | a | c | b |

مندرجہ ذیل میں سے کون سے بیان لاہور سیشن کے لیے درست ہیں۔

(الف) یہ دسمبر 1929 میں منعقد کیا گیا

(ب) اس میں مکمل طور پر سوراج کا اعلان کیا گیا۔

(ت) اس کی صدارت پنڈت جواہر لال نہرو نے کی۔

(A) بیان الف اور ت

(B) بیان ب اور ت

(C) بیان الف ب اور ت

(D) کوئی بھی نہیں

16۔ اقلیت کے لیے جداگانہ انتخاب کے سب سے زیادہ طرف دار تھے۔

(a) آر۔وی۔دھولیلر

(b) ٹی۔یوکر بہادر

(c) بیگم احساس رسول

(d) سردار ولبھ بھائی پٹیل

17۔ نیچے دیے گئے اقتباس کو غور سے پڑھیے اور کن ہی تین سوالوں کے جواب دیجیے۔

## حصار (Citadels)

گوکہ زیادہ تر ہڑپائی بستیوں میں مغربی رخ پر ایک چھوٹا سا اونچا حصہ، اور ایک بڑا مشرق حصہ ہوتا ہے مگر ان میں بعض بعض جگہ کچھ تبدیلیاں بھی نظر آتی ہیں۔ دھولا ویرا اور لوتھل (گجرات) کے مقامات پر پوری بستی کی قلعہ بندی کی گئی تھی اور شہر کے اندر بھی مختلف حصوں کو دیوار کے ذریعے الگ کیا گیا تھا۔ لوتھل کے اندر بالائی حصار کو دیوار بنا کرا لگ نہیں کیا گیا تھا مگر اسے اونچائی پر ہی بنایا گیا تھا۔

1۔ سندھو گھاٹی تہذیب میں ہڑپا کے بعد دوسری تلاش کیا گیا سب سے مشہور مقام ہے۔

(a) چنہو دڑو (b) بالاکوٹ

(c) ناگیشور (d) موہن جودا ڑ

2۔ مندرجہ ذیل میں کونسی تحریر قلعے میں پائی گئی ہے۔

(a) مال گودام

(b) میان اسنانا گھار

(c) الف اور ب دونوں

(d) مندرجہ ذیل بالا دونوں میں سے کوئی نہیں

3۔ نیچے دو بیانات دیئے گئے ہیں اس میں سے ایک کو بیان الف کی شکل میں دوسرے کو وجہ کی شکل میں دکھایا گیا ہے۔

بیان۔ الف:۔ قلعے کو ایک اونچی جگہ پر بنایا گیا تھا۔

وجہ (R)۔ قلعے کی قلعہ بندی کچے اینٹوں کے چبوتروں پر بنی تھی۔

(a) صرف بیان (A) صحیح ہے (b) صرف وجہ (R) صحیح ہے۔

(c) بیان (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ (R) بیان (A) کا وضاحت نہیں کرتا۔

(d) بیان A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں اور وجہ (R) بیان (A) کا وضاحت کرتا ہے۔

4۔ مندرجہ ذیل بیان کو غور سے پڑھیے اور صحیح متبادل (Option) کو منتخب کیجیے۔

(i) قلعے کو قلعہ بند کیا جاتا تھا۔

(ii) قلعے پر ایسی تحریریں پائی گئی ہیں جن کا استعمال ممکنہ (Probably) مخصوص عامہ کے طور پر کیا گیا تھا۔

(a) (i) اور دوسرا دونوں صحیح ہے۔

(b) صرف (ii) دوسرا صحیح ہے۔

(c) صرف (i) پہلا ہی صحیح ہے۔

(d) کوئی بھی بیان صحیح نہیں ہے۔

18۔ یہ ایک مغل کتاب خانہ کی تصویر پر اسے غور سے دیکھیے اور کن ہی تین سوالوں کے جواب دیجیے۔



میلان کیجیے۔

1۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | کالم B | | کالم A |
| (a) | تفضل | (i) | بادشاہ نامہ |
| (b) | ظہیرالدین محمد بابر | (ii) | اکبرنامہ |
| (c) | عبدالحمید لاہوری | (iii) | ہمایوں نامہ |
| (d) | گل بدن بیگم | (iv) | |

2۔ مندرجہ ذیل میں دو بیان دیئے گئے ہیں جن میں سے ایک کو بیان الف (A) اور دوسرے کو وجہ (R) کی شکل میں دکھایا گیا ہے۔

بیان (A) تیار مسودوں کو ایک بیش قیمت شئے بوجہی اثاثہ اور خوبصورتی کے کاموں کی شکل میں ڈے (Day) کہا جاتا تھا۔

وجہ (R) اس طرح خوبصورتی کو وجود میں لاکر ان مسودوں کے محافظ مغل بادشاہ اپنی صلاحیتوں کو دکھا رہے ہیں۔

(a) صرف بیان A صحیح ہے۔

(b) صرف وجہ R صحیح ہے۔

(c) بیان A اور وجہ R دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ R بیان کا وضاحت نہیں ہے۔

(d) بیان A اور وجہ R دونوں درست ہیں اور وجہ R بیان A کی وضاحت ہے۔

3۔ مندرجہ ذیل بیانوں کو غور سے پڑھیے۔

(i) نستعلیق جہانگیر کا پسندیدہ تحریر (فن) تھی

(ii) یہ ایک تحلیل شدہ فن تھا۔

(iii) قلم اور روشنائی کی مدد سے لکھی جاتی تھی

(a) تینوں بیانات درست ہیں۔

(b) (ii) اور (iii) دونوں درست ہے۔

(c) صرف (ii) درست ہے۔

4۔ کتب خانہ میں کون سا پروگرام منعقد ہوتا تھا۔

(a) نئی مسودہ کی تخلیق کی جاتی تھی

(b) مسودہ کا مجموعہ رکھا جاتا تھا۔

(c) اسے پوتھی گھر بھی کہتے تھے۔

(d) مندرجہ بالا سبھی

## اقتباس پر مبنی سوالات (چھ نمبر والے)

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

# کل ہم نمک ٹیکس قانون توڑیں گے

5 اپریل 1930 کے دن مہاتما گاندھی نے ڈانڈی میں کہا تھا:

جب میں نے سابرمتی کو اپنے ساتھیوں کے ساتھ ڈانڈی کے سمندری ساحل کے چھوٹے سے گاؤں کے لیے چھوڑا تھا تو میرے ذہن میں یہی یقین نہیں تھا کہ ہم کو اس مقام تک پہنچنے دیا جائے گا۔ اس وقت جب میں سابرمتی میں تھا تب یہ افواہ تھی کہ مجھے گرفتار کیا جا سکتا ہے۔ میں نے سوچا کہ حکومت شاید میرے ساتھیوں کو ڈانڈی تک آنے دے گی لیکن مجھے یقیناً نہیں آنے دے گی۔ اگر کوئی شخص میرے اوپر دانستہ ناقص عقیدہ کے الزام کا اظہار کرتا ہے تو میں اس الزام سے انکار نہیں کروں گا۔ میرے یہاں تک پہنچنے میں امن اور عدم تشدد کی طاقت کی معمولی تدبیر حق بجانب نہ ہوگی۔ اس طاقت کو آفاقی طور پر محسوس کیا جاتا ہے۔ کاش حکومت، اگر یہ چاہے تو وہ اس کام کی انجام دہی کے لیے خود کو مبارک باد دے سکتی ہے کیونکہ وہ ہم میں سے ایک کو گرفتار کر سکتی تھی۔ جب حکومت یہ کہتی ہے کہ ان کے پاس امن کی اس فوج کو گرفتار کرنے کی ہمت نہیں تھی تو ہم اس بات کی تعریف کرتے ہیں اس طرح کی فوج کو گرفتار کرنے میں حکومت شرم محسوس کرتی ہے۔ جو شخص کوئی ایسا کام کرنے میں شرمندگی محسوس کرتا ہے۔ جس سے اس کا پڑوسی ناخوش ہو تو وہ شخص مہذب ہے۔ حکومت ہم لوگوں کو گرفتار نہ کرنے کے لئے مبارکباد کی مستحق ہے۔ بالفرض اس نے یہ کام عالمی رائے کے خوف سے صرف بچنے کے لیے ہی کیا ہو۔

کل ہم نمک قانون توڑیں گے خواہ حکومت اس کو برداشت کرتی ہے یا نہیں۔ یہ سوال الگ ہے۔ ہو سکتا ہے کہ حکومت یہ برداشت نہ کرے لیکن اس جماعت کے لئے جو صبر و استقلال اور ضبط و تحمل کا اس نے مظاہرہ کیا ہے وہ اس کے لئے مبارکباد کی مستحق ہے۔

اگر مجھے گجرات میں باقی ملک کے سارے ممتاز لیڈروں کے ساتھ گرفتار کر لیا جاتا ہے تو کیا ہوگا، یہ تحریک اس یقین پر مبنی ہے کہ جب ایک ملک خواب وغفلت سے بیدار ہو جاتا ہے اور آگے بڑھنے لگتا ہے تو اسے لیڈر کی ضرورت نہیں ہوتی۔

(i) گاندھی جی کے ذریعہ ڈانڈی مارچ کی گئی۔

(a) 12مارچ1929 (b) 12مارچ1930

(c) 12مارچ1931 (d) 12 مارچ1920

2 نیچے دیئے گئے بیان جن میں سے ایک کو بیان (A) کی شکل میں اور دوسرے کو وجہ (R) کی شکل میں دکھایا گیا ہے۔

بیان (A) نمک ایک حق جس مدے کو گاندھی جی اسے منتخب کیا یہ انکی نہایت عقلمندی کی مثال تھی۔

وجہ (R) گاندھی جی نے انگریزی حکومت کے خلاف عوام الناس کو متحد کرنا چاہتے تھے۔

(a) صرف بیان (A) درست ہے

(b) صرف وجہ (R) درست ہے

(c) بیان (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہے اور وجہ (R) بیان (A) کا جواز دیتا ہے۔

3۔ نمک ستیہ گرہ مندرجہ ذیل میں کن وجوہات سے قابل بیان ہے؟

(a) مہاتما گاندھی جی دنیا کی نظر میں سامنے آئے۔

(b) یوروپی اور افریقی پریس نے ایک دوسرے کو کوریج Coverage دی۔

(c) خواتین نے بھی ان میں بڑھ۔چڑھ کر حصہ لیا

(d) انگریزی سرکار کی بنیاد ڈالی

## صحیح متبادل چنئے

(a) صرف (a) صحیح ہے (b) (a) اور (b) صحیح ہے

(c) سبھی درست ہے (d) مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی نہیں

4۔ 'نمک تحریک' کے بعد کتنے گول میز کانفرنس منعقد کیے گئے؟

(a) 1 (b) 2 (c) 3 (d) 4

## حصہ ت

20- آثار قدیمہ میں آرٹس کو کس طرح پیش کرکے اوراس کی پہچان کرتے تھے۔

21- بھوپال کی بیگموں نے سانچی کےاستوپ اوراس کی تحفظ میں کیا تعاون دیا۔
تین نکات کے ذریعے ظاہر کیجیے۔

22- ویرشیوShave کون تھے؟ سماج میں رائج کن برائیوں کا انہوں نے مخالفت کی؟

23- 1857 کی باغیوں کے ذریعے جاری کردہ اعلان نے ذات اور مذہب کا فرق کے بغیر سماج کے تمام طبقوں کا اجرہ کہا جاتا تھا۔بیان کیجیے۔

## حصہ ج

24- این جی کے ذریعہ ''اقلیت'' لفظ کی تشریح کس طرح کی گئی اوراتہوں نے دیس میں پہلے کس عظیم کھائی کی جانب اشارہ کیا وضاحت کیجیے۔

25- ان حقائق کو بیان کیجیے جو یہ دکھاتے ہیں کہ بھائی چارہ اور شادی سے متعلق برہموں کے اصول ضوابط کی پاسداری نہیں ہوئی تھی۔

یا

کیا مہابھارت کے وقت عورت ومرد املاک پر برابر اختیار رکھتے تھے؟

26- جواز سے مطابقت رکھتے ہوئے سمجھایئے۔
مغلوں کے ماتحت طبقوں کو ایک گلدستے کی شکل میں بیان کیا گیا ہے۔
اس بیان سے متعلق مغل Abhigyar طبقے پر تنقید کیجیے۔

یا

مغل دربار میں واقعہ نگاری کو ایک جائداد کے طور پر دیکھا جاتا تھا اس بیان کے بارے میں واقعہ نگاری کی ترتیب اور بنانے کے طریقے کے بارے میں بتایئے۔

## حصہ ج

27۔ ان مختلف اقسام کے ذرائعوں کا جائزہ کیجیے جن کی بنیاد پر گاندھی جی کا سفر اور تحریک آزادی کی تواریخ کو دوبارہ تعمیر کیا جاسکتا ہے۔

یا

ان مخصوص واقعات کی تفصیل بیان کیجیے جن کے نتیجے کے طور پر؟؟؟؟؟؟؟؟؟ احتجاج شروع ہوا۔ اس کی خاص خصوصیات کا ذکر کرتے ہوئے اس احتجاج میں مہاتما گاندھی کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

28۔ مندرجہ ذیل مثالوں کو غور سے پڑھیے اور اسکے ذیل میں دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

## بادشاہ کا اضطراب

جب بادشاہ دیونم یا پیاداسی آٹھ برس سے حکومت کر رہا تھا تو کلنگ (کا ملک) (آج کا ساحلی اڑیسہ) اس نے فتح کیا۔

ایک سو پچاس ہزار شہر بدر کیے گیے۔ ایک سو ہزار قتل کر دیئے گئے اور بہت سے مر گئے۔

اس کے بعد اب جبکہ کلنگ (کا ملک) لیا جا چکا دیونم پیا دھمہ کے گہرے مطالعے میں، دھمہ سے محبت میں اور لوگوں میں دھمہ کی ہدایت دینے میں منہمک ہے۔

کلنگ کے ملک کو فتح کر لینے کے سلسلے میں یہ دیونم پیا کا پچھتاوا ہے۔

یہ بات دیونم پیاداسی کے خیال میں بڑی تکلیف دہ اور قابل مذمت ہے کہ جب کوئی شخص کسی غیر مفتوحہ (ملک) کو فتح کر رہا ہو (تو) قتل، موت اور لوگوں کی شہر بدری وہاں (واقع ہو)......

## سوالات

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | دیونم پیاداسی کسے کہا گیا ہے؟ | 1 |
| 2۔ | کتبات کی اہمیت اور حدود کا تذکرہ کیجیے۔ | 2 |
| 3۔ | بادشاہ اشوک پر کلنگ کی جنگ کا کیا اثر پڑا؟ | 2 |

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

# گل بدن بیگم

گل بدن بیگم کے ذریعے تحریر "ہمایوں نامہ" ایک دلچسپ کتاب ہے جو ہمیں مغلوں کی گھریلو دنیا کی ایک جھلک مہیا کراتی ہے۔ گلبدن بیگم بابر کی بیٹی ہمایوں کی بہن اور اکبر کی پھوپی تھیں۔ گلبدن بیگم روانی سے ترکی اور فارسی میں لکھ سکتی تھیں۔ جب اکبر نے ابوالفضل کو اپنے عہد کی تاریخ لکھنے کی ہدایت دی تو اس نے اپنی پھوپی سے بابر اور ہمایوں کے وقت کی آپ بیتی لکھنے کی درخواست کی تاکہ ابوالفضل اس سے اپنی تاریخ کے لیے مواد اخذ کر سکے۔

گلبدن نے جو تحریر کیا وہ مغل بادشاہوں کی مداح سرائی نہ تھی بلکہ اس نے شہزادوں اور بادشاہوں کے درمیان ہونے والی آویزش اور تناؤ کے ساتھ ہی ان میں سے کچھ آویزشوں کو حل کرنے میں خاندان کی عمر رسیدہ خواتین کے اہم کردار کے متعلق بھی بڑی تفصیل سے تحریر کیا تھا۔

## سوالات

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | گلبدن بیگم کون تھیں؟ ان کے ذریعے کون سی کتاب تحریر کی گئی؟ | 1 |
| 2۔ | ہمایوں نامے میں کس کا تذکرہ کیا گیا ہے؟ | 2 |
| 3۔ | عمر رسیدہ خواتین کا اہم کردار کیا تھا؟ | 2 |

مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر سوالات کے جواب دیجیے۔

30۔

قومی زبان کی کیا خصوصیت ہونی چاہیے؟

(What should the qualities of a national laguages be?)

اپنی موت سے کچھ ماہ قبل مہاتما گاندھی نے زبان کے سوال پر اپنے نظریات دوہراتے ہوئے کہا تھا:

یہ ہندوستانی نہ تو سنسکرت زدہ ہندی ہونی چاہیے اور نہ ہی فارسی زدہ اردو لیکن دونوں کا ایک خوشگوار آمیزہ ہونا چاہیے۔ اسے جہاں کہیں بھی ضروری لگے مختلف علاقائی زبانوں کے الفاظ بھی بے تکلفانہ داخل کر لینے چاہیے۔ اور غیر ملکی زبانوں سے بھی الفاظ جذب کر لینے چاہئیں جو آسانی اور بہتر انداز میں ہماری قومی زبان کے ساتھ گھل مل سکیں اس طرح ہماری قومی زبان ایک غنی اور طاقتور آلے کی طرح یقیناً ترقی پذیر بن جائے گی جو انسانی خیالات اور جذبات کے مکمل دائرہ کا اظہار کرنے کی اہل ہوگی۔ خود کو ہندی یا اردو کے ساتھ محدود کر لینا فہم و فراست اور حب الوطنی کے جذبہ کے خلاف ایک جرم ہوگا۔

(i) ہندوستانی زبان سے کیا مراد ہے؟ 1

(ii) قومی زبان کی کیا خصوصیات ہونی چاہئیں؟ 2

3۔ ہندی کی حمایت کرنے والے کچھ دوسرے لوگوں کے نام بتائیے۔ 2

## حصہ د

## نقشے اور سوالات

31۔ بھارت کے دیئے گئے سیاسی لائنیں اور نقشے میں مندرجہ ذیل کو مناسب نقطوں سے دکھائیے اور ان کے نام لکھیے۔

(الف) اور ہڑپا

(ب) دھولاویرا اور موہن جوداڑو

## پانی پت اور آگرہ

بھارت کے دیئے ہوئے سیاسی سطور اور نقشے کو مندرجہ ذیل مناسب نقطوں سے دکھائیے اور ان کے نام لکھیے۔



# تواریخ

## درجہ XII

کل نمبرات: 80 　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　وقت 3 گھنٹے

### عام ہدایت :

1۔ سارے سوالوں کے جواب لازم ہیں کچھ سوالوں کے متبادل بھی دیئے گئے ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبران کے سامنے درج کئے گئے ہیں۔ ان پرچے میں 5 حصے ہیں۔

2۔ حصہ **الف (سوال نمبر 1 سے 21)** مختصر سوال (1) نمبر کے ہیں ان کے جواب ایک لفظ یا ایک جملوں میں لکھیں۔

3۔ حصہ **ب (سوال نمبر 22 سے 27)** ذرائع پر منحصر ایک جواب بدلے مختلف سوال ہیں ہر ایک سوال 3 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کے 60-50 لفظوں میں جواب دیں۔

4۔ حصہ **ت (سوال نمبر 28 سے 30)** میں ہر ایک سوال کے نمبرات ہیں۔ ہر ایک سوالوں کے جوابات زیادہ سے زیادہ 250-200 لفظوں میں دیجیے۔

5۔ حصہ **ث (سوال نمبر 31 سے 33)** میں ہر ایک سوال کے 4 نمبر کا ہے ہر ایک سوال کا جواب زیادہ سے زیادہ 350 لفظوں میں دیجیے۔

6۔ حصہ و (سوال نمبر 34) نقشے سے متعلق ہے جس میں علامتوں کی شناخت اور اہم نکات کی نشاندہی شامل ہے۔

## سیکشن-A

کسی 15 سوالوں کے جواب دیجیے۔

1۔ ہڑپائی تہذیب کے سیور مقام کالی بنگہ موجودہ دور میں کس ہندوستانی صوبے میں قائم ہے۔

(الف) ہریانہ میں 　　　　(ب) اتر پردیش میں

(ت) گجرات میں 　　　　(ث) رجستھان میں

2۔ ہڑپا تہذیب میں پائی گئی رسم الخط کا نام لکھیں۔

3۔ مندرجہ ذیل بیان کو درست کیجیے اور دوبارہ تحریر کیجیے۔

پتھروں کی تحریر کو (Pictography) کہتے ہیں

4۔ کس کتاب میں شادی کے 8 طریقے (روایتوں) کا ذکر کیا گیا ہے۔

(الف) مہابھارت میں

(ب) رامائن میں

(ت) منواسمرتی میں

(ث) گیتا میں

5۔



6۔ جین مذہب میں تیرتھنکر کی کل تعداد کتنی ہے۔

7۔ عمل ہریسادی یوسپر بندھم کس کے بارے میں بیان درست ہے۔

(الف) یہ الوار سنتوں کا خاص مجموعہ کلام تھا۔

(ب) اسکا ذکر ایک تمل وید کی شکل میں کیا جاتا ہے

(ت) اس گرنتھ کی اہمیت سنسکرت کے چاروں ویدوں کو بتایا گیا ہے

(ث) یہ اچھوتوں نے پورا کیا

8۔ بابا گرو نانک، بابا فرید، روی داس اور کبیر داس کی وانی کا کس کتاب میں ذکر ہے۔

9۔ کالم (i) کو کالم (ii) سے صحیح طریقے سے ملایئے

| | کالم i | | کالم ii |
|---|---|---|---|
| الف | وجے نگر | (i) | چنن کیشو رمندر |
| ب | ہمپی | (ii) | وجے نگر |
| ت | تنجاور | (iii) | ماتری دیوں تمپا دیوی کے نام کا شہر |
| ج | بیلور | (iv) | ورو پشو رمندر |

صحیح جواب مندرجہ ذیل ہیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) iii | ب | iv | ت | i | ث | ii | |
| (ب) i | ت | ب | (i) | ت | iv | ث | ii |
| (ت) i | الف | ب | iv | ت | iii | ث | ii |
| (ث) ii | الف | ب | iii | ت | iv | ت | i |

10۔ وجے نگر کے مشہور ومعروف حکمراں کرشن دیورائے کا تعلق کس خاندان Dynasty سے تھا

(a) سلو خاندان Dynasty سے

(b) تلو خاندان Dynasty سے

(c) سنگم خاندان Dynasty سے

(d) اداوید خاندان سے

11۔ مغل خاندان (Mughal Dynasty) کی بنیاد کس نے قائم کی

12۔ کس ہندو گرنتھ کا ترجمہ فارسی زبان میں رزم نامہ "Razam nama" کے نام سے کیا گیا۔

(a) منواسمرتی (b) مہابھارت

(c) رامائن (d) گیتا

13۔ امداد کی معاہدہ کی شروعات کس برطانیہ گورنر جنرل نے کی؟

14۔ نیچے دو بیان دیئے گئے ہیں، جن میں سے ایک کو بیان (A) کی شکل میں اور دوسرے کو وجہ (R) کی شکل میں دکھایا گیا ہے۔

بیان (A) 1921 میں دکن ہند کے مسافت کے دوران گاندھی جی نے سوتی کپڑے پہننے شروع کر دیئے۔

وجہ (R) ایسا انہوں نے غریبوں کے ساتھ ہمدردی کا رویہ قائم کرنے کے مقصد سے کیا۔

(a) صرف بیان (A) درست ہے

(b) صرف وجہ (R) درست ہے

(c) بیان (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن وجہ (R) بیان (A) کا مدلل جواز نہیں ہے۔

(d) بیان (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (R) بیان (A) کا جواز ہے۔

15۔ انگریزوں نے ستی (Sati) رسم کو ختم کرنے کا قانون کس سال جاری کیا۔ 1

(a) 1829 میں

(b) 1828 میں

(c) 1856 میں

(d) 1859 میں

16۔ ان میں سے کسے ''ایک اکیلی فوج'' کا تمغہ دیا گیا ہے۔

(a) جان متھائی John mathai کو

(b) سردار بلدیو سنگھ کو

(c) سی۔ایچ۔ بھابھا C.H. Bha Bha کو

(d) مہاتما گاندھی

حصہ ب

# جب قدیم ترین نظام کا انکشاف ہوا

نالوں کے متعلق '' میکے نے بیان کیا تھا کہ

''اب تک دریافت ہوئے قدیم نظاموں میں یقیناً یہ سب سے مکمل نظام ہے۔'' ہر گھر سڑک کے نالے سے ملحق تھا۔ بڑی اور اہم نالیاں اینٹوں اور مسالے سے بنائی گئی تھیں اور انھیں اس طرح اینٹوں سے ڈھک دیا گیا تھا کہ صفائی کے لئے انھیں ہٹایا جا سکے۔ کہیں کہیں ان ڈھکنوں کے لیے چونے کا پتھر بھی استعمال کیا گیا تھا۔ گھر کی نالیاں پہلے ایک نابدان یا ہودی میں گرتی تھیں۔ جن میں ٹھوس کوڑا نیچے بیٹھ جاتا تھا اور گندا پانی گلیوں کی نالی میں چلا جاتا تھا۔ جگہ جگہ کافی لمبی لمبی نکاسی نالیاں دی گئی تھیں اور ان کے نابدان تھے جو صفائی میں مدد دیتے تھے۔ آثار قدیمہ کا ایک عجوبہ یہ بھی ہے کہ ان نکاسی نالیوں کے پاس جگہ جگہ '' کوڑے کی قسم کے کچھ چھوٹے چھوٹے

ڈھیر بھی ان نکاس نالیوں کے کنارے پڑے ملے ہیں جن میں زیادہ تر ریت تھا.........جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ نالیوں کی صفائی کے بعد کوڑا ہمیشہ نہیں اٹھایا جاتا تھا''۔

(*ERNEST MACKAY,EARLY INDUS CIVILISATION-1948* سے ماخوذ)

نکاس کا یہ نظام صرف بڑے شہروں کی ہی انوکھی خصوصیت نہیں تھا، یہ چھوٹی بستیوں میں بھی ملا ہے۔ جیسے لوتھل میں جہاں مکان گارے کی اینٹوں کے بنائے گئے ہیں، نالیاں وغیرہ پکی اینٹوں سے بنی ہیں۔

1۔ نالیوں کے بارے میں میکے کے ذریعے تحریری کون سا بیان درست ہے۔

(a) یہ ابتک تلاش کی گئی سب سے قدیمی پرنالی parnali تھی

(b) ہر رہائش کو گلی کی نالیوں سے منسلک کیا گیا

(c) کچھ مقام پر ڈھکنے کے لیے چونا پتھر کا استعمال کیا گیا تھا

(d) پانی کا نکاس (بہاؤ) صرف بڑے شہروں تک محدود تھا

2۔ لوتھل (Lothal) میں بنی رہائش کیسی اینٹوں سے بنے تھے؟

(a) کچی (b) پکی

(c) پتھریلی (d) نقاشی دار

3۔ نالوں کے اردگرد ملے ریت کے چھوٹے چھوٹے ڈھیر کے لیے لفظ کا استعمال کیا گیا ہے؟

(a) قدرت کا عجوبہ (b) آثار قدیمہ کا عجوبہ

(c) تواریخ کا عجوبہ (d) مندرجہ بالا سبھی

4۔ وہ کونسا مقام تھا جہاں مکان کچی اینٹوں سے لیکن نالیاں پکی اینٹوں سے بنی تھیں؟

(a) کالی بنگا (b) دھولاویرا

(c) لوتھل (d) ناگیشور

18۔ اس مجسمے کی شناخت کیجیے اور اس کے نام لکھیے اور ان کے ذریعہ دو اہم تعلیم کا ذکر کیجیے۔



18۔ صرف نابینا طالب علم کے لیے۔

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔

# جنگلات کی صفائی اور مقیم زراعت کے متعلق

راج محل کی نچلی پہاڑیوں سے گزرتے ہوئے بکانن نے لکھا:

اس علاقے کا منظر بہت ہی عمدہ ہے یہاں کی زراعت خاص طور پر گردش کرتی ہوئی تنگ وادیوں میں چاروں طرف دھان کی زراعت بکھرے درختوں کے ساتھ صاف کی گئی زمین اور چٹانی پہاڑیاں بے عیب ہیں، اس کے باوجود اس علاقے میں کچھ ترقی کے ظہور اور وسیع پیمانے پر اصلاح شدہ زراعت کی، جس کے لئے یہ علاقہ انتہائی اثر پذیر ہے۔ لکڑی کی جگہ یہاں ٹسر (ریشم کا کیڑا) اور لاک کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے وسیع پیمانے پر آسان اور پالاس کے باغات لگائے جاسکتے ہیں۔ باقی جنگل کو بھی صاف کر دینا چاہیے اور بڑے حصہ پر زراعت کرنی چاہیے۔ اگر چہ اس مقصد کے لیے جو جگہ مناسب نہ ہو وہاں پنکھیا، کھجور اور مہوا کے درخت اگائے جاسکتے ہیں۔

## سوالات

(1) راج محل کی پہاڑیوں کی خوبصورتی کو دیکھتے ہوئے بوکانن کا اس کے پیچھے کیا مقصد تھا؟

(a) نامعلوم کی دریافت

(b) قدرتی محبت

(c) نوآبادیاتی اصول کی تشہیر

(d) قبائل کے فلاح و بہبودی کا جذبہ

2۔ فرانسیسی بوکانن اپنے سوچھاؤس کسے مخاطب کر رہا ہے۔

(a) زمینداروں کو

(b) (بھارت) ہندوستان کی عوام کو

(c) ایسٹ انڈیا کمپنی کو

(d) برٹش ممبر آف پالیامنٹ

3۔ بوکانن کو، وسوا کی کیا سمجھتے تھے

(a) ایک دارشک (b) محبت فطرت

(c) ایک مسیحا (d) انگریزوں کا ایجنٹ

4۔ فرانسیسی بوکانن پیشے سے کیا تھے؟

(a) ایک طب (معالج) (b) استاذ (معلم)

(c) ایک تاجر (d) تاریخ دان

19۔ دیئے گئے اقتباس کو غور سے پڑھیے اور درج ذیل میں سے کبھی تین سوالوں کے جواب دیجیے۔

**مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالات کے جواب دیجیے۔**

# صحیح سماجی کردار

مہابھارت کے آدی پارون کی ایک کہانی اس طرح ہے:

ایک مرتبہ کوروراجکماروں کے تیراندازی کے برہمن استاذ درونا کے پاس نشاد (شکاری سماج) کا جنگل واسی ایکلویہ آیا۔ جب دھرم سے واقف درونا نے اسے اپنا شاگرد بنانے سے انکار کر دیا تو ایکلویہ جنگل واپس چلا گیا اور اس نے مٹی سے درونا کا ایک بُت بنایا اور اسے اپنا استاد سمجھتے ہوئے اپنے طور پر تیراندازی کی مشق شروع کی۔ کچھ عرصے بعد اس نے تیراندازی میں بڑی مہارت حاصل کر لی۔ ایک دن کوروراجکمار شکار پر گئے اور ان کے کتے نے جنگل میں گھومتے پھرتے ایکلویہ کو دیکھ لیا۔ جب کتے نے سیاہ فام نشاد کی بو سونگھی جس کے جسم پر مٹی کی پپڑی جمی ہوئی تھی اور کالے ہرن کی کھال میں لپٹا ہوا تھا، اس نے بھونکنا شروع کر دیا۔ اس پر غصے میں آ کر ایکلویہ نے اس کے منھ میں سات تیر بھر دیے۔ جب کتا پانڈوؤں کے پاس پلٹا تو وہ تیراندازی کے اس غیر معمولی مظاہر کو دیکھ کر حیران رہ گئے۔ انھوں نے ایکلویہ کو ڈھونڈ نکالا جس نے اپنا تعارف درونا کے ایک شاگرد کی حیثیت سے کرایا۔

درونا نے اپنے شاگرد ارجن سے ایک بار کہا تھا کہ وہ اس کے شاگردوں میں بے مثال ہوگا۔ ارجن نے اسے وہ بات یاد دلائی۔ درونا ایکلویہ کے پاس پہنچا تو اس نے درونا کو پہچان کر اپنے استاد کی طرح عزت و احترام کیا۔ جب درونا نے اپنی فیس کے طور پر اپنے دائیں ہاتھ کا انگوٹھا طلب کیا تو ایکلویہ نے بے جھجک اسے کاٹ کر درونا کو دے دیا۔ لیکن اس کے بعد جب اس نے اپنی بچی انگلیوں سے تیر چلائے تو ان میں وہ پھرتی باقی نہیں رہی تھی جو پہلے تھی۔ اس طرح درونا نے اپنا وچن پورا کیا، کوئی ارجن سے بہتر نہیں تھا۔

## سوالات

1۔ آپ کا کیا خیال ہے کہ درونا برہمن ہوتے ہوئے تیر اندازی سکھنے کے کام کو دھرم سوتروں کے مطابق انجام دے رہا تھا؟ 2

2۔ درونا کو اپنا انگوٹھا کاٹ کر دینے کے بعد کیا ایکلویہ کو افسوس ہوا؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ 2

3۔ کہانی کا جائزہ لیجیے اور ایکلویہ کے کردار کو واضح کیجیے۔ 2

1۔ درونا نے ایکلیو کو اپنا شاگرد بنانے سے منع کر دیا تھا کیونکہ وہ ایک.................تھا۔ 8

(الف) برہمن (ب) نشاد

(ت) راجپوت (ٹ) دیوتا

2۔ درونا ارجن کو دیے وعدے کو کس طرح پورا کیا؟

(الف) ایکلیو کا انگوٹھا مانگ کر

(ب) ارجن کو اعلیٰ تعلیم دے کر

(ت) (الف) اور (ب) دونوں

(ٹ) صرف الف

3۔ کیا آپ درونا کے طرزِ عمل کو ایکلیویہ کے مطابق منصفانہ مانتے ہیں؟

(الف) ہاں (ب) نہیں

(ت) الف اور ب (ٹ) صرف ت

4۔ درونا کس خاندان کے شہزادوں کو تیز اندازی کی تعلیم دیتے تھے؟

(الف) نشاد (ب) کورو خاندان

(ت) برہمن (ث) ویش (Vaish)

20۔ مندرجہ ذیل دو بیانات دیئے گئے ہیں ۔جن میں سے ایک کو بیان (A) کی شکل میں اور دوسرے کو وجہ (R) کی شکل میں دکھایا گیا ہے۔

بیان (A)۔ مہاتما گاندھی نے 12 مارچ 1930 کو سابرمتی آشرم سے ڈانڈی شروعات کی۔

(a) صرف بیان (A) درست ہے

(b) صرف وجہ (R) درست ہے

(c) بیان (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہیں لیکن وجہ (R) بیان (A) کا جواز نہیں ہے

(d) بیان (A) اور وجہ (R) دونوں درست ہے اور وجہ (R) بیان (A) کا جواز ہے۔

## حصہ ت

21۔ ہڑپا رسم الخط ایک رزمی ہے تشریح کیجیے۔ 3

21۔ کس حد تک برصغیر میں پائی مساجد کا کتنی دوسری جگہوں کی مساجد سے مشابہت ہے۔ 3

22۔ 1857 میں باغیوں نے اتحاد کے تصور کو کس طرح شرمندہ تعبیر کیا۔ 3

23۔ انگریزوں نے 1857 کی بغاوت کے کچلنے کے لیے کیا قدم اٹھائے 3

## حصہ ت

24۔ موہن جوداڑو کی خصوصیت کا ذکر کریں 8

یا

سندھو گھاٹی تہذیب کی شہری تعمیرات کا ذکر کریں

25۔ سلطنت اور درباریوں کی روایت رسم و رواج پر روشنی ڈالتے ہوئے مغل دربار اور انتظامیہ کی موجودہ ہندوستانی انتظامیہ کے نظم و نسق سے مقابلہ کیجیے۔

یا

مغلوں کے افسران کو ایک گلدستے کی شکل میں بیان کیا جاتا تھا۔

مندرجہ بالا بیان کو مغل امراء طبقہ کی پیش نظر بیان کیجیے۔

26۔ گاندھی جی نے ہندوستانی قومی تحریک کو ایک عام تحریک میں کس طرح بدل دیا۔

یا

دسمبر 1929 میں کانگریس لاہور سیشن کی اہمیت کا خلاصہ کریں۔

یا

26 جنوری 1930 کو یوم آزادی منانے کے لیے گاندھی جی کی ہدایات کا ذکر کیجیے۔

## حصہ ج

27۔ دیئے گئے اقتباس کو غور سے پڑھ کر مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔

مسلم لیگ کی قرارداد: 1440

مسلم لیگ کی 1940 کی قرارداد میں مطالبہ کیا گیا کہ جغرافیائی طور پر ملحق اکائیوں کو علاقوں کی شکل میں نشان زد کیا جائے جن کی تشکیل ضرورت کے لحاظ سے ایسے علاقوں کی نئی صورت سے کی جائے کہ ان علاقوں کے جو شمال مغربی اور مشرقی حلقوں میں مسلمان تعداد میں اکثریت میں ہوں ان کو اکٹھا کر کے ایک ''آزاد ریاست'' تشکیل دے دی جائے جس میں شریک اکائیاں خود مختار اور مقتدر ہوں گی۔

## سوالات

(i) مسلم لیگ کے اہم مانگ کی پہچان کیجیے۔ (1)

(ii) مسلم لیگ کے خود مختاری کی مانگ کی وجہ کا تجزیہ کیجیے۔ (2)

(iii) 1940 کے مسلم لیگ کی ''تجویز'' کے مختلف پہلوؤں کا تجزیہ کیجیے۔ (2)

28۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر دیئے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔

### اگنی سے ایک پرارتھنا

اگنی سے ایک پرارتھنا یہ رگ وید کے دو اشلوک ہیں جو آگ کے دیوتا کے لیے دعائیں ہیں۔اس دیوتا کے سامنے قربانیاں پیش کی جاتی تھیں تاکہ دوسرے دیوتاؤں تک پہنچا جا سکے''۔

پیش کردے۔اے طاقتور! ہماری اس قربانی کو دیوتاؤں کے سامنے۔اے وہ کہ جو دانشمند ہے، دینے میں فراخ دل ہے ہمیں عطا کر۔

اے پجاری! وافر غذا، اے اگنی، حاصل کر قربانی سے ہمارے لیے زبردست دولت حاصل کر لے۔

اے اگنی: سدا بہار! اس کے لیے جو تیرپوجا کرنے غذا (کا تحفہ)، لاجواب گائے، اولاد، جو ہماری نسل آگے بڑھائے۔۔۔

اس قسم کے اشلوک خاص قسم کی سنسکرت میں نظم کیے گئے تھے۔انہیں پجاری خاندان کے لوگوں کو زبانی یاد کرایا جاتا تھا۔

## سوالات

(i) ویدک سنسکرت اہم کیوں تھی۔

(ii) ویدک روایات کے کن ہی دو رواج وعقائد کو لکھیے۔

(iii) لوگ ''اگنی'' سے کیا مانگ کرتے تھے۔

29۔

# کولن میکنزی

کولن میکنزی کی پیدائش 1754 میں ہوئی تھی جو ایک انجینئر سرویئر (امین پیائش) اور کارٹوگرافر (نقشہ نگار) کی حیثیت سے مشہور ہوئے۔ 1815 میں انھیں ہندوستان کا پہلا سرویئر جنرل مقرر کیا گیا۔اور 1821 میں اپنی وفات تک اسی عہدے پر فائز رہے۔ ہندوستان کے ماضی کو بہتر طریقے سے سمجھنے اور نوآبادی کے انتظام کو آسان بنانے کے لئے وہ مقامی تاریخوں کو جمع کرنے اور تاریخی مقامات کا سروے کرنے کی مہم میں مشغول ہوئے۔اس نے کہا کہ ''برطانوی حکومت کے زیر اثر آنے سے پہلے جنوب خراب انتظامات کی بدبختی سے طویل عرصہ تک جدوجہد کرتا رہا''۔ وجے نگر کے مطالعہ سے میکیزی کو یہ یقین ہو گیا کہ ایسٹ انڈیا کمپنی مقامی لوگوں کے مختلف قبیلے، جو اس زمانے میں بھی عام عوام کی آبادی کی تشکیل کرتے ہیں، کو اب بھی غالب طور پر متاثر کرنے والے ان میں سے بہت سے ادارے، قوانین اور رسم ورواج کے متعلق بہت سی فائدہ مند معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## سوالات

| | | |
|---|---|---|
| (i) | کالین میکنجی کون تھا؟ | 1 |
| (ii) | میکنجی نے وجے نگر سلطنت دوبارہ دریافت کی کوشش کس طرح کی۔ | 2 |
| (iii) | ایسٹ انڈیا کمپنی کے لیے وجے نگر سلطنت کا مطالع کر طرح کارگر تھا۔ | 2 |

# حصہ د

# Section-F

## نقشے کے سوالات Map Question

3۔ ہندوستان کے دیئے گئے سیاسی نقشے پر مندرجہ ذیل مقاموں کی نشاندہی کیجیے۔ 1+1+1 = 3

(a) دھولاویرا ایک ترقی یافتہ ہڑپا کا مقام

یا

ہڑپا

(b) اجمیر مغلوں کے ماتحت ایک علاقہ

یا

گووا

(c) بنارس



30۔ ہندوستان کے دیئے گئے اس سیاسی نقشے پر قومی احتجاج سے متعلق دو مقام A B دکھائے گئے ہیں، ان کی شناخت کیجیے اور ان کے نام لکھیے۔ 1+1=2

نوٹ: مندرجہ ذیل سوال صرف نابیناؤں کے لیے سوال نمبر 30.1 اور 30.2 کی جگہ پر ہے۔

یا

30.2 مغل حکمراں کی کسی دو دارالسلطنت کا نام لکھیں۔

# تواریخ

## درجہ XII

کل نمبرات:80 وقت 3 گھنٹے

### عام ہدایت :

1۔ سارے سوالوں کے جواب لازم ہیں کچھ سوالوں کے متبادل بھی دیئے گئے ہیں۔ ہر ایک سوال کے نمبران کے سامنے درج کیے گئے ہیں۔ان پرچے میں 5 حصے ہیں۔

2۔ **حصہ الف (سوال نمبر 1 سے 21)** مختصر سوال (1) نمبر کے ہیں ان کے جواب ایک لفظ یا ایک جملوں میں لکھیں۔

3۔ **حصہ ب (سوال نمبر 22 سے 27)** ذرائع پر منحصر ایک جواب بدلے مختلف سوال ہیں ہر ایک سوال 3 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 50 سے 60 الفاظ میں دیں۔

4۔ **حصہ ت (سوال نمبر 28 سے 30)** میں ہر ایک سوال کے 8 نمبر ہیں۔ ہر ایک سوال کا جواب زیادہ سے زیادہ 100 لفظوں میں دیجیے۔

5۔ **حصہ ث (سوال نمبر 31 سے 33)** ذرائع پر منحصر سوال ہیں۔ ہر ایک سوال 4 نمبر کا ہے۔

6۔ **حصہ ج** (سوال نمبر 34) نقشے سے متعلق ہے جس میں علامتوں کی شناخت اور اہم نکات کی نشاندہی شامل ہے۔

## حصہ (الف)

کسی 15 سوالوں کے جواب دیجیے۔

1۔ مگدھ کی شروعاتی راجدھانی تھی

(a) پاٹلی پوتر (b) کاش

(c) راجگیر (d) متھرا

2۔ ہندوستانی آثار قدیمہ کا جنک کسے مانا جاتا ہے۔ 1

3۔ مندرجہ ذیل بیان کو درست کر کے پھر سے لکھیے ۔ 1

مغل مادرانہ طور سے ترکی حکمران تیمور کے خاندان سے تھے جبکہ پدرانا طور پر چنگیز خان سے متعلق تھے ۔

4۔ ان میں سے کون سا بیان امر ناکہ انتظام کی صحیح تشریح کرتی ہے ۔ 1

(i) یہ وجے نگر کا اہم سیاسی عمل تھا

(ii) یہ دلی سلطنت کے اکیتا نظم سے متاثر تھا ۔

(الف) صرف i

(ب) صرف ii

(ت) i اور ii دونوں

(ث) ان میں سے کوئی نہیں

5۔ نیچے دیئے گئے تصویر کو غور سے دیکھئے اور بتائیے کہ یہ تصویر کن سے متعلق ہے ۔



5۔ صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر 5 کی جگہ پر آئین ساز کمیٹی کی پراروپ (Drafting) کمیٹی (  ) کے صدر تھے ۔ 1

(الف) سردار وبھی بھائی پٹیل

(ب) جواہر لعل نہرو

(ت) جی ۔ بی ۔ پنت

(ث) بی ۔ آر ۔ امبیڈکر

6۔ امراء طبقہ کیا ہے۔ 1

7۔ زیارت کا مطلب کیا ہے؟

1

(الف) کرشن کی بھگتی میں گایا جانے والا گیت

(ب) بادشاہ اکبر کے درگاہ کی زیارت

(ت) صوفی سنتوں کے مزاروں کا سفر

(ث) صوفی سنتوں کے یوم پیدائش پر موم بتی جلانا

8۔ ''جب وہ ایک پتھر سے سانپ کو دیکھتے ہیں تو اس پر دودھ چڑھاتے ہیں۔ اگر اصلی سانپ آجائے تو کہتے ہیں مارو مارو
بسونا کے ذریعے تخلیق کردہ بیان کا مقصد کیا ہے؟

9۔ جوتدار تھے 1

(الف) حفاظتی دستے

(ب) امیر کسان

(ت) ٹیکس ملازمین

(ث) ایک بیاری آدی واسی

10۔ مندرجہ ذیل میں سے صحیح جوڑوں کو منتخب کیجیے۔

(i) ڈیمنگو پیس فارس

(ii) نیکولوڈی کونٹی اٹلی

(iii) ڈیمارتے باربوسا چین

(الف) i اور ii دونوں درست ہیں

(ب) صرف ii درست ہے

(ت) i اور ii اور iii سبھی درست ہیں

(ث) صرف iii درست ہے

11۔ گاندھی جی کے سیاسی سفر اور قومی احتجاج کی تواریخ کو فہرست بنانے کے لیے کارآمد کسی دو ذرائعوں کے نام لکھیے۔ 1

12۔ آئین کے مطابق طاقت ور مرکزی سرکار کی حمایت میں دی جانے والی کسی ایک دلیل کو لکھیے۔ 1

13۔ ہڑپا تہذیب میں نشیبی شہر قلعے سے کس طرح مختلف تھا۔ 1

14۔ نیچے دو بیان دیئے گئے ہیں جس میں سے ایک کو بیان (A) کی شکل میں اور دوسرے کو وجہ (R) کی شکل میں دکھایا گیا ہے۔ 1

بیان (A) ساتواہن حکومت میں عورتوں کا کردار اہم تھا۔

وجہ (R) ساتواہن حکمرانوں کو ان کے مادرانہ نام سے مخاطب کیا جاتا تھا۔

(الف) صرف بیان (A) صحیح ہے

(ب) صرف وجہ (R) صحیح ہے

(ت) بیان (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں پر وجہ (R) بیان (A) کا جواز نہیں ہے۔

(ث) بیان (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (R) بیان (A) کا جواز ہے۔

15۔ وجے نگر سلطنت کا سرپرست (Guardian) دیوتا تھا 1

16۔ مندرجہ ذیل کو ایک دوسرے سے ملائیں

| | | |
|---|---|---|
| (i) | البیرونی | ازبکستان |
| (ii) | ابن بطوطا | مورکو |
| (iii) | فرانشا برنیر | اٹلی |

B۔ (الف) i اور ii دونوں صحیح ہیں

(ب) صرف ii صحیح ہے

(ت) i اور ii اور iii سبھی صحیح ہیں

(ث) صرف iii صحیح ہے

# حصہ (ب)

17۔ دیے گئے ذرائعوں کوغور سے پڑھئے اور مندرجہ ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجیے۔

1+1+1=3

## آتش کی پوجا

یہاں پر رگ وید کے لیے گئے دو بند ہیں جن میں آگ دیوتا کا خوش آمدید کیا گیا ہے شکتی مثالی دیو، آپ ہماری آہوتی دیوتاؤں تک لے جائیں اپنے بدھی شتیہ۔ آپ آسیب کے داتا ہیں۔ پوروہت، ہمیں خوب سارے کھانے کی چیزیں دیں ہے اگنی یگ کے ذریعے ہمارے لیے بے شمار دولت لادیں۔ ہے اگنی جو آپ کے لیے پرارتھنا کرتا ہے اس کے لیے آپ ہمیشہ کے لیے نہایت صحت مند اور عجوبہ گائے لادیں۔

A۔ درج بالا چھند میں کس دیوتا کی عبادت کی گئی ہے۔

(الف) سورج

(ب) آگنی (آگ)

(ج) اندر

(د) ہوا، (وایو)

B۔ ............................ یگ کا مقصد درج ذیل میں سے کون سا نہیں تھا۔

(الف) بیٹے کی خواہش کے لیے

(ب) دولت کی خواہش

(ت) لڑکی کی خواہش

(ث) گائے کی خواہش

C۔ صحیح بیان کو چنئے

(1) اگنی دیوانسانوں کی قربانی کو دیوتاؤں تک لے جاتے تھے۔

(ii) قومی گائے کے لیے لوگ آگ کی پوجا کرتے تھے۔

(الف) صرف i

(ب) صرف ii

(ت) i اور ii دونوں

(ث) ان میں سے کوئی نہیں

D۔ رگ وید کی تعلیم دی جاتی تھی۔

(الف) تحریری شکل میں

(ب) دھیان لگا کر

(ت) تحریری شکل میں دھیان لگا کر

(ث) زبانی طور پر

18۔



A۔ پیش کردہ عمارت تصویر سے متعلق ہے۔

(الف) سلطنت کے دور سے

(ب) وجے نگر سلطنت سے

(ت) مغل دور سے

(ث) برٹش دور سے

B۔ پیش نظر عمارت کی تصویر عمیق رشتوں کو دکھاتا ہے۔

(الف) علاءالدین خلجی اور نظام الدین اولیاؒ کے درمیان

(ب) چشتیوں اور مغل صوبوں کے درمیان

(ت) بھکتی سنتوں اور ان کے ماننے والوں کے درمیان

(ث) وجے نگر راجا اور ان کے جیالوں کے درمیان

C۔ یہ عمارت بنائی گئی تھی۔

(الف) اکبر کے ذریعے (ب) شاہجہاں کے ذریعے

(ت) کرشن دیورائے کے ذریعے (ث) شیخ معین الدین چشتی کے ذریعے

D۔ (الف) دلی میں (ب) بمبئی میں

(ت) آگرہ میں (ث) فتح پور سیکری میں

صرف نابینا طلبا کے لیے

دیئے گئے اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیئے گئے تین سوالوں کے جواب لکھیے۔

## 'عظیم' اور 'ادنیٰ'

## روایات

''عظیم'' اور ''ادنیٰ'' جیسی اصطلاح بیسویں صدی کے ساجی علوم کے ماہر رابرٹ ریڈفیلڈ کے ذریعہ ایک زرعی سماج کے ثقافتی معمولات کو بیان کرنے کے لیے استعمال کی گئی ہیں۔ اس ماہر سماجی علوم نے دیکھا کہ کسان ان رسم و رواج اور مذہبی عبادات کو ادا کرتے تھے۔ جن پر سماج کے غالب طبقے جیسے پروہت اور راجہ کے ذریعہ عمل کیا جاتا تھا۔ ان رسم و رواج کو ریڈفیلڈ نے ''عظیم'' روایات کا نام دیا۔ اس کے ساتھ ہی زرعی سماج دیگر مقامی معمولات پر بھی عمل پیرا تھا جو اس ''عظیم'' روایات سے ضروری طور پر میل نہیں کھاتی تھیں۔ ان کو

اس نے ''ادنی'' روایات کے زمرے میں شامل کیا ہے ریڈفیلڈ نے یہ بھی دیکھا کہ ''عظیم'' اور ''ادنی'' دونوں ہی روایات میں وقت کے ساتھ ہوئے تفاعل کے عمل کے سبب تبدیلیاں ہوئیں۔

اگر چہ دانشوران طریقہ عمل اور زمروں کی اہمیت سے انکار نہیں کرتے لیکن دوان اصطلاحات میں جو نظام مراتب ابھر کر سامنے آتا ہے۔اس سے پریشان نظر آتے ہیں۔اسے نشان زد کرنے کا ایک طریقہ ان اصطلاحات کو حوالہ نشان ''عظیم'' اور ''ادنی'' کے ساتھ استعمال کیا جائے۔

صرف نابینا طلبا کے لیے سوال نمبر 18 کی جگہ پر دیئے گئے ہیں۔

ذرائع کو غور سے پڑھیے اور مندرجہ ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب دیجیے۔

A۔ علم روایات سے مراد ہے

(الف) آخری واسی کی روایت

(ب) غیر برہمنی روایت

(ت) رابرٹ رڈفالڈ کی روایت

(ث) راجا اور پروہت کی روایت

C۔ زرعی سماج کے کردار سے متعلق صحیح متبادل کو چنیں

(الف) زمیندار سماج ادنی روایت سے نفرت کرتے تھے۔

(ب) زمیندار لوگ صرف پروہت اور راجا کے ذریعے پیش کیے گئے روایتوں کی پاسداری کیا کرتے تھے۔

(ت) ادنی اور عظیم روایت سے ان کا کوئی تعلق نہیں تھا۔

(ث) کسان ادنی اور عظیم دونوں روایتوں پر عمل کرتے تھے۔

**صحیح بیان کو چنئے**

(i) ادنی اور عظیم لفظ سے پدسوپاناتمک (          ) آواز ابھر کر آتی ہے۔

(ii) کسانوں کو صرف رسوخ دار روایتوں پر عمل درآمد ہونا چاہیے۔

(الف) صرف i

(ب) صرف ii

(ت) i اور ii دونوں

(ث) ان میں سے کوئی نہیں

سوالات نمبر 13

مندرجہ ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور متعلقہ سوالوں کے جواب دیجیے۔

## تعلقہ دار کیا سوچتے تھے

تعلقہ داروں کے رویہ کو رائے بریلی کے نزدیک واقع کالاکنکر کے راجہ ہنونت سنگھ نے بے حد عمدہ ڈھنگ سے ظاہر کیا۔ بغاوت کے دوران ہنونت سنگھ نے ایک انگریز افسر کو پناہ دی تھی اور محفوظ مقام تک پہنچایا تھا۔ افسر کو رخصت کرتے وقت ہنونت سنگھ نے اس سے کہا تھا:

صاحب آپ کے ملک کے لوگ اس ملک میں آئے اور ہمارے راجاؤں کو دھکیل دیا۔ آپ اپنے افسران کو بھیج کر ضلعوں میں جاگیروں کی حق ملکیت کا معائنہ کراتے ہیں۔ ایک ہی جھٹکے میں آپ نے مجھ سے میری زمین چھین لی جو میرے خاندان کی قدیم عہد سے تھے۔ میں نے اطاعت اختیار کر لی۔ اچانک آپ کی بدقسمتی شروع ہوگئی۔ اس زمین کے لوگ آپ کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے تب آپ میرے پاس آئے جس کو آپ نے محروم کر دیا تھا۔ میں نے آپ کو بچایا لیکن اب — اب میں اپنے خادموں کو لے کر لکھنؤ جا رہا ہوں تا کہ آپ کو ملک سے باہر نکالنے کی کوشش کروں۔

A۔ ہنونت سنگھ کے مطابق لوگوں کے غصے کی وجوہات تھیں۔

(الف) راجاؤں کو ان کے صوبوں سے باہر کر دینا

(ب) کسانوں سے زمین چھین لینا

(ت) حکومت کا رویہ استحصال آمیز تھا

(ث) مندرجہ بالا سارے

B۔ ہنونت سنگھ تھے۔

(الف) تعلقدار

(ب) برٹش آفیسر کا ملازم

(ت) ایک تاجر

(ث) ایک فن کا

C۔ تعلق داروں کی بے دخلی کے نتیجے ہوئے

(الف) برٹش سرکار کے خلاف بغاوت

(ب) کسانوں کا استحصال بند ہو گیا

(ت) تعلق داروں کا استحصال گھٹ گیا

(ث) (الف) اور (ب) دونوں

D۔ دی گئی مثالیں منحصر ہیں۔

(الف) سنتھال باغیوں پر

(ب) عدم تشدد احتجاج پر

(ت) بھارت چھوڑو احتجاج پر

(ث) 1857 کے بغاوت پر

23۔ رعیت سے کیا مراد ہے؟ خود کاشت اور پاہی کاشت میں فرق ظاہر کیجیے۔

24۔ حکمراں عہد کے اصولوں اور درباری رواجوں پر روشنی ڈالتے ہوئے مغل دربار اور انتظامیہ کی موجودہ ہندوستانی نظم وضبط سے مقابلہ کیجیے۔ 8

یا

مغل تواریخ میں ہمیں اس بات کی جھلک دیتے ہیں کہ کیسے شاہی نظریے اور خیالات کس طرح عملی جامہ پہنائے جاتے تھے۔ وضاحت کیجیے۔

25۔ نسلی بھید اور قومی کاموں سے متعلق برہمنوں کے اصول کا پورے طور پر عمل نہیں ہوتا تھا۔ وضاحت کیجیے۔

یا

قدیم سماجی اصول وضوابط کے مطالعہ کے لیے مہا بھارت ایک بہتر وسیلہ ہے۔ اس بیان کے مطابق اپنے خیالات پیش کیجیے۔

26۔ 19 ستمبر 1947 کو دلی میں مہاتما گاندھی کی آمد بڑی لمبی اور سخت گرمی کے بعد برسات کی بوندوں کے آنے جیسا تھا۔ 8

یا

عدم تعاون تحریک امن کی نظر سے ناکام رہی لیکن اثرات کے نظریہ سے کامیاب رہی۔ یہ خودمختاری کے لئے ایک تجربہ (Traiming) تھا اس بیان کی تشریح عدم تعاون تحریک کے اثرات کے حوالے سے کیجیے۔

27۔

28۔ مندرجہ ذیل مثالوں کو بغور پڑھیے اور اس کے نیچے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 2+2= 4

## کالن میکینزی कालिन मैकेनी

1754ء میں کالن کی پیدائش نے ایک ابھینا نگرانی اور مصور کی شکل میں شہرت حاصل کی۔ 1815 میں انہیں پہلا سرویر جنرل بنایا گیا اور 1821 میں تادم حیات اس عہدے پر فائز رہے۔ ہندوستان کے ماضی کو بہتر ڈھنگ سے سمجھانے اور غیر ملکی انتظامیہ کو آسان بنانے کے لیے انہوں نے تواریخ سے متعلق (استھاپند) مقامی رسم ورواج کا مجموعہ (संकलन) اور تواریخی مقامات کا جائزہ لینا شروع کیا۔ وہ کہتے ہیں "برٹش حکومت کے زیر اثر وجے نگر کے مطالعہ سے میکینزی (मैकजी) کو یہ یقین ہوگیا کہ کمپنی" مقامی لوگوں کے ایک الگ قبیلوں، جو اس وقت بھی آبادی کا ایک بڑا حصہ تھے۔

جسے اب بھی متاثر کرنے والے ان میں سے کئی تنظیمیں قوانین اور رسم ورواج سے متعلق نہایت ضروری اور اہم معلومات فراہم کرلی تھی۔

28.1۔ کالن میکینزی کون تھا؟

28.2۔ کالن میکینزی نے کس مشہور شہر کی کھوج کی؟

28.3۔ کالن میکینزی نے جانچ کیوں شروع کیا؟

29۔ مندرجہ ذیل مثالوں کو بغور پڑھیے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

## ''منقسم وفاداری کے لیے کوئی جگہ نہیں ہو سکتی''

گوبند ولبھ پنت نے دلیل دی کہ وفادار شہری بننے کے تعلق سے لوگوں کو صرف فرقہ اور خود پر مرکوز سوچنے کا عمل بند کرنا ہوگا:

جمہوریت کی کامیابی کے لیے فرد کو خود ضبط نفس میں تربیت لینی ہوگی۔ جمہوریت میں فرد کو خود اپنے لیے اور دوسروں کے لیے زیادہ فکر کرنی ہوگی۔ منقسم وفاداری کے لیے کوئی جگہ نہیں ہوسکتی۔ تمام طرح کی وفاداریاں، ریاست کے اردگرد مرکوز ہونی چاہئیں۔ اگر جمہوریت میں آپ حریف وفاداریاں پیدا کریں یا آپ ایسا نظام بنادیں جس میں کوئی فرد یا گروہ اپنے اسراف پر روک لگانے کے بجائے وسیع یا دیگر مفادات کے لیے کچھ پرواہ نہیں کرتے تو پھر جمہوریت کا انجام دہشت ناک ہے۔ سی. اے. ڈی. جلد دوم

## سوالات

1۔ جمہوریت میں وفادار شہریوں کی کیا خصوصیت ہونی چاہیے؟ 2

2۔ آئین مرتب کرتے وقت جداگانہ انتخاب کی مانگ کیوں کی گئی تھی 2

3۔ گووند ولبھ پنت اس مانگ کے مخالف کیوں تھے دو وجوہات بیان کیجیے۔ 2

## حصہ د

نقشے کے سوالات

30.1۔ ہندوستان کے دیئے گئے سیاسی نقشے پر مندرجہ ذیل مقامات کو درج کیجیے۔

(الف) لوتھل ایک ہڑپائی مقام

اور

(ب) سانچی۔ایک خاص بودھ مقام

(ت) اجمیر۔اکبر کے ماتحت ایک علاقہ

اور

کانپور 1857 کے بغاوت کا ایک خاص مرکز

(ث) امرتسر

30.2۔ بھارت کے دیئے گئے اس سیاسی نقشے پر قومی احتجاج سے متعلق دو مقام A,B درج کئے گئے ہیں انہیں پہچانئے اور ان کے نام لکھیے۔

نوٹ: مندرجہ ذیل سوال صرف نابینا طلبا کے لیے ہیں۔

30.1 تعدد 30.1 اور 30.2 کے مقام پر ہے۔

30.1۔ چھٹی صدی قبل مسیح کسی تین مرکزوں کے نام لکھیے۔

یا

کوئی تین بودھ مقامات کے نام لکھیے۔

30.2۔ 1857ء کی بغاوت کے کسی دو مرکزوں کے نام لکھیے۔



# مارکنگ اسکیم

# XII

# مشقی سوالنامہ کے لیے

1۔ راج گھر

2۔ سرالیگزینڈر کننگھم

3۔ مغل ماں کی طرف سے چنگیز خان سے تعلق رکھتے تھے جبکہ باپ کی طرف سے ترک حکمراں تیمور کے خاندان سے تھے۔

4۔ (الف) (i) اور (ii) دونوں

5۔ دستور پر دستخط کے وقت کا

صرف نابینا طالب علم کے لیے

(ج) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

6۔ ایسی حکومت جس میں حاکم کے تحت ایک گروہ کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔

7۔ (ج) صوفی سنت کے مزار کا سفر

8۔ اندھا یقین ضرب کاری

9۔ (ب) صرف (ii) صحیح ہے

10۔ (ب) امیر کاشتکار

11۔ اختیارات واچ آف لیٹر (کوئی دوسرا تسلیم شدہ ہوتا)

12۔ ملک کو متفق رکھنے کے لیے (کوئی دوسرا تسلیم شدہ ہوتا)

13۔ برج کی اونچائی پر مشرق کی جانب میں نچلا شہر۔ عام لوگوں کے لیے مغرب کی جانب واقع (کوئی سچائی)

14۔ (ب) صرف وجہ R صحیح ہے۔

15۔

16۔ (ب) I اور II دونوں صحیح ہیں

17۔ A۔ (الف) آگ

B۔ (ب) بیٹی کی حصول

C۔ (ج) I اور II دونوں

D۔ (د) زبانی طور پر

18۔ A۔ مغل کے وقت سے

B۔ (ب) چشتیوں اور مغل حکومت کے درمیان

C۔ (الف) اکبر کے ذریعہ

D۔ (ج) فتح پور سکری میں

صرف نابینا کے لیے سوال نمبر 18 کی جگہ

A۔ (ج) حاکم اور محکوم کا رواج

B۔ (الف) ایک سماجی علوم

C۔ (الف) کاشتکار چھوٹے اور بڑے دونوں طرح کے رواج پر عمل کرتے تھے۔

D۔ (ج)

19۔ A۔ (ج) مذکورہ بالا سبھی

B۔ (الف) تعلق دار

C۔ (الف) انگریزی حکومت کے خلاف بغاوت

D۔ (ج) 1857 کی بغاوت

# حصہ ج

20۔ (i) عیسائی مبلغ کے سرگرمیوں اور مذہب تبدیلی کا خطرہ

(ii) مذہبی اور تہذیبی علاقوں میں کمپنی کے دستخط سے غیر محفوظ کا جذبہ

(iii) مذہب کے علاوہ سماجی، تہذیبی، سیاسی، اور معاشی اعتبار سے برائی، سخت دل، اور استبدادی نظام۔

(iv) کوئی اور تسلیم شدہ نکات

21۔ (i) بودھ سماجی نظریے کے مطابق سماجی تعلقات کے ماتحت بادشاہ کا عہدہ لوگوں کے ذریعہ انتخاب کرنے پر جبکہ پروش سکت کے مطابق یہ ایک الہامی نظام

(ii) بودھ سماجی نظریہ کے مطابق معاشی اور سماجی تعلقات کو بنانے میں انسانی عمل کا ہاتھ جبکہ پروش سکت نے چار ذاتوں کا وجود پر ہمارے جسم سے ہے۔

(iii) بودھ سماجی نظریہ کے مطابق اگر انسان ایک جیو کو بنائے رکھنے کے لیے ذمہ دار تھے تو مستقبل میں اس میں تبدیلی بھی لا سکتے تھے۔ جبکہ پرش سکت کے مطابق یہ ایک الہامی نظام۔

(iv) کوئی اور تسلیم شدہ نکتہ

22۔ (i) صوفی سنتوں کی مذہبی اعتماد..................اور لوگوں کا ان پر یقین

(ii) زیادہ تر رعایا اسلام کو ماننے والے نہیں تھی اور صوفی سنتوں پر ان کا یقین تھا۔

(iii) عام آدمی کا صوفی سنتوں کی طرف جھکاؤ تھا۔

(iv) کوئی اور تسلیم شدہ نکتہ

23۔ (i) مغل عہد میں ہندوستانی و فارسی ذریعہ کاشکار کے لیے رعیت یا مجریان لفظ کا استعمال کرتے تھے۔

(ii) خود کاشت وہ کسان تھے جو گاؤں میں رہتے تھے جن میں ان کی زمین تھی۔

(iii) ماہی کاشت، وہ کسان تھے جو دوسرے گاؤں میں ٹھیکے پر کھیتی کرنے آتے تھے۔

(iv) کوئی اور تسلیم شدہ نکتہ

24۔ (i) حکمرانی کے نظریات میں الہامی روشنی کا نظریہ

(ii) مغل بادشاہت کے حاکم خود کو ایک عظیم اور مفتوح رعایا پر حکومت کے لیے منتخب مانتے تھے اور صلح کل کے اصول

۔

(iii) سماجی تعلقات کے شکل میں انصاف پر عمل خود مختاری کے اصول

(iv) مغل بادشاہوں کے ذریعہ مغلوں اور علاقائی راجاؤں کو ملا کر مغل حکومت کو تشکیل دی گئی۔

(v) مغل کے دور حکومت میں عمل اور تخت و تاج تقریباً پوری طرح سے ایک ہی بادشاہ تک محدود تھی۔

(vi) دربار کا مرکز تخت شاہی تھا

(vii) مغل سلطنت کا ایک اہم ستون اس کے افسران کا ایک دَل تھا جسے مورخ امراء طبقہ کہتے تھے۔ امراء طبقے کی تقرری مختلف ذاتوں اور مذہبی لوگوں میں سے کی جاتی تھی۔

(viii) مغل مہذب طبقات کے مابین اسے حیثیت طے کرنے والے قانون تھے۔

(ix) درباری معاشرے میں سماجی اختیار کا ردعمل میں دربار میں بتائے گئے مخاطب، اخلاقیات، اور بولنے کے طے شدہ قانون بنائے گئے تھے۔

(x) سجدۂ تسلیم زمین بوسی، (قدم بوسی)

(xi) آج ہندوستان جمہوری نظام ملک کے آئین سبھی شہریوں کو یکساں درجہ دیتا ہے۔ مذہب، ذات، رنگ، جنس اور علاقے کی بنیاد پر کوئی تفریق نہیں۔

(xii) کوئی دوسرے قابل تسلیم نکات

یا

(i) واقعہ نگار واقعہ کو لگاتار بہ ترتیب خلاصہ پیش کرتے

(ii) یہ واقعہ نگار مغل سلطنت کی تنظیموں کے بارے میں شواہد و اطلاعات کا ذخیرہ تھا۔

(iii) اس کے حقیقی اسباب کا مقصد ان امیدوں کو پیش کرنا تھا جنہیں مغل حکمراں اپنے علاقے میں لاگو کرنا چاہتے تھے۔

(iv) یہ واقعہ نویسی اس سلطنت کے تحت آنے والے سبھی لوگوں کے سامنے ایک باوقار ریاست کی جھلک دکھانے کے منصوبے کے تحت لکھے گئے

24۔ (v) ان کا مقصد ان لوگوں کو جنہوں نے مغل حکومت کی مخالفت کی ان کو یہ بتانا ہی تھا کہ ان کی ساری مخالفت کا ناکام ہونا طے ہے۔

(vi) حاکم یہ بھی طے کرنا چاہتے تھے کہ آنے والی نسلوں کے لیے ان کے نظام کا خلاصہ موجود ہے۔

(vii) اکبر نامہ، اکبر کے دور، شاہجہاں نامہ شاہ جہاں کے دور، اور عالم گیر نامہ، اورنگ زیب کی دور حکومت کے دربار اور بادشاہ کی تاریخ کے بارے میں بتاتا ہے۔

(viii) کوئی دوسرے نکات جو اقتباس سے متعلق ہو۔

25۔ (i) شاشتروں کے مطابق چھتری ہی راجا ہو سکتے ہیں لیکن کئی اہم شاہی خاندان کی بنیاد دوسرے ورنوں سے ہوئی۔ جیسے موریہ، سونگھ اور کنو۔

(ii) سیاسی طاقت کا استعمال وہ ہر شخص کرسکتا تھا جو حمایت و ذرائع جٹا سکیں۔ شہنشاہیت (راجتو) چھتری کل میں پیدا ہوئے شاید ہی منحصر ہوتا تھا۔

(iii) شک حکمراں جو وسط ایشاء سے ہندوستان آئے تھے وہ برہم لوگ ملیچھ، بربز اور غیر ملکی مانتے تھے۔

(iv) ستواہن خاندان کے سب سے مشہور راجا گوتمی پتر سبری ست کانی نے خود کو ایک انوٹھا براہمن اور ساتھ ہی چھتریوں اہم کو چلنے والا بتاتا تھا۔

(v) ستواہن براہمن مانتے تھے جبکہ براہمن شاستری کے مطابق راجا کو چھتری ہونا چاہیے۔

(vi) ستواہن میں ان لوگوں سے ازدواجی تعلقات استوار کیے جو اس ذاتی نظام سے باہر تھے۔

(vii) ستواہن باہمی شادی وبیاہ کو مانتے تھے نہ کہ خارجی شادی کو مانتے تھے۔

(viii) کئی تاجر براہمن اور چھتریہ تھے۔

(ix) پربھاوتی گپت نے ورن نظام کے برعکس اگرہان دان کیا۔

(x) ستواہن حاکموں کو ماں کے گوتر سے پہچانا جاتا تھا۔

(xi) کوئی دوسرے تسلیم نکات

یا

(i) بھائی چارہ کے رشتوں میں بدلاؤ: ایک سطح پر مہابھارت ایسی کی کہانی ہے جو بھائیوں کے دوگروہوں کوروؤں اور پانڈوؤں کے درمیان زمین اور حکومت کو لیکر ہوئے تنازع کی تصویر پیش کرتی ہے۔ دونوں ہی گروہ گروخاندان سے وابستہ تھے۔ یہ تنازع ایک جنگ میں تبدیل ہوگیا جس میں پانڈوؤں کی جیت ہوئی۔

(ii) مہابھارت کی اصلی کہانی نے پدری نسب نامہ کے نظریہ کو مضبوط کیا۔

(iii) اعلیٰ عزت والے خاندان کی کم عمر کی لڑکیوں اور عورتوں کی زندگی کو بہت ہی احتیاط سے پرورش کی جاتی تھی جس سے صحیح وقت پر اور صحیح شخص سے ان کی شادی کی جاسکے۔

(iv) کنیادان یعنی شادی میں لڑکی کے نذرانے کو باپ کا ایک اہم مذہبی ذمہ داری مانی گئی تھی۔

(v) اس وقت داخلی زوجیت، خارجی زوجیت، کثیر زوجیت، کثیر شوہریت کا رواج رائج تھا۔

(vi) عورت کا مقام بھی اہم تھا۔ دروپدی کی بے عزتی جنگ کا سبب بنی۔ کنتی کا کردار باعزت مقام والی عورتوں کی

بہتر مقام کا نمونہ ہے۔ گاندھاری نے بھی دریودھن کو جنگ نہ کرنے کا مشورہ دیا۔ جسے دریودھن نے نہیں مانا اور جنگ ہار گیا۔

(vii) راجاؤں میں جوا کھیلنے کا رواج یہ ظاہر کرتا ہے کہ ان میں برائیاں آ گئی تھیں۔ کوروؤں نے فریب اور دھوکہ بازی کا جو استعمال کیا وہ اخلاقی رواں کو ظاہر کرتا ہے۔

(viii) برہموں نے معاشرہ کے لیے وسیع پیمانے پر قانون بنائے۔

(ix) کوئی دوسرے قابل تسلیم نکات

26۔ (i) فرقہ وارانہ میل جول بحال کرنے کے لیے گاندھی جی نے عدم تشدد کے نظریے کو ایک بار پھر آزمایا۔

(ii) وہ مشرقی بنگال کے نوآکھلی (موجودہ بنگلہ دیش) سے بہار کے گاؤں میں اور اس کے بعد کلکتہ اور دہلی کے فسادات میں جھلسی ہوئی جھونپڑ پٹیوں کے معائنے کے لیے نکل پڑے۔

(iii) ان کی کوشش تھی کہ ہندو مسلمان ایک دوسرے کو نہ ماریں۔

(iv) ہر جگہ انہوں نے اقلیت کے لوگوں کو (ہندو اور مسلمانوں) دلاسہ دیا۔

(v) دہلی میں انہوں نے ہندو اور مسلمانوں دونوں کے درمیان بھروسہ اور یقین بنانے کی کوشش کی۔

(vi) جان بچانے کے لیے بھاگ کر پرانے قلعہ کر بھیڑ والے کیمپ میں پناہ لینے والے شاہد احمد دہلوی نام کے دہلی کے ایک مسلمان نے 9 ستمبر 1947 کو دہلی میں گاندھی جی کے آنے کو "ایک بڑی لمبی اور سخت گرمی کے بعد برسات کی فواروں کے آنے جیسا محسوس کیا"

(vii) دہلوی نے اپنی تحریروں میں لکھا ہے کہ مسلمان ایک دوسرے سے کہنے لگے کہ اب دہلی بچ جائیگی۔

(viii) دہلی میں جب گاندھی جی نے دیکھا کہ دہلی کا دل کہلانے والی چاندنی چوک کی سڑک پر ایک بھی مسلمان نہیں تھا اسی شام کو انہوں نے اپنی تقریر میں کہا کہ "ہمارے لیے اس سے زیادہ شرم کی بات کہا ہو سکتی ہے کہ چاندنی چوک پر ایک بھی مسلمان نہیں ہے"۔

(ix) دلی میں مسلمانوں کو شہر سے باہر نکالنے کی سوچ سے تنگ آ کر انہوں نے روزہ (          ) شروع کر دیا۔ جس میں پاکستان سے آئے ہندو اور پناہ گزیں بھی فاقہ میں ان کے ساتھ بیٹھے تھے۔

(x) مولانا آزاد نے لکھا ہے کہ اس (فاقہ) روزہ کا اثر "آسام کی بجلی جیسا رہا۔ لوگوں نے مسلمانوں کے (خاتمے) صفائے کی کوشش بیکار دکھائی دینے لگی۔

(xi) کوئی دیگر نقطۂ نظر

اور

(i) عدم تعاون سے پہلے گاندھی جی نے چمپارن، کیڑا اور احمد آباد میں کامیاب ترین مقامی احتجاج چلائے۔

(ii) رولٹ ایکٹ کے خلاف احتجاج اور ایک سچے قومی رہنما کی شکل میں ابھرنا۔

(iii) گاندھی جی کے مطابق عدم تعاون کا ٹھیک ڈھنگ سے عمل پیرا ہو جائے تو بھارت ایک سال کے اندر خود مختار بن جائے گا۔

(iv) عدم تعاون کے دوران طلباء نے اسکولوں اور کالجوں کا بائیکاٹ کیا۔

(v) وکیلوں نے عدالت میں جانے سے منع کر دیا۔

(vi) کئی قصبوں اور شہروں میں مزدور طبقہ ہڑتال پر چلا گیا۔ جس سے 70 لاکھ کام کے دنوں (Working days) کا نقصان ہوا تھا۔

(vii) دیہات بھی بے چینی کی وجہ کر احتجاج ہی بن رہے تھے۔

(viii) شمالی آندھرا کی پہاڑی آدی واسیوں نے جنگل کے قوانین کی اندیکھی کر دی۔

(ix) اودھ کے کسان نے ٹیکس ادا نہیں کئے

(x) کوماؤں (Kumaon) کے کسانوں نے غیر ملکی افسران کا سامان ڈھونے نے منع کر دیا۔

(xi) ان تمام چیزوں کے لیے یکجہتی، قربانی، آپسی صلاح مشورے اور اصول، ضوابط کا پابند (مہذب) ہونا ضروری تھا۔ یہ اعلیٰ سطحی حکومت کے لیے بنیادی باتیں تھیں۔

1857 کی بغاوت کے بعد پہلی بار عدم تعاون کے نتیجے کے طور پر برٹش حکومت بنیاد ہل گئی۔ فروری 1922 میں کسانوں کے ایک جماعت نے چوری چورا پوروا میں ایک پولس اسٹیشن پر حملہ کر اس میں آگ لگا دی۔

ان نذر آتش والے حادثے میں کئی پولس والوں کی جان چلی گئی۔

فساد کی وجہ کر گاندھی جی نے یہ احتجاج فوری طور پر واپس لے لیا۔

(xii) مہاتما گاندھی کے بارے میں امریکی مصنف (Lois Fisher) لوئی فیشر نے لکھا ہے کہ عدم تعاون، بھارت اور گاندھی جی کے زندگی کی مدت کا ہی نام ہوگیا۔ عدم تعاون سکون کے نقطۂ نگاہ سے نفی لیکن اثر کے نقطۂ نگاہ سے بہت اثر انداز تھا۔

(xiii) کوئی دوسرا نقطہ نظر۔

# حصہ ج

27۔ راجا اشوک موریا کو 1+2=3

27.2 الفاظ کا سہل طریقے سے بیان ہونا۔

(ii) الفاظ کا (فنا) ختم ہو جانا

(iii) کوئی دوسرا نقطہ نظر (کوئی دو نقطہ)

27.3 ویدنا دائی تھا اور گناہوں کے لیے اسے افسوس ہوا

(ii) جنگ کی جگہ دھمہ کی پالیسی کو اپنایا۔

(iiI) کوئی دوسرا نقطہ نظر (کوئی دو نظریہ)

28.1۔ ایک مخصوص سروے اور نقشے کو تیار کرنے والا 2+1+2=5

(ii) بھارت کا پہلا سرویر (Surveyor, General) جنرل

28.2۔ بمبئی کی

28.3۔ بھارت کے ماضی کو بہتر ڈھنگ سے سمجھنے کے لیے۔

(ii) غیر ملکی حکمراں کو آسان بنانے کے لیے

(iii) کوئی دوسرا نقطۂ نگاہ

29.1۔ اجتماعیت اور خود کو درمیان میں رکھ کر سوچنے کی عادت نہ ہو 1+2+2=5

(ii) روحانی حکمرانی ہو

(iii) کوئی دورا نقطۂ نگاہ۔ کوئی دو نقطۂ نگاہ

29.2۔ طبقوں کے درمیان نظریاتی اختلاف کو کم کر کے برابری لانے کے لیے (کوئی دوسرا نقطہ نظر)

1+2+2=5

29.3۔ اس سے (لگن) جذباتی لگاؤ منتشر ہو جائے گی جبکہ ساری نگاہیں صرف صوبہ پر مرکوز ہونی چاہیے۔

(ii) جمہوریت میں پری اسپروٹھی ہونے سے جمہوریت کا ڈوبنا معین ہے۔

(iii) کوئی دوسرا نقطۂ نظر (کوئی دونظریہ)

## حصہ چ

30.2۔ (A) ممبئی 1+1=2

(B) احمدآباد

صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر 30.1 اور 30.2 کی جگہ پر

30.1۔ متھرا، وارانسی، اجین، (دوسرے ملحق مقامات بھی تسلیم شدہ (کوئی تین)

اور

سارناتھ، بودھ گیا، کوشی نگر، لمبی، سراوتی (Shira Vasti) دوسرے ملحق مقامات بھی تسلیم شدہ (کوئی تین)

30.2۔ دلی، میرٹھ، لکھنؤ، بنارس، گوالیر، جبل پور، آگرہ (دوسرے متعلق مقامات بھی تسلیم شدہ) کوئی دو

# Multiple Choice

## مضمون—5

11۔ ث

12۔ ب

13۔ ت

14۔ الف

15۔ ت

16۔ ب

17۔ ث

18۔ ت

19۔ الف

20۔ ت

21۔ فرانسس برنیئر

## مضمون—6

11۔ ث

12۔ ث

13۔ الف

14۔ ب

15۔ ت

16۔ الف

17- ت

18- الف

19- الف

20- ث

21- بودھ دیوی—ماری چی

# مضمون—7

11- ت

12- ث

13- ب

14- الف

15- ث

16- ب

17- الف

18- ث

19- ب

20- ث

21- کمل محل

# مضمون—8

11- ب

12- ث

13- الف

14- ث

15- الف

16- ب

17- ث

18- الف

19- ب

20- الف

21- اپنے آشرداتاؤں کو اکبرنامہ کی پانڈولپی دے رہے ہیں

## Multiple choice سوالوں کے جواب دیجیے

11- ت

12- الف

13- ب

14- ت

15- ب

16- ب

17- ث

18- ب

19- الف

20- ث

21- پروہت راجا

# مضمون—2

11۔ ب

12۔ ت

13۔ الف

14۔ ث

15۔ الف

16۔ ت

17۔ الف

18۔ ث

19۔ ث

20۔ الف

21۔ سنگھرش

# مضمون—3

11۔ ب

12۔ ث

13۔ ت

14۔ الف

15۔ ث

16۔ ب

17۔ ب

18۔ الف

19۔ ث

20۔ ت

21۔ شری کرشن ارجن کو ہدایت دیتے ہوئے

## مضمون—4

11۔ ث

12۔ ت

13۔ ب

14۔ الف

15۔ ت

16۔ ث

17۔ الف

18۔ ب

19۔ الف

20۔ ث

21۔ مذہبی تبدیلیاں

## مضمون—9

11۔ الف

12۔ ب

13۔ ب

14۔ ث

15۔ الف

16۔ ب

17۔ الف

18۔ ت

19۔ ت

20۔ الف

21۔ بلند دروازہ فتح پور سیکری

## مضمون—10

11۔ الف

12۔ ت

13۔ ث

14۔ الف

15۔ الف

16۔ ت

17۔ ث

18۔ الف

19۔ ث

20۔ ب

21۔ سدھو مانجھی

# مضمون—11

11۔ الف

12۔ ب

13۔ الف

14۔ ث

15۔ الف

16۔ ب

17۔ الف

18۔ ت

19۔ الف

20۔ ت

21۔ نانا صاحب

# مضمون—12

11۔ ب

12۔ الف

13۔ ت

14۔ الف

15۔ ب

16۔ ب

17۔ ت

18۔ ت

19- ب

20- ب

21- بمبئی ریلوے اسٹیشن

# مضمون-13

11- ت

12- الف

13- ث

14- ت

15- ب

16- ت

17- ت

18- ت

19- ت

20- الف

21- مہاتما گاندھی

# مضمون-14

11- ت

12- ب

13- الف

14- ث

15۔ ب

16۔ ت

17۔ ث

18۔ ث

19۔ ب

20۔ ت

21۔ خان عبدالغفار خان

## مضمون—15

11۔ الف

12۔ ت

13۔ الف

14۔ ت

15۔ ب

16۔ الف

17۔ ب

18۔ ب

19۔ ت

20۔ ب

21۔ پنڈت جواہر لعل نہرو

# تاریخ – درجہ XII
## مشقی سوالنامہ نمبر–1

کل نمبرات:80 وقت 3 گھنٹے

### عام ھدایت :

1۔ سبھی ہدایات غور سے پڑھیں اور پابندی کریں۔

2۔ سارے سوالوں کے جوابات لازم ہیں۔اس سوالنامے میں کل 34 سوال دیئے گئے ہیں۔

3۔ یہ سوالنامہ 5 حصوں پر منقسم ہے۔

4۔ حصہ الف میں (سوال 1 سے 21) معروضی سوال ہیں جو ایک نمبر والے ہیں۔

5۔ حصہ ب (سوال نمبر 22 سے 27) 3 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 50 سے 60 الفاظ میں دیں۔

6۔ حصہ ج (سوال نمبر 28 سے 30) میں ہر ایک سوال 8 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 200 سے 250 الفاظ میں دیں۔

7۔ حصہ ث (سوال 31 سے 33) زرائع پر منحصر سوال ہے۔ ہر سوال 4 نمبر کا ہے۔

8۔ حصہ د (سوال 34) نقشہ سے متعلق ہے۔ جس میں مقامات کی شناخت اور اہم نکات کی نشاندہی شامل ہے۔ یہ سوال 5 نمبر کا ہے۔ نقشہ کو اپنی جواب کی کاپی کے ساتھ منسلک کرنا ہے۔

9۔ حسب ضرورت سوالات کے درمیان متبادل اور شرائط دیئے گئے ہیں۔

## حصہ (الف)

1۔ مگدھ کی شروعاتی راجدھانی تھی

(a) پاٹلی پوتر (b) کاشی

(c) راجگیر (d) متھرا

2۔ ہندوستانی آثار قدیمہ کا جنک کسے مانا جاتا ہے۔ 1

3۔ مندرجہ ذیل بیان کو درست کر کے پھر سے لکھیے۔ 1

مغل مادرانہ طور سے ترکی حکمراں تیمور کے خاندان سے تھے جبکہ پدرانہ طور پر چنگیز خان سے متعلق تھے۔

4۔ ان میں سے کون سا بیان امرنائک انتظام کی صحیح تشریح کرتی ہے۔ 1

(i) یہ وجے نگر کا اہم سیاسی عمل تھا

(ii) یہ دلی سلطنت کے اکتا نظم سے متاثر تھا۔

(الف) صرف i

(ب) صرف ii

(ت) i اور ii دونوں

(ث) ان میں سے کوئی نہیں

5۔ نیچے دیئے گئے تصویر کو غور سے دیکھئے اور بتایئے کہ یہ تصویر کن سے متعلق ہے۔



5۔ صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر 5 کی جگہ پر آئین ساز کمیٹی کی پرا روپ (Drafting) کمیٹی ( ) کے صدر تھے۔ 1

(الف) سردار ولبھ بھائی پٹیل

(ب) جواہر لعل نہرو

(ت) جی۔ بی۔ پنت

(ث) بی۔آر۔امبیڈکر

6۔ امراء طبقہ کیا ہے۔ 1

7۔ زیارت کا مطلب کیا ہے؟ 1

(الف) کرشن کی بھگتی میں گایا جانے والا گیت

(ب) بادشاہ اکبر کے درگاہ کی زیارت

(ت) صوفی سنتوں کے مزاروں کا سفر

(ث) صوفی سنتوں کے یوم پیدائش پر موم بتی جلانا

8۔ ''جب وہ ایک پتھر سے سانپ کو دیکھتے ہیں تو اس پر دودھ چڑھاتے ہیں۔ اگر اصلی سانپ آجائے تو کہتے ہیں مارو مارو بسونا کے ذریعے تخلیق کردہ بیان کا مقصد کیا ہے؟

9۔ جوت دار تھے 1

(الف) حفاظتی دستے

(ب) امیر کسان

(ت) ٹیکس ملازمین

(ث) ایک پیاری آدی واسی

10۔ مندرجہ ذیل میں سے صحیح جوڑوں کو منتخب کیجیے۔

(i) ڈیمنگو پیس — فارس

(ii) نیکولوڈی کونٹی — اٹلی

(iii) ڈیمارتے باربوسا — چین

(الف) i اور ii دونوں درست ہیں

(ب) صرف ii درست ہے

(ت) i اور ii اور iii سبھی درست ہیں

(ث) صرف iii درست ہے

11۔ گاندھی جی کے سیاسی سفر اور قومی احتجاج کی تواریخ کو فہرست بنانے کے لیے کارآمد کسی دو ذرائعوں کے نام لکھیے۔ 1

12۔ آئین کے مطابق طاقت ور مرکزی سرکار کی حمایت میں دی جانے والی کسی ایک دلیل کو لکھیے۔ 1

13۔ ہڑپا تہذیب میں نشیبی شہر، قلعے سے کس طرح مختلف تھا۔ 1

14۔ نیچے دو بیان دیئے گئے ہیں جس میں سے ایک کو بیان (A) کی شکل میں اور دوسرے کو وجہ (R) کی شکل میں دکھایا گیا ہے۔ 1

بیان (A) ساتواہن حکومت میں عورتوں کا کردار اہم تھا۔

وجہ (R) ساتواہن حکمرانوں کو ان کے مادرانہ نام سے مخاطب کیا جاتا تھا۔

(الف) صرف بیان (A) صحیح ہے

(ب) صرف وجہ (R) صحیح ہے

(ت) بیان (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں پر وجہ (R) بیان (A) کا جواز نہیں ہے۔

(ث) بیان (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ (R) بیان (A) کا جواز ہے۔

15۔ وجے نگر سلطنت کا سرپرست (Guardian) دیوتا تھا 1

16۔ مندرجہ ذیل کو ایک دوسرے سے ملائیں

| | | |
|---|---|---|
| (i) | البیرونی | ازبکستان |
| (ii) | ابن بطوطا | مورکو |
| (iii) | فرانسس برنیر | اٹلی |

B۔ (الف) i اور ii دونوں صحیح ہیں

(ب) صرف ii صحیح ہے

(ت) i اور ii اور iii سبھی صحیح ہیں

(ث) صرف iii صحیح ہے

17۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا متبادل جنوبی ہندوستان کے گاؤں میں ''ویلار'' اور ''ادی مائی'' کسانوں کے بارے میں بتاتا ہے۔

(الف) ویلار، ایک کھیتی ہر اور ادی مائی زمیندار

(ب) ویلار زمیندار اور ادی مائی کھیتی ہر

(ت) ویلار کسان اور ادی مائی زمیندار

(ث) ویلار زمیندار اور ادی مائی داس

18۔ دیئے گئے بیان کو پڑھیے اور آثار قدیمہ کے ضابطوں کی پہچان کریں۔

''یہ قدیم زمانے کے حیوان کے باقیات ماہر ہوتے ہیں۔انہوں نے حیوانوں کی ہڈیوں کی تحقیق ومطالعہ سے ہڑپا کے لوگوں کی زندگی گزارنے کے طریقوں کا پتہ لگایا ہے۔اور اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ ہڑپائی لوگ کچھ جانوروں کو پالتے تھے۔''

1۔ ماہر بناتات 2۔ ماہر حیاتیات

3۔ ماہر آثار قدیمہ 4۔ ماہر نشریات

19۔ ذیل میں دیئے گئے کونسا جوڑوں میں سے جوڑا، بدھ علامتوں سے متعلق نہیں ہے۔

(الف) وہ مقام - مراقبہ میں بدھ

(ب) لکیر - بدھ کا خطبہ

(ج) بودھی درخت - بدھ کی پیدائش

(د) استوپ - مہاپری نیان

20۔ دیئے گئے بیان کو پڑھ کر مہابھارت کے کردار کی پہچان کیجیے۔

☆ ''کورو اور پانڈو کے گرو نے

☆ ایک لویہ کو اپنا شاگرد قبول نہیں کیا''

(الف) گروونشستہر (ب) گروویاس

(ج) گروسندیشی (د) گرودروانہ چاریہ

21۔ مہاجن پدوں کے تعلق سے کون سا بیان درست نہیں ہے۔

(الف) صرف مگدھ، کوشل، گندھارا اور آونتی ہی مہاجن پد تھے۔

(ب) زیادہ تر مہاجن پد حکمران کے ماتحت تھے۔

(ج) گن اور سنگھ جیسے ریاستوں میں عوام کا گروپ حکومت کرتا تھا۔

(د) ہر مہاجن پد میں ایک قلعہ بند دارالحکومت شہر ہوتا تھا۔

1۔ I, II اور III (2) II, III اور IV

3۔ I, III اور IV (4) I,II اور IV

## حصہ ب

22۔ اٹھارہویں صدی کے دوران، بنگال کے زمینداروں کے اقتدار کو ایسٹ انڈیا کمپنی کنٹرول کرتی تھی وضاحت کیجیے۔

23۔ 1857 کی بغاوت میں افواہوں اور پیشن گوئیوں کا کس حد تک تعاون تھا۔ وضاحت کیجیے۔

24۔ بودھک سماجی معاہدہ کا اصول کس طرح برہمن مت میں غلبہ مروجہ سے مختلف تھا؟

25۔ حکمراں طبقہ صوفی سنتوں سے اپنے رشتہ مستحکم کیوں رکھنا چاہتے تھے؟

26۔ رعیت سے کیا مراد ہے؟ خود کاشت اور پاہی کاشت کے فرق کو واضح کیجیے۔

27۔ موسم کے دو خاص گردشوں کے دوران، 16 ویں اور 17 ویں صدی کے دوران زراعت کس طرح کی جاتی تھی۔ مختلف فصلوں کی مثال دے کر سمجھائیے۔

یا

16ویں صدی اور 17ویں صدی کے درمیان زراعت معاشرہ میں خواتین کے کردار کو بیان کیجیے۔

27۔ وجے نگر کی جغرافیائی حیثیت/پوزیشن کی دو اہم خاصیتوں کی وضاحت کیجیے۔

یا

وجے نگر سلطنت میں امرنا یک کون تھے اور ان کا کیا عمل و کردار تھا، سمجھائیے۔

## حصہ ج

28۔ ذات پات کے نظام اور ریاستی فرائض، برہمنی اصولوں کا مکمل طور پر پابندی نہیں ہوتی تھی۔

یا

قدیم سماجی اصولوں کے مطالعہ کے لیے مہابھارت ایک بہترین ذریعہ/ماخذ ہے۔

29۔ 19 ستمبر 1947 کو دلی میں مہاتما گاندھی کی آمد طویل اور سخت گرمی کے بعد برسات کی پھواروں کے آنے جیسا تھا۔ اس بیان کی وضاحت کیجیے۔

30۔ ''عدم تعاون، امن کے نظریہ سے منفی لیکن اثر کے نقطۂ نظر سے مثبت تھا۔ یہ اپنی حکومت کے لیے ایک تجربہ تھا''۔ اس بیان کی وضاحت عدم تعاون تحریک کے پس منظر میں کیجیے۔

31۔ ذیل میں دیئے گئے اقتباس کو پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔

## بادشاہ کا اضطراب

جب بادشاہ دیونم حکومت کر رہا تھا تو کلنگ (کا ملک) (آج کا ساحلی اڑیسہ) اس نے فتح کیا۔ ایک سو پچاس ہزار، شہر بدر کیے گئے۔ ایک سو ہزار قتل کیے گئے اور بہت سے مر گئے۔

اس کے بعد اب جبکہ کلنگ (کا ملک) لیا جا چکا۔ دیونم پیادھمہ کے گہرے مطالعہ میں دھمہ سے محبت میں اور لوگوں میں دھمہ کی ہدایت دینے میں منہمک رہے۔ کلنگ کے ملک کو فتح کر لینے کے سلسلے میں یہ دیونم پیا کا پچھتاوا ہے۔ یہ بات دیونم پیاداسی کے خیال میں بڑی تکلیف دہ اور قابل مذمت ہے کہ جب کوئی شخص کسی غیر مفتوحہ (ملک) کو فتح کر رہا ہو (تو) قتل، موت اور لوگوں کے شہر بدری وہاں (واقع) ہو۔

## سوالات

1۔ دیونم پیاداسی کسے کہا گیا ہے؟

2۔ کتبات کی اہمیت اور حدود کا ذکر کیجیے۔

3۔ بادشاہ اشوک پر کلنگ کی جنگ کا کیا اثر پڑا؟

32۔

# کولن میکنزی

کولن میکنزی کی پیدائش 1754 میں ہوئی تھی جو ایک انجینئر' سرویئر (امین پیائش) اور کارٹوگرافر (نقشہ نگار) کی حیثیت سے مشہور ہوئے۔ 1815 میں انھیں ہندوستان کا پہلا سرویئر جنرل مقرر کیا گیا۔ اور 1821 میں اپنی وفات تک اسی عہدے پر فائز رہے۔ ہندوستان کے ماضی کو بہتر طریقے سے سمجھنے اور نو آبادی کے انتظام کو آسان بنانے کے لئے وہ مقامی تاریخوں کو جمع کرنے اور تاریخی مقامات کا سروے کرنے کی مہم میں مشغول ہوئے۔ اس نے کہا کہ "برطانوی حکومت کے زیر اثر آنے سے پہلے جنوب خراب انتظامات کی بدبختی سے طویل عرصہ تک جدوجہد کرتا رہا"۔ وجے نگر کے مطالعہ سے میکیزی کو یہ یقین ہو گیا کہ ایسٹ انڈیا کمپنی مقامی لوگوں کے مختلف قبیلے، جو اس زمانے میں بھی عام عوام کی آبادی کی تشکیل کرتے ہیں، کو اب بھی غالب طور پر متاثر کرنے والے ان میں سے بہت سے ادارے، قوانین اور رسم و رواج کے متعلق بہت سی فائدہ مند معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## سوالات

(i) کالین میکنزی کون تھا؟

(ii) میکنزی نے وجے نگر سلطنت دوبارہ دریافت کی کوشش کس طرح کی ۔

(iii) ایسٹ انڈیا کمپنی کے لیے وجے نگر سلطنت کا مطالع کرطرح کارگر تھا ۔

33۔

## ''منقسم وفاداری کے لیے کوئی جگہ نہیں ہو سکتی''

گووند ولبھ پنت نے دلیل دی کہ وفادار شہری بننے کے تعلق سے لوگوں کو صرف فرقہ اور خود پر مرکوز سوچنے کا عمل بند کرنا ہوگا:

جمہوریت کی کامیابی کے لیے ہر فرد کو خود ضبط نفس میں تربیت لینی ہوگی ۔ جمہوریت میں ہر فرد کو خود اپنے لیے اور دوسروں کے لیے زیادہ فکر کرنی ہوگی ۔ منقسم وفاداری کے لیے کوئی جگہ نہیں ہو سکتی ۔ تمام طرح کی وفاداریاں، ریاست کے ارد گرد مرکوز ہونی چاہئیں ۔ اگر جمہوریت میں آپ حریف وفاداریاں پیدا کریں یا آپ ایسا نظام بنا دیں جس میں کوئی فرد یا گروہ اپنے اسراف پر روک لگانے کے بجائے وسیع یا دیگر مفادات کے لیے کچھ پرواہ نہیں کرتے تو پھر جمہوریت کا انجام دہشت ناک ہے ۔

سی۔ اے۔ ڈی۔ جلد دوم

## سوالات

1۔ جمہوریت میں وفادار شہریوں کی کیا خصوصیت ہونی چاہیے؟

2۔ آئین مرتب کرتے وقت جداگانہ انتخاب کی مانگ کیوں کی گئی تھی

3۔ گووند ولبھ پنت اس مانگ کے مخالف کیوں تھے دو وجوہات بیان کیجیے ۔

34۔ (1) بھارت کے سیاسی نقشہ پر مندرجہ ذیل مقامات کی نشاندہی کیجیے ۔

(الف) لوتھل- ایک ہڑپائی مقام

یا

سانچی- ایک اہم بودھ مقام

(ب) اجمیر- اکبر بادشاہ کے ماتحت علاقہ

یا

کانپور- 1857 کا اہم مرکز

(ج) امرتسر

34۔ (2) بھارت کی اسی سیاسی نقشہ پر آزادی کو قومی تحریک سے متعلق مقام A,B نشان زد کیے گئے ہیں انہیں پہچانیے اوران کے نام لکھیے۔

نوٹ: مندرجہ ذیل سوال صرف نابینا طالب علموں کے لیے ہے۔

چھٹی صدی ق۔م کے کوئی تین اہم شہروں کے نام لکھیے۔

یا

کوئی تین اہم بدھ مقامات کے نام لکھیے۔

1857 کی بغاوت کوئی دو اہم مراکز کے نام لکھیے۔



# تاریخ – درجہ XII
## مشقی سوالنامہ نمبر-2

**کل نمبرات:80** وقت 3 گھنٹے

## عام ھدایت :

ذیل ہدایات کوغور سے پڑھیں اور پابندی کریں۔

1۔ اس سوالنامے میں کل 34 ہیں۔ سبھی سوال لازمی ہیں۔

2۔ اس سوالنامہ کو پانچ حصوں میں الف، ب، ت، ث، ج منقسم کیا گیا ہے۔

3۔ حصہ الف میں سوال 1 سے 21 تک معروضی سوال، صرف 1 نمبر کے ہیں۔

4۔ حصہ ب میں سوال 22 سے 27، 3 نمبر والے ہیں۔ ہر سوال کا عنصر زیادہ سے زیادہ 50 سے 60 الفاظوں میں دیں۔

5۔ حصہ ت میں سوال 28 سے 30، 8 نمبر والے ہیں۔ ہر سوال کا جواب 200 سے 250 الفاظ میں دیں۔

7۔ حصہ ث سوال 31 سے 33 ذرائع پر دیئے گئے ہیں۔ ہر سوال 4 نمبر کا ہے۔

8۔ حصہ ج میں سوال 34 نقشہ پر منحصر ہے اور 5 نمبر کا ہے۔ نقشہ کو جواب کاپی کے ساتھ باندھنا ہے۔

9۔ حسب ضرورت سوالات کے درمیان متبادل اور شرائط دیئے گئے ہیں۔

## حصہ (الف)

1۔ برطانیہ کے دور حکومت میں بمبئی (ممبئی میں) نافذ کی گئی محصول پالیسی تھی۔

| | |
|---|---|
| 1۔ استمراری بندوبست | 2۔ قبقوت |
| 2۔ رعیت واڑی | 4۔ بٹی |

2۔ ذیل میں دیئے گئے بیانوں پر غور کیجیے۔

(i) بمبئی (ممبئی) کے ہنسا مہتا نے خواتین کے لیے انصاف کی مانگ کی۔

(ii) دکھنی ولا لودھان نے سماجی محرومیوں کو فوراً ختم کرنے کی دلیل دی۔

مندرجہ بالا میں درست بیان ہے۔

A۔ صرف i B۔ صرف ii

C۔ دونوں i اور ii D۔ دونوں میں سے کوئی نہیں۔

3۔ ذیل میں کون سا بیان میرٹھ کے باغیوں، جنہوں نے بغاوت کی شروعات کی تھی، سے متعلق نہیں ہے۔

(a) سپاہیوں نے 10 مئی 1857 کو دہلی کی طرف کوچ کیا۔

(b) سپاہیوں نے ہتھیاروں کے گودام پر قبضہ کیا۔

(c) بغاوت کی شروعات نیٹو انفنیٹری سے ہوئی۔

(d) سپاہی چاہتے تھے کہ بادشاہ عالم شاہ بغاوت کی رہنمائی کریں۔

4۔ ذیل میں دو بیان دیئے گئے ہیں۔ جن میں سے بیان A کی شکل میں اور دوسرا بیان R سبب کی شکل میں دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے درست متبادل بتایئے۔

بیان A: الوار اور نینار سنتوں نے ذات پات کے نظام کی مخالفت کی۔

سبب R: بھکتی سنت مختلف سماجی پس منظر سے تھے۔

(الف) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں اور سبب R بیان A کی صحیح وضاحت بھی کرتا ہے۔

(ب) بیان A اور سبب R دونوں صحیح ہیں پر سبب R بیان A کی وضاحت نہیں ہے۔

(ج) صرف بیان A صحیح ہے۔

(د) صرف سبب R صحیح ہے۔

5۔ گول میز کانفرنس سے متعلق مندرجہ ذیل بیانات پر غور کریں۔

(i) کانگریس اور اہم لیڈروں نے پہلی گول میز کانفرنس میں شرکت سے انکار کیا۔

(ii) دوسری گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے بھارتیہ راشٹریہ کانگریس نے گاندھی جی کو نامزد کیا۔

(iii) بی۔آر۔امبیڈکر نے تینوں گول میز کانفرنس میں حصہ لیا۔

(iv) برطانوی حکومت دوسری گول میز کانفرنس میں آزادی کی بنیادی مانگ پر راضی ہوئی۔

(1) i, ii, iii اور iv  (2) i, ii اور iii

(3) ii, iii اور iv  (4) i, ii اور iv

6۔ ہڑپا تہذیب میں مجسمہ سازی کے تعلق سے مندرجہ ذیل بیانوں پر غور کریں۔

1۔ ناگیشور اور بالاکوٹ شنکھ سے بنی پیداواری اشیاء کے مرکز تھے۔

2۔ نیلے رنگ کا پتھر لاجورد منی افغانستان میں شورتو گھئی سے لایا جاتا تھا۔

درست بیان ہے۔

(A) صرف i  (B) صرف ii

(C) دونوں i اور ii  (D) ان میں سے کوئی نہیں

7۔ قدیم میسوپوٹامیہ کی تحریروں میں تانبہ ''مگان'' نامزد مقام سے لانے کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ یہ مقام آج ......... ہے۔

(1) عراق  (2) اومان  (3) افغانستان  (4) ملیشاپور

8۔ وجے نگر کے حکمراں کی شناخت بتایئے۔

1۔ وہ تلووَنش سے تھے۔

2۔ انہوں نے 1512AD میں رائچور دوآب پر قبضہ کیا۔

9۔ جملہ کو درست کرکے، پھر سے لکھیں۔

دردومن شنگ ونش کا طاقتور حکمراں تھا۔

10۔ مندرجہ ذیل جوڑوں کو درست کر کے ملایئے۔

| فہرست A | فہرست B |
|---|---|
| کوٹلیہ | ہرش چرت |
| ہری شین | ارتھ شاستر |
| میگستھنیز | الہ باد کا ستون کتبہ |
| بان بھٹ | یونان سفیر |

صحیح متبادل بتائیں۔

| | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|
| (الف) | i | ii | iii | iv |
| (ب) | ii | iii | iv | i |
| (ج) | iii | ii | iv | i |
| (د) | ii | iii | i | iv |

11۔ عبدالرزاق سمرقندی کو کس کے سفرنامہ سے حوصلہ افزائی ملی۔

(1) ابن بطوطہ (2) البیرونی

(3) میگستھنیز (4) مارکوپولو

12۔ ذیل میں سے کونسی خصوصیت وجے نگر کے امر نا یکوں میں نہیں تھی۔

(الف) امر نا یک فوجی کمانڈر تھے۔

(ب) امر نا یکوں کو حکومت کرنے کے لیے ریاست کے کچھ حصے دیئے گئے تھے۔

(ج) امر نا یک حکمرانوں کو تحائف بھیجا کرتے تھے اور اپنی وفاداری دکھانے کے لیے خود دربار میں پیش ہوتے تھے۔

13۔ ..................آئین اکبری کا تیسرا حصہ ہے جو سلطنت کے مالی پہلوؤں کی جانکاری دیتا ہے۔

14۔ اٹھارویں اور انیسویں صدی کے درمیان زمیندار طاقتور کیسے بنے۔

(1) شہروں میں بسنے سے

(2) کسانوں کو قرض دینے سے

(3) بہت زیادہ ملکیت ہونے سے

(4) حکومت برطانیہ میں محصولات کو ادا کرنے سے

15۔ کوروا ور پانڈو کا تعلق..................جن پد سے تھا۔

(1) کرو (2) مگدھ (3) پانچال (4) گندھار

16۔ ذیل میں سے کونسی تعلیم جین فلسفہ سے متعلق نہیں ہے۔

الف۔ مکمل کائنات جاندار ہے

ب۔ عدم تشدد (اہنسا)

ج۔ پیدائش اور پنرجنم کا چکر کرموں (عمل) پر منحصر ہے۔

د۔ نروان (نجات) کے لیے درمیاندراستہ ہی ضروری ہے۔

17۔ جنگم کا..................برادری (کمیونٹی) سے تعلق ہے۔

(1) الوار (2) جین (3) بودھ (4) لنگایت

18۔ بھگوان مہاویر کے تعلق سے ذیل بیانوں پر غور کریں۔

الف۔ بھگوان مہاویر 24ویں تیرتھنکر تھے

ب۔ جین عالموں نے پراکرت، سنسکرت، تمل وغیرہ زبانوں میں ادب کو تخلیق کیا۔

ج۔ جین مت کے دو فرقے ہیں تان اور مہاپان ہیں۔

د۔ جین مت کی شروعات رشبھ دیو کے ذریعے ہوئی۔

صحیح متبادل بتایئے۔

(1) i, ii اور iii     (2) i, ii اور iv

(3) ii, iii اور iv     (4) i, ii, iii اور iv

19۔ ''سلسلہ'' کے لفظی معنی کیا ہیں۔

(1) بھکتی    (2) شاگرد    (3) زنجیر    (4) خدا کے برابر

20۔ زیادہ تر کشان حکمرانوں نے کس خطاب کا انتخاب کیا۔

(1) دیوپتر    (2) دیونام پیے    (3) دیوراج    (4) دیوتلیہ

21۔ دی گئی تصویر میں یورپین پوشاک پہنے اس شخص کو پہچانیے اور اس کا نام بتایئے۔



بینائی سے معذور طلبا کے لیے سوال 21 کے بدلے

ابن بطوطہ اپنی ہندوستانی سیاحت کے دوران کن دو شہروں سے متاثر ہوا؟

1۔ دلی اور اندرو

2۔ دلی اور سورت

3۔ دلی اور احمد آبا

4۔ دلی اور دولت آباد

## حصہ ب

22۔ اکبر کے دور حکومت میں زرعی زمین کی تقسیم کی وضاحت کیجیے۔

یا

16 ویں اور 17 ویں صدی میں مغل دور حکومت میں دیہی معاشرہ کی روزمرہ کی زندگی کی تفصیل بیان کریں۔

23۔ 1857 کے باغیوں کو کچلنے کے لیے برٹش حکومت نے جو طریقے اپنائے ان کا جائزہ لیجیے۔

24۔ خلافت تحریک کیا تھی۔ گاندھی جی نے اسے عدم تشدد تحریک سے کیوں جوڑا؟

25۔ تاریخ ہند میں اشوک کے کتبوں کی کیا اہمیت ہے۔

26۔ آئین ساز اسمبلی میں مختلف ممبروں کے ذریعے قبائلیوں کی جن مسائل اور مشکلات کو اٹھایا گیا ان کو بیان کریں۔

27۔ ابوالفضل نے محصولات (لگان) کو "راج شاہی کی کمائی" کیوں بتایا۔ اس کی وضاحت کیجیے۔

یا

آپ کس طرح مانتے ہیں کہ ہندوستان میں آنیوالے سیاحوں کو یہاں کی غیر مساوی حالات کی جانکاری کے طور پر دیکھتے ہیں۔

28۔ زمینداروں نے اپنی زمینداری کو نیلامی سے بچانے کے لیے کیا طریقے اپنائے۔

یا

1770 اور 1780 کی دہائی میں راج محل کی پہاڑیوں کے لیے برطانوی افسروں کا رویہ کیسا تھا؟ اس کا تجزیہ کیجیے۔

29۔ 19ویں صدی کے یوروپی دانشوروں نے دیوی، دیوتاؤں کی تصویروں سے کیا سمجھا۔ اس کی وضاحت کیجیے۔

یا

دیوتاؤں کے مختلف اوتاروں کے اردگرد ویشنوواد کس طرح پھیلا، اس کی تشریح کیجیے۔

30۔ ''مہانومی ڈبہ'' کی تخلیق (بناوٹ) اور اہمیت پر روشنی ڈالیے۔ کس سیاح نے مہانومی ڈبہ اور سبھا منڈپ کو مشترکہ طور پر ''فتح کا مقام'' کا نام دیا۔

یا

''کرشن دیو رائے حکومت میں توسیع اور استحکام ہوا۔ اس بیان کے پس منظر میں سلطنت کے استحکام اور زوال کی وضاحت کیجیے۔

## حصہ ث

31۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور سوالات کے جوابات دیجیے۔

### دو خونی قرابت دار لڑے کیوں؟

یہ سنسکرت مہابھارت کا آدی پاروَن (لفظی معنی پہلا حصہ) کا اقتباس ہے جس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ کوروں اور پانڈوں میں یہ جھگڑا کھڑا کیوں ہوا؟

کورو (بھائی) .......... دھرت راشٹر کے بیٹے تھے۔ اور پانڈو (بھائی) ..... ان کے رشتے کے چچازاد بھائی تھے۔

چونکہ دھرت راشٹر اندھا تھا اس لیے اس کا چھوٹا بھائی پانڈو ہستناپور کے تخت پر بیٹھا (ملاحظہ ہو نقشہ 1)........ بہر حال پانڈو کی بے وقت موت کے بعد، دھرت راشٹر ہی بادشاہ ہو گیا کیونکہ (خاص) راج کمار ابھی بہت چھوٹے تھے۔ جیسے جیسے یہ راج کمار ساتھ ساتھ بڑے ہوئے ہستناپور کے شہریوں نے پانڈوؤں کے لیے اپنی ترجیح کا اظہار شروع کر دیا۔ کیوں کہ یہ بھائی کوروؤں سے زیادہ لائق اور نیک تھے۔ کوروؤں میں سب سے بڑے بھائی دریودھن کے دل میں اس کی خلش پیدا ہوئی۔ وہ اپنے باپ کے پاس پہنچا اور اس سے کہا کہ تم نے اپنے (جسمانی) عیب کی وجہ سے تخت نہیں لیا حالانکہ یہ تمھیں ہی مل رہا تھا۔ اگر پانڈو پدر نسبی (اصول) کے تحت اپنے باپ پانڈو سے تخت حاصل کر لیتا ہے تو اس کا بیٹا بھی اسی قانون وراثت سے اور پھر اس کا بیٹا، اور آگے تک (یہی ہوگا) ہم اور ہمارے بیٹے شاہی جانشینی سے محروم کر دیے جائیں گے۔ دنیا اور زمین کے مالک کی نگاہوں میں ہماری حیثیت کمتر ہو جائے گی۔

اس جیسے ٹکڑے خالص لفظی اعتبار سے ممکن ہے حقیقت نہ ہوں مگر اس سے ہمیں یہ اندازہ ضرور ہو جاتا ہے کہ اس کے مرتب کرنے والے کیا سوچتے تھے۔ کبھی کبھی، جیسا کہ زیر نظر صورتحال میں نظر آتا ہے، ان میں متضاد خیالات بھی موجود ہوتے تھے۔

## سوالات

(الف) مہابھارت رزمیہ میں کتنے موضوع ہیں۔

(ب) مہابھارت میں کن دو چچیرے بھائیوں کی کہانی ہے؟

(ج) آپ کے مطابق اس اقتباس میں کس طرح کے سماجی حالات کو دکھایا گیا ہے۔ اپنے جواب کے حق میں ایک دلیل دیں۔

33۔ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیں اور سوالات کے جوابات دیں۔

مذہبی رسومات اور حقیقی دنیا

یہ باسونا کے ذریعے لکھا گیا ایک وچن ہے:

جب وہ پتھر میں تراشے سانپ کو دیکھتے ہیں تو اس پر دودھ چڑھاتے ہیں۔

اگر اصلی سانپ آجائے تو کہتے ہیں "مار ڈالو۔ مار ڈالو"۔

دیوتا کے اس خدمت گار کو جسے اگر غذا دی جائے تو وہ کھا سکتا ہے، وہ کہتے ہیں "دور ہٹو۔ دور ہٹو"۔

لیکن بھگوان کی شبیہ کو جو کھا نہیں سکتی وہ کھانے پیش کرتے ہیں۔

## سوالات

(الف) باسونا کون تھے؟

(ب) اس اقتباس میں باسونا کس رسم کا ذکر کیا ہے؟

(ج) رسموں کے متعلق باسونا کے نظریہ کو بیان کیجیے۔

33۔ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور سوالات کے جوابات دیجیے۔

مہاتما گاندھی جدید عہد کے شدید نقاد تھے جس میں مشینوں نے انسانوں کو غلام ا کر محنت کو بے دخل کر دیا تھا۔ وہ چرخہ کو انسانی سماج کے ایک ایسے مظہر کے طور پر دیکھتے تھے جس میں مشینوں اور ٹکنالوجی کی ستائش نہیں کی جائے گی۔ مزید برآں چرخہ غریب لوگوں کو اضافی آمدنی فراہم کر سکتا تھا اور انہیں خود کفیل بنا سکتا تھا۔



میرا احتجاج مشینوں کے لیے خبط سے ہے۔ یہ خبط ان مشینوں کے لیے ہے جنہیں محنت بچانے والی مشینوں کہا جاتا ہے۔ لوگ اس وقت تک محنت بچاتے رہیں گے جب تک ہزاروں افراد بغیر کام کے اور بھوک سے مرنے کے لیے کھلی سڑک پر نہ پھینک دیئے جائیں۔ میں بنی نوع انسانی کے کسی ایک حصہ کے لیے نہیں بلکہ سبھی کے لیے وقت اور محنت بچانا چاہتا ہوں میں دولت کی یکجا فراہمی، کچھ ہی لوگوں کے ہاتھوں میں نہیں بلکہ سبھی کے ہاتھوں میں کرنا چاہتا ہوں۔

ینگ انڈیا، 13 نومبر 1924

کھدر تمام مشینوں کو تباہ کرنا نہیں چاہتی بلکہ یہ اس کے استعمال کو منضبط کرتی ہے اور اس کی کثرور ترقی پر نظر رکھتی ہے۔ یہ مشینوں کا استعمال انتہائی غریب لوگوں کے لیے ان کی اپنی جھونپڑی میں کرتی ہے۔ پہیہ اپنے آپ میں ہی مشین کا ایک نفیس حصہ ہے۔ ینگ انڈیا 17 مارچ 1927

34-A۔ دیے گئے ہندوستان کے سیاسی نقشہ پر مندرجہ ذیل کی نشاندہی کریں۔

(الف) بودھ گیا۔ جہاں بھگوان بدھ کو علم حاصل ہوا۔

(ب) احمد آباد۔ وہ مقام جہاں گاندھی جی نے 1918 میں مل مزدوروں کی حمایت میں شریک ہوئے۔

(ج) میرٹھ۔ وہ مقام جہاں اتر پردیش میں فوجی بغاوت شروع ہوئی۔

34-B۔ اسی نقشہ پر ہڑپہ تہذیب کے دو مقام A اور B کے طور پر نشان زد کیے گئے ہیں ان کے نام لکھیں۔



نوٹ: